تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ-ڈی اسلامک سٹڈیز

ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مقالہ نگار

ضیاء اللہ

نگران مقالہ

ڈاکٹر محمد نعیم

Registration No:
AWKUM-16003239

ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخوا

2017-2020ء

بسم الله الرحمن الرحيم

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس مندرجات

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
1.	سرورق	I
2.	تسمیہ	II
3.	فہرس مندرجات	III
4.	انتساب	IX
X	*Author's Declaration*	5.
XI	*Plagiarism Undertaking*	6.
XII	*Certificate by the Supervisor*	7.
XIII	*Certificate of Approval by the Supervisory Committee*	8.
XIV	*Similarity Index Certificate by the QEC*	9.
XV	*Certificate of Approval*	10.
XVI	*Report of the Ph.D public Defense by the External Examiner No.1*	11.
XVII	*Report of the Ph.D public Defense by the External Examiner No.2*	12.

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	عناوین	نمبر شمار
13.	***List of Publications from the Thesis***	XVIII
14.	**Abstract**	XIX
XX	**اظہار تشکر**	15.
XXI	**مقدمہ**	16.
1	**باب اول: صحیح بخاری کی مشہور شروح کا تعارف**	17.
16	فصل اول: فتح الباری کا تعارفی جائزہ	18.
30	فصل دوم: عمدۃ القاری کا تعارفی جائزہ	19.
36	فصل سوم: ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری کا تعارفی جائزہ	20.
42	فصل چہارم: فیض الباری کا تعارفی جائزہ	21.
49	فصل پنجم: درس بخاری کا تعارفی جائزہ	22.
56	**خلاصہ باب**	23.
58	**باب دوم: مفتی محمد فریدؒ کا تعارف اور خدمات کا جائزہ**	24.
59	فصل اول: مفتی محمد فریدؒ کی پیدائش، تعلیم، اسفار اور اساتذہ	25.
71	فصل دوم: مفتی صاحبؒ کی تدریسی خدمات	26.

toobaa-elibrary.blogspot.com

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
27.	فصل سوم: مفتی صاحبؒ کی تصنیفی خدمات	78
28.	فصل چہارم: مفتی صاحبؒ کی مجال تصوف میں خدمات	86
29.	فصل پنجم: مفتی صاحبؒ کی سیاسی اور معاشرتی خدمات	100
30.	فصل ششم: ہدایۃ القاری کا تعارف	123
31.	**خلاصہ باب**	128
32.	**باب سوم: مولانا شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ کا تعارف اور خدمات کا جائزہ**	130
33.	فصل اول: شیخ رحمہ اللہ کی پیدائش، تعلیم، اسفار اور اساتذہ	131
34.	فصل دوم: شیخ رحمہ اللہ کی تدریسی خدمات	140
35.	فصل سوم: شیخ رحمہ اللہ کی تصنیفی وتالیفی خدمات	149
36.	فصل چہارم: شیخ رحمہ اللہ کی روحانی خدمات	165
37.	فصل پنجم: شیخ رحمہ اللہ کی معاشرتی وسیاسی خدمات	176
38.	فصل ششم: کشف الباری کا تعارف	186
39.	**خلاصہ باب**	192
40.	**باب چہارم: مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا حدیثی منہج**	194

toobaa-elibrary.blogspot.com

نمبر شمار	عناوین	صفحہ
41.	فصل اول: عنوان ابواب میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا حدیثی منہج	195
42.	مبحث اول: ترجمۃ الباب کی تشریح میں مفتی فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	196
43.	**تقابلی جائزہ**	210
44.	مبحث دوم: ربطِ حدیث کے بارے میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	211
45.	**تقابلی جائزہ**	225
46.	مبحث سوم: متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	226
47.	**تقابلی جائزہ**	238
48.	فصل دوم: شرح حدیث میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	239
49.	**تقابلی جائزہ**	250
50.	فصل سوم: علم اصول حدیث میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ	251
51.	مبحث اول: رواۃ کے تعارف میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ	252
52.	**تقابلی جائزہ**	264
53.	مبحث دوم: متکلم فیہ رواۃ کے بیان میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ	265
54.	**تقابلی جائزہ**	271

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	عناوین	نمبر شمار
272	مبحث سوم: تحویل، معلقات اور موقوفات کی وضاحت میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ	55.
291	**تقابلی جائزہ**	56.
292	مبحث چہارم: براعت اختتام کے بیان میں دونوں شیوخؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ	57.
295	**تقابلی جائزہ**	58.
296	**خلاصہ باب**	59.
298	**باب پنجم: فقہ الحدیث کے حوالے سے مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج**	60.
299	فصل اول: احکام کے استنباط میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	61.
314	**تقابلی جائزہ**	62.
315	فصل دوم: فقہی مذاہب بیان کرنے میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	63.
329	**تقابلی جائزہ**	64.
330	فصل سوم: فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل کے تجزیہ میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج	65.
343	**تقابلی جائزہ**	66.

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	عناوین	نمبر شمار
344	خلاصہ باب	67.
345	خلاصۃ البحث	68.
348	نتائج البحث	69.
350	تجاویز، سفارشات اور تحقیق کے نئے زوائے	70.
351	فنی فہارس	71.

toobaa-elibrary.blogspot.com

شرفِ انتساب

راقم اس حقیر سی کاوش کو سید الکونین، امام الانبیاء، خاتم الانبیاء، رحمۃ العالمین جناب محمد رسول اللہ ﷺ کے نام

منسوب کرتا ہے جو یقیناً اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر فائز تھے اور ان مؤمنین کے نام

جو خاتم الانبیاء ﷺ کے ختم نبوت اور روحانی مشن کے لئے

تن من دھن سب کچھ قربان کر دینا چاہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

Author's Declaration

I, **Zia Ullah S/O Muhammad Jan** hereby state that my Ph.D thesis titled:

"ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ"

Is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from **Abdul Wali Khan University Mardan, KP, Pakistan** or anywhere else in the country/world.

At any time if my statement is found to be incorrect even after my Graduation, the university has the right to withdraw my Ph.D degree.

Zia Ullah S/O Muhammad Jan
Ph.D Research Scholar (Islamic Studies)
Date: August 25, 2019

toobaa-elibrary.blogspot.com

Plagiarism Undertaking

I solemnly declare that research work presented in the thesis titled:

"ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ"

Is solely my research work with no significant contribution from any other person. Small contribution/help wherever taken has been duly acknowledged and that complete thesis has been written by me.

I understand the zero tolerance policy of the HEC and Abdul Wali Khan University Mardan KP, Pakistan towards plagiarism. Therefore I as an author of the above titled thesis declare that no portion of my thesis has been plagiarized and any material used as reference is properly referred/cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above titled thesis even after award of Ph.D. degree, the University reserves the rights to withdraw/revoke my Ph.D. degree and that HEC and the University has the right to publish my name on the HEC/University Website on which names of students are placed who submitted plagiarized thesis.

Zia Ullah S/O Muhammad Jan
Ph.D. Research Scholar (Islamic Studies)
Date: August 25, 2019

toobaa-elibrary.blogspot.com

Certificate by the Supervisor

It is certified that PhD Thesis Titled:

"ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ"

Submitted by **Mr. Zia Ullah** has been examined by us .We undertake the follows:

a. Thesis has significant new work/knowledge as compared already published or under consideration to be published elsewhere. No sentence, equation, diagram, table, paragraph or section has been copied verbatim from previous work unless it is placed under quotation marks and duly referenced.

b. The work presented is original and own work of the author (i.e. there is no plagiarism).No ideas, processes, result or words of others has been presented as Author own work.

c. There is no fabrication of data or results which has been compiled/analyzed.

d. There is no falsification by manipulating research materials, equipment or processes, or changing or omitting data or results such that the research is not accurately represented in the research record.

Dr. Muhammad Naeem (Research Supervisor)
Department of Islamic Studies
Abdul Wali Khan University Mardan
Dated: August 25, 2019

toobaa-elibrary.blogspot.com

Certificate of Approval by the Supervisory Committee

ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ

By

Zia Ullah

Registration No: AWKUM-16003239

Approved by: Supervisory Committee

Dr. Muhammad Naeem, Assistant Professor,
Department of Islamic Studies (AWKUM) — Supervisor

Dr. Karim Dad, Associate Professor,
Department of Islamic Studies (AWKUM) — Member

Dr. Muhammad Tahir, Associate Professor,
Department of Islamic Studies (AWKUM) — Member

Department of Islamic Studies,
Faculty of Arts and Humanities,
Abdul Wali Khan University, Mardan

toobaa-elibrary.blogspot.com

Similarity Index Certificate by the QEC

QUALITY ENHANCEMENT CELL (QEC)
ABDUL WALI KHAN UNIVERSITY, MARDAN
Ph#: 0937-843359, Email: qec@awkum.edu.pk
URL: www.awkum.edu.pk

No. D. QEC/AWKUM/2019/ 3565

Dated: 13/09/2019

Similarity Index Certificate

Software Used	Turnitin (HEC) recommended)
Name of student	Mr. Zia Ullah
Father Name	Muhamamd Jan
Level of Project/ thesis	PhD
Teaching Department	Islamic Studies
Title of thesis	بدایۃ القاری از مفتی محمد فرید ؒاور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ
Matching (similarity index found)	15% (Recommended threshold by HEC: 19%)
Similarity Index Report ID:	1171289469
Name of supervisor	Dr. Muhammad Naeem
Head of teaching department	Dr. Salihud Din Haqqani

Note: This certificate is issued on behalf of file/thesis received from concerned supervisor through email dated: 11-09-2019. Furthermore, Quotes are excluded from the similarity index report on the request of the concerned supervisor (Request through email dated: 11-09-2019). The total similarity report was 19%.

Prepared by: 12/9/2019
Saddam Hussain

Additional Director QEC

Director QEC

toobaa-elibrary.blogspot.com

Report of the PhD Public Defense by the External Examiner No: 1

It is my pleasure to state that I personally examined the whole process of Open Public Defense of **Mr. Ziaullah,** PhD Scholar in Islamic Studies under the supervision of Dr. **Muhammad Naeem,** Registration No: AWKUM-16003239, held on **December 29, 2020** at 11:30 AM (Through online technology). The Public Defense was attended by the concerned supervisory committee, PhD public defense committee, faculty members and students especially M.Phil and PhD Scholars.

The Scholar presented a comprehensive summary of his PhD dissertation entitled as:

"ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ"

Afterwards, the participants asked various questions regarding the different aspects of his research topic which he answered in a scholarly way. I as external examiner also put forth some questions and the scholar responded me positively. As a whole **Mr. Ziaullah,** successfully defended his PhD thesis publically.

In view of the above process, I hereby recommend the scholar for the award of Ph.D Degree in Islamic Studies.

Prof. Dr. Abdul Ghafoor
(External Examiner)
Ex-Professor of Seerat Studies
University of Peshawar.

toobaa-elibrary.blogspot.com

Report of the PhD Public Defense by the External Examiner No: 2

It is my pleasure to state that I personally examined the whole process of Open Public Defense of **Mr. Ziaullah,** PhD Scholar in Islamic Studies under the supervision of Dr. **Muhammad Naeem,** Registration No: AWKUM-16003239, held on **December 29, 2020** at 11:30 AM (Through online technology). The Public Defense was attended by the concerned supervisory committee, PhD public defense committee, faculty members and students especially M.Phil and PhD Scholars.

The Scholar presented a comprehensive summary of his PhD dissertation entitled as:

"ہدایۃ القاری از مفتی محمد فرید" اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خان" کا تقابلی مطالعہ"

Afterwards, the participants asked various questions regarding the different aspects of his research topic which he answered in a scholarly way. I as external examiner also put forth some questions and the scholar responded me positively. As a whole **Mr. Ziaullah,** successfully defended his PhD thesis publically.

In view of the above process, I hereby recommend the scholar for the award of Ph.D Degree in Islamic Studies.

Prof. Dr. Rashad Ahmad
(External Examiner)
Professor of Islamic Studies,
Shaikh Zayed Islamic Center,
University of Peshawar.

toobaa-elibrary.blogspot.com

Certificate of Approval

This is to certify that the research work presented in this thesis, entitled

"ہدایۃ القاری از مفتی محمد فریدؒ اور کشف الباری از مولانا سلیم اللہ خانؒ کا تقابلی مطالعہ"

was conducted by Mr. **Ziaullah** under the supervision of **Dr. Muhammad Naeem**, with positive review reports from two reviewers Prof. Dr. Ibrahim Muhammad Abdur Rahim Department of Islamic Sharia ,Cairo University, **Egypt** and Prof. Dr. Adam Malik Khan, Department of Islamic Studies, Ali Garh Muslim University U.P ,**India** . Further, no part of this thesis has been submitted anywhere else for any other degree. This thesis is submitted to the Department of Islamic Studies in partial fulfillment of the requirements for the degree of Doctor of Philosophy in Field of Islamic Studies, Department of Islamic Studies, Abdul Wali Khan University Mardan, Pakistan.

Student Name: Ziaullah Signature: ____________

Examination Committee:

External Examiner (Local): **Prof. Dr. Hafiz Abdul Ghafoor**, Signature: ____________
(Ex-Professor) Department of Seerat Studies, University of Peshawar

External Examiner (Local): **Prof. Dr. Rashad Ahmad**, Signature: ____________
(Professor) Shaikh Zayed Islamic Center, University of Peshawar

Supervisor Name: Dr. **Muhammad Naeem**, Signature: ____________
(Assistant Professor) Department of Islamic Studies, AWKUM

Name of Chairman/HoD: **Dr. Hafiz Salihuddin**, Signature: ____________
Chairperson, Department of Islamic Studies, AWKUM

Focal Person/ Dean, Faculty of Arts & Humanities, Signature: ____________

Dy. /Add/ Director Academics and Research Signature: ____________

toobaa-elibrary.blogspot.com

List of publications from the thesis

S.NO	Author	Title	Volume (Issue)/Year	Category/ Impect Factor/No Category
1	Zia Ullah	Comparative overview between the opinions of Mufti Muhammad Fareed R.A and Sheikh Saleem Ullah Khan R.A on the topic of rowaath (chain of narraters) of hadith.	Rahat-ul-quloob, Quetta/2020	HEC (Approved) X-category

toobaa-elibrary.blogspot.com

Abstract

In this thesis the comparative study of two descriptions from Ṣaḥiḥ Al-Bukhārī named Hidāyat Al-Qārī by Muftī Muḥammad Farīd and Kshaf Al-Bārī by Shaīkh Salīm Ullah Khān has been discussed with great consideration. These descriptions have a quality to be made an investigational research on them. It had not been published before at any university. It was need to understand how present religious scholars concluded meanings and how their methods to describe Hadīth? This thesis is consists of five chapters and subchapters which are farther divided into sub topics.

1. In the first chapter the introduction of Imām Bukhārī in his personal life, education, teachers, proficiency in the field of Hadith, his students his works and his impact on future academic generation. Especially discussion in detail his Hadith works, Jāmi'Al-Ṣaḥiḥ that become famous with the title of Ṣaḥiḥ Al-Bukhārī and also discussed the later scholar who wrote their works on Ṣaḥiḥ Al-Bukhārī.
2. The second chapter of the thesis deals with Muftī Muḥammad Farīd, his life, education, teaching and other related aspects and also discussed these works in detail along their important aspects. Also discussed the opinion and statements given by various scholars on the works of Muftī Muḥammad Farīd. The contribution of Muftī Muḥammad Farīd to Islamic Sciences very well along with his affiliation to Ṣūfīsm has been discussed scholarly. Moreover the contribution of Muftī Muḥammad Farīd to Politics and Sociology has also been described categorically.
3. The third chapter of the thesis deals with Shaīkh Salīm Ullah Khān and his contribution. In this chapter the biography, education, teaching, and other matters related to his works and contribution to Islam were mentioned in detail. All the matters related to Shaīkh Salīm Ullah Khān including his social and political contribution are presented highly.
4. In the fourth chapter the two great scholars are compared regarding their contribution to science of Hadīth. This chapter reflects a good research about the two great personalities. The different methodologies adopted by these scholars have also been mentioned.
5. In last chapter the methodologies of the said scholars in the field of Fiqh ul Hadīth are mentioned in detail.

Key Words: Qurān, Hadīth, Shārī'a, Ṣaḥiḥ, Ḍa'īf, Isnād, Comparative, Ṣūfīsm

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشکرات

سب سے پہلے میں اللہ رب العزت کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھ ناچیز کو یہ حقیر سی علمی کاوش مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔اس کے بعد راقم اپنے سپر وائزر جناب ڈاکٹر محمد نعیم صاحب اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ عبدالولی خان یونیورسٹی مردان کا نہایت شکر گزار ہوں جنہوں نے کمال احسان کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر مرحلے میں راقم کی علمی اور فنی رہنمائی فرمائی۔ نیز شعبہ علومیہ اسلامیہ کے باقی اساتذہ کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ جامعہ صدیقیہ زروبی صوابی کے اساتذہ،علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،ائی آر آئی کے لائبریرئنز اور اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے شعبہ علوم اسلامیہ کے اساتذہ کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے مواد کی فراہمی میں بڑا کردار ادا کیا۔اور آخر میں محترم جناب ڈاکٹر اکرام الحق صاحب ،اپنے والدین،بہن بھائیوں اور دوستوں کا بھی نہایت شکر گزار ہوں جن کی تعاون،دعاؤں اور اخلاص کی بدولت میں اس مقالے کی تکمیل کا اہل ہوا۔

ضیاءاللہ بن محمد جان

(پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر)

شعبہ اسلامیات عبدالولی خان یونیورسٹی مردان

toobaa-elibrary.blogspot.com

مقدمہ

تعارف

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک میں امت کے لیے بہترین نمونہ رکھ کر اللہ تعالی نے دنیا میں ہدایت کے حصول اور اپنی منشاء کا صحیح ترجمان ہونے کے لیے قیامت تک ان کی طرف متوجہ کرنے کا حکم دیا۔ اگر ایک طرف کلام اللہ ایک نظری کتاب ہے تو اس کی عملی تفسیر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ ہے۔ چونکہ آپ علیہ السلام کی حیات طیبہ کو پیش نظر رکھ کے بغیر قرآن مجید کو نہ تو ہم صحیح طور پر سمجھ سکتے ہیں اور نہ اس کے احکامات پر عمل کر سکتے ہیں جیساکہ عمل کرنے کا حق ہے، اس لیے آپ علیہ السلام کی ذات مبارک میں ہمارے لیے عمدہ نمونہ رکھ کر ہر وقت ان کی اتباع کرنے کا حکم دیا گیا۔ یہ عمدہ نمونہ جن کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے اصطلاح میں سنت کہلاتا ہے۔ جو قرآن مجید کے بعد شریعت کا دوسرا بنیادی ماخذ ہے۔ اور جو اپنی ذات میں وحی کا حصہ ہے۔ چونکہ حدیث کے فہم کے بغیر قرآن کا فہم ناممکن ہے اور کلام اللہ کی طرح احادیث رسول بھی جامعیت پر مبنی ہیں، لہذا ان کی تصریحات کی ابتداء اسلام ہی سے ضرورت محسوس کی جاتی رہی ہے۔ اس ضرورت کے پیش نظر صحابہ رضی اللہ عنھم سے لے کر تابعینؒ امت تک اور ائمہ عظامؒ سے لیکر آج تک کے علماء کرامؒ نے احادیث نبویہ کے فہم کو اسان بنانے کے لیے کتب حدیث کی شروح لکھیں۔ اور اس گران قدر ذخیرے کو اسان پیرایے میں پیش کیا۔ شارحین حدیث نے اس میدان میں انتھک محنت اور انتہائی لگن سے متنوع اور مختلف اسالیب پر مبنی شروحات مرتب کیں۔ حدیث کے بنیادی مصادر میں صحیح بخاری کو منفرد مقام حاصل ہے۔ اس کتاب کو جو مقبولیت ملی وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی۔ یہاں تک کہ اس کو اصح الکتب بعد کتاب اللہ مانا گیا۔

شارحین حدیث نے صحیح بخاری کی بھی ہر زمانے میں اپنی استطاعت اور تبحر علمی سے اس میدان میں جوہر دکھائے ہیں۔ صحیح بخاری ہی وہ کتاب ہے جس کی عربی، فارسی اور اردو زبان میں بہت سی شروح لکھی گئی ہیں۔ مولانا عبدالسلام مبارکپوری نے اپنی کتاب سیرۃ البخاری میں لکھا ہے کہ عربی، فارسی اور اردو میں بخاری کی تقریبا 145 شروح لکھے گئے ہیں[1]۔ صاحب کشف الظنون نے 1012ھ

[1] مولانا عبدالسلام مبارکپوری، سیرۃ البخاری، لاہور، نشریات لاہور، 1329ء-1429ء ص 206-248۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تک بخاری شریف کی پچاس سے زیادہ شروح گنوائی ہیں، یہ وہ شروح ہیں جو 1012ھ تک منظر عام پر آچکی ہیں[2]۔اور یہ سلسلہ جاری ہے جب تک اہل علم کے ہاتھوں میں قلم رہے گا صحیح بخاری کی احادیث کی تصریحات بیان ہوتی رہیں گی۔احادیث رسول کے معارف وعلوم کواپنی روحانی تشنگی کی سیرابی اوراپنی آخرت کی فلاح ونجات کاذریعہ سمجھنے والوں کے لیے برصغیر پاک وہند کے علماء نے صحیح بخاری کی کئی شروح لکھیں، تاکہ ایک طرف طلباء حدیث تشریح وتوضیح احادیث میں ان سے مستفید ہوسکیں تودوسری طرف اصحاب علم اس مبارک ذخیرہ حدیث سے برکت وفائدہ حاصل کرسکیں۔

اس سلسلے کی دواہم کڑیاں ہدایۃالقاری الی صحیح البخاری اور کشف الباری شرح صحیح البخاری بھی ہیں۔ان میں اول الذکر عصر حاضر کے بہت بڑے فقیہ اور محدث مولانا مفتی محمد فریدؒ زروبوی نے مرتب کی ہے،مفتی صاحب محدث العصر شیخ نصیرالدین غورغشتویؒ[3] کے شاگرداور تربیت یافتہ تھے[4] ۔مفتی صاحبؒ کی علمی اور تصنیفی خدمات گوناگوں ہیں جن میں ہدایۃالقاری الی صحیح البخاری بخاری شریف کی شرح بھی شامل ہے۔مذکورہ شرح مفتی صاحب کی اپنے شیخ کے دروس سے استفادہ کے علاوہ ان کی شب و روز تدریسی خدمات اور حدیث کی کتابوں کے مطالعے کا خلاصہ ہے۔حدیث کی بہترین تشریح، مذہب احناف کی ترجیح اور دیگر حدیثی و علمی مباحث وفوائد پر مشتمل عمدہ وجامع شرح ہے۔مفتی صاحب ایک مخصوص طرز تحریر کے مالک تھے جس کی چاشنی آپؒ کی تصانیف میں جھلکتی ہے۔

دوسری شرح کشف الباری شرح صحیح البخاری مولانا شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ نے ترتیب دی ہے۔صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور مہتم وشیخ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی رہے ہیں۔شیخ صاحبؒ نے حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ[5] کی معیت اور دروس سے براہ راست استفادہ کیااور شرف تلمذ حاصل کیا۔شیخ صاحبؒ کی یہ شرح اپنے اساتذہ کے دروس سے استفادہ اور عمر بھر حدیثی خدمات اور احادیث کی کتب کے مطالعہ کا لب لباب ہے۔اس شرح میں حضرت شیخ نے احادیث کی انوکھے اسلوب میں تشریح کی ہے۔اب تک

---

[2] مقالہ نگار: مطیع اللہ، کشف الباری شرح صحیح البخاری اوراس کا منہج(ایک تحقیقی وتنقیدی مطالعہ)مقالہ برائے ایم۔فل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، ص3۔

[3] شیخ صاحب رحمہ اللہ شیخ قمرالدین پنجابی اور شیخ حسین علی میانوالیؒ کے شاگرد رشید رہے ہے۔آپ کو منطقہ افغانیہ کے شاہ ولی اللہ کالقب دیا گیاہے۔اس لئے کہ سب سے پہلے آپ نے اس علاقے میں حدیث کی خدمت کی ہے،آپ 3ذیقعدہ سنہ 1388ھ میں فوت ہوئے۔(شیخ مفتی محمد فریدؒ،ہدایۃالقاری الی صحیح البخاری، مدینہ منورہ: مکتبہ الملک فہد،طبعہ ثانیہ 1432ھ۔2011م،ص143)

[4] مولانا محمد رقیب مجددی، تجلیات فریدی صوابی: الفرید اکیڈمی دارالعلوم صدیقیہ، اکتوبر2012م ج3، ص52، وتجلیات فرید سہ ماہی، کانگڑہ شبقدر: دارالعلوم فریدیہ ستمبر، اکتوبر، نومبر2017ص8۔

[5] شیخ الاسلام حسین احمد مدنی 1296ھ/1879ءاترپردیش ہندوستان میں پیداہوئے۔علمائے دیوبند میں آپ نامی گرامی شخصیت ہیں۔قیدوبند کے ساتھ ساتھ دینی اور ملکی خدمت سے پیچھے نہیں رہے ہیں۔آپ 1957ءکوفوت ہوئے اور شیخ الحدیث محمد زکریاکاندھلویؒ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔(فریدالوحید، شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی ایک تاریخی وسوانحی مطالعہ، مطبع وسن اشاعت نامعلوم، ص22)

toobaa-elibrary.blogspot.com

صحیح بخاری کی مرتب شروح میں اس مجموعے کی حیثیت بہت نمایاں ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ ان دو بڑے شیوخؒ حدیث کے حدیثی مناہج کا تقابل کیا جائے۔ چنانچہ پی ایچ ڈی سطح کی تحقیق کے لیے دونوں شیوخؒ کی مرتب کردہ شروح کی روشنی میں ان کے حدیثی مناہج کا تقابل کر کے تحقیق کرنا منتخب کیا گیا ہے، جو اس حوالے سے ایک مفید اور انوکھا علمی کام ہے۔

قضیہ تحقیق

مفتی محمد فرید صاحبؒ عظیم علمی اور روحانی پس منظر کے مالک شخصیت تھے۔انہوں نے اپنی عمر کا زیادہ تر حصہ دین کی نشر و اشاعت میں گزارا ہے۔درس و تدریس، اصلاح و ارشاد کے علاوہ تصنیف و تالیف میں بھی انہوں نے وقیع خدمات انجام دی ہیں۔ان کی تصانیف میں ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری ایک اہم علمی شاہکار ہے، جو مفتی صاحب کی فن حدیث میں مہارت اور رسوخ کو اشکارا کرتی ہے۔اس کتاب کی تالیف میں مفتی صاحب نے احادیث کی تشریح و توضیح کے لیے جو منہج اختیار کیا ہے وہ ایک تشنہ علمی کام ہے۔اسی طرح شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحبؒ عظیم علمی شخصیت کے حامل تھے۔عمر بھر درس و تدریس اور دین کی نشر و اشاعت میں مشغول رہے۔درس و تدریس کے علاوہ تصنیف و تالیف میں بھی انہوں نے اعلی خدمات انجام دی ہیں۔ان کی تصانیف میں کشف الباری شرح صحیح البخاری ایک اہم علمی کارنامہ ہے، جو شیخ صاحبؒ کی فن حدیث میں مہارت اور علمی رسوخ کو ظاہر کرتی ہے۔اس کتاب کی تالیف میں شیخ صاحبؒ نے احادیث کی تشریح و توضیح کے لیے منفرد منہج اختیار کیا ہے جو ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔جس کے نتیجے میں ایک طرف دونوں شیوخؒ کی علمی خدمات اجاگر ہوئیں اور دوسری طرف ان کی دیگر تصانیف پر تحقیقی کام کرنے کے لیے راستہ بھی ہموار ہوا۔

اہداف تحقیق

میری اس تحقیقی کام کے بنیادی اہداف مندرجہ ذیل ہیں۔

1. مفتی محمد فرید صاحبؒ اور شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ کا تعارف اور ان کی علمی خدمات کا جائزہ
2. ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری اور کشف الباری شرح صحیح البخاری کا تعارف پیش کرنا
3. دونوں شیوخؒ کا اختیار کردہ حدیثی منہج واضح کرنا
4. صحیح البخاری کے دیگر شروحات کا مختصر تعارف پیش کرنا
5. دونوں شروح کے مصادر کا استنادی جائزہ لینا

سابقہ تحقیقات کا جائزہ

صحیح بخاری کی شروح میں ہدایۃ القاری اور کشف الباری ایک گرانقدر اضافہ ہے شارحین نے ان میں جو خاص منہج اختیار کیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے وہ ایک جداگانہ مقام رکھتا ہے۔اب تک مذکورہ شروح کے منہج واسلوب پر ایم۔اے، ایم فل، پی۔ایچ۔ڈی لیول کا کام نہیں ہوا ہے، البتہ ایک شرح کشف الباری الی صحیح البخاری جس کو شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ نے مرتب کیا ہے، اس کے منہج پر ایم فل لول کا ایک مقالہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ایک طالب علم نے لکھا ہے۔ لیکن دونوں شروح کے مناہج میں بہت بڑا فرق ہے۔لہذا زیر نظر موضوع اختیار کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی تاکہ طلباء حدیث اور اہل علم اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔اور یہ تب ممکن ہے جب دونوں شروح کا تقابل کیا جائے۔

منہج تحقیق

مقالہ ہذا میں درج ذیل منہج اختیار کیا گیا ہے:

1. تحقیق کے لیے استقرائی اور تجزیاتی منہج اپنایا گیا ہے موضوع سے متعلق مواد جمع کر کے ان کا تجزیہ کیا گیا ہے۔
2. کسی بھی فن کی اصلی یا پھر ثانوی مصادر سے استفادہ کی کوشش کی گئی ہے۔
3. اس طرح اس فن کے ماہرین سے استفادہ کیا گیا ہے۔
4. تحقیق میں شگاگو انداز اختیار کیا گیا ہے۔
5. ہر فصل یا مبحث کے بعد ایک تقابلی جائزہ ذکر کیا گیا ہے، ہر باب کا خلاصہ آخر میں دیا گیا ہے اور مقالے کے اختتام پر خلاصہ بحث، نتائج بحث اور تجاویز وسفارشات مرتب کئے گئے ہیں۔
6. فنی فہارس الف بائی ترتیب سے دیئے گئے ہیں۔
7. حواشی اور حوالہ جات صفحے کے فٹ نوٹ پر ذکر کیے گئے ہیں۔
8. دوران تحقیق مقالہ میں مفتی صاحب سے مراد مفتی محمد فرید صاحبؒ اور شیخ صاحبؒ سے مراد شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ ہوں گے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان کی ہر کوشش کامل اور حتمی نہیں ہوسکتی اور نہ اس میں کمی و کوتاہی کے امکان کو رد کیا جاسکتا ہے کیونکہ خطا اور بھول انسان کی سرشت میں شامل ہے جس سے خلاصی ممکن نہیں۔لہذا زیر نظر مقالہ بھی ایک انسانی کوشش ہے جس میں بہر حال بہتری کی گنجائش موجود ہے۔اسی مقالے میں جو کچھ صحیح ہے اور حقیقت تک رسائی میں جو کامیابی ملی ہے، میں اسے محض اللہ تعالی کی توفیق سمجھتا ہوں اور جو کچھ کمی ہیں اسے اپنی نفس کی طرف منسوب کرتا ہوں۔اپنی کم علمی کا اعتراف کرتے ہوئے میں اس بات کے لکھنے میں تأمل نہیں کرتا کہ مقالہ کی بہتری کی خاطر کسی بھی مفید مشورے، مثبت تنقید اور علمی رہنمائی قبول کرنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے دریغ نہیں کروں گا۔آخر میں اللہ تعالی کی دربار میں دعا کرتا ہوں کہ رب العزت اس مقالے کو میرے اور میرے اہل خانہ کے لیے دنیا میں نیک نامی اور آخرت میں نجات کا وسیلہ بنائے۔آمین

ضیاءاللہ بن محمد جان
(پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر)
شعبہ اسلامیات عبدالولی خان یونیورسٹی مردان

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب اول

صحیح بخاری کی مشہور شروح کا تعارف

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام بخاری اور صحیح بخاری کا مختصر تعارف

امام بخاری کا نام محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن المغیرہ بن بردزبہ (کسان) ذکر کیا ہے اور بعض نے بذدربہ کہا ہے اور بعض نے ابن الاحنف الجعفی کہا ہے۔[1] بردزبہ یہ مجوسی [2] تھا اسی مذہب پر اس کی موت آئی اور اس کا بیٹا مغیرہ والی بخارا کے دست حق پر مشرف بااسلام ہوئے۔ آپ کے والد امام مالک[3] کے شاگرد تھے۔ آپ کی کنیت ابوعبداللہ مشہور ہے اور آپ کا لقب بخاری زیادہ مشہور ہے اس لیے کہ آپ کی پیدائش بخارا [4] شہر میں ہوئی اور اس کے علاوہ آپ کو جعفی بھی کہا جاتا ہے اس لئے کہ آپ کے دادا والی بخارا ابی یمان جعفی کے ہاتھ پر مشرف بااسلام ہوئے تھے[5]۔

ولادت، مولد اور وفات

امام بخاری کی ولادت 13 شوال بروز جمعہ سن 194ھ کو اور صحیح قول کے مطابق بعد از نماز جمعہ بخارا شہر میں ہوئی۔ اور امام نووی[6] فرماتے ہیں کہ اس تاریخ پر سب علماء متفق ہیں۔[7] امام بخاری کے والد ان کی پیدائش سے پہلے ہی فوت ہو گئے تھے اس لئے ان کی پرورش ان کی والدہ نے کی اور ان کے ساتھ ان کا ایک بھائی بھی تھا اس کا نام احمد تھا۔ ان کے والد کپڑے کی تجارت کیا کرتے

---

1 امام شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان الذہبی المتوفی 734ھ 1374م، سیر اعلام النبلاء، بیروت، مصر، مؤسسۃ الرسالۃ، 1413ھ 1993م، ج2، ص 391

2 مجوس لفظ یہود کی طرح اسم جمع ہے۔ قرآن مجید میں لفظ مجوس ایک دفعہ آیا ہے۔ ارشاد ہے﴿إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَى وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا﴾ "جو لوگ مومن (یعنی مسلمان) ہیں اور جو یہودی ہیں اور ستارہ پرست اور عیسائی اور مجوسی اور مشرک۔" (سورۃ الحج 22: 17) حدیث میں ابن عباسؓ کا قول ہے: عن ابن عباس، قال: إن أهل فارس لما مات نبيهم كتب لهم إبليس المجوسية "کہ جب اہل فارس کا نبی مر گیا تو ابلیس نے ان کے لیے مجوس کا عقیدہ واجب ٹھہرایا۔" (سنن ابوداؤد، کتاب الخراج والامارۃ والفيء (14)، باب في أخذ الجزية من المجوس (31) حدیث (3042) دار الفکر بیروت (س۔ن)) مجوس کے اندر کئی فرقے ہیں۔ ان کے پیروکار زیادہ تر ایران (فارس) میں مقیم ہیں جن میں کیومرثیہ، زردانیہ اور زرادشتیہ مشہور ہیں۔ تاریخ سے یہ بات واضح ہے کہ اسلام کے عمدہ برتاؤ کے سبب مجوس مشرف باسلام ہو چکے تھے۔ (الجرجانی، عبدالقاہر، الفرق بین الفرق، دار الآفاق الجدیدہ بیروت 1977ء، ص 279۔

3 یہ شیخ الاسلام، حجۃ الامۃ، ابوعبداللہ مالک ابن انس بن مالک بن ابی عامر بن عمرو بن الحارث ہیں اور ان کو امام دار الھجرۃ کہا جاتا ہے۔ امام بخاری فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ صحیح اسانید مالک عن نافع عن ابن عمر ہیں۔ ان کی وفات 179ھ میں ہوئی اور یہ 93 سال زندہ رہے۔ (ابن حجر، احمد بن علی بن حجر العسقلانی، تقریب التہذیب، محقق: ابوالاشبال صغیر احمد شاغف الباکستانی، ریاض، دار العاصمۃ، 1421ھ، ص 913)

4 بخارا ایک وسیع و عریض ملک ہے جس میں مخلوط عرب اور عجم رہائش پزیر ہیں جسے سعید بن عثمان بن عفان نے معاویہ کے دور حکومت میں فتح کیا تھا۔ تاجکستان کا پانچواں سب سے بڑا صوبہ اور صدر مقام ہے۔ بخارا اور سمرقند تاجک اقلیتوں کے دو اہم شہر ہیں۔ امام بخاریؒ اسی شہر میں پیدا ہوئے تھے۔ (لیعقوبی، احمد بن اسحاق بن جعفر، البلدان، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1422ھ، ج1، ص 123)

5 ابن حجر، حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی، هدی الساری مقدمۃ فتح الباری، کویت، مکتبہ سلفیہ، بدون سنۃ) ج1 ص 477۔

6 ابوزکریا یحییٰ بن شرف بن مری بن حسن، نووی، شافعی 631ھ/1233ء کو شام کے علاقے حوران کے گاؤں نَوا میں پیدا ہوئے۔ تحصیلِ علم کی غرض سے دمشق کا رخ کیا اور بہت عرصہ تک وہاں رہے۔ آپ نَوا ہی میں 676ھ/1277ء کو فوت ہوئے۔ (الذہبی، ابوعبداللہ شمس الدین عثمان بن قائماز، تذکرۃ الحفاظ، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1419ھ، ج 41، ص 1470)

7 احمد بن علی بن ابوبکر الخطیب البغدادی، تاریخِ بغداد، بیروت، دار الکتب العلمیۃ، 1392ھ، ج2، ص 6۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھے جب فوت ہونے لگے تو اپنی بیوی کو وصیت کی کہ شاید میری وفات ہو جائے البتہ میرا مال بالکل پاک ہے اس حلال مال سے اس کی پرورش کرنا کسی اور در کی روٹی اس کو نہ دینا۔ کہا جاتا ہے کہ امام بخاری کی بینائی شروع میں ختم ہو گئی تھی تو آپ کی والدہ نے رو رو کر اللہ تعالیٰ سے خوب دعائیں کیں۔ ایک رات خواب میں ان کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زیارت ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے بچے کی آنکھیں درست کر دی ہیں وہ فرماتی ہیں میں جب بیدار ہوئی تو دیکھا کہ امام بخاری بالکل درست ہیں۔[8]

وصال

آپ کی وفات 256ھ کو عید الفطر کی رات 67 سال کی عمر میں ہوئی۔[9]

قوتِ حافظہ

جب امام بخاری پانچ سال کے ہوئے تو ان کی والدہ نے ان کو مکتب میں داخل کروا دیا اور انہوں نے حفظ کیا ۔آٹھ یا 9 نو سال کے ہوئے تو اس وقت بخارا میں بڑے بڑے محدث درس دیا کرتے تھے امام بخاری بھی ان کی مجلس میں جانے لگے اور ایک کونے میں بیٹھ جاتے تھے جب دس سال کے ہوئے تو ایک دن استاد حدیث پڑھا رہے تھے اور انہوں نے سند پڑھی۔ عن سفیان عن ابی زبیر عن ابراہیم یہ کونے میں بیٹھے ہوئے تھے کہنے لگے کہ یہ غلط ہے استاد نے پوچھا کیا مطلب ہے کہا کہ یہ سند آپ نے غلط پڑھی ہے اور صحیح سند سنا دی استاد حجرے میں گئے اور اس کی سند دیکھی تو امام بخاری والی سند صحیح تھی۔[10] امام بخاری لکھتے نہیں تھے جب لوگوں نے ان کو برا بھلا کہا کہ وقت ضائع کرتے ہو تو امام بخاری نے کہا کہ تم نے اس وقت تک کتنی احادیث لکھی ہیں تو انہوں نے کہا کہ 15 ہزار، امام بخاری نے بمع سند ساری سنا دی۔[11]

علمی اسفار

سفر وسیلہ ظفر ہے بالخصوص طلب علم کے لیے سفرِ قرآن کریم اور سنتِ نبوی ﷺ سے مامور بہ ہے ۔ عصر قدیم میں خاص طور پر طلب علم کے لیے سفر کی اہمیت غیر معمولی تھی۔ اصحاب علم کے فضل و کمال کو جانچنے کے لیے ان کے اسفار علمیہ ایک کسوٹی اور میزان کی حیثیت رکھتی تھی امام بخاری کے علم و فضل کو اگر اس کسوٹی سے ماپا جائے تو آپ کی زندگی میں عواصم علمی کی طرف کی اسفار اور تنقلات نظر آتے ہیں۔ سولہ سال تک تو امام بخاری اپنے شہر میں رہ کر قریب کے ساتذہ سے علم حاصل کرتے رہے اس

---

8 الامام العلامۃ تاج الدین بن علی بن عبد الکافی السبکی، طبقات الشافعیہ، بیروت، دار المدار الاسلامی، 2004، ج2 ص 2123۔

9 تقریب التہذیب ص320۔

10 طبقات شافعیہ ج5، ص2-4۔

11 سیر اعلام النبلاء ج12، ص391۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے بعد سب سے پہلے اپنی والدہ اور بھائی کے ساتھ مکہ کا سفر کیا اور حج سے فراغت کے بعد اپنی والدہ سے اجازت لے کر وہیں رہ گئے اس کے بعد چونکہ امام بخاری علم کے انتہائی متلاشی تھے اور اپنے ذوق سے مجبور ہو کر جہاں کہیں بھی حدیث کا پتہ چلتا فوراً وہاں پہنچ جاتے۔ علم کے حصول کی خاطر مکہ[12] مدینہ[13] شام[14]، بخارا، بصرہ[15]، کوفہ[16] اور بلخ[17] وغیرہ کے سفر اختیار کیے اور اسی ہزار اساتذہ سے استفادہ کیا۔[18]

علم وفضل پر مشاہیر کی شہادتیں

امام بخاری کا علمی مقام ومرتبہ علماءِ اسلام میں بالاتفاق بہت عالی ہے اور آپ کو علماء نے بہت سے القابات سے نوازا ہے اور خاص طور پر آپ کی کتاب صحیح بخاری نے آپ کو ایک انتہائی اعلیٰ مقام پر فائز کروایا ہے آپ کی فضیلت پر چند علماء اور محدثین[19] کی

---

12 مکہ مکرمہ وہ مقدس شہر جہاں اللہ تبارک وتعالیٰ کا مقدس گھر بیت اللہ واقع ہے۔ازدخام الناس کی وجہ سے اس کا نام مکہ پڑ گیا ہے۔مکہ شہر کا نام جبکہ بکہ اللہ تعالیٰ کے گھر کا نام ہے۔قرآنِ کریم میں اس کے کئی نام بتائے گئے ہیں: مکہ، بکہ البلد الامین اور ام القریٰ۔(معجم البلدان ج5، ص175-181)

13 مدینہ شہر کا پرانا نام یثرب تھا جب رسول اللہ ﷺ نے ہجرت کی تو اس شہر کا نام مدینۃ النبی پڑ گیا۔ پھر آہستہ آہستہ مختصر ہو کر مدینہ مشہور ہوا اس شہر کی خصوصیت میں یہ بات پائی جاتی ہے کہ جو اس شہر میں داخل ہوتا ہے وہ اچھی خوشبو محسوس کرتا ہے۔ یہاں کے لوگ اچھے، بااخلاق اور نرم مزاج ہوتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے اسی شہر کو طیبہ کا نام دیا ہے۔ معجم البلدان ج5، ص435۔۔۔(القزويني، زكريا بن محمد بن محمود، آثار البلاد وأخبار العباد، دار صادر، بيروت، (س۔ن) ج1، ص147)

14 شام طولاً دریائے فرات سے عریض تک پھیلا ہو ہے اور عرضاً بنی طئی کے دو پہاڑوں سے بحر روم تک پھیلا ہوا ہے۔ شام دینی اور دنیاوی اعتبار سے بہت سے خصوصیات کا حامل ملک ہے۔ اکثر انبیاء کرام اور اولیاء کرام کا مسکن یہی ملک رہا ہے۔ یہاں کے لوگ جسمانی اور اخلاقی لحاظ سے اچھے اور امیر کے حد درجہ فرمان بردار ہوتے ہیں۔(معجم البلدان ج3، ص312۔۔۔الحِميري، ابو عبد الله محمد بن عبد الله بن عبد المنعم، الروض المعطار في خبر الاقطار شام، مؤسسة ناصر للثقافة، بيروت، 1980ء، ج1، ص335)

15 موجودہ شہر بصرہ کی بنیادیں 636ء میں رکھی گئی جب خلیفہ ثانی عمرؓ کے دور حکومت میں اس شہر کے قریب ہی مسلم افواج نے قیام کیا جو اس وقت ساسانی سے نبرد آزما تھیں۔ ابو موسیٰ الاشعریؓ کو اس شہر کا پہلا گورنر مقرر کیا گیا جنہوں نے 639ء سے 642ء تک فتح خوزستان کی قیادت کی۔ بعد ازاں یہ شہر بنو امیہ، بنو عباس اور عثمانی سلطنت کا بھی حصہ رہا۔ پہلی جنگ عظیم میں برطانیہ نے بصرہ پر قبضہ کر لیا۔(البلدان، ج1، ص159- 160)

16 عراق کا شہر ہے جو نجف کے شمال میں تقریباً دس کلو میٹر پر واقع ہے جس کی بنیاد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے 71ھ میں رکھی تھی۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو اسی شہر میں شہید کر دیا گیا تھا۔ اہم آثار میں مسجد کفہ اور مسجد سلہ شامل ہیں۔(معجم البلدان ج4، ص194)

17 خراسان کا ایک مشہور شہر ہے جو موجودہ افغانستان کا غالباً سب سے بڑا شہر ہے جو دریائے بلخ کے دائیں طرف سے 12 کلو میٹر دوری پر واقع ہے۔ مشہور جگہوں میں سید سبحان قلی خان کا مدرسہ، مسجد نو گنبد، روایتی بازار وغیرہ شامل ہیں۔ چنگیز خان، امیر تیمور اور نادر شاہ نے بلخ کو فتح کیا تھا۔(معجم البلدان ج1، ص116۔

18 تاریخِ بغداد ج2 ص7)

19 وہ اہل علم حضرات جو اَسانید، علل، اسماء رجال، سند عالی اور سندِ نازل سے آگاہ و باخبر ہونے کے ساتھ ساتھ بہت سی احادیث کے حافظ ہوتے ہیں، کتب ستہ، مسند احمد، سنن بیہقی اور معجم طبرانی کا سماع کر چکے ہوتے ہیں اور اجزاء حدیث میں سے ہزار جزؤ پر ان کا علم حاوی ہوتا ہے، محدثین کہلاتے ہیں۔(السخاوي، محمد بن عبد الرحمٰن، الجواهر والدرر في ترجمة شيخ الاسلام ابن الحجر، دار ابن حزم، 1999ء، ج1، ص69)

toobaa-elibrary.blogspot.com

شہادتیں اس طرح ہیں کہ ہم ان کو دو حصوں میں تقسیم کر کر کے یہ واضح کرتے ہیں کہ امام موصوف صرف بعد میں آنے والوں کے نزدیک ہی قابل احترام اور صاحبِ مناقب نہیں تھے بلکہ اپنے زمانے کے متقدمین بھی ان کے فضائل کے معترف تھے۔

متقدمین کے اقوال

1. امام مسلم[20] سے منقول ہے کہ انہوں نے امام بخاری سے فرمایا کہ آپ سے دشمنی سوائے حاسد کے کوئی نہیں رکھ سکتا۔
2. امام ابن خزیمہ[21] فرماتے ہیں کہ آسمان کے سائے کے نیچے حضور ﷺ کی احادیث کو جاننے والا محمد بن اسماعیل سے زیادہ کوئی نہیں ہے۔
3. امام ترمذی[22] فرماتے ہیں میں نے عراق اور خراسان میں اسنادِ حدیث کی شناخت اور پہچان نیز علل اور تاریخ حدیث سمجھنے کے اعتبار سے امام بخاریؒ سے زیادہ کوئی عالم نہیں دیکھا۔[23]
4. محمد بن بشار[24] فرماتے ہیں کہ محمد بن اسماعیل مخلوق میں سب سے بڑا فقیہ ہے ہمارے زمانے میں۔[25]

---

20 ابوالحسین مسلم بن حجاج بن مسلم، قشیری، نیشاپوری، نیشاپور میں 204ھ/820ء کو پیدا ہوئے۔ تصانیف میں " صحیح مسلم "کو اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ بڑے ائمہ میں آپ کا شمار ہیں۔ عراق، شام اور حجاز کے اسفار کیے۔ 261ھ/875ء کو نیشاپور ہی میں فوت ہوئے۔(تذکرۃ الحفاظ ج2، ص588۔۔۔ الزرکلی، خیر الدین بن محمود بن محمد، الاعلام ، دار العلم للملایین، 1422ھ/ 2002ء، ج7، ص221)

21 محمد بن اسحاق بن خزیمہ سلمی ابو بکر نیسابور میں 223ھ/838ء کو پیدا ہوئے۔ اپنے دور کے جید عالم تھے۔ فقیہ، مجتہد اور حدیث کے عالم تھے جنھوں نے علم کے لیے عراق، شام، جزیرہ اور مصر کے اسفار کیے۔ تصانیف ایک سو چالیس سے زیادہ ہیں۔ نیسابور ہی میں 331ھ کو وفات پائی۔(السیوطی، عبدالرحمان بن ابی بکر جلال الدین، ذیل طبقات الحفاظ، دار الکتب العلمیہ (س۔ن)) ج1، ص345۔۔۔ الاعلام ج6، ص29)

22 ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ، ترمذی 209ھ/824ء کو پیدا ہوئے۔ دریائے جیحون کے نزدیک ترمذ میں بسر کرتے تھے۔ حصول علم کے لیے خراسان، عراق اور حجاز کے سفر کیے۔ ترمذ میں 279ھ/892ء کو فوت ہوئے۔(السمعانی، عبدالکریم بن محمد بن منصور التمیمی، الأنساب، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدر آباد، 1962 ء، ج3، ص 41، ترجمہ (711)۔۔۔ تذکرۃ الحفاظ، ج2، ص433)

23 محمد عبدالرحمٰن بن عبدالرحیم المبارکفوری، تحفۃ الاحوذی بشرح جامع الترمذی، بیروت، دار الکتب العلمیہ، مع اضافہ، 2010، ج10 ص487۔

24 محمد بن بشار بن عثمان بن داود بن کیسان ابو بکر العبدی، العصری ملقب بندار 167 ہجری کو بصرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ سے صحیح البخاری میں 205 جبکہ صحیح مسلم میں 460 احادیث مروی ہیں۔ 252ہجری کو وفات پائی۔(الذہبی، شمس الدین عثمان بن قائماز، میزان الاعتدال فی نقد الرجال، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، 1963ء، ج3، ص 30)

25 ہدی الساری ص483۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

5. امام احمدؒ[26] فرماتے ہیں کہ "امام مسلم ایک دن امام بخاریؒ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ اے استادوں کے استاد محدثین کے امام حدیث کی بیماریوں کے مجیب مجھے اجازت دیں کہ میں آپ کے دونوں قدم مبارک چوم لوں۔"

6. امام ابن اسحاق [27] فرماتے ہیں کہ میں نے آسمان کے نیچے حدیث رسول کا عالم امام بخاری سے بڑھ کر کوئی نہیں دیکھا۔

7. حافظ ابن حجر [28] فرماتے ہیں "ولو فتحت باب ثناء الائمة عليه ممن تأخر عن عصره لفنى القرطس ونفدت الانفاس فذاك بحر لا ساحل له" اگر میں ان کی تعریف کا باب کھولوں جو ائمہ نے ان کی ذکر کی ہے تو صفحات ختم ہو جائیں گے اور انسان ختم ہو جائیں گے وہ تو ایسا سمندر ہیں جس کا ساحل ہی نہیں ہے۔[29]

متاخرین کے اقوال

امام نووی نے آپ کی مدح بہت خوبصورت انداز میں بیان کی ہے فرماتے ہیں "ومناقبه لا تستقصي لخروجها عن ان تحصى وهي منقسمة الى حفظ ودراية واجتهاد في التحصيل وروية ونسك افادة و ورع و زهادة و تحقيق واتقان وتمكن وعرفان واحوال وكرامات ووغيرها من انواع المكرمات ويوضح ذالك ما اشزت اليه من اقوال اعلام المسلمين اولى الفضل والورع ,ووالذين الحفاظ والنقاد المتفقين الذين لا يجازفون في العبارات بل يتامؤنها ويحررنها ويحافظون على صيانتها اشد المحافظات۔"[30] ترجمہ: ان کے مناقب شمار نہیں کیے جا سکتے اس لئے کہ وہ شمار سے باہر ہیں اور اس کی کئی اقسام کے ہیں: مثلاً حفظ، درایت، اجتہاد، نقل، عبادت و تقویٰ، پرہیزگاری، یقین، اللہ کی پہچان اور اس کا ڈر، کرامتیں اور اس کے علاوہ کئی اور چیزیں جو ان کے مناقب کا حصہ ہیں۔

---

26 ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل بن ہلال بن اسد الشیبانی بغداد میں 164ھ/780ء کو پیدا ہوئے۔ آپ فقیہ، محدث اور ائمہ اربعہ میں سے ایک ہیں۔ بیس سال کی عمر میں طلب حدیث کے سلسلے میں کوفہ، مکہ، مدینہ، شام اور یمن کے اسفار کیے۔ تصانیف میں مسند احمد نہایت ہی مشہور ہیں۔ آپ بغداد ہی میں 241ھ/885ء کو فوت ہوئے۔ (الجوزی، جمال الدین ابوالفرج عبدالرحمان بن علی، صفۃ الصفوۃ، دار الحدیث، قاہرہ، مصر، 2000ء، ج2، ص190۔۔ الاعلام ج1، ص203)

27 محمد بن اسحاق ابن یسار، قیس بن محزمۃ بن المطلب کے آزاد کردہ غلام تھے اور اس کا دادا یسار تمر کے قیدی تھے۔ آپ پہلے وہ شخصیت ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے مغازی جمع اور تالیف کیے۔ آپ عاصم بن عمیر بن قتادہ، یزید بن رومان ہاور محمد بن ابراہیم سے روایت کرتے ہیں۔ 150ھ /768ء کو بغداد میں فوت ہوئے۔ (ابن سعد البصری، ابو عبداللہ محمد بن سعد، الطبقات الکبریٰ، مکتبۃ العلوم والحکم المدینۃ المنورۃ، 2008ء، ج1، ص400، ترجمہ(330)۔ الذہبی، شمس الدین، میزن الاعتدال فی نقدالرجال 3 :468، ترجمہ(7197) دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، 1963ء، ج3، ص468، ترجمہ(7197)

28 شہاب الدین ابوالفضل، احمد بن علی بن محمد عسقلانی قاہرہ میں 773ھ/1372ء کو پیدا ہوئے۔ شعر و ادب کے استاد اور کثیر التصانیف بزرگ ہیں۔ حدیث، رجال اور تاریخ کے بے نظیر عالم ہیں۔ 852ھ/ 1449ء کو قاہرہ ہی میں وفات پا گئے۔ (الشوکانی، محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ، البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع 1: 87، دار المعرفۃ، بیروت (س۔ن) ج1، ص87۔۔۔ الاعلام ج 1، ص178)

29 طبقات شافعیہ، ج2 ص2۔

30 شرح النووی، ج5 ص6۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

علماء کے اقوال سے واضح ہوتا ہے کہ تقویٰ ، دین ، یاد اور نقد کے اعتبار سے اپنی مثال آپ تھے اور صرف عبارات کو مزین نہیں کرتے تھے بلکہ خوب غور و فکر کرنے کے بعد ہی کوئی فیصلہ کیا کرتے تھے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں:" محمد بن إسماعيل جبل الحفظ وامام الدين في فقه الحديث " محمد بن اسماعیل کی یاداشت پہاڑ کی طرح تھی اور وہ حدیث کی سمجھ میں دنیا کے امام تھے۔[31]

امام بخاری کے اساتذہ

امام بخاری نے کئی مشہور ائمہ حدیث سے علم حاصل کیا اور ان کے اساتذہ کی تعداد بلاشبہ ہزاروں میں ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہوا کہ تقریبا 80 ہزار سے زائد اساتذہ سے انہوں نے علم حاصل کیا ہے اور اس کے لیے پورے اطراف عالم میں سفر اختیار کیا اور آپ کے شیوخ بھی آپ کی طرح تقویٰ اور پرہیزگاری کے مجسم تھے۔ سفر میں جانے سے پہلے جن علماء سے امام بخاری نے درس تلمذ لیا ان میں سے چند مشہور یہ ہیں عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن جعفر بن الیمان الجعفی المسندی اور محمد بن سلام البیکندی وغیرہ ہیں اور اس کے بعد امام بخاری نے مختلف شہروں میں مختلف اساتذہ سے استفادہ کیا ان میں سے کچھ درجہ ذیل ہیں ہم ان کو شہروں کے اعتبار سے ذکر کرتے ہیں

1. بلخ میں مکی بن ابراہیم، اور وہ ان کے عوالی شیوخ میں سے ہیں۔
2. مرو میں عبدان بن عثمان ، علی بن الحسن بن شقیق، صدقۃ بن الفضل، وغیرہ ہیں۔
3. نیسابور میں یحیی بن یحیی وغیرہیں۔
4. رے میں ابراہیم بن موسیٰ وغیرہیں۔
5. بغداد میں محمد بن عیسٰی ابن الطباع، سریج بن النعمان، محمد بن سابق، عفان وغیرہ ہیں۔
6. بصرۃ میں ابی عاصم النبیل الانصاری، عبدالرحمٰن بن حماد الشعیثی، صاحب ابن عون ، محمد بن عرعرۃ، حجاج بن منہل ، بدل بن المحبر، عبداللہ بن رجاء، وغیرہیں۔
7. کوفہ میں عبیداللہ بن موسیٰ، ابی نعیم، خالد بن مخلد، طلق بن غنام، خالد بن یزید المقری وغیرہ ہیں۔
8. مکہ میں ابی عبدالرحمٰن المقری، خلاد بن یحیٰی، حسان بن حسان البصری، ابی الولید ، احمد بن محمد الارزقی، الحمیدی وغیرہ ہیں۔
9. مدینہ میں عبدالعزیز الاویسی، ایوب بن سلیمان بن بلال، اسماعیل بن ابی اویس وغیرہ ہیں۔
10. مصر میں سعید بن ابی مریم، احمد بن اشکاب، عبداللہ بن یوسف، اصبغ، وغیرہ ہیں۔

---

31 تقریب التہذیب ص468۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

11. شام میں ابو الیمان، آدم بن ابی ایاس، علی بن عیاش، بشر بن شعیب، ابی المغیرۃ، عبدالقدوس، احمد بن خالد الوہبی، محمد بن یوسف الفریابی، ابی مسہر وغیرہ ہیں۔[32]

امام بخاری کے شاگرد

امام بخاری کے جس طرح اساتذہ کی کثیر تعداد ہے اسی طرح ان کے تلامذہ بھی بے شک ہزاروں کی تعداد میں ہیں اور ایک بہت بڑی مخلوق نے آپ سے درسِ تلمذ حاصل کیا۔ آپ کے مشہور شاگردوں میں سے چند یہ ہیں: ابو عیسیٰ الترمذی، ابو حاتم، ابراھیم بن اسحاق الحربی، ابو بکر بن ابی الدنیا، ابو بکر احمد بن عمرو بن ابی عاصم، صالح بن محمد جزرۃ، محمد بن عبداللہ الحضرمی مطین، ابراھیم بن معقل النسفی، عبداللہ بن ناجیہ، ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمۃ، عمر بن محمد بن بجیر، ابو قریش محمد بن جمعہ، یحیی بن محمد بن صاعد ، محمد بن یوسف الفربری، منصور بن محمد مزبزدۃ، ابو بکر بن ابی داؤد، حسین اور قاسم ابنا المحاملی، عبداللہ بن محمد بن الاشقر، محمد بن سلیمان بن فارس، محمود بن عنبر، النسفی، رحمھم اللہ، اور ان کے علاوہ جو شمار سے باہر ہیں۔ نیز امام کے شاگردوں کی تعداد بے شمار ہے 90ہزار انسانوں نے آپ سے صحیح بخاری سنی ان میں خاص طور پر یہ قابل ذکر ہیں ابو الحسین مسلم بن حجاج، ابو عیسیٰ الترمذی، عبدالرحمٰن النسائی، امام ابو زرعہ سب ائمہ حفاظ حدیث ہیں۔[33]

امام بخاری کی تصانیف

امام صاحب کو تصنیف کے ساتھ بھی خصوصی شغف تھا اس لئیے انہوں نے ابھی تک ان کی داڑھی بھی نہیں آئی تھی کہ تصنیف کا کام شروع کر دیا ان کی تصانیف کثیر تعداد میں ہیں ان میں چند نمونے کے طور پر اس مقام پر ذکر کرتے ہیں جب امام بخاری 18 سال کے ہوئے تو ایک کتاب لکھی: "قضایا صحابہ وتابعین"۔ امام بخاری کی دوسری کتاب " تاریخِ کبیر " ہے جو امام خود فرماتے ہیں کہ میں نے چاند کی روشنی میں حضور ﷺ کی قبر مبارک کے پاس تحریر کی اور یہ کتاب سات جلدوں میں لکھی گئی۔[34] ان کے علاوہ الادب المفرد، جزالقراءۃ خلف الامام، کتاب الاشربہ، کتاب الفوائد، کتاب المبسوط، الجامع الکبیر۔ کتاب الوحدان، رفع الیدین فی الصلاۃ ، برالوالدین، خلق افعال العباد، الضعفاء، المسند الکبیر، التفسیر الکبیر، کتاب الھبۃ، اسامی الصحۃ، وغیرہ کی کتابیں امام کی تصنیف کردہ ہیں۔

آزمائش اور ابتلاء

---

32 شیخ الاسلام ابی محمد عبدالرحمٰن بن ابی حاتم محمد بن ادریس بن المنذر التمیمی الحنظلی الرازی، الجرح والتعدیل، بیروت، دار احیاء التراث العربی، ج7، ص191۔

33 تقریب التہذیب ص468۔

34 تاریخِ بغداد، ج2 ص7۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کا امتحان بھی لیتا ہے حضرت بایزید بسطامیؒ[35] سے پوچھا گیا کہ اللہ کی نعمتوں کے ساتھ تمہارا کیا طریقہ ہے فرمایا کہ خیر میں شکر اور بد میں صبر کرتے ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ ہر حالت میں شکر ہی ہونا چاہیے امام بخاری کو بھی اللہ تعالیٰ نے آزمانا شروع کر دیا ہم ان میں سے دو واقعات کا ذکر کرتے ہیں۔ایک اس وقت خاندان عباسیہ کی حکومت تھی انہوں نے معتزلہ[36] کا مذہب اختیار کر لیا اور یہ مسئلہ نکالا کہ قرآن کریم مخلوق ہے اور حادث ہے۔[37] اس پر امام احمدؒ جو امام بخاری کے استاذ بھی ہیں انہوں نے کلمہ حق کہا کہ قرآن کلام اللہ ہے اس کی صفت ہے اور قدیم ہے اس پر امام احمدؒ کو جیل میں ڈال دیا گیا اور ان کو کوڑے بھی مارے جاتے تھے آخر کار اسی حال میں جیل کے اندر ان کی وفات ہو گئی قاعدے کی بات یہ ہے کہ مرید اپنے پیر سے آگے نکل جاتے ہیں۔اور غلو اختیار کر لیتے ہیں اسی طرح امام احمد کے مریدوں نے ان کے بعد کہنا شروع کر دیا کہ کلام بھی قدیم ہے اور اس کے حروف اور اوراق اور غلاف سب قدیم ہیں امام بخاری نے فتوی دیا کہ یہ سب مخلوق ہیں اس کی وجہ سے وہ سب ان کے مخالف ہو گئے جس شہر میں بھی امام بخاری جاتے ان کی مخالفت ہوتی اور ان کی پٹائی ہوتی امام بخاری فرماتے کہ کلام بالنفس قدیم ہے باقی الفاظ اور اوراق حادث ہیں۔[38] دوم یہ کہ جب ہر طرف سے مایوس ہوئے تو واپس بخارا آ گئے اس وقت امیر خالد وہاں کا امیر تھا اس نے بڑا استقبال کیا اور پھر کہا کہ میرے بچوں کو میرے محل میں آ کر پڑھائیں امام بخاری نے انکار کر دیا اس نے کہا کہ چلو یہ آپ کے پاس آئیں گے لیکن انکو وقت الگ دو امام بخاری نے پھر انکار کر دیا کہ اگر پڑھانا ہے تو سب کے ساتھ آئیں اور مل کر پڑھیں گورنر نے غصہ میں آ کر ان کو شہر سے نکال دیا۔امام بخاری کی زبان سے بددعا نکلی کہ اے اللہ اس کو بھی جلاوطن کر دے۔ایک ماہ کے بعد اس حاکم کی کوئی خیانت پکڑی گئی اور اس کا منہ کالا کر کے گدھے پر سوار کر کے شہر سے نکال دیا گیا۔امام بخاری وہاں سے خرتنگ گاؤں جہاں ان

35 طیفور بن عیسی البسطامی،ابویزید جسے بایزید بھی کہا جاتا ہے ایک مشہور زاہد جس کے واقعات کثرت سے مشہور ہیں۔عراق اور خراسان کے مابین بسطام شہر کی طرف نسبت سے بسطامی کہلائے۔(ابن خلکان،ابو عباس شمس احمد بن محمد،وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان،دار صادر،بیروت 1996ء،ج 1،ص 240۔۔۔الاعلام،ج 3،ص 235)

36 یونانی عقلیت پسندی کے تحت پروان چڑھنے والا یہ پہلا مکتب فکر تھا جنہوں نے دینی معتقدات کی جانچ پڑتال کے لیے عقل کو معیار بنایا۔تمام معتقدات کے آزادانہ استفسار کے نتیجہ میں عقلی پیمانے پر پورا نہ اترنے والے مروجہ عقائد میں تشکیک کو راہ دی۔ان کا ظہور اموی دور میں ہوا اور عروج و ترقی دور عباسی میں حاصل کی۔ان کا اولین بانی واصل بن عطاء تھے جس کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ حسن بصری کا شاگرد تھا۔مرتکب گناہ کبیرہ کے بارے میں آپ سے اختلاف کر کے آپ کی محفل جو بصرے میں منعقد ہوتی تھی سے اٹھ گیا اور اپنا ایک الگ حلقۂ درس قائم کر لیا۔اس کے خیال میں مرتکب گناہِ کبیرہ صحیح معنوں میں نہ مؤمن ہے نہ کافر،بلکہ اس کا مقام (المنزلة بين المنزلتين) ایمان اور کفر کے درمیان ہے اور اس کی اسی طرح جدائی پر حسن بصری نے کہا (اعتزل عنا واصلؒ) اور یہی سے اس کے متبعین معتزلی مشہور ہوئے،لیکن یہ خود اپنے آپ کو (اہل العدل والتوحید) کہا کرتے تھے۔(الشہرستانی،محمد بن عبدالکریم،الملل والنحل،مؤسسۃ الحلبی،2006ء،ج 1،ص 43)

37 اس مسئلہ کی مکمل تفصیلات ذیل کی کتابوں میں ذکر کی گئی ہیں چند اہم کتب یہ ہیں:اختلاف اللفظ لابن قتیبہ ص 56،العبر 273/1،الاسماء والصفات ص 239-269،میزان الاعتدال 322/1 وغیرہ۔

38 سیر اعلام النبلاء،ج 2 ص 393۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے رشتہ دار رہتے تھے ان کے پاس گئے اور رمضان وہاں گزارا۔ آخر میں سمر قند[39] کا ارادہ کیا لیکن وہاں سے پیغام آیا کہ ادھر نہ آؤ آپ کے لیے حالات سازگار نہیں ہیں تو اس وقت امام بخاری نے دعا کی "اللھم ضاقت علي الارض فما رحبت فا قبضني اليك" _ اے اللہ آپ کی زمین مجھ پر باوجود وسعت کے تنگ ہوگئی ہے مجھے بلالے، لیکن اس کے بعد ایک اور قاصد آیا اور اس نے کہا سمر قند کے سارے باشندے آپکی آمد کے منتظر ہیں تو آپ نے جانے کا ارادہ کیا ابھی سواری کی رکاب میں پاؤں رکھا ہی تھا کہ کمزوری محسوس ہوئی آپ لیٹ گئے اسی حالت میں انتقال ہو گیا دعا قبول ہو گئی اور عید کی رات خر تنگ میں فوت ہوئے اور وہیں دفن ہوئے۔[40]

صحیح بخاری کا تعارف

امام بخاری کی کتاب صحیح بخاری کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے کیونکہ ساری دنیا اس بات پر متفق ہیں کہ یہ اصح کتب بعد کتاب اللہ ہے۔ اور یہ بات تمام دنیا کی ہاں معروف و مسلم ہے۔ زیر تحقیق شروح ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری اور کشف الباری عما فی صحیح البخاری اسی عظیم کتاب کی شروح ہیں اس لیے اس کا کچھ نہ کچھ تذکرہ ضروری ہے۔

بخاری شریف کا نام

اس کتاب کا اصل نام کیا ہے؟ اس لئے کہ یہ صحیح بخاری کے نام سے زیادہ مشہور ہوگئی ہے لیکن علماء اس بات پر متفق ہیں کہ یہ اس کا اصل نام نہیں ہے اس بارے میں زیادہ مشہور اور صحیح قول وہ ہے جو ابن الصلاح[41] نے علوم الحدیث میں ذکر کیا ہے کہ اس کا مکمل نام یہ ہے۔_"**الجامع المسند الصحيح المختصر من امور رسول الله صلي الله عليه وسلم وسننه وايامه**_"نیز

---

39 سمر قند قدیم فارسی الفاظ اسمارا بمعنی پتھر/چٹان اور قند بمعنی قلعہ کے ہے جس کا مطلب چٹانی قلعہ ہے۔ ازبکستان کا دوسرا شہر اور صوبہ کا دارالحکومت ہے۔ زمانہ قدیم سے یہی شہر اسلامی تعلیم اور تحقیق کے مرکز کے طور پر جانا جاتا ہے۔(اردو دائرۃ المعارف، پنجاب دانش گاہ، لاہور، 1971ء، ج12، ص873۔

40 تاریخ بغداد، ج20ص10)

41 ابو عمرو عثمان بن عبد الرحمٰن الکردی الشہر زوری۔ ابن الصلاح کے نام سے مشہور ہیں۔ 577ھ/1181ء کو پیدا ہوئے۔ بڑے مفسر، محدث اور فقیہ شخص تھے۔ شاگردوں میں اسحاق المعزی الشافعی مشہور ہیں۔ تصانیف میں المقدمہ، معرفۃ انواع علم حدیث، الامالی اور استقصاء مشہور ہیں۔ 643ھ/1245ء کو فوت ہوئے۔ (وفیات الاعیان ج3، ص 243۔۔۔ الاعلام ج4، ص207)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابن عطیہ [42] نے اپنی فہرست میں اور قاضی عیاض [43] نے مشارق الانوار میں بھی اسی پر اتفاق کیا ہیں۔ اسی طرح امام نووی رحمہ اللہ نے بھی اس کا نام "**الجامع المسند الصحيح المختصر من امور رسول الله صلي الله عليه وسلم وسننه وايامه** "لکھا ہے۔[44] حافظ ابن حجر نے مقدمۃ فتح الباری میں ذکر کیا ہے کہ اس کا اصل نام یہ ہے۔ "**الجامع المسند الصحيح من رسول الله صلي الله عليه وسلم وسننه وايامه**" [45]۔ لیکن تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نام محل نظر اور ناقص ہے، اس میں کچھ تقدیم وتاخیر اور فرو گذاشت ہوئی ہے۔

"**الجامع** " امور ثمانیہ کی وجہ سے کہا گیا ہے۔

"**المسند** " مسنداس لیے کہا گیا ہے کہ اس میں سند متصل کے ساتھ مرفوع روایات نقل کی گئی ہیں۔ اور جو آثار وغیرہ نقل کی گئی ہے وہ ضمنا وتبعا ہیں۔

" **الصحيح** " صحیح اس لئے کہ اس میں صحت کا التزام کیا گیا ہے۔

" **المختصر** " مختصر اس لئے کہا کہ تمام صحیح احادیث کا اس میں احاطہ نہیں کیا گیا ہے۔ خود امام بخاری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ "ما ادخلت في هذا الكتاب الا ما صح وتركت من الصحاح كى لا يطول الكتاب"

" **من امور رسول الله صلي الله عليه وسلم** " سے آپ کے اقوال مراد ہے۔

"**سننه**" میں سنن سے مراد آپ علیہ السلام کے افعال اور تقریرات کی طرف اشارہ ہے۔

"**ايامه**" میں ایام سے مراد وہ تمام غزوات اور واقعات ہیں جو آپ علیہ السلام کی حیاۃ طیبہ میں پیش آئے۔[46]

امام نے بہت سے روایات ایسی ذکر کی ہیں جن میں آپ علیہ السلام کا قول، فعل یا تقریر مذکور نہیں ہے۔ ایسے مقامات میں لوگوں کو اشکال پیش آتا ہے اگر کتاب کا پورا نام پیش نظر ہو تو اشکال نہیں ہوتا۔

---

42 ابو جعفر احمد بن جعفر بن محمد ابن عطیہ قضاعی 517ھ/1123ء کو مراکش میں پیدا ہوئے۔ مرابطیہ اور موحدیہ کے کاتب رہے ہیں۔ کثیر التصانیف شخصیت ہیں جن میں مشہور "مجموعہ من القصد والرسائل" ہے جس کا اکثر حصہ رسائل موحدیہ میں شائع ہو چکا ہے۔ آپ 553ھ/1158ء کو فوت ہوئے۔ (والاعلام بمن حل مراکش ج1، ص 215۔۔۔الاعلام ج1، ص107)

43 ابو الفضل عیاض بن موسی بن عیاض بن عمرون سبت میں 476ھ/1083ء کو پیدا ہوئے۔ آپ اپنے وقت کے حدیث کے جید عالم تھے۔ آپ سبتہ اور غرناطہ میں قاضی رہ چکے ہیں۔ تصانیف میں "شرح صحیح مسلم" اور "مشارق الانوار" مشہور ہیں۔ آپ مراکش میں 544ھ/ 1149ء کو فوت ہوئے۔ (وفیات الاعیان ج1، ص 392۔۔۔الاعلام ج5، ص98-99)

44 تہذیب الاسماء واللغات، ج1، ص73، ومقدمہ لامع الدراری، ص83

45 ہدی الساری، ص493۔

46 سیر اعلام النبلاء، ج12، ص402، و تہذیب الاسماء واللغات، ج1، ص74، وہدی الساری ص 7

toobaa-elibrary.blogspot.com

سببِ تالیف

عہدِ صحابہ میں تدوینِ حدیث کا زیادہ انتظام نہیں تھا بلکہ وہ اپنے حافظہ پر زیادہ بھروسہ کیا کرتے تھے اور یہی حال تابعین کے دور میں تھا البتہ اس کے بعد کے دور میں تصنیف کا کام تیزی سے شروع ہوا اور کئی کتابیں لکھی گئیں ان میں امام مالک کی کتاب المؤطا اور امام ابو حنیفہ[47] کی کتاب الآثار اور ابن ابی شیبہ[48] کی مصنف وغیرہ کتابیں شامل ہیں لیکن ان میں بھی یہ خامی تھی کہ ان میں سے کسی کتاب میں بھی صرف صحیح احادیث لانے کا التزام نہیں تھا اسلئے اسی ضرورت کو محسوس کیا جا رہا تھا کہ امام بخاری کے ایک استاد نے ایک دن فرمایا جس کو امام بخاری خود بیان کرتے ہیں۔ جو اس کتاب کی تصنیف کا سبب بھی ہے امام بخاری ذکر کرتے ہیں کہ ہم اسحاق بن راہویہؒ[49] کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے فرمایا کہ اگر ایک کتاب لکھی جائے جو مختصر اور صحیح ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث میں امام بخاری فرماتے ہیں کہ میرے دل میں آیا کہ یہ کام میں کروں تو میں نے اس کتاب کو لکھنا شروع کیا۔[50] اس طرح ملا علی قاری[51] نے لکھا ہے کہ امام بخاری نے خواب دیکھا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہو کر پنکھا جھول رہے ہیں اس کی تعبیر یہ کی کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی گئی جھوٹی باتوں کو دور کروں گا۔

موضوعِ کتاب

بعض علماء فرماتے ہیں کہ امام کا مقصد صرف احادیث صحیحہ کو جمع کرنا تھا اور اس چیز کا ہی امام نے اپنی کتاب میں التزام بھی کیا ہے اور اس کے نام سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے اور اسی کو حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں ذکر کیا ہے۔[52] لیکن اس کتاب کا موضوع صرف

---

47 نعمان بن ثابتؒ تیمی، کوفہ میں 80ھ/699ء کو پیدا ہوئے۔ وہیں پرورش ہوئی۔ حافظ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ صغار صحابہ کے زمانے میں پیدا ہوئے۔ سیدنا انس بن مالکؓ جب کوفہ تشریف لائے تو ان کی زیارت و دید کا شرف حاصل کیا۔ صحابہ کرامؓ میں کسی سے آپ کی روایت ثابت نہیں۔ 150 ھ/767ء کو فوت ہوئے۔ (الذہبی، ابو عبداللہ شمس الدین عثمان بن قائماز، سیر اعلام النبلاء، دار الحدیث، قاہرہ، 2006ء، ج6، ص390۔۔۔ الاعلام ج8، ص36)

48 ابو بکر بن ابی شیبہ عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان العبسی الکوفی۔ ابن ابی شیبہ کے نام سے مشہور ہیں۔ حافظ حدیث اور ثقہ راوی ہیں۔ عبداللہ بن مبارک اور ابن عیینہ وغیرہ سے علم حاصل کیا۔ تصانیف میں المسند، المصنف، التفسیر اور الایمان مشہور ہیں۔ 235ھ/849ء کو بغداد میں فوت ہوئے۔ (تذکرۃ الحفاظ ج 2، ص 18۔۔ ابن حجر عسقلانی، ابو الفضل احمد بن حجر، تہذیب التہذیب، مطبعۃ دائرۃ المعارف النظامیہ، ہند، ج2، ص6)

49 آپ ابو یعقوب اسحاق بن راہویہ المروزی ہیں۔ ابن راہویہ کے نام سے مشہور ہیں۔ حافظ حدیث اور ثقہ راوی ہیں۔ شیوخ میں بشر بن المفضل اور اسماعیل بن علیہ جبکہ شاگردوں میں امام بخاری اور امام مسلم شامل ہیں۔ 238ھ/853ء کو وفات پائی۔ (سیر اعلام النبلاء ج11، ص385، ترجمہ (79)۔۔۔ الاعلام، ج1، ص292)

50 ہدی الساری۔ ص7۔

51 علی بن (سلطان) محمد، نور الدین الملا الہروی قاری ہرات میں مولد ہوئے۔ کثیر التصانیف شخصیت ہیں جن میں "تفسیر القرآن"، "الاثمار الجنیۃ فی اسماء الحنفیۃ"، "شرح مشکاۃ المصابیح" اور "شرح مشکلات الموطا" مشہور ہیں۔ آپ مکہ میں 1014ھ۔ 1606ء کو فوت ہوئے۔ (الدمشقی، محمد امین بن فضل اللہ، خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر، دار صادر بیروت (س۔ن) ج3، ص185)۔۔۔ الاعلام، ج5، ص13)

52 احمد بن علی بن حجر ابو الفضل العسقلانی الشافعی، فتح الباری شرح صحیح البخاری، بیروت، دار المعرفۃ، 1379، ج13 ص563۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

احادیث کو جمع کرنا ہی نہیں تھا بلکہ امام نووی فرماتے ہیں کہ مختلف فقہی ابواب پر ان سے استنباط کرنا مقصود تھا اور یہ ہی وجہ ہے کہ انہوں نے بہت سے ابواب میں حدیث کو سند کے ساتھ ذکر نہیں کی بلکہ کبھی متن کے بغیر سند کے اور کبھی متن کو تعلیقا لاتے ہیں یہ سب اسلوب اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ ان کا مقصود احکام پر استدلال کرنا بھی تھا۔[53]

شرائطِ بخاری

ہر مصنف جو بھی چیز اپنی کتاب میں ذکر کرتا ہے اس کو کسی خاص نظریے اور خاص انداز میں ذکر کرتا ہے اور اس کو اپنی شرائط کے مطابق ہی ذکر کرنے کا اہتمام کرتا ہے اسی طرح امام بخاری نے بھی اپنی کتاب کو ایک خاص انداز اور ترتیب کے مطابق ہی ذکر کیا ہے اور ان کی بھی کچھ شرائط ہیں اگرچہ امام موصوف نے ان شرائط کو وضاحت سے ذکر نہیں کیا لیکن بعد میں آنے والے علماء نے ان کی کتاب کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کی شرائط کو متعین کیا ہے۔ان میں سے چند اہم درجہ زیل ہیں۔

1. سند متصل ہو، راوی مسلمان ہو، صادق ہو، غیر مدلس ہو، اور غیر مختلط ہو، عادل، ضابط، سلیم الذہن، اور قلیل الوہم ہو اور اس کا عقیدہ بھی درست ہو۔[54]
2. راوی کی مروی عنہ سے کم از کم ایک ملاقات ثابت ہو۔[55]
3. امام بخاری کی شرائط میں سے یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ ہر راوی اپنے شیخ سے سمعت یا حدثنا یا اخبرنا سے نقل کرے اور جب عن کے ساتھ ذکر کرتا ہے تو اس کی روایت اس وقت قابل قبول ہو گی جب وہ راوی مدلس بھی نہ ہو اور اس کی ملاقات بھی اس سے وضاحت کے ساتھ ثابت ہو۔ان شرائط کے علاوہ بھی علماء نے کئی شرائط امام بخاری کی کتاب کو دیکھ کر ذکر کی گئی ہیں جو مختلف شروحات میں مذکور ہیں[56]۔

کتب، ابواب، اور احادیث صحیح بخاری

صحیح بخاری نسخہ جو مکتبۃ النھضہ مکہ سے شائع کیا گیا اس میں کتب کی تعداد 91 اور ابواب کی تعداد 3882 ہے۔ صحیح بخاری کی احادیث کی تعداد کے بارے میں ابن صلاح کہتے ہیں 7275 احادیث ہیں اور اگر ان میں سے مکرر احادیث کو نکالا جائے تو کل احادیث چار ہزار ہیں اور امام نووی نے بھی یہی قول ذکر کیا ہے۔[57] اور حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ کل احادیث 97 73 ہیں اور

---

53 مولانا مفتی رشید احمدؒ، ارشاد القاری الی صحیح البخاری، کراچی، الحجاز، 1434ھ، ص 25-26۔

54 ہدی الساری۔ ص 9

55 مقدمہ فتح الملہم، ص 271

56 ہدی الساری۔ ص 449

57 عبد الرحمان بن ابو بکر السیوطی، تدریب الراوی شرح تقریب النواوی، ریاض، مکتبۃ الریاض الحدیثہ، تحقیق عبد الوہاب عبد الطیف ج 1 ص 102

toobaa-elibrary.blogspot.com

کل تعالیق[58] 1341ہیں اور ان میں سے اکثر تکرار کے ساتھ ہیں۔اور اس میں کل آثار جو صحابہ پر موقوف ہیں 1608 ہیں۔[59]

خصوصیات صحیح بخاری

امام بخاری کی کتاب احادیث کے لحاظ سے بہترین کتاب قرار دی گئی ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہوا کہ اس کو قرآن کے بعد سب سے اصح کتاب قرار دیا گیا ہے اسی طرح اس کی امتیازی خصوصیات کو بھی اسکی ہر شرح کے اندر بڑے احسن انداز کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ان میں سے چند یہ ہیں۔

1. امام بخاری نے اپنی کتاب کو شریعت کے تمام ضروری مسائل سے مزین کیا ہے مثلا عقائد اور عبادات، معاملات، آداب، تفسیر، تاریخ، مناقب، فتن وغیرہ۔
2. اس کتاب کا اصلی موضوع تو وہ احادیث ہیں جو مسند ہیں خواہ قول ، فعل یا تقریر ہو اس کے علاوہ جو کچھ اس میں آیا ہے وہ سب اس کے تابع بن کر ہی آیا ہے نہ کہ مقصود بن کر۔
3. اس میں جتنی بھی احادیث ہیں وہ سب صحیح ہیں کیونکہ خود امام نے فرمایا تھا کہ میں اس کے اندر صرف صحیح احادیث ذکر کروں گا۔
4. اس میں روایات کو اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے اور امام بخاری نے انتہائی اختصار سے ساتھ کام لیا ہے اسی لئے انہوں نے فرمایا کہ میں نے چھ لاکھ احادیث میں سے یہ مجموعہ منتخب کیا ہے۔
5. امام بخاری بداء الحکم کا ذکر بھی کرتے ہیں جیسے بدء الوحی اور بدء الحیض وغیرہ کا ذکر کرکے حکم کی ابتداء کی طرف اشارہ کیا ہے۔
6. امام بخاری براعت اختتام کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔
7. امام بخاری فترت کے بعد "بسم اللہ الرحمٰن" سے شروع کرتے ہیں۔
8. امام بخاری ثلاثیات ذکر کرتے ہیں اور بائیس ثلاثیات ذکر کئے ہیں۔[60]

شروح صحیح بخاری

بخاری شریف کی اہمیت کے پیش نظر اس پر علماء متاخرین اور متقدمین نے بہت کام کیا ہے ۔ جس طرح قرآن کریم کی تفاسیر لکھنے کا کام ہر زمانے میں جاری رہا ہے اسی طرح بخاری کی شروح کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ کتب حدیث میں سب سے

---

58 تعالیق سے مراد معلقات ہیں اور یہ وہ حدیث ہوتی ہے جس کے شروع سے ایک یا ایک سے زیادہ راوی حذف کردیے گئے ہوں۔(الطحان، ڈاکٹر محمود، مصطلح الحدیث، مکتبۃ المعارف للنشر والتوزیع، (س۔ن) ص35)

59 فتح الباری، ج ص543، وتدریب الراوی، ج1، ص102

60 کشف الباری۔ج1، ص167

toobaa-elibrary.blogspot.com

زیادہ اسی کی شروح لکھی گئی ہیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ تقریبا دو سو سے زائد شروحات لکھی گئیں ہیں [61] اور مولانا عبد السلام مبارکپوری نے اپنی کتاب سیرۃ البخاری میں لکھا ہے کہ عربی، فارسی اور اردو میں بخاری تقریبا 145 شروح لکھے گئے ہیں [62]۔ اس کی تمام شروح کا ذکر کرنا یہاں پر ناممکن ہے۔ لیکن ان میں سے یہاں پر صرف پانچ شروح کا تذکرہ کیا جائے گا جو میری تحقیق کا حصہ ہے ،اور وہ درج ذیل ہیں:

اول: فتح الباری شرح صحیح البخاری، مصنف: علامہ احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ

دوم: عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، مصنف: علامہ حافظ محمود بن احمد بدر الدین العینیؒ [63]

سوم: ارشاد الساری الی شرح صحیح البخاری، علامہ احمد بن محمد القسطلانیؒ [64]

چہارم: فیض الباری شرح صحیح البخاری، مصنف: علامہ انور شاہ کشمیریؒ [65]

پنجم: درس بخاری شرح صحیح البخاری، مصنف: مفتی نظام الدین شامزئیؒ [66]۔

---

61 صاحب زادہ برق التوحید، آفتاب بخارا، ٹوبہ ٹیک سنگھ، بیت الوحید دار السلام، اگست 2016، ص 213۔

62 مولانا عبد السلام مبارکپوری، سیرۃ البخاری، لاہور، نشریات لاہور، 1329ء-1429ء ص 206-248۔

63 ابو محمد محمود بن احمد بن موسیٰ بن احمد، بدر الدین العینی، حنفی 762ھ/1361ء کو حلب کے علاقہ عینتاب میں پیدا ہوئے۔ اسی وجہ سے عینی کہلائے۔ علامہ، محدث اور کثیر التصانیف شخصیت ہیں جن میں "عمدۃ القاری فی شرح البخاری"، "مغانی الأخیار فی رجال معانی الآثار"، "عقد الجمان فی تاریخ أہل الزمان" اور "البنایۃ فی شرح الہدایۃ" بہت مشہور ہیں۔ آپ قاہرہ میں 855ھ/1451ء کو فوت ہوئے۔ (السخاوی، شمس الدین ابو الخیر محمد بن عبد الرحمان، الضوء اللامع لأہل القرن التاسع، منشورات دار مکتبہ الحیاۃ، بیروت (س۔ن) ج10، ص131۔۔۔ الاعلام 7: 162- 163)

64 ابو العباس، شہاب الدین احمد بن محمد بن ابی بکر بن عبد الملک، قسطلانی، مصری 851ھ/1448ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے۔ علمِ حدیث کے ماہر تھے۔ کثیر التصانیف ہیں جن میں "إرشاد الساري لشرح صحيح البخاري" مشہور ہے۔ آپ قاہرہ ہی میں 923ھ/1517ء کو فوت ہوئے۔ (الشوکانی، محمد بن علی بن محمد بن عبد اللہ، البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع، دار المعرفۃ، بیروت (س۔ن) ج1۔ ص102۔۔۔ الاعلام ج1، ص232)

65 محمد انور شاہ بن معظم شاہ کشمیری، فقیہ اور مجتہد 1292ھ/1875ء کو کشمیر میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد ماجد سے ایسی مثالی تربیت پائی کہ تقوی میں اپنی مثال، نظر کی حفاظت کرنے والے، اساتذہ کرام کے احترام کرنے والے اور قوی حافظہ کے مالک تھے۔ مدراس اور حرمین کے سفر کے بعد 1345ھ/1927ء کو دار العلوم دیوبند میں تدریس کے شعبہ سے وابستہ رہے۔ آپ کے تصانیف میں فيض الباري شرح صحيح البخاري، عرف الشذی علی جامع الترمذي، مشکلات القرآن، ضرب الخاتم علی حدوث العالم اور خزائن الأسرار وغیرہ شامل ہیں۔ 1353ھ/ 1934ء کو دیوبند ہی میں فوت ہوئے۔ (الازہری، تاج الدین، مجلۃ البیان، مطبع نامعلوم، 1988ء، ج 10، ص 30۔۔۔ قاری فیوض الرحمان، مشاہیر علمائے دیوبند، مطبع وسن اشاعت نامعلوم، ص81)

66 نظام الدین بن حبیب الرحمان شامزئیؒ 1951ء کو سوات کے تحصیل مٹہ کے گاؤں فاضل بیگ گھڑی میں پیدا ہوئے 1973ء میں مولانا سلیم اللہ خان صاحب سے دورہ پڑھا۔ سندھ یونیورسٹی سے "شیوخ بخاری" کے عنوان پر پی ایچ ڈی ڈگری حاصل کی۔ تصانیف میں "شرح مقدمہ مسلم"، "مجمع البحرین"، "عقیدہ ظہور مہدی احادیث کی روشنی میں" اور "درس بخاری شرح صحیح البخاری" شامل ہیں۔ آپ 1425ھ/2004ء کو کراچی میں شہید کر دیئے گئے۔ (مفتی نظام الدین شامزئی، خطبات شامزئی، کراچی، اسلامی کتب خانہ، 2003ء، ج1، ص46۔)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اول

فتح الباری کا تعارفی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صاحبِ فتح الباری کا تعارف

ابوالفضل شہاب الدین احمد بن حجر العسقلانی ایک مشہور محدث اور شارح صحیح بخاری گزرے ہیں۔ حافظ موصوف ابنِ حجر کے نام سے مشہور ہوئے۔ علامہ سخاوی کا کہنا ہے کہ حافظ موصوف کے آباواجداد میں سے کسی بزرگ کا لقب ابن حجر تھا[67]۔ ابن العماد[68] کے قول کے مطابق ابن حجر آلِ حجر کی طرف منسوب ہے۔ آلِ حجر ایک قوم تھی، جو بلاد الجرید کے جنوبی حصے میں بستی تھی۔ حافظ ابن حجر کا گھرانہ علم و ادب کا گھوارہ تھا، ان کے آباواجداد نے علوم و معارف میں بڑا نام پیدا کیا اور وہ سبھی علم و فضل میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر تھے[69]۔

پیدائش اور تعلیم و تربیت

اکثر سیرت نگاروں کا اتفاق ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی 22 شعبان 773ھ کو پیدا ہوئے۔ ابن حجر کی عمر بمشکل چار برس کی تھی کہ ان کے والد ماجد نے اس دار فانی کو خیر باد کہا۔ والد کا سایہ سر سے اٹھ جانے کے بعد ابن حجر کی کفالت و تربیت مرحوم کے نامزد کردہ وصی شیخ زکی الخروبی[70] نے کی۔ پانچ برس کی عمر میں ابن حجر کو مدرسے بھیجا گیا۔ قدرت نے ذہانت اور ذکاوت کی بخشش میں بڑی فراخدلی اور فیاضی سے کام لیا تھا، قوت حافظہ کی کرشمہ سازیاں کچھ کم تعجب انگیز نہ تھیں۔ سورہ مریم ایک دن میں یاد کرلی۔ نو برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کر لیا[71]۔ حسنِ اتفاق ملاحظہ ہو کہ ابن حجر اپنے کفیل شیخ زکی الخروبی کے ساتھ 784ھ میں مکہ مکرمہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر بھی ارضِ مقدس میں قیام رہا اور رمضان شریف میں وہیں قرآن مجید محراب سنایا[72]۔ خوش نصیبی اور سعادت مندی نے ایسا ساتھ دیا کہ ایک اور سال بھی مکہ معظمہ میں گزارا اور العفیف النشاوری سے صحیح بخاری کا سننے کا اتفاق ہوا[73]۔

اساتذہ علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ

حافظ ابن حجر کے اساتذہ اور شیوخ کی فہرست خاصی طویل ہے اور ان کے اساتذہ میں ایسے متبحر اور ماہرین علوم و فنون نظر آتے ہیں جن کی مثال تلاش کرنا آسان نہین۔ ابن حجر کی اس سے بڑھ کر اور کیا خوش بختی ہو سکتی تھی کہ انہیں ایسے اساتذہ سے تحصیل علم کا موقع ملا جو اپنے اپنے فن میں یکتائے زمانہ تھے اور یہ ایسی سعادت تھی جو ان کے کسی اور ہم عصر کو نصیب نہ ہو سکی۔

---

67 أبوالخیر محمد بن عبدالرحمان السخاوی، الضوء اللامع، بیروت، دار المکتبہ الحیات، 2010 مع ضافہ جدیدہ، ج2، ص36۔

68 ابوالفلاح عبدالحی بن احمد بن محمد ابن العماد حنبلی دمشق میں 1032ھ/1623ء کو پیدا ہوئے۔ آپ بیک وقت مؤرخ، فقیہ اور ادب کے عالم ہیں۔ طویل مدت تک قاہرہ میں رہے۔ تصانیف میں "شذرات الذہب فی اخبار من ذہب، "شرح متن المنتھی" اور "شرح بدیعیۃ ابن حجۃ" مشہور ہیں۔ 1089ھ/1679ء کو مکہ میں وفات پائی۔ (خلاصۃ الاثر، ج2، ص340۔۔۔ الاعلام، ج3، ص289- 290)

69 عبدالحی بن احمد بن محمد بن العماد، شذرات الذھب، دمشق بیروت، دار ابن کثیر، 1986ء، ج1، ص74۔

70 باوجود تلاش بسیار کے شیخ زکی الخروبی کے متعلق معلومات معلوم نہ ہو سکی۔

71 الضوء اللامع، ج2، ص36۔

72 مرجع سابق۔

73 شذرات الذہب، ج1، ص74۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

شوق تحصیل علم حدیث

حافظ سیوطی[74] لکھتے ہیں کہ ابن حجر کی تحصیل علم حدیث کا زمانہ 794ھ سے شروع ہوتا ہے۔ حافظ سخاوی کے نزدیک 793ھ ہے۔البتہ اس سے انہماک وشغف اور شیفتگی ووابستگی 796ھ میں پیدا ہوئی[75]۔جہاں کہیں علم حدیث کا دیا روشن دیکھا فوراوہاں پہنچے۔ قاہرہ[76]، حرمین[77]، نابلس[78]، غزہ[79]، یمن[80]،اور دیگر علاقوں میں سماعتِ حدیث کی[81]۔

سلسلۂ درس وتدریس

حافظِ ابن حجر نے بہت سی درس گاہوں میں تفسیر، حدیث اور فقہ پڑھائی۔حافظ موصوف کی فضیلت وعلمیت کا یہ حال تھا کہ ہر مدرسہ فکر کے اکابر علماء کو ان کے تلمذ اور شاگردی کا فخر حاصل ہے[82]۔ان کے شاگردوں میں بہت سے لائق محدثین، فاضل فقہاء، نامور مؤرخین اور شہرہ آفاق سیرت نگار پیدا ہوئے لیکن علامہ سخاوی تمام تلامذہ سے بڑھ کر تھے۔

---

74 عبدالرحمن بن ابی بکر بن محمد بن سابق الدین، سیوطی، جلال الدین 849ھ/1445ء کو پیدا ہوئے۔پانچ سال کے تھے کہ والد کا سایۂ عاطفت سر سے اٹھ گیا۔قاہرہ میں پلے بڑھے۔چالیس سال کی عمر میں دریائے نیل کے روضۃ المقیاس میں عزلت نشین ہوئے اور وہیں اکثر کتابیں لکھیں۔امراء اور شرفاء ان سے ملنے وہاں آتے اور وظائف وتحائف پیش کرتے مگر آپ کسی سے ملتے اور نہ وظیفہ یا تحفہ قبول کرتے۔911ھ/1505ء کو فوت ہوئے۔(شذرات الذہب، ج8، ص51۔۔۔الاعلام، ج3، ص301)

75 الضوء اللامع، ج2، ص37

76 قاہرہ مصر میں ایک مشہور اور بڑا تاریخی شہر ہے۔اس شہر کو سب سے پہلے جوہر غلام المعز ابی تمیم معد بن اسماعیل الملقب بالمنصور بن ابی القاسم نزار الملقب بالمہدی نے بنایا۔یہ شہر بڑے بڑے بادشاہوں کا مسکن رہا ہے۔یہاں بڑے بڑے عمارات، بازاریں اور تاریخی مقامات ہیں جو مواسم میں لوگوں کا مرکز ہوتے ہیں۔اسی شہر میں امام شافعی رحمہ اللہ کا مدرسہ اور آپ کی قبر مبارک بھی ہے۔زکریا بن محمد بن محمود القزوینی المتوفی:682ھ، لبنان، بیروت، دار صادر بیروت، ص240

77 حرم کے معنی ہے قابل عزت۔قرآن مجید میں ہے﴿ذَلِكَ وَمَنْ يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ﴾"یہ (ہمارا حکم ہے) جو شخص ادب کی چیزوں کی جو خدا نے مقرر کی ہیں عظمت رکھے تو یہ پروردگار کے نزدیک اس کے حق میں بہتر ہے۔"(سورۃ الحج22: 30) حرم کے دوسرے معنی ممنوع ہے۔اسلامی اصطلاح میں مکہ معظمہ، مدینہ منورہ اور ان کے گرداگرد چند میل تک کے علاقے کو حرم کہتے ہیں۔انہیں حرم کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی عزت قائم کی ہے اور ان مقامات پر بعض افعال اور اقدامات ممنوع ہیں مثلاً ان کے اندر جنگ نہیں ہو سکتی، ان کے درختوں وغیرہ کو نہیں کاٹا جا سکتا اور ان مقامات میں داخل ہونے والا ہر آفت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔(ابن جبیر، ابوالحسن محمد بن احمد، رحلۃ ابن جبیر دار بیروت، 2009ء، ج1، ص91)

78 فلسطین ایک چھوٹا سا رہائشی علاقہ ہے جس کی آبادی تقریباً سوا لاکھ ہیں۔(العقیلی، عمر بن احمد بن ہبۃ اللہ، زبدۃ الحلب فی تاریخ حلب، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، 1996ء، ج1، ص400)

79 فلسطین ایک علاقہ ہے جس کی باونڈری مصر سے ملی ہوئی ہے۔آج کل یہ اسرائیل کے زیر قبضہ ہے۔(الکوفی، ابو محمد احمد بن محمد، الفتوح، دار الاضوائ، بیروت، 1991ء، ج1، ص262)

80 پہلے ایک صوبہ، لیکن اب جزیرۃ العرب کے جنوب مغرب میں ایک خود مختار مملکت ہے۔اس کے مشرق میں خلیج فارس، جنوب میں بحیرۂ عرب، مغرب میں بحیرۂ احمر اور شمال میں خلیج قلزم، بادیۃ الشام اور عراق ہے۔یمن کا سب سے زیادہ قیمتی پیداوار قہوہ ہے۔(معجم البلدان ج5، ص447)

81 شذرات، ج1، ص75۔

82 الضوء اللامع ج2 ص38 – 39۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عہدۂ قضا

حافظ ابن حجر اکیس برس تک عہدہ قضا پر فائز رہے۔ پہلی مرتبہ 827ھ میں منصب قضا قبول کیا، لیکن مشاغل کی کثرت اور ضعف پیری کے باعث اس منصب سے مستعفی ہو گئے۔

اخلاق و عادات

حافظ ابن حجر بڑے متواضع اور حلیم و بردبار تھے۔ عبادت گزار، سخی اور خوش مزاج تھے۔ غلط سلوک کرنے والوں کے ساتھ بھی اچھا سلوک کرتے۔ مذاق بڑا سلجھا ہوا اور طبیعت بڑی سنبھلی ہوئی تھی۔ غرضیکہ زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس پر انگشت نمائی کی جا سکی۔ ابن فہد مکی[83] لکھتے ہیں کہ حسنِ اخلاق، شیریں بیانی اور شعلہ مقالی کے ساتھ حافظ ابن حجر بڑے زود نویس تھے۔ اس کے علاوہ سریع القرات تھے۔ صحیح بخاری ظہر اور عصر کی درمیانی دس مجلسوں میں ختم کی۔ دمشق میں دو مہینے کے قیام میں ایک سو کے قریب کتابیں پڑھ ڈالیں۔ حافظ موصوف کو تمام علماء و محدثین اور صلحائے متقدمین و متاخرین سے نہایت درجہ محبت والفت تھی، لیکن شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ[84] سے بہت زیادہ عقیدت رکھتے تھے[85]۔

سلسلہ تالیف و تصنیف

بقول حافظ سخاوی علامہ ابن حجر کی تصانیف کی تعداد ڈیڑھ سو سے زائد ہے۔ یہی رائے دوسرے مورخین اور سیرت نگاروں کی ہے۔ ان تصنیفات میں سے الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ، الدرر الکامنۃ فی المائۃ الثامنۃ، فتح الباری شرح صحیح البخاری، نخبۃ الفکر، اور بلوغ المرام خاص طور پر قابل ذکر ہیں[86]۔

وفات

حافظ ابن حجر کی وفات ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب 28 ذوالحجہ 852ھ کو نماز عشاء کے تھوڑا عرصہ بعد ہوئی۔ پچاس ہزار مسلمان نمازِ جنازہ میں شریک تھے[87]۔

---

83 ابو الخیر عبدالعزیز بن عمر بن محمد عزالدین ہاشمی 850ھ/1447ء کو مکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ مؤرخ اور حدیث کے عالم تھے۔ طلبِ حدیث کے سلسلے میں فلسطین، شام اور مصر کے اسفار کیے۔ یہ کثیر التصانیف شخصیت 920ھ/1515ء کو مکہ میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ (شذرات الذہب، ج8، ص100 ---الاعلام، ج4، ص24)

84 احمد بن عبدالحلیم بن عبدالسلام بن عبداللہ بن ابی القاسم، حرانی، دمشقی، حنبلی، ابوالعباس، تقی الدین ابن تیمیہؒ، 661ھ/1263ء کو حران میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد ماجد کی معیت میں مصر منتقل ہو گئے۔ 728ھ/1328ء کو قلعہ دمشق میں حالتِ اسارت میں فوت ہوئے۔ بڑے فطین اور ذکی عالمِ دین تھے۔ (الذہبی، شمس الدین أبو عبداللہ محمد بن أحمد بن عثمان بن قائماز، المعجم المختص بالمحدثین، مکتبۃ الصدیق، الطائف، 1988ء، ص 25 --- ابن کثیر، أبو الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایۃ والنہایۃ، دار احیاء التراث العربی، 1988ء، ج14، ص141)

85 الضوء اللامع ج2 ص38 – 39۔

86 مرجع سابق۔

87 شذرات ج1، ص75۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فتح الباری شرح صحیح البخاری کا تعارفی جائزہ

حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ میں نے اس شرح کا نام فتح الباری بشرح البخاری رکھا ہے [88]۔ یہاں تک کہ لوگوں کے ہاں اسی نام کے ساتھ مشہور و معروف ہوئی۔ حافظ سخاویؒ نے لکھا ہے کہ حافظ ابن حجر سے قبل فتح الباری کے نام سے صحیح بخاری کی شرح ابن رجب حنبلیؒ [89] نے بھی لکھی ہے۔ لیکن مکمل کرنے سے پہلے زندگی ساتھ چھوڑ گئی۔ [90] حافظ ابن حجرؒ ابن رجبؒ کے اس شرح سے مطلع تھے اور انہوں نے اپنی کتاب فتح الباری میں دو مقامات پر ان سے نقل بھی کیا ہے [91] اس کے باوجود حافظ سخاوی کہتے ہیں: ابن حجرؒ اس پر مطلع نہیں تھے۔ [92]

ممکن ہے کہ ان سے ان کا مقصود یہ ہو کہ حافظؒ اس بات پر مطلع نہ ہو کہ ابن رجب کی شرح کا نام بھی فتح الباری ہے۔ اسی طرح شوکانیؒ نے بھی ذکر کیا ہے کہ حافظ ابن حجر کی فتح الباری سے پہلے مجد الدین فیروز آبادیؒ [93] نے بھی فتح الباری کے نام سے صحیح بخاری کی ایک شرح لکھی ہے، شوکانی [94] نے اس کا نام "فتح الباری فی شرح صحیح البخاری" لکھا ہے۔ [95] حافظ سخاویؒ نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے، مجد الدین فروز آبادی (استاذ ابن حجر) کی اس شرح کا نام "فتح الباری بالسیح الفسیح الجاری فی شرح البخاری" لکھا ہے۔ حافظ ابن

---

88 فتح الباری، ج1، ص5

89 ابوالفرج عبدالرحمان بن احمد بن رجب السلامی، بغدادی، دمشقی زین الدین 736ھ/1335ء کو بغداد میں پیدا ہوئے۔ علمائے حدیث کے سر خیل شمار ہوتے ہیں۔ دمشق میں پلے بڑھے۔ تصانیف میں "شرح جامع الترمذی"، جامع العلوم والحکم "، "فضائل الشام" اور "فتح الباری" بہت ہی مشہور ہیں۔ آپ دمشق میں 796ھ/1393ء کو فوت ہوئے۔ (شذرات الذہب، ج6، ص339۔۔۔ الاعلام، 3، ص295)

90 السخاوی، شمس الدین محمد بن عبدالرحمان، الجواہر الدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر، لبنان، دار ابن حزم بیروت، طبعہ اولی 1999م، ج2، ص675

91 فتح الباری، ج1، ص276 وج11، ص340

92 الجواہر الدرر، ج2، ص675

93 ابو طاہر محمد بن یعقوب بن محمد بن ابراہیم، مجد الدین، شیرازی، شافعی، عربی لغت نویس، 729ھ/1329ء کو گازرون (شیراز) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم شیراز میں حاصل کی اور اعلی تعلیم کے حصول کے لیے واسط اور بغداد تشریف لے گئے۔ دمشق، قصر اور شام کی سیاحت بھی کی۔ 796ھ کو زَبید چلے گئے اور وہیں 817ھ/1415ء کو وفات پائی۔ (البدر الطالع ج 2، ص280۔۔۔ الاعلام ج7، ص146)

94 محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ شوکانی، فقیہ و مجتہد تھے، ان کا شمار یمن کے کبار علماء میں ہوتا ہے، ان کا تعلق صنعاء یمن سے ہے۔ 1173ھ/1760ء کو یمن کے علاقے خولان کے گاؤں شوکان میں پیدا ہوئے۔ صنعاء میں پلے بڑھے۔ بے شمار علمی کتابیں لکھی ہیں۔ 1250ھ/1834ء کو فوت ہوئے۔ (البدر الطالع ج2، ص214۔۔۔ الاعلام ج6، ص298)

95 الشوکانی، محمد بن علی، البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع، طبعہ اولی 1348ھ، ج1، ص89۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حجراپنے استاد کے اس شرح پر مطلع تھے۔ لیکن اس کتاب سے انہوں نے کچھ نقل نہیں کیا،اس لیے کہ یہ عجیب وغریب روایات اور نادر لغوی تحقیقات سے بھری ہوئی تھی۔[96]

سبب تالیف

حافظ ابن حجرؒ نے اپنی کتاب "ھدی الساری"(مقدمہ فتح الباری) کے شروع میں کہاہے کہ صحیح بخاری بڑی اہمیت کی حامل کتاب ہے اوراس کو مسلمانوں کے ہاں قبولیت عامہ حاصل ہے۔[97] شاید وہ سبب یہی ہے جس نے امام ابن حجر کو شرح لکھنے پر مجبور کردیا یہ بھی ممکن ہے کہ حافظؒ نے جب دیکھا کہ صحیح بخاری جیسے اہم کتاب کی ایسی شرح نہیں ہے جیسا ہونی چاہیئے، شاید اس بات نے حافظؒ کواس شرح پر مجبور کردیا۔

معروف مورخ ابن خلدونؒ[98] نے اپنے مقدمہ میں لکھاہے: کہ صحیح بخاری" کی شرح کرنے والوں کے لئے ضروری ہے کہ حدیث کے متعدد طرق کی معرفت رکھتا ہو، اس کے رجال بھی جانتا ہو، تراجم بخاری امام بخاری کا فقہی نکتہ نظر ہےاس پر عمیق نظر رکھتا ہو۔ علامہ ابن خلدون مزید لکھتے ہیں کہ میں نے اپنے بہت سے شیوخ سے کہتے ہوئے سنا" شرح البخاری دین علی الامة"یعنی صحیح بخاری کی شرح امت پر قرض ہے۔[99]اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ اس امت کے کسی عالم نے بھی صحیح بخاری کی شایان شان شرح نہیں لکھی۔ بعض علماء نے علامہ ابن خلدون کے اس کلام کے جواب میں کہاہے" ذالک الدین قضی بشرح المحقق ابن الحجر "یعنی شاید کہ ابن حجر کے اس شرح سے وہ قرض اس امت کے علماء سے ادا ہوگیا۔[100] ممکن ہے کہ یہ وہ سبب ہو جس نے حافظ ابن حجر کوایسی بے مثال شرح لکھنے پر مجبور کیا۔

تالیف کا زمانہ

حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری کی تالیف میں چوتھائی صدی سے بھی زیادہ عرصہ صرف کیا،انہوں نے اس تالیف کا آغاز 817ھ کے اوئل میں کیا اور842ھ کواس کا اختتام کیا۔ بعد میں جواس میں اضافے کیے،وہ اس کے علاوہ ہیں جو

---

96 الجواہر الدرر،ج2،ص675۔

97ہدی الساری،ص16۔

98 ابوزید عبدالرحمان بن محمد بن محمد ابن خلدون 732ھ/1332ء کو تیونس میں پیداہوئے۔آپ فلاسفی، مؤرخ اور عالم دین تھے۔ تحصیل علم کے سلسلے میں فاس، غرناطہ ،تلمسان اوراندلس کے اسفار کیے۔ تصانیف میں"العبر وديوان المبتدإ والخبر في تاريخ العرب والعجم والبربر"،"حياة ابن خلدون"،"حياة ابن خلدون"اور"ابن خلدون، حياته وتراثه الفكري"مشہور ہیں۔آپ قاہرہ میں 808ھ/1406ء کو فوت ہوئے۔(الضوء اللامع ج4،ص145۔۔۔الاعلام ج3،ص329- 330)

99ابن خلدون، مقدمہ ابن خلدون، لبنان، دار الکتب بیروت،1398ھ ص434۔

100 حاجی خلیفہ، مصطفی بن عبداللہ، کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون، کراچی، نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی،(ت ن) ج1،ص447۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان کی وفات کے قریب تک چلتے رہے ہیں[101]۔

تالیف کا اسلوب

علامہ ابن حجر نے اپنی کتاب کی تالیف میں علمی شورائی منہج اختیار کیا ہے، انہوں نے تالیف کا آغاز املا کی طریق سے کیا اور اسی میں تقریباً پانچ سال گزر گئے، پھر طالب علموں کی ایک ماہر جماعت آپ کے ارد گرد جمع ہوگئی، اس عظیم شرح کی تالیف میں آپ کی رفیق کار بن گئی پہلے علامہ خود اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے، پھر اس کی نوٹس تیار کیے جاتے، پھر طلباء کے درمیان اس پر بحث ہوتی، ہر طالب علم اس سے نوٹس حاصل کرتا، ہفتہ میں طلباء ایک دفعہ جمع ہو جاتے اور تمام نوٹس کا تقابل کرتے، اگر کسی کے نوٹس میں کوئی کمی کوتاہی ہوتی تو وہ اس کی درستگی کرلیتا، پھر اس پر مباحثہ ہوتا۔ اس طرح یہ علمی و تحقیقی سفر اپنی تکمیل کو پہنچا اور تحریری شکل میں بھی آگیا اور اس کو قبولیت حاصل ہوگئی۔[102]

آپؒ نے علمی شورائی اسلوب کو ترجیح دی، اگرچہ اس پر خاصا وقت صرف ہوتا ہے، مگر اس میں فوائد بہت تھے، آپؒ نے اس طریقہ کو رائج رکھا یہاں تک کہ اللہ تعالی نے کتاب کی تکمیل آسان فرمادی۔

فتح الباری کا ولیمہ

جب حافظ صاحبؒ اس کتاب کی تصنیف، تقابل اور مباحث سے فارغ ہوئے تو انہوں نے اس مناسبت سے آٹھ شعبان بروز ہفتہ 842ھ کو ایک عظیم الشان دعوت کا اہتمام کیا، وہاں بڑے بڑے علماء، فضلاء، طالب علموں اور مسلمانوں کی جم غفیر کی موجودگی میں فتح الباری کا آخری درس ہوا، بلاشبہ یہ اس دور کا ایک بہت بڑا اجماع تھا، اس مناسبت سے اس اجتماع میں کتاب اور صاحب کتاب کی مدح میں بہت سارے اشعار اور نظمیں پڑھیں گئیں، ہر شخص علامہ کی تعریف میں رطب اللسان تھا، آپ نے اس دعوت پر پانچ صد دینار خرچ کیے[103] اور فتح الباری تین صد دینار میں فروخت ہوئی[104]۔

شرح کی نوعیت اور اس کا منہج

فتح الباری کی نوعیت

---

101 الجواہر الدرر، ج2، ص675۔

102 الجواہر الدرر، ج2، ص675۔

103 مرجع سابق، ص307

104 کشف الظنون، ج1، ص548

toobaa-elibrary.blogspot.com

شرح کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک موضوعی یا قولی شرح ہے،اس میں متن حدیث اور سند حدیث کے بعض مقامات کو منتخب کیا جاتا ہے، پھر ایک لفظ یا عبارت کو ذکر کیا جاتا ہے اور اس کے شروع میں کلمہ قولہ لایا جاتا ہے،اس کے بعد لفظ یا عبارت کی مختلف پہلوں سے تشریح ذکر کی جاتی ہے۔

شرح کا منہج

حدیث الباب کے ساتھ ترجمہ کی مناسبت

حافظ صاحبؒ سب سے پہلے صحیح بخاری کی حدیث اور باب کو ذکر کرتے ہیں، پھر ترجمہ کی حدیث الباب کے ساتھ مناسبت ذکر کرتے ہیں،اگرچہ وہ مناسبت معمولی بھی ہوتا ہے۔

سند اور متن کی فوائد

اس کے بعد حدیث الباب سے جو فوائد متن اور سند کے لحاظ سے حاصل ہوتے ہیں ان کو بیان کرتے ہیں پھر امام بخاری کا جو باب سے مقصود ہوتا ہے اس کو واضح کرتے ہیں، کہیں بظاہر سند میں تدلیس کا شائبہ ہو تو اس راوی کی سماع کی تصریح کرتے ہیں،اگر حدیث الباب کی تخریج مسانید ،جوامع اور مستخرجات کسی مصنف نے کی ہے تو اس کا بھی ذکر وہی ضرور کرتے ہیں۔

موقوف اور تعلیق کو متصل کرنا

جہاں بھی صحیح بخاری میں کہیں کوئی تعلیق یا موقوف حدیث مذکور ہو،علامہ صاحبؒ اس تعلیق یا موقوف حدیث کو موصولا ذکر کرتے ہیں گویا کہ آپؒ صحیح بخاری کی تکمیل کرتے ہیں۔

لغوی، صرفی اور نحوی تحقیق

شرح میں جہاں ضرورت ہو الفاظ کی لغوی، نحوی اور صرفی تحقیق بھی کرتے ہیں لغوی تحقیق میں علماء لغت کے اقوال پیش کرتے ہیں اور عربی اشعار سے استشہاد بھی پیش کرتے ہیں، نحوی اور صرفی تحقیق کرتے ہوئے لفظ کا اعراب بھی بیان کرتے ہیں۔

فقہی احکام کا استنباط

حافظ صاحب حدیث الباب سے فقہی احکام کے استنباط کی کوشش کرتے ہیں،اگر ان احکام میں فقہاء کا اختلاف ہو تو اس کو بھی بیان کرتے ہیں اور وجہ اختلاف ذکر کرتے ہوئے فقہی احکام میں شوافع کو ترجیح دیتے ہیں اور دلائل سے دوسرے فقہی مسالک کا رد بھی کرتے ہیں۔

تعارض ظاہری کی صورت میں تطبیق

toobaa-elibrary.blogspot.com

جب دو حدیثوں کے درمیان ظاہری تعارض موجود ہو تو اس میں تطبیق دینے کی کوشش کرتے ہیں یا پھر وضاحت کرتے ہیں کہ یہ ناسخ ہے یا منسوخ ہے، یا اس کے عام سے بعض افراد کو خاص کر لیا گیا ہے، یا مجمل بیان کر دیا گیا ہے یا ظاہر کی تاویل کر لی گئی ہے۔ **تکرار متن کی حکمت کی وضاحت** اگر دو بابوں میں متن حدیث کا تکرار ہو تو اس کی حکمت بیان کرتے ہیں، تکرار کی حکمت جو ذکر کرتے ہیں اس کا اعادہ نہیں کرتے بجز اس کے کہ لفظوں اور معنی میں تغایر ہو تو بس اس تغایر پر تنبیہ کر دیتے ہیں[105]۔

فتح الباری کی امتیازی خصوصیات

یہ شرح جن خصوصیات کی حامل ہے وہ بہت ہیں ان سب کا حاطہ ممکن نہیں ہے۔ ان کی جو اہم خصوصیات ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

صحیح بخاری کے نسخوں میں رواۃ کے لفظی اختلاف کا بیان

علامہ صاحب مقدمہ میں لکھتے ہیں:

فَرَبْرِی[106] نے ذکر کیا ہے کہ امام بخاری سے صحیح کا سماع نوے ہزار افراد نے کیا ہے اور میرے علاوہ امام بخاری سے روایت کرنے والا کوئی شخص باقی نہیں ہے "ابن حجرؒ لکھتے ہیں فربری نے جو اس بات کا دعوی کیا ہے، کہ بخاری کو روایت کرنے والا میرے علاوہ کوئی اور شخص زندہ نہیں ہے۔ یہ دعوی ان کے علم کے مطابق ہے، وگرنہ ان کی وفات کے بعد بخاری کے ایک اور راوی ابو طلحہ منصور بن محمد بن علی نو سال زندہ رہے ہیں[107]۔

صحیح بخاری کو روایت کرنے والے پانچ شخصیات

حافظ صاحبؒ فتح الباری میں لکھتے ہیں: صحیح بخاری ہم تک مندرجہ ذیل طریقوں سے متصل ہیں:

1. ابو عبداللہ محمد بن یوسف فَرَبْرِی (متوفی 320) انہوں نے صحیح کا سماع دو مرتبہ کیا ہے ایک مرتبہ فربر[108] میں 248ھ میں اور ایک مرتبہ بخاریٰ میں 252ھ میں۔
2. ابراہیم بن معقل بن الحجاج النسفی (294ھ)

---

105 ہدی الساری، ص16

106 ابو عبداللہ محمد بن یوسف بن مطر الفربری بخاری کے شہر فربر میں 231ھ/846ء پیدا ہوئے۔ آپ صحیح البخاری کا دو مرتبہ صحیح سماع سے مشرف ہوئے ہیں۔ کثیر جماعت نے آپ سے آحادیث روایت کی ہیں۔ آپ 320ھ/932ء کو فوت ہوئے۔ (افادۃ النصیح، ص10- 24۔۔۔الاعلام ج7، ص148)

107 ہدی الساری، ص491 ۔

108 فربر بخاری کی ایک بستی کا نام ہے جو سمرقند کے گردونواح میں سے ہے۔ مشہور محدث محمد بن یوسف الفربری کی نسبت اسی شہر سے ہیں۔ (الہمدانی، ابو بکر محمد بن موسیٰ زین الدین، الاماکن اوما اتفق لفظہ وافترق مسماہ من الامکنۃ، دار الیمامہ للبحث والترجمۃ والنشر، 1415ھ، ج1، ص738)

toobaa-elibrary.blogspot.com

3. حماد بن شاکر نسوی (م311ھ)

4. ابو طلحہ منصور بن محمد بن علی بن قرینہ بزدوی (م329ھ)، یہ آخری شخص ہے جنہوں نے امام بخاری سے صحیح کو روایت کیا ہے۔

5. اس کے بعد بغداد[109] میں جو شخص زندہ رہا، جس نے بخاری سے روایت کیا، وہ قاضی حسین بن اسماعیل محاملی[110] (م330) ہے لیکن ان کے پاس الجامع الصحیح نہیں تھی، امام بخاری جس وقت بغداد آئے تو قیام بغداد کے آخری زمانے میں امام بخاری سے سماع کیا ہے، جس نے بھی محاملی کے طریق سے روایت کیا ہے اس نے فحش غلطی کا ارتکاب کیا ہے[111] حافظؒ نے جس شخص کی فحش غلطی کا ذکر کیا ہے اس مراد امام کرمانی[112] ہے۔[113] محاملی ابن حجر اور امام کرمانی کے مابین مختلف فیہ ہیں[114]۔

ابو عبداللہ محمد بن یوسف فَرَبْرِی (متوفی 320) سے روایت کرنے والے اصحاب

اس دور میں روایت کا مدار فربری ہیں[115]۔ علامہ صاحب مقدمہ میں لکھتے ہیں: اس زمانے میں اور اس سے قبل کے زمانے میں صحیح بخاری جس طریق سے ہم تک متصل ہے وہ محمد بن یوسف بن مطر بن صالح بن بشر الفربری کا طریق ہے[116]۔ پھر ایک جم غفیر نے فربری سے صحیح کو روایت کیا ہے۔

حافظ ابن حجر کے رواۃ بخاری پر ایک گہری نظر

---

109 عراق کا دار الحکومت اور سب سے بڑا شہر ہے جو ماضی میں عباسی دور حکومت کا مرکز تھا جسے بعد میں منگولوں نے قبضہ کیا۔ مشہور مقامات میں شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا مزار بھی شامل ہے۔ آج کل امریکہ کے قبضہ میں ہے۔ (الدینوری، ابو محمد عبداللہ بن مسلم، المعارف، الهيئة المصرية العامة للكتاب، قاہرہ، 1992ء، مقدمہ، ص27)

110 ابو عبداللہ الحسین بن اسماعیل بن محمد بن اسماعیل المحاملی، الضبی، البغدادی بغداد میں 235ھ/849ء کو پیدا ہوئے۔ قاضی، محدث اور فقیہ تھے جس نے کوفہ اور فارس میں طویل مدت تک قاضی القضاۃ رہے ہیں۔ تصانیف میں "الاجزاء المحامليات" اور "امالی المحاملی" شامل ہے۔ آپ 330ھ/941ء کو فوت ہوئے۔ (تذکرۃ الحفاظ ج3، ص 42۔۔۔ الاعلام ج2، ص234)

111 فتح الباری، ج1، ص5

112 آپ ابو ہشام حسان بن ابراہیم بن عبداللہ الکرمانی ہیں جس سے بخاری، مسلم اور ابوداود روایت نقل کرتے ہیں۔ آپ کرمان کے قاضی رہ چکے ہیں۔ ابن حجرؒ کے ہاں آپ صدوق یخطئ، حافظ ذہبیؒ کے ہاں ثقہ جبکہ امام نسائیؒ کے ہاں لیس بالقوی کے درجے پر فائز تھے۔ (الذہبی، شمس الدین عثمان بن قائماز، تاریخ الاسلام ووفیات المشاہیر والاعلام، دار الغرب الاسلامی، 2003ء، ج4، ص832، ترجمہ(57)

113 زکریا کاندھلوی، الکنز المتواری فی معاون لامع الدراری، فیصل اباد، موسسہ خلیل الاسلامیہ، 1419ھ، ج1، ص274۔

114 الکنز المتواری، ج1، ص277۔

115 ہدی الساری، ص491۔

116 فتح الباری، ج1، ص5۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس شرح کی ایک امتیازی خصوصیت یہ بھی ہے کہ حافظؒ کی رواۃ بخاری پر ایک گہری نظر تھی تقریباہر باب میں آپ رواۃ کے مابین لفظی اختلاف کو بیان کرتے ہیں،اس سے پتہ چلتاہے کہ فتح الباری کی تصنیف کے وقت بخاری کے تمام نسخےان کے پیش نظر تھے،جب آپ رواۃ کے لفظی اختلاف کوبیان کرتے ہیں توکسی نسخہ میں اگرکوئی خطاء،تصحیف،تحریف یااسقاط ہے تووہ واضح ہوکر سامنے آجاتا ہے،نیز آپ نے صحیح بخاری کے اثبت واتقن راویوں پر اعتماد کیاہے جن کاذکر پہلے ہوچکاہے۔ یہ فتح الباری کی ایک ممتاز خصوصیت ہے۔

طرق حدیث کابیان

علامہ صاحب فتح الباری میں تمام طرق کالحاظ رکھتے ہیں،ایک حدیث کی شرح کرتے ہوئے اس مضمون سے متعلق تمام روایات اور شواہد کوجمع کردیتے ہیں،بعض اوقات معنی اور اعراب کے اعتبار سے کسی ایک احتمال کو بھی ترجیح دے دیتے ہیں۔جب حافظ ابن حجر تمام طرق کوجمع کرتے ہیں تومتن حدیث میں جہاں معمولی سا بھی لفظی اختلاف ہوتاہےاس کو بیان کردیتے ہیں۔آپؒ نے اس بات کی خودوضاحت کی ہے کہ حدیث کی حدیث سے شرح اولی ہے،وہ کہتے ہیں:حدیث کی گفتگو کرنے والے کے لئے لازم ہے کہ اس حدیث کے تمام طرق کوجمع کرے،پھراگروہ طرق صحیح ہوتوالفاظ متون کوجمع کرےاوراس کی شرح اس بنیادپر کرے کہ وہ ایک ہی حدیث ہے حدیث کی حدیث سے تفسیر کرنازیادہ مناسب ہے۔[117] یہ اس شرح کی ایسی خصوصیت ہے جواس کودوسری شروح کو ممتاز کرتی ہےاور قاری کویکجامواد مل جاتاہے۔[118]

تحقیقی کام کاتنقیدی جائزہ

حافظ صاحبؒ سے قبل صحیح بخاری پر جس قدر بھی کام ہوا خواہ وہ شرح کے اعتبار سے ہویااطراف کے لحاظ سے،مستخرجات کے اعتبار سے ہویاجمع بین الصحیحین کے اعتبار سے ہو،خواہ کسی نے رجال بخاری پر کام کیاہویارجال شیخین پر،خواہ اس کام کی نوعیت تراجم بخاری کی ہویااحادیث صحیح بخاری کے متابعات کی،اسی طرح محدثین،فقہاء،اصولیین،مورخین اور علماء لغت میں سے کسی نے صحیح بخاری کے متعلق کوئی تحقیقی کام ہے یا اس کی احادیث کی شرح کی ہے توحافظ صاحبؒ نےان حضرات کے اس کام کومیزان تحقیق میں تولا ہے،اگران کوکہیں سقم نظرآیاہے تواس پر تنبیہ بھی کی ہےاوراس کارد بھی کیاہے۔اس سے حافظؒ کی وسعت علمی،جلالت شان اور دقت نظری کااندازہ ہوتاہے کہ وہ تحقیق کے آسمان میں انتہائی بلند جگہ پر بیٹھے ہیں۔

نادر علمی اور دقیق مباحث

---

117 فتح الباری،ج1،ص475۔

118 کشف الظنون،ج1،ک547۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپؒ صحیح بخاری کی دقیق اور نادر علمی مباحث کو اتنی سلاست اور اسان انداز میں حل کرتے ہیں کہ قاری ان کو دیکھ کر بہت حیران رہ جاتا ہے۔

علم وفصاحت وبلاغت کا استعمال

حافظ صاحبؒ شرح کرتے ہوئے احادیث کا بلیغانہ جانب بھی ظاہر کرتے ہیں اور مختلف مقامات پر ایجاز، اطناب، جناس تام اور جناس اشتقاقی جیسی دیگر علم فصاحت وبلاغت کی اصطلاحات کا استعمال کرتے ہیں۔ استعارات کا استعمال بھی بڑی مہارت سے کرتے ہیں۔

حسن ترتیب

آپ اپنی شرح میں اول سے لیکر آخر تک ایک ہی منہج پر چلے ہیں۔ شرح کی ابتداء سے لیکر انتہاء تک ایک ہی ترتیب کو ملحوظ رکھا ہے، طول مدت اور تغیر احوال نے ان کی حسن ترتیب میں کوئی خلل نہیں ڈالا، اس سے ان کی استقامت اور مستقل مزاجی کا پتہ چلتا ہے، اتنی طویل مدت میں کتاب کو ایک ہی اسلوب پر چلانا بڑا معنی رکھتا ہے، امتداد زمانہ اور تغیر احوال کے سامنے بڑے بڑے مصنفین کے قدم ڈگمگائے اور وہ اپنی کتاب کو ایک ہی اسلوب پر نہ چلا سکے۔

خاتمہ

علامہ صاحبؒ صحیح بخاری کی ہر کتاب کے اختتام پر ایک خاتمہ ذکر کرتے ہیں، اس میں اس کتاب میں مذکورہ احادیث کی تعداد کو ذکر کرتے ہیں، ان میں سے مرفوع کتنی ہیں اور موقوف کتنی ہیں؟ معلق اور مکرر کتنی ہیں؟ اور امام مسلم نے امام بخاری کی ان احادیث کی تخریج میں کتنی موافقت کی ہے، اسی طرح آپ نے فتح الباری کا اختتام بھی ایک خاتمہ پر کیا ہے جس میں انہوں نے صحیح بخاری میں مکرر، موصلا اور تعلیقا جتنی بھی روایات مذکور ہیں ان کی تعداد کا ذکر کیا ہے، متابعت میں کتنی احادیث مذکور ہیں؟ موصلا اور تعلیقا احادیث جو بغیر تکرار کے ہیں ان کی تعداد، کتنی ایسی معلق احادیث ہیں جہاں صحیح بخاری دوسری جگہ موصولا ہیں، اور جو موصولا نہیں ہیں ان کی کتنی تعداد ہیں؟ امام مسلم نے کتنی احادیث کی تخریج میں امام بخاری کی موافقت کی ہے؟ اور صحابہ کرام وتابعین سے مرفوع موقوف احادیث کی تعداد کتنی ہیں؟ یہ ایسی امتیازی خصوصیات ہیں جس کی وجہ سے اس شرح کو قبولیت عامہ حاصل ہوگئی۔ اس زمانے میں فتح الباری تین سو دینار میں فروخت ہوئی تھی۔

حافظ ابن حجرؒ کی تسامحات

دراصل کامل مطلق ذات تو اللہ تعالی کی ہے جو ہر قسم خطاء اور نقص سے پاک ہے۔ انسان کا کام جتنا بھی اہم ہو، اور اس کے اندر جس قدر بھی دقت نظری اور مہارت ہو لیکن وہ نقص سے خالی نہیں ہوتا، اس لئے کہ انسان پیدا ہی نقص پر ہوا ہے وہ ہر حال میں خطا کرتا ہے۔ انسان کے لئے اتنا ہی کافی کہ اس کی خوبیاں اس کی خامیوں پر غالب ہوں ۔ جیسے مشہور ہے کہ انسان کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس کے عیب کم ہوں۔ یہ شرح اپنی بے شمار خوبیوں کے باوجود اپنے دامن میں کچھ خامیاں بھی لیے ہوئے ہیں جیسا کہ حافظؒ نے اپنے سے قبل بڑے بڑے علماء، محدثین اور فقہاء کی غلطیوں کی نشاندہی کی ہے اور ان کی غلطیوں پر رد کیا ہے اسی طرح آپ سے بھی بتقضائے بشریت کچھ غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔ چند تسامحات درجہ ذیل ہیں۔

حوالہ جات کی عدم تکمیل

حافظؒ جب مکرر احادیث کی تشریح کرتے ہیں تو ان کا منہج یہ ہے کہ ہر جگہ میں مقصد بخاری کے متعلق تشریح کرتے ہیں اور حدیث کے باقی حصہ کی تشریح دوسری جگہ میں کرتے ہیں، آپ ایک جگہ حدیث کی تشریح کرتے ہیں اور باقی حدیث کی شرح کا آئندہ یا گذشتہ کسی مقام میں کرنے کا حوالہ دیتے ہیں لیکن کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اس مخصوص جگہ میں وہ حوالہ موجود نہیں ہوتا۔ یہ ان کے منہج میں بہت بڑا نقص ہے۔[119] اس شرح میں جو یہ نقص پایا جاتا ہے اس سے آپؒ ، خود باخبر تھے وہ اس نقص کو دور کرنے کی خواہش بھی رکھتے تھے لیکن زندگی نے وفا نہ کی۔ علامہ سخاویؒ نے نقل کیا ہے کہ خود امام نے اس تشنگی کا اعتراف کیا، وہ اکثر فرماتے تھے میں پسند کرتا ہوں کہ ان حوالوں کو پورا کرو جو میں نے خود ذکر کیے ہیں لیکن ان کو حوالہ کی جگہ پر ذکر نہیں کیا یا یہ کہ میں نے اس کو کسی اور جگہ ذکر کیا ہے، اس لیے میرا فرض ہے کہ میں ایسی جگہوں کی تصحیح کروں۔[120]

تکرار مباحث

حافظ صاحبؒ جب مکرر احادیث کی تشریح کرتے ہیں تو ایک جگہ جو مباحث ذکر کرتے ہیں وہی مباحث پھر دوسری جگہ بھی ذکر کرتے ہیں اور کچھ اضافہ کردیتے ہیں۔ یہ آپؒ کے سلوب کے خلاف جو آپؒ نے خود ذکر کیا ہے کہ وہ تکرار مباحث نہیں کرتے۔ لیکن بہت کم جگہوں میں ایسا ہوا ہے۔[121]

ترجمۃ الباب سے حدیث کی مناسبت قائم کرتے ہوئے جھول

یقینا علامہ صاحبؒ حدیث الباب کی عنوان کے ساتھ مناسبت قائم کرنے میں بڑی مہارت رکھتے ہیں۔ لیکن کہیں کہیں جھول بھی نظر آتا ہے۔ جہاں آپ متقدمین کی آراء کو نہ صرف رد کرتے ہیں بلکہ سخت قسم کی تنقید بھی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر امام بخاری نے کتاب العلم میں عنوان "**باب السمر بالعلم**" قائم کیا ہے جس کے تحت دو احادیث لائے ہیں۔

حدیث کی ترجمۃ الباب سے مناسبت قائم کرتے ہوئے علامہ عینیؒ لکھتے ہیں:

---

119 محمد اسحاق کندو، منہج الحافظ ابن حجر العسقلانی فی العقیدۃ من خلالہ لکتابہ فتح الباری، ریاض، مکتبۃ الرشید، الطبعہ الاولی، 1998م ج1، ص160۔161۔

120 محمد اسحاق کندو، منہج الحافظ ابن حجر العسقلانی فی العقیدۃ من خلالہ لکتابہ فتح الباری، ریاض، مکتبۃ الرشید، الطبعہ الاولی، 1998م ج1، ص160۔161۔

121 منہج الحافظ ابن حجر العسقلانی، ج1، ص162۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

1. ابن منیرؒ[122] کے ہاں حضورؐ کا ارشاد "نام الغُلیِم" (چھوکرا سو گیا) موضع ترجمہ ہے کہ یہی رات کی بات ہو گی، جس کے لیے ترجمہ صحیح و مطابق ہے۔

2. بعض نے کہاہے کہ ابن عباسؓ[123] جو رات میں دین سیکھنے کی غرض سے آپ ﷺ کے اَحوال دیکھتے رہے یہی محل ترجمہ ہے اور یہی سمر ہے۔[124]

3. علامہ کرمانیؒ نے کہا کہ حضور ﷺ نے ابن عباسؓ کو داہنے سے بائیں طرف کیا، گویا کہ آپ ﷺ نے ابن عباسؓ کو فرمایا "قف علی یمینی" (میرے دائیں جانب کھڑے ہو جاؤ) اور گویا کہ حضرت ابن عباسؓ نے کہا "وقفت" یعنی میں کھڑا ہو گیا اس طرح ان کا یہ فعل بمنزلہ قول ہو گیا۔

4. علامہ کرمانیؒ نے مزید کہا کہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ اَقارب ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں تو ان میں موانست کی باتیں ہوتی ہیں۔ آپ ﷺ کی تو سب باتیں دینی و علمی ہوتے تھے، لہذا مستعبد ہے کہ حضور ﷺ نماز عشاء کے بعد دولت کدہ پر تشریف لائیں اور اپنے عزیز ابن عباسؓ کو گھر میں دیکھ کر اجنبی محسوس کریں اور ان سے اجنبی جیسا معاملہ کریں کہ بات بھی ان سے نہ کریں ۔[125]

---

122 محمد بن مظفر بن مختار الجذامی، ابو عبداللہ وجیہ الدین الاسکندرانی المعروف بابن المنیر 578 ہجری کو بغداد میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابوالقاسم بن الحرستانی سے سماع کیا جبکہ آپ سے علامہ دمیاطیؒ نے روایت کی۔ آپ شوال 656 ہجری کو فوت ہوئے۔ (تاریخ الاسلام ووفیات المشاہیر والاعلام، دار الغرب الاسلامی، ج14، ص 846، ترجمہ(327))

123 عبداللہ بن عباسؓ بن عبدالمطلب، قرشی، ہاشمی، 3 ق ھ/419ء کو پیدا ہوئے، رسول اللہ ﷺ کے چچازاد بھائی اور جلیل القدر صحابی ہیں۔ حبر الامۃ (امت کے عالم) اور ترجمان القرآن جیسے القاب سے نوازے گئے، طائف میں سکونت پذیر تھے اور وہیں 68ھ/ 687ء کو فوت ہوئے۔(ابن عبدالبر، ابو عمر یوسف بن عبداللہ بن محمد، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، دار الجیل ،بیروت، 1992ء، ج3، ص 933، ترجمہ(1588)۔۔۔ العسقلانی، ابوالفضل محمد بن احمد بن حجر، الإصابۃ فی تمییز الصحابۃ دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1995ء، ج4، ص121، ترجمہ(4799))

124 العینی ابو محمد محمود بن احمد، عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، مصر، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ، ج2، ص177۔

125 محمد بن یوسف الکرمانی، صحیح ابی عبداللہ البخاری بشرح الکرمانی، لبنان، دار احیاء التراث بیروت، طبعہ ثانیہ، ج2، ص134۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

عمدۃ القاری کا تعارفی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صاحب عمدۃ القاری کا تعارف

علامہ حافظ بدرالدین محمود بن احمد بن موسیٰ العینی القاہری رحمتہ اللہ علیہ 762ھ میں "عینتاب" نامی جگہ میں پیدا ہوئے جو حلب سے تین مراحل پر واقع ہے۔ یہیں پلے بڑھے اور شیوخ سے استفادہ کیا۔ 788ء کے بعد علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ اپنے شیخ علامہ علاؤ الدین علی بن احمد بن محمد السیرامی[1] سے استفادہ کی غرض سے قاہرہ تشریف لے گئے۔ قاہرہ میں انہوں نے مختلف مشائخ سے استفادہ کیا۔ البتہ حدیث میں خصوصیا استفادہ حافظ عراقی رحمتہ اللہ علیہ ہی سے کیا۔ علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ حدیث، فقہ، تاریخ اور علومِ عربیت میں "امام" تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو طلب کا جو ذوق وشوق عطا فرمایا تھا اس کے ذریعے انہوں نے خوب کام لیا۔ چنانچہ کسی بحث پر تمام پہلوؤں سے سیر حاصل بحث کرنے اور جامع انداز سے اس کو ضبط کرنے کا جو ملکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا تھا وہ ان کی کتابوں سے بالکل ظاہر ہے۔ علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ بھی حافظ کی طرح نہایت کثیر التالیف ہیں۔ ان تمام تالیفات میں "عمدۃ القاری" کو سب سے بڑا مقام حاصل ہے۔ آپ نے جامعہ ازھر کے پاس ایک مدرسہ بنوایا اور اپنے کُتب خانہ کو اس میں وقف کر دیا۔ آپ زیادہ تر حلب میں رہے مصر، دمشق اور بیتِ المقدس میں بھی رہے۔ کئی مرتبہ آپ کو قضاۃ کا عہدہ سُپرد بھی ہوا[2]۔

مصنف کی تصانیف

1. عمدۃ القاری فی شرح البخاری 11 جلدیں
2. مغانی الاخیار فی رجال معانی الاثار،
3. العلم الھیب فی شرح الکلم الطیب،
4. عقد الجمان فی تاریخ اھل الزمان،
5. تاریخ البدر فِی اوصاف اھل البدر،
6. مبانی الاخبار فِی شرح معانی الاثار،
7. نخب الافکار فِی تنقیح مبانی الاخبار آٹھ جلد،
8. البنایۃ فِی شرح الھدایۃ (6 جلد فقہِ حنفی)،
9. رمز الحقائق شرح الکنز (فقہ)،

---

1 آپ شیخ امام علاء الدین احمد بن محمد السیرامی حنفی ہیں۔ مشہور حنفی عالم علامہ بدرالدین عینی کے شیخ ہیں جو فقہ، اصول اور بیان میں اپنی مثال آپ ہیں۔ جس نے بمار دین اور حلب میں فریضۂ تدریس سرانجام دیا تھا۔ آپ 795 ہجری کو فوت ہوئے۔ (حاجی خلیفہ، مصطفی بن عبداللہ القسطنطینی، سلم الموصول الی طبقات الفحول، مکتبہ ارسیکا، استنبول، ترکی، 2010ء، ج1، ص242، ترجمہ (672))

2 الضوء اللامع، ج10، ص131۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

10. الدرد الزاهرة فی شرح البحار الزخرة (فقہ)، المسائل البدریہ (فقہ) السیف المھند فی سرۃ الملک المؤید ابی النصر، منحۃ السلوک فی شرح تحفۃ الملوک، المقاصد النحویۃ، فرائد القلائید، طبقات الشعراء، سیرۃ الملک الاشرف، الروض الزھر فی سیرۃ الملک الظاھر، الجوھرۃ السنیتہ فی تاریخ الدولۃ المؤیدیۃ، المقدمۃ السوادنیۃ فی الاحکام الدینیۃ، سنن شرح ابی داؤد، تاریخ الاکاسرۃ۔

وفات

علامہ عینی کی وفات ماہِ ذی الحجۃ 855ھ/1451 کو قاہرہ میں ہوئی[3]۔

عمدۃ القاری کا تعارفی جائزہ

علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ کی یہ شرح 25 جلدوں پر مشتمل ہے اور یہ حقیقت ہے کہ ہمہ جہتی تحقیق و تدقیق اور شرح و توضیح کے اعتبار سے یہ صحیح بخاری کی سب سے بڑے اور جامع ترین شرح ہے۔ اس عظیم الشان شرح کی تمام خصوصیات کا احاطہ تو بہت مشکل ہے تاہم یہاں اہم خصوصیات درج کی جاتی ہیں۔

1. سب سے پہلے "ترجمۃ الباب" کی لفظی تحلیل کرتے ہیں مثلاً یہ کہ "باب" کا لفظ منون اور بغیر اضافت کے ساتھ بغیر تعین کے ہے۔ پھر ترجمۃ الباب کی اعرابی کیفیت کا ذکر کرتے ہیں۔
2. ہر ترجمۃ الباب پر یہ التزام کرتے ہیں کہ اس کی ما قبل باب کے ساتھ کیا مناسبت ہے۔ پھر اس مناسبت کو وضاحت کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔ اس ضمن میں بعض اوقات کئی کئی مناسبتیں بھی ذکر کرتے ہیں اور پھر ان میں سے راجح وجہ مناسبت کی تعیین کرتے ہیں۔
3. صحیح بُخاری کی پوری حدیث سند و متن کے ساتھ ذکر کرکے اس کی تشریح و توضیح نہایت ہی مرتب انداز سے کرتے ہیں۔
4. اس سلسلے میں سب سے پہلے "بیان رجالہ" کا عنوان قائم کر کے سند میں واقع تمام رواۃ حدیث کے نام و نسب، کنیت، شیوخ و تلامذہ اور ان کی حیثیت کو نہایت جامع انداز سے ذکر کرتے ہیں۔ رواۃ پر کلام نقل کرتے ہوئے علامہ عینی بعض اوقات ایسے اقوال بھی نقل کرتے ہیں جو "تہذیب الکمال" جیسی وسیع و عریض کتاب میں بھی نہیں ملتے۔
5. پھر رجالِ سند کی تحقیق کے ضمن میں ان کی نسبتوں پر سیر حاصل کلام کرتے ہیں۔ چنانچہ ان نسبتوں کو صحیح طور پر ضبط کرتے ہیں۔ قبائل کا تعارف کراتے ہیں۔ بسا اوقات وجوہ تسمیہ ذکر کرتے ہیں۔ اس طرح کی بے شمار نادر قسم کی معلومات جمع کر دیتے ہیں۔

---

3 الضوء اللامع، ج10، ص131۔135۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

6. پھر سند کے اندر کیا لطائف جمع ہیں۔ ان کی وضاحت کرتے ہیں کہ سند میں تحدیث ہے یا عنعنہ ہے۔ اس سند کے تمام راوی مثلاً بصری ہیں یا کوفی ہیں، اس سند میں "رواية الإباء عن البناء" کی صفت ہے، یا "روية الكابر عن الاصاغر" کی خصوصیت پائی جاتی ہے۔ یا اس سند کے رواۃ جلیل القدر ائمہ ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس قسم کی بے شمار خصوصیات ذکر کرتے ہیں۔

7. سند کی ہمہ جہتی تحقیق وتنقید کے بعد حدیث کی مکمل تخریج کرتے ہیں اس سلسلے میں اس بات کا التزام کرتے ہیں کہ امام بُخاری نے اس کے اطراف اپنی صحیح میں مزید کہاں کہاں نقل کئے ہیں نیز یہ کہ دیگر محدثین میں سے کس کس نے اپنی کُتب کے اندر اس کو نقل کیا ہے۔

اس ضمن میں بسا اوقات الفاظ کے فروق کا ذکر کرتے ہیں اور پھر ان کے فوائد بھی درج کرتے ہیں جو در حقیقت ان کی زبردست نکتہ رسی اور دقیقہ سنجی کی دلیل ہے۔

8. متن کی تحقیق کے سلسے میں سب سے پہلے "بیان اللغات" کا عنوان قائم کر کے حدیث کے ایک ایک مشکل اور غریب لفظ کی تحقیق وتدقیق اس طرح کرتے ہیں کہ ایک ایک لفظ کی تحقیق کے لیے ائمہ لغت کے بہتیرے اقوال اور ان کی کتابوں سے واضح نقول پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں جابجا دیگر مصنفین و محققین کی لغشوں اور کوتاہیوں کی مدلل نشاندہی بھی کرتے جاتے ہیں۔

9. اس کے بعد حدیث کی اعرابی. کیفیت سے اس طرح بحث کرتے ہیں کہ جملہ کی ترکیب و تحلیل کرتے ہوئے اس کی مختلف روایات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ پھر ان روایات کی بنیاد پر ترکیب ذکر کرتے ہیں۔ اس ضمن میں مختلف شارحین کے اقوال ذکر کرتے اور ان میں اگر اختلاف ہو تو بہترین محاکمہ فرماتے ہیں۔

10. اس کے بعد "بیان المعانی" کا عنوان قائم فرما کر حدیث کی تشریح وتوضیح کرتے ہیں۔ اس ضمن میں اس حدیث کے طرق کا استقصاء کرتے ہیں۔ مختلف طرق میں مذکور الفاظ اور جملوں کی روشنی میں حدیث کے مفہوم کو واضح کرتے ہیں۔ عام طور پر اس عنوان کے تحت فقہاء کے اختلافات اور ان کے دلائل کو بھی ذکر فرماتے ہیں۔

11. بعض اوقات اسی عنوان کے تحت یا "بیان البیان" کا مستقل عنوان قائم فرما کر حدیث کے اندر بلاغت یعنی معانی وبیان و بدیع کے نکات کا اظہار فرماتے ہیں۔

12. سند حدیث کی تحقیق کے ضمن میں بعض اوقات اصولِ حدیث کے مباحث کو نہایت نفاست اور وضاحت کے ساتھ تحریر فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

13. آخر میں علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ "بیان استنباط الاحکام" یا" بیان الفوائد" یا "الفوائد" کے عنوان سے حدیث شریف سے مستنبط احکام و فوائد کو نہایت دقیقہ رسی کے ساتھ ذکر فرماتے ہیں۔

14. شرح حدیث کے ضمن میں جہاں کہیں کسی ادنی مناسبت سے غیر متعلق مباحث مثلاً کلامی، تفسیر، نجومی، اصولی، منطقی یا ریاضی وغیرہ کے مباحث آجاتے ہیں تو ان کا اس طرح استیعاب کرتے ہیں کہ تشنگی باقی نہیں رہتی۔

15. صحیح بُخاری کی معلقات پر سیر حاصل کلام کرتے ہیں۔ کہ معلق احادیث کو آیا امام بخاری نے موصولاً نقل کیا ہے یا نہیں۔ اگر کیا ہو تو کن مقامات میں ؟ اور اگر نہیں کیا تو محدثین نے کہاں تخریج کی ہے۔ تمام باتیں تفصیلاً ذکر کرتے ہیں۔

16. جہاں کہیں امام بخاری متابعات ذکر کرتے ہیں ان پر وضاحت کے ساتھ کلام فرماتے ہیں۔

17. بعض اوقات "الاسئلة والاجوبة" کا عنوان قائم فرما کر مبحوث عنہ حدیث کے اندر اٹھنے والے اعتراضات کا شافی جواب دیتے ہیں۔

18. شرح حدیث کے ضمن میں بعض اوقات حدیث کے اندر جو مبہم اسماء آجاتے ہیں ان کی تعیین و توضیح کرتے ہیں۔

19. حدیث میں مختلف اماکن وبلاد کے اسماء اگر وارد ہوں تو ان کی لفظی تحقیق کے ساتھ ساتھ جغرافیائی محلِ وقوع اور حد بندی بھی کرتے ہیں۔ عام طور پر اس کے لیے "بیان اسماء الاماکن" کا عنوان قائم فرماتے ہیں۔

20. ایک "کتاب" کے اختتام کے بعد دوسری "کتاب" کی ابتداء کے موقع پر دونوں "کتابوں" کے درمیان ربط ومناسبت اور ان کی ترتیب کے مصالح کو ذکر فرماتے ہیں۔

جب حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شرح لکھنی شروع کی تو آپ کے ایک شاگرد کے واسطے سے حافظ کی شرح کے کراسات مستعار لے کر مطالعہ کرنے لگے۔ اس کے بعد علامہ عینی کے دل میں شرح لکھنے کا داعیہ پیدا ہوا۔ اس طرح انہوں نے فتح الباری کے مکمل ہونے کے کوئی پانچ سال بعد سن 821ھ میں عمدۃ القاری کی تالیف شروع کی اور سن 847ھ میں یہ شرح اختتام پذیر ہوئی۔ علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے فتح الباری کے علاوہ صحیح بخاری کی دیگر مطول شروح بھی تھیں اس لیے انہوں نے ان کتابوں سے بھرپور استفادہ کیا۔ بعض مقامات میں دونوں شرحوں کی عبارتیں یکساں ہو جاتی ہیں۔ جس سے بعض ناواقف یہ سمجھ لیتے ہیں کہ علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ سے عبارتیں نقل کی ہیں۔ جب کہ ایسا مراجع کے توافق کی وجہ سے ہوتا ہے۔

علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے متقدمین کی شروح سے فوائد و نکات کا خوب استقصاء کیا جتنا حافظ نے نہیں کیا۔ بعض حضرات نے حافظ سے جب پوچھا کہ کیا بات ہے۔ آپ کی کتابوں میں وہ نکات اور نادر فوائد نہیں ہیں جو عینی کی شرح میں ہیں۔ تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ تمام فوائد و نکات انہوں نے شیخ رکن الدین کی شرح سے لیے ہیں۔ چونکہ یہ شرح نامکمل تھی اس لیے میں نے اس کی طرف توجہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہیں کی کیونکہ اسی نہج پر شرح کی تکمیل مشکل ہو جاتی، حقیقت بھی یہی ہے کہ عمدہ القاری میں ایسے فوائد و نکات ایک مخصوص جگہ تک ہیں اس کے بعد ان کی شرح میں بھی اختصار ہے۔

علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ اپنی شرح میں جابجا دوسرے مصنفین وشارحین کے ساتھ ساتھ خاص طور پر حافظ ابن حجر کی تحقیقات کا خوب تعقب کرتے ہیں اور عام طور "قال بعضهم" کے عنوان سے حافظ کی تحقیق ذکر کر کے اس پر رد کرتے ہیں۔ عمدۃ القاری کی تکمیل کے بعد حافظ رحمتہ اللہ علیہ تقریباً پانچ سال حیات رہے۔ اس عرصے میں انہوں نے "انتقاض الاعترض" کے نام سے ایک رسالہ لکھنا شروع کیا جس میں انہوں نے بعض اعتراضات کے جواب لکھے اور بعض کے لیے بیاض چھوڑ دی۔ اسی حال میں حافظ ابن حجر رحمتہ اللہ علیہ کا انتقال ہو گیا اور یہ رسالہ نامکمل رہا۔ علامہ عینی رحمتہ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر رحمتہ اللہ علیہ کے آپس کے مناقشات پر ایک کتاب بنام "متكرات اللالي والدرر" لکھی گئی ہے۔ لیکن یہ کتاب نہایت سطحی ہے۔ ضرورت ہے کہ حافظ اور علامہ عینی کے ان مناقشات پر علمی طور پر محکم انداز سے بحث کی جائے اور پھر محاکمہ کیا جائے۔ حاصل یہ ہے کہ حافظ ابن حجر اور علامہ عینی کی یہ دونوں شرحیں امت مسلمہ کے قابل فخر کارناموں میں سے ہیں۔ ابن خلدون رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے مشائخ سے نقل کیا ہے کہ صحیح بخاری کی شرح کا دین امت کے ذمے ہے۔ حافظ سخاوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ دین فتح الباری کے وجود میں آنے کے بعد ادا ہو چکا۔ جبکہ صاحب کشف الظنون کا کہنا ہے کہ یہ دین فتح الباری اور عمدۃ القاری دونوں شرحوں سے ہی ادا ہوا ہے۔ فتح الباری کو بعض حدیثی مباحث میں فوقیت حاصل ہے۔ جب کہ مجموعی طور پر تمام مباحث میں توسیع، حسن ترتیب اور استقصاء مباحث کے اعتبار سے عمدۃ القاری فتح الباری سے فائق ہے[4]۔

4 کشف الظنون، ج 1، ص 541۔ وسہ ماہی رسالہ وفاق پاکستان شمارہ محرم الحرام 1422ھ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری کا تعارفی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصنف ارشاد الساری کا تعارف

نام و نسب

آپ کا نام احمد بن محمد ہے اور امام قسطلانی کے نام سے مشہور ہیں، کنیت ابو العباس، لقب شہاب الدین ہے۔ خاندانی نسبت سے قتیبی، جائے پیدائش کے لحاظ سے مصری اور بعد میں قاہرہ میں سکونت کی وجہ سے قاہری کہلاتے ہیں۔ علامہ قسطلانی اپنے دور کے بہت بڑے امام، فن قرات کے ماہر، چودہ روایتوں کے مشاق جید قاری، علم و فن میں حجت باخبر اور روشن دماغ فقیہ اور سند المحدثین، صاحب تصانیف کثیرہ اور بڑے باکمال آدمی تھے[5]۔

ولادت اور ابتدائی تعلیم

امام قسطلانی بارہ (12) ذی القعدہ 851ھ کو مصر میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش پائی، مصر ہی میں قرآن مجید حفظ کیا اور تجوید و قرات اور صرف و نحو کی تعلیم حاصل کی، تجوید میں آپ نے شاطبیہ اور جزریہ پڑھیں اور نحو میں الوردیہ یاد کی[6]۔

مشائخ اور اساتذہ

آپ نے اپنے وقت کے بے بدل شیخ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ سے کسبِ فیض کے علاوہ اور بھی متعدد جلیل القدر اساتذہ کرام اور مشائخ عظام سے استفادہ کیا جن میں سے بعض کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. امام عمر بن قاسم انصاری نشار رحمہ اللہ تعالیٰ
2. علامہ عبد الغنی ھیثمی رحمہ اللہ تعالیٰ
3. علامہ شہاب بن اسد رحمہ اللہ تعالیٰ
4. علامہ خالد الازہری نحوی رحمہ اللہ تعالیٰ
5. علامہ فخر مقسمی رحمہ اللہ تعالیٰ
6. حضرت امام سخاوی رحمہ اللہ تعالیٰ
7. حضرت شیخ برہان عجلونی رحمہ اللہ تعالیٰ
8. حضرت شیخ الاسلام حضرت زکریا انصاری رحمہ اللہ تعالیٰ

---

5 البدر الطالع ج 1، ص 102۔۔۔الاعلام ج 1، ص 232۔

6 مرجع سابق۔۔۔عبد القادر بن شیخ بن عبد اللہ العیدروس، النور السافر عن اخبار القرن العاشر، بیروت، لبنان، دار الکتب العلمیۃ، 1405ء، ص 106۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

9. صحیح البخاری آپ نے حضرت شیخ علوی شاوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس پڑھی جو پانچ مجالس میں مکمل ہوئی، نیز آپ نے مکہ معظمہ میں بھی متعدد علماء سے تحصیل علم کی، علماء مکہ مکرمہ میں سے حضرت شیخ النجم ابن فہد رحمہ اللہ تعالیٰ اور جلیل القدر محدثہ اور شیخۃ الحدیث، زینب بنت امام شوبکی رحمہ اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی سرِ فہرست ہیں[7]۔

شخصی صفات

امام قسطلانی رحمہ اللہ تعالیٰ زاہد، قانع، پاکباز و پارسا اور کثیر الاسقام شخص تھے۔ یہ تکالیف آدمی کے دین میں اس کے تصلب اور خفت کی مقدار سے کم و بیش ہوتی ہیں۔ بہر کیف اگر آپ سے تقریر یا تحریر میں کوئی سہو یا غلطی ہوئی اور کسی نے اُس کو رد کیا تو دلائل سامنے آجانے اور حق واضح ہو جانے پر آپ فوراً حق کی طرف رجوع کر لیتے تھے۔ قرآن مجید اور حدیث پاک بہت عمدہ لہجے میں پڑھتے تھے، آواز میں سوز تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کو جامع کمالات شخصیت بنایا تھا آپ نرم خو، ملنسار، محبت کرنے والے اور تواضع سے پیش آنے والے آدمی تھے۔ آپ نے حج فرض کے علاوہ متعدد نفلی حج بھی ادا کیے اور تین مرتبہ آپ نے حرمین شریفین میں مجاورت کی سعادت بھی حاصل کی ایک مرتبہ جب آپ کم سن تھے اور آپ کی عمر 9 برس تھی یعنی 860ھ اور دوسری مرتبہ 884ھ میں اور تیسری مرتبہ 894ھ میں آپ مجاور اور معتکف ہوئے۔ بالجملہ آپ جلیل القدر امام، ثقہ عالم اور حافظ القرآن اور حافظ الحدیث تھے حسن تحریر دونوں پر قادر تھے بہترین "لکھارو" اور اچھے "بلارو" تھے۔ تقریر نہایت فصیح و بلیغ اور لطیف اشارات پر مشتمل ہوتی تھی اسی طرح آپ کی تصنیف و تالیف کا انداز اور اسلوب بھی بہت عمدہ ہے۔ مضمون کی تعتیب اور ترصیف ایسے لطیف پیرائے میں کرتے ہیں کہ عبارت میں کوئی ابہام اور الجھاؤ نہیں ہوتا۔ اپنے ہم عصروں کے لیے باعث زینت اور ان میں ایک صاف ستھرے اور کھرے آدمی کی حیثیت سے پہچانے جاتے تھے۔ آپ کی کوئی ایک بھی عیب گیری کرنے والا نہیں تھا آپ کے معاصرین نے آپ کو قبول اور تسلیم کیا اور اکابر کا ہر عصر میں ہمیشہ سے یہ طریقہ بھی رہا ہے[8]۔

وفات

امام قسطلانی کی وفات آٹھ محرم الحرام 923ھ کو ہوئی۔ آپ پر فالج کا حملہ ہوا تھا۔ واقعہ یہ ہوا کہ آپ کو خبر ملی کہ سلطان غوری کے کسی مصاحب نے شیخ[9] کا سر قلم کرا دیا ہے آپ کو جب یہ خبر پہنچی تو آپ اس وقت سواری پر تھے اس خبر کا صدمہ برداشت نہ کر سکے متاثر ہو کر گرے اور آپ پر بے ہوشی طاری ہو گئی لوگ آپ کو اٹھا کر گھر لائے اور اس کے کچھ دنوں بعد آپ کا انتقال ہو گیا۔ جمعہ کی نماز کے بعد جامعہ ازھر میں آپ کی نماز جنازہ پڑھی گئی اور جامعہ ازھر کے قریب قاضی القضاۃ علامہ بدر الدین عینی رحمہ اللہ تعالیٰ

---

7 مرجع سابق۔

8 نجم الدین احمد الغزی، الکواکب السائرہ باعیان المئۃ العاشرۃ، بیروت، دار لکتب العلمیۃ، 1997ء، ج1 ص127۔

9 مصنف کا یہاں پر شیخ سے مراد شیخ ابراہیم بن عطار د مکی رحمہ اللہ عنہ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے مدرسہ میں آپ کو دفن کیا گیا۔آپ کی متواضع طبیعت اور حسن معاشرت کی وجہ سے لوگ آپ کی وفات سے بہت متاثر ہوئے ۔[10]

مصنفات

النورالسافر میں آپ کے بارے میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلم اور زبان دونوں میں بڑی سعادت اور برکت رکھی تھی آپ نے بہت ساری کتابیں لکھیں جن کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ آپ کی زندگی میں آپ کی تصانیف اونٹوں پر لد کر بیرون ملک جاتے تھے اوران تصانیف میں آپ کے اخلاص عمل اور حسنِ نیت کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ آپ کی مقبول عام وخاص تصنیف المواہب اللدنیہ کو لوگوں کے نزدیک وہ مقبولیت اور پذیرائی نصیب ہوئی کہ لوگ انتہائی مہنگے دام دے کر بھی اس کتاب کو خوش دلی کے ساتھ خرید لیتے تھے آپ نے مواہب اللدنیہ کے علاوہ بھی متعدد کتابیں تصنیف فرمائی ہیں جو حسبِ ذیل ہیں:

1. ارشادالساری شرح صحیح البخاری (یہ شرح دس جلدوں میں ہے)
2. الاسعاد فی تلخیص الارشاد
3. امتاع الاسماع والابصار
4. الانوارالمضیۃ فی شرح البردۃ
5. تحفۃ السامع والقاری بختم صحیح البخاری
6. رسالۃ فی الربع المجیب
7. الروض الزاہر فی مناقب الشیخ عبدالقادر رحمہ اللہ تعالیٰ
8. زہر الریاض
9. العقودالسنیۃ فی شرح المقدمۃ الجزریہ (یہ علم قرات میں ہے) [11]

کتاب مواہب اللدنیہ کا تعارف

"مواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ" حضور نبی اکرم ﷺ کی سیرت مطہرہ پر ایک جامع کتاب ہے اس کی ایک خوبی یہ ہے کہ اس میں حضور خاتم الانبیاء علیہ السلام کے ابتداء ولادت پاک سے انتہاءِ وصال شریف تک تسلسل زمانی کے ساتھ سیرت طیبہ کے احوال وواقعات کو بیان کیے گئے ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی صفات حمیدہ، خصائل کریمہ، جمال خلق اور حُسن خلق، آپ کے خدام و

---

10 النورالسافر، ص106۔

11 مولانا محمد صدیق ہزاروی، مترجم مواہب اللدنیہ، لاہور، فرید بک سٹال اردو بازار لاہور ص22۔23۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

موالی، ازواجِ مطہرات، سواری کے جانوروں، اسلحہ کے اقسام و اسماء، لباس مبارک، آپ کے معجزات، غزوات و سرایا، وفود اور بعوث کا بیان ہے۔ مصنف نے اپنی کتاب کو دس مقاصد پر تقسیم کیا اور ہر مقصد کے تحت کئی کئی عنوان آتے ہیں۔ کتاب کی فہرست پر نظر ڈالنے سے ہی آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ یہ کتاب سیرت مصطفی ﷺ کے موضوع پر کتنی جامع کتاب ہے[12]۔

ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری کا تعارفی جائزہ

یہ کتاب امام قسطلانیؒ کی تالیف ہے۔ شیخ اپنے وقت کے بہت اچھے عالم اور واعظ تھے۔ مدتِ دراز کے بعد تصنیف و تالیف کی طرف توجہ دی۔ چنانچہ بہت سی تصانیف اپنی یادگار چھوڑیں۔ المواہب اللدینہ ان کی سیرت کی ایک کتاب ہے جو بڑی شاندار ہے۔ ایک کتاب "تحفۃ السامع والقاری بختم صحیح البخاری" ہے۔ اس کا ذکر علامہ سخاوی نے الضوء اللامع میں کیا ہے۔ اس کے موضوع بحث کا علم نہیں ہو سکا۔ غالباً صحیح بخاری کے ختم کا طریقہ بتایا گیا ہے۔

اس کے علاوہ کئی اور کتابیں تصنیف کیں جن کا ذکر بستان المحدثین میں کیا گیا ہے۔ ان سب میں بڑی شرح ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری ہے جو دس جلدوں میں ہیں جس میں فتح الباری اور کرمانی کا اختصار کیا ہے۔ اس کتاب کی پہلی طباعت المطبعۃ الامیریۃ بولاق نے سن ۱۳۰۵ھ میں دس جلدوں میں کی۔ بخاری شریف کا منہج بھی ذکر کیا ہے کہ اس میں کیسا اسلوب کیا گیا ہے۔ یہ شرح بڑی بڑی شروح کی تلخیص ہے۔ بالخصوص فتح الباری تو اس کا اصل ماخذ ہے۔ اس کا ایک مقدمہ لکھا گیا ہے جس میں کئی فصلیں ہیں۔ جس میں فضیلتِ علمِ حدیث یعنی جن لوگوں نے فن حدیث کو پہلے جمع کیا اور جو ان کے بعد آئے۔ اس کے علاوہ اصول حدیث، صحیح بخاری کی شروط اور ترجیح، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی سوانح عمری، شروح بخاری وغیرہ شامل ہیں۔ اس کی پہلی فصل میں اہل حدیث کی فضیلت اور شرافت کو ذکر کیا گیا ہے اس کے بعد دوسری فصل میں حدیث کو مدون کرنے والے علماء کو ترتیب کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ اور تیسری فصل میں فوائد مصطلح الحدیث اور اس کی انواع اور تحمل حدیث کے طریقے اور اس ادائیگی وغیرہ ذکر کیے گئے ہیں۔ اس طرح مصنف نے اس کے مقدمے میں حدیث کے اعتبار سے گراں قدر معلومات اکٹھے کیے ہیں نیز امام بخاریؒ کے حالات ان کی شرائط اور بخاری شریف کی باقی کتب مثلاً مسلم وغیرہ پر ترجیح کے اسباب کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور اس پر تنقید کرنے والوں کے جوابات ذکر کیے گیے ہیں مقدمہ مع ایک مختصر شرح کے علیٰحدہ بھی طبع ہو گیا ہے اس کے ساتھ متن بھی ہے۔ شرح اور متن کا اس طرح امتزاج کیا گیا ہے کہ حدیث کے الفاظ اور شرح کو علیٰحدہ نہیں کیا گیا اور عام قاری کے لیے اس کو سمجھنا مشکل ہے۔ مشکلات کو حل،

---

12 مرجع سابق۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مہملات کو صاف اور مبہمات کو واضح کیا گیا ہے۔ جو الفاظ مشکلہ مکرر آئے ہیں ان کی شرح بھی مکرر کی ہے، صحیح بخاری کے درس دینے والوں کے لیے یہ شرح بڑی مفید ہے[13]۔

13 کشف الظنون، ج1، ص552۔ وعبدالکریم بن عبداللہ بن عبدالرحمان الحضیر، محاضرہ ثانی، مقارنۃ بین الشروح کتب السنۃ الستۃ، ص27۔31۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل چہارم

فیض الباری کا تعارفی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصنف کے احوال وآثار

نام ونسب اور جائے ولادت

شیخ محمد انور شاہ کشمیری رحمتہ اللہ علیہ بن محمد معظم شاہ ؒ خاندانی سید تھے۔حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی ولادت 27شوال المکرم 1292ھ بوقت صبح بروز شنبہ موضع دودھوان لولاب علاقہ کشمیر میں ہوئی[14]۔

ابتدائی تعلیم اور پھر دارُالعلوم دیو بند میں داخلہ

شاہ صاحبؒ نے اپنے والد محترم سے چھ سال کی عمر میں ناظرۂِ قرآن مجید ختم کرنے کے علاوہ فارسی کی ابتدائی کتب پڑھ لینے کے بعد جب آپؒ کی عمر چودہ(14)سال ہوئی تو آپ تین سال ہزارہ(سرحد)کے متعدد علماء کی بارگاہ علم میں حاضر ہوئے اور علوم عربیہ کی تکمیل فرماتے رہے۔جب دارُالعلوم دیوبند کی علمی عظمتوں کا تذکرہ سنا تو دیوبند چلے گئے۔اس وقت آپ کی عمر سترہ سال تھی۔ 1308ھ میں دارالعلوم دیوبند میں داخل ہوئے۔یہاں چار سال رہ کر تعلیم کی تکمیل کی اور20سال کی عمر میں دورۂِ حدیث مکمل کیا[15]۔

شیوخ

دارُالعلوم دیوبند میں جن اکابر اساتذہ سے آپ کو شرفِ تلمذ حاصل رہا ہے اُن میں سے چند کا تذکرہ کرتے ہیں۔

1. شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ
2. حضرت مولانا غلام رسول صاحب ہزارویؒ
3. حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ
4. حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ[16]

معروف تلامذہ

ذیل میں حضرت امام کشمیریؒ کے تلامذہ کی ایک مختصر اور نا تمام فہرست پیش کرتے ہیں ۔

1. شیخ الاسلام حضرت مولانا فخرُالدین احمد شیخ الحدیث، مرکزعلوم اسلامیہ دارُالعلوم دیوبند
2. حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب متہم دارُالعلوم دیوبند
3. حضرت شیخ الادب مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃاللہ علیہ

14الازہری،تاج الدین،مجلۃالبیان، مطبع نامعلوم، فروری1988ء،ج10،ص30-- قاری فیوض الرحمان، مشاہیر علمائے دیوبند، مطبع وسن اشاعت نامعلوم،ص81

15مولانا انظر شاہ بن انور شاہ، نقش دوام،انڈیا، شاہ بک ڈپو دیوبند،1398ھ،ص27۔

16مولانا عبدالقیم حقانی، جمال انور، سوانح علامہ انور شاہ کشمیری، نوشہرہ، القاسم اکیڈمی جامعہ ابوھریرہ نوشہرہ،2006ء،ص23۔47۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

4. مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ سابق ناظم عموی جمعیۃ علمائے ہند دہلی
5. حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی ناظم اعلیٰ ندوۃ المصنفین دہلی
6. شیخ الحدیث حضرت مولانا حبیبُ الرحمٰن صاحب مؤناتھ بھنجن ضلع اعظم گڑھ
7. حضرت مولانا محمد بن موسیٰ میاں سملکی قدس سرہ العزیز افریقہ
8. حضرت مولانا بدر عالم صاحب ؒ مہاجر مدنی مؤلف فیض الباری
9. حضرت مولانا مناظر احسن گیلانیؒ سابق صدر دینیات حیدر آباد عثمانیہ یونیورسٹی، مؤلف سوانح قاسمی
10. حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ صدر جامعہ اشرفیہ لاہور پاکستان[17]

دارُالعلوم دیوبند میں آغازِ تدریس

مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ بھی دارُالعلوم کے ابتدائی دور کے تلامذہ میں سے ہیں۔ جب آپ دارُالعلوم سے فارغ ہوئے تو حضرت شیخ الہندؒ نے فرمایا۔ اب آپ کو دارُالعلوم میں تدریس کرنی ہے۔ تو آخری عمر تک تدریس کرتے رہے۔ پھر حضرت شیخ الہندؒ کے بعد دارُالعلوم دیوبند کی صدارت تدریس کا عہدہ آپ ہی کے سُپرد ہوا۔

تصنیف وتالیف

امام العصر حضرت شاہ صاحبؒ کی تصنیفی خدمات بہت زیادہ ہیں لیکن ان میں سے چند کا ذکر کرتے ہیں۔

1. مشکلات القرآن
2. خزینۃ الاسرار
3. فیض الباری بشرح صحیح البخاری
4. العرف الشذی بشرح جامع الترمذی
5. انوار المحمود فی شرح سنن ابی داؤد
6. صحیح مسلم کی املائی شرح

مولانا مناظر احسن صاحب گیلانی نے صحیح مسلم کے درس کی تقریر قلم بند فرمائی تھی۔ یہ اب تک طبع نہ ہوئی۔

7. حاشیہ سنن ابن ماجہ
8. عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام

---

17 نقش دوام، ص166 ۔ وجمال انور، ص83۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

9. تحیۃ الاسلام فی حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام

10. التصریح بماتواتر فی نزول المسیح[18]

حضرت امام کشمیریؒ کا سفر آخرت

آخر کار طویل علالت کے بعد جو بواسیر کا مرض بڑھتا گیا حکماء مسلسل تشخیص میں مصروف تھے لیکن آخر کار رشد و ہدایت کا یہ چراغ بجھ گیا۔2 صفر 1352 اتوار کا دن تھا[19]۔

فیض الباری کا تعارفی جائزہ

یہ حضرت شاہ صاحبؒ کے درس صحیح بخاری کی املائی شرح ہے۔ جس کو حضرت مولانا بدرِ عالم صاحب میرٹھی مہاجر مدنی نے کئی سال کی محنت وعرق ریزی کے بعد فصیح و بلیغ عربی زبان میں مرتب کیا ہے۔ یہ شاہ صاحبؒ کے علوم و کمالات کی سچی تصویر پیش کرتی ہے۔ مولانا بدر عالم نے مظاہر العلوم سے فراغت کے بعد شاہ صاحب کے درس میں مکرر شرکت کی اور سالہا سال کی تدریسی زندگی اور مشکلاتِ علوم پر تام اطلاع کے ساتھ، غالباً آپ کے بخاری شریف کے سبق میں چار مرتبہ سے زیادہ شریک رہے، ساتھ ہی شاہ صاحب کے مستند تلامذہ سے ان کی لکھی ہوئی املائی تقریروں کو "فیض الباری کی ترتیب کے وقت سامنے رکھا اس سے بڑھ کر یہ کہ جب تک شاہ صاحب بقیدِ حیات رہے تو ان ہی کے علمی فیوض میں پیدا اشکالات کے لئے مسلسل مراجعت کرتے رہے۔اس "فیض الباری" پر مولانا بدرِ عالمؒ نے حواشی بھی لکھے ہیں جن میں شاہ صاحب کے دوسرے افادات کو ان کے تلامذہ کے حوالے سے نقل کیا ہے "فیض الباری" کا بھی عجیب وغریب معاملہ ہے، شاہ صاحبؒ کے بعض تلامذہ کا اصرار ہے کہ ان کی املائی تقریروں میں کچھ ایسی باتیں بھی آگئیں جنھیں ان کے قدیم تلامذہ نے درس میں نہیں سُنے۔اس کی وجہ یہ کہ مسلسل مطالعہ کے نتیجہ میں شاہ صاحب کی تحقیقات میں تغیر ہوتا رہتا، ممکن ہے کہ 'فیض الباری" میں یہ نقص جو نظر آرہا ہے اسی کا نتیجہ ہو پھر اس کے علاوہ مؤلف نے بکمالِ دیانت بار بار حواشی میں بے تکلف اس کا اعتراف کیا ہے کہ وہ حضرت شاہ صاحب کے کلام کو سمجھ نہیں سکے یا آپ سے مراجعت کے باوجود وہ بات سمجھنے سے قاصر رہا۔ ظاہر ہے کہ اس دیانت پسندی کے باوجود مؤلف پر اس کی نیت پر کوئی شبہ نہیں کیا جاسکتا کچھ بھی ہو بہر حال شاہ صاحب کے علمی تعارف میں اس تالیف کا بڑا دخل ہے۔ مولانا بدر عالم کی سہل نگاری، عربی تحریر پر قدرت ،دلنشین اسلوب اور شگفتہ انداز نے کتاب کی قیمت کو بلند و بالا کیا ہے [20]۔ جہاں حافظ بدرُالدین عینی اور حافظ ابن حجر عسقلانی جیسے بلند پایہ محقق شارحین عاجز آگئے ہیں۔ وہاں شیخ کے خصائص و کمالات جلوہ آرا نظر آئیں گے۔ زیادہ تر اعتنا انہی معارفِ حدیث کا کیا گیا

---

18 نقش دوام، ص 294۔ وجمال انور، ص 115۔

19 نقش دوام، ص 244 ۔ وجمال انور، ص 47۔

20 نقش دوام ص 303۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

۔جہاں شارحین ساکت نظر آتے ہیں۔ حضرت شیخ کے آخری عمر کے مجرب علوم واذواق خصوصی احساسات وعلمی خصوصیات، دقت نظر وتحقیقی معیار کے نمونے اہل علم کے لئے صلائے عام دے رہے ہیں۔ یہ چار ضخیم جلد کا بحرِ بیکراں مصر سے شائع ہوا ہے۔ قرآن وحدیث، فلسفہ، کلام ومعانی وبلاغت وغیرہ کے نہایت بیش بہا ابحاث سے مالامال ہے۔

فیض الباری کی خصوصیات

اس مایہ ناز شرح کی خصوصیات تو کافی زیادہ ہیں لیکن ان میں سے چند کو ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔

1. شرح میں سب سے اوّل اور زیادہ توجہ اس طرف فرمائی ہے کہ حدیث نبوی کی مراد باعتبارِ قواعد عربیت وبلاغت واضح ہو جائے۔ حدیث کی مراد کو علمی اصطلاحات کے تابع بنانے کو پسند نہ فرمایا کیونکہ اصطلاحات بعد میں پیدا ہوئیں اور حدیثِ نبوی زمانا ورتبۃ مقدم ہے۔ حدیث کو اصطلاح کے تابع کرنا خلافِ ادب ہے۔
2. تشریح فرماتے ہوئے خاص خاص مقامات میں حدیث نبوی کے مآخذ قرآن کریم سے بیان فرماتے ہیں اور اسی مناسبت سے بہت سی مشکلات قرآنیہ کو حل فرمادیئے ہیں۔
3. اسماء الرجال پر حسب ضرورت کلام فرمایا ہے۔ خصوصاً جن رواۃ کے بارے میں محدثین کا اختلاف ہوتا ہے تو اس جرح وتعدیل کے اختلاف کو نقل کر کے اپنی طرف سے ایک قول فیصل بتلادیتے ہیں کہ یہ راوی کس درجہ میں قابل قبول ہے۔ اس کی روایت حسن کے درجہ میں ہے یا صحیح کے، قابل اغماض یا لائق مسامحت۔ اغماض ومسامحت میں جو فرق ہے وہ اہل علم سے مخفی نہیں۔ زیادہ تر فیصلہ کا طریقہ یہ بھی رکھتے ہیں کہ جب کسی راوی کی جرح وتعدیل میں اختلاف ہوتا ہے تو یہ بتلادیتے ہیں کہ یہ راوی ترمذی کی فلا سند میں واقع ہے اور امام ترمذی نے اس راویت کی تحسین یا تصحیح فرمائی ہے۔
4. فقہ الحدیث پر جب کلام فرماتے ہیں تو اوّلاً ائمہ اربعہ کے مذاہب نقل فرماتے ہیں اور پھر اُن کے دلائل بیان فرماتے ہیں جو ان مذاہب کے فقہاء کے نزدیک سب سے زیادہ قوی ہوتے ہیں۔ پھر اُن کا شافی جواب اور امام اعظم کے مسلک کی ترجیح بیان فرماتے ہیں۔
5. نقل مذاہب میں قُدماء کی نقول پیش فرماتے ہیں اور اُن کو متاخرین کی نقول پر پیش فرماتے ہیں اور اُن کو متاخرین پر مقدم رکھتے ہیں، ائمہ اجتہاد کے اصل اقوال پہلے نقل فرماتے ہیں پھر مشائخ کے اقوال ذکر فرماتے ہیں۔
6. اختلافی مسائل میں تفصیل کے بعد یہ بھی بتلادیتے ہیں کہ اس مسئلہ میں میری رائے یہ ہے کہ گویا وہ ایک قسم کا فیصلہ ہوتا ہے جو طلبہ کے لئے مؤجب طمانیت ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

7. شرح میں تراجم کے حل کی طرف توجہ فرماتے ہیں۔اوّلا بخاری کی غرض و مراد واضح فرماتے ہیں۔بہت سے مواقع میں حل تراجم میں شارحین کے خلاف مراد واضح فرماتے ہیں۔ثانیا یہ بھی بتلاتے ہیں کہ اس ترجمۃ الباب میں امام بخاری نے ائمہ اربعہ میں سے کس امام کا مذہب اختیار فرمایاہے۔ اس شرح سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ سو امسائل مشہورہ کے اکثر میں امام بخاری نے امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ کی موافقت کی ہے۔

8. حافظ ابن حجر عسقلانی چونکہ امام شافعیؒ کے مقلد ہیں۔اس لئے امام شافعیؒ کی تائید میں جابجا امام طحاوی[21] کے اقوال اور استدلال نقل کر کے اس امر کی پوری سعی کرتے ہیں کہ امام طحاوی کا جواب ضرور ہو جائے۔بغیر امام طحاویؒ کا جواب دیئے گزرنے کو حافظ ابنِ حجر یہ سمجھتے ہیں کہ اُنھوں نے حق شافعیت ادا نہیں کیا۔اس شرح میں شاہ صاحبؒ کی یہ کوشش رہتی ہے کہ مسائل فقہیہ میں حافظ ابنِ حجر کا جواب دیے بغیر نہ گزریں۔

9. اسرارِ شریعت میں شیخ محی الدین بن عربی[22] اور شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ[23] کا کلام زیادہ نقل فرماتے ہیں۔

10. فتح الباری مختصر مگر نہایت جامع ہے۔جس سے ذی علم مستفید ہو سکتے ہیں۔ہر کس و ناکس کی سمجھ میں نہیں آسکتے ہیں[24]۔

11. شرح میں ان خفی و اخفی گوشوں پر آپ نے توجہ کی ہے جن کی جانب اما م بخاری نے اشارے کئے ہیں، پھر اس کے ذیل میں نادر تحقیقات فرمائے ہیں۔

12. شارحینِ بخاری کے اقوال، حافظ ابنِ حجر عسقلانی کی زیادتیوں کا شافی جواب، بدرالدین عینی کے تعصبات پر حافظ ابن حجر کا تذکرہ اور پھر ان دونوں جلیل القدر ائمہ میں محاکمہ، شرح میں آپ حافظ عینی کی علمی کوششوں و کاوشوں سے زیادہ مطمئن نظر نہیں آتے۔

13. شرحِ حدیث میں اپنے حنفی تصلب کے باوجود انصاف کے ساتھ ان اقوال کو ترجیح دی ہیں جو حدیث سے قریبی مطابقت رکھتے ہیں۔

---

21 ابو جعفر احمد بن محمد بن بن سلامۃ بن سلمہ، الازدی، طحاوی مصر کے علاقہ طحا میں 239ھ/853ء کو پیدا ہوئے۔اپنے وقت کے ممتاز حنفی عالم ہیں جو 268ھ کو شام چلے گئے آپ علامہ مزنی کے بھانجے ہیں۔تصانیف میں "شرح معاني الآثار"، "مشكل الآثار" اور "مناقب أبي حنيفة" مشہور ہیں۔آپ قاہرہ میں 321ھ/933ء کو فوت ہوئے۔(البدایۃ والنہایۃ ج 11، ص 174۔۔۔الاعلام، ج 1، ص 206)

22 آپ کی حالت زندگی معلوم نہ ہو سکی۔

23 ابو محمد عبدالوہاب بن احمد بن علی حنفی کا شمار علمائے تصوف میں ہوتا ہے۔آپ 898ھ/1493ء کو مصر کے علاقہ قلقشندہ میں پیدا ہوئے۔تصانیف میں "الأجوبة المرضية عن أئمة الفقهاء والصوفية"، "أدب القضاة" اور "البدر المنير" مشہور ہیں۔آپ 973ھ/1565ء قاہرہ میں فوت ہوئے۔(الکواکب السائرۃ، ج 14، ص 109۔۔۔الاعلام ج 4، ص 179-181)

24 جمال انور، ص 106۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

14. ذیلاًان نکات کی جانب خاص توجہ فرمائی ہے جن سے سلف وخلف نے اعتناء نہیں کیا۔

15. حدیث کی تشریح کے ساتھ ساتھ وہ حدیث کے ذیل میں امہات علوم کا بھی تذکرہ کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ حدیث بھی قرآن کی طرح اساسی علوم پر مشتمل ایک فن ہے خصوصاً عصری فتنوں کی بیخ کنی کے لئے حدیث سے کام لینے کا گر طلباء کو سکھاتے ہیں اوران مواقع کی تعیین و تشخیص فرماتے ہیں جونت نئے فتنوں کے لئے بہترین ہتھیار ہیں۔

16. شارحینِ حدیث خصوصاً مخالف حنفیہ مکتبہ فکر کی جلیل القدر شخصیتوں کی زلات پر ان کی جلالتِ شان کا پورا احترام رکھتے ہیں۔

17. شرح میں زیادہ تر توجہ ترجمۃ الباب کی طرف دی ہے،اور بڑی وضاحت کے ساتھ تشریح کی ہے۔

18. اس شرح کا کوئی لگا بندھا منہاج متعین نظر نہیں آرہا اور غالباً یہی وجہ ہے کہ یہ شرح کافی مشکل و گرانبار ہے جس سے کمزور طلبہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔چونکہ یہ ایک املائی شرح ہے اور شاہ صاحب کا ہر سال کا درس گذشتہ سال کے مقابلہ میں کافی بدلا ہوا ہوتا ان کے انکشافات واکتشافات میں اضافے و تبدیلیاں ہوتی رہتیں [25]۔

25 نقش دوام، ص301-

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل پنجم

درس بخاری کا تعارفی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصنف کے مختصر حالاتِ زندگی

نظام الدین شامزئی بن حبیب الرحمن شامزئی۔1951ء کو گاؤں فاضل بیگ گھڑی تحصیل مٹہ علاقہ شامزئی، ضلع سوات صوبہ خیبر پختونخواہ میں پیدا ہوئے۔

حصول علم اور سلسلہ تدریس

ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی اور درجہ سادسہ تک کتابیں مدرسہ عربیہ مظہر العلوم مینگورہ سوات میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن برتھانے باباجی رحمۃاللہ علیہ[26] (امیر جمعیت علماء اسلام ضلع سوات) اور دیگر مشائخ سے پڑھی، علم منطق، علم کلام، فلسفہ اور اصول فقہ کی کتابیں بھی وہیں پڑھیں۔

1973ء میں دورہِ حدیث کے لئے ملک کی ممتاز درسگاہ جامعہ اشرفیہ لاہور تشریف لے جارہے تھے۔ لیکن راولپنڈی میں مولانا محمد اکبر صاحب سواتی[27] سے ملاقات ہوئی۔ جو اسی سال جامعہ فاروقیہ کراچی میں شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب ؒ سے دورہِ حدیث پڑھ چکے تھے۔ انہوں نے حضرت شیخ کے طرزِ تدریس اور قدرت علی التدریس کا تذکرہ نہایت عقیدت اور والہانی انداز سے کیا۔ جس کی وجہ سے آپؒ نے جامعہ اشرفیہ میں داخلہ لینے کا ارادہ ترک فرماکر کراچی تشریف لے گئے[28]۔

جامعہ فاروقیہ کراچی میں داخلہ

شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے خود مفتی صاحب سے مشکوۃ المصابیح کا امتحان لیا کامیاب قرار پائے۔ چونکہ اس زمانہ میں جامعہ فاروقیہ ایک نوزائیدہ مدرسہ تھا۔ اور اکثر عمارت کچی تھی۔ اس سے مفتی صاحب کے دل میں شکوک وشبہات پیدا ہوگئے۔ جب بے چینی بڑھی تو اپنے طور پر ایک بڑے مدرسے میں داخلہ بھی لیا۔ لیکن جب شیخ الحدیث سے پہلے دن کا سبق سُن کر اور ابتدائی ابحاث پر حضرت شیخ کا خوبصورت مدلل اور دل موہ لینے والا مرتب اور واضح اندازِ تدریس کا مشاہدہ کیا تو اطمینانِ قلب آگیا اور مستقل وہیں پڑھنے لگے۔ دورہِ حدیث بھی حضرت شیخؒ سے پڑھی۔ فراغت کے بعد اپنی خداداد صلاحیتوں اور بے مثل قابلیت اور ناقابل یقین حد تک مطالعہ کرنے کی بدولت جامعہ فاروقیہ میں مسندِ تدریس پر فائز ہوگئے۔ اور رفتہ رفتہ کرکے مسندِ افتاء پر جلوہ افروز ہوکر رئیس دارُالافتاء مقرر ہوئے اور تقریباً بیس سال تک وہاں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے۔

---

26 عبدالرحمان صاحب المعروف برتھانے باباجی، امیر جمعیت علمائے اسلام سوات کے ایک عالم دین گزرے جس کا دین کے متعلق گراں قدر خدمات ہیں۔ موجودہ دور میں آپ کا فرزند مولنا حفیظ الرحمان این اے چار سوات سے ایم این اے کے امیدوار تھے جو الحاج سردار شہزاد گجر کے حق میں الیکشن سے دستبردار ہوئے۔

27 تلاش بسیار کے باوجود آپ کے حالت زندگی معلوم نہ ہوسکی۔

28 مفتی نظام الدین شامزئی، خطبات شامزئی، کراچی، اسلامی کتب خانہ، 2003ء، ج1، ص46۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جامعہ سندھ سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری

صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق[29] کے دور میں جب "یونیورسٹی گرانٹس کمیشن" نے وفاق المدارس العربیہ کی عالمیہ کی سند کو ایم اے عربی، ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کیا۔ تو اس کے بعد پاکستان کے بعض عربی جامعات میں وفاق المدارس العربیہ کی درجہ عالمیہ کی سند کی بنیاد پر ایم فل اور پی ایچ ڈی میں داخلے شروع ہوئے۔ تو مفتی صاحب نے بھی جامعہ سندھ میں ایم فل کا داخلہ لیا ۔ مولانا ڈاکٹر پروفیسر صغیر الدین صاحب مرحوم ان کے مقالے کے نگران مقرر ہوئے۔ ان کی نگرانی میں آپؒ نے "شیوخ بخاری" (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے شیوخ جن سے انہوں نے صحیح بخاری میں احادیث لی ہیں۔ باقی کتابوں مثلاً تاریخ کبیر، تاریخِ صغیر، جزء القرآن، جزء رفع الیدین، کتاب الادب المفرد میں جن شیوخ سے انہوں نے کسبِ فیض کیا ہے ان کا اجمالی تذکرہ ہے) کے عنوان سے ایک تحقیقی و تاریخی مقالہ لکھا جو اپنے موضوع فن علم اسماء الرجال کے اعتبار سے اردو کی سب سے پہلی کتاب ہے۔ اس مقالے پر مفتی صاحب کو پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی۔

بنوری ٹاؤن میں آمد

مولانا مفتی احمد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ کی دعوت اور حکم پر 1988ء میں بنوری ٹاؤن تشریف لائے۔ اور استاد حدیث کی حیثیت سے تدریس شروع کی اور شیخ الحدیث اور نگران تخصص فی الفقہ کی حیثیت سے مصروف عمل رہے۔ روزنامہ جنگ کراچی اقراء صفحہ میں مستقل کالم "آپ کے مسائل اور ان کا حل" حضرت لدھیانوی شہیدؒ لکھا کرتے تھے۔ آپ کی شہادت کے بعد یہ ذمہ داری بھی مفتی صاحب پر ڈالی گئی۔ اس میں آپؒ مسائل کا عام فہم، آسان اور مدلل انداز میں جوابات دیتے تھے جس سے لاکھوں لوگ استفادہ کرتے تھے۔ یہ جوابات آپ کے علمی، فقہی اور دورِ جدید کے مسائل پر مکمل ادراک کا بین ثبوت ہیں[30]۔

اولاد

حضرت کے تین بیٹے اور پانچ بیٹیاں ہیں جو کہ الحمد للہ سب کے سب حافظِ قرآن ہیں۔

شخصی صفات حمیدہ

آپؒ کی شخصیت تاریخی نوعیت کی حامل ہے۔ جمالِ صورت، حسنِ سیرت، تربیتِ صالحہ، حیاتِ طیبہ، شرافت، ذہانت، فطانت اور دیانت کا مجسم نمونہ۔ درس وتدریس میں دھیما پن۔ خوبصورتی، ترنم، مٹھاس اور شائستگی بدرجہ اتم موجود۔ خوفِ خدا کے سوا ہر خوف

---

29 سابق صدر مملکت و سابق چیف آف آرمی سٹاف جنرل ضیاء الحق 1924ء میں جالندھر میں ایک غریب کسان محمد اکبر کے ہاں پیدا ہوئے۔ جنرل محمد ضیاء الحق 17 اگست 1988ء پاکستان کی فوج کے سابق سربراہ تھے جنہوں نے 1977ء میں اس وقت کے پاکستانی وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا تختہ الٹ کر مارشل لاء لگایا اور بعد ازاں صدارت کا عہدہ سنبھالا۔ وہ تادم وفات، سپاہ سالار اور صدارت، دونوں عہدوں پر فائز رہے۔ (اردو دائرۃ المعارف، زیر بحث ضیاء الحق)

30 خطبات شامزئی، ص 47-49۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے بے نیاز۔ قدم مجاہد کے، عقل سیاس و مدبر کی، طویل مشاہدہ، عمیق تجربہ ،اور گہرا مطامعہ ان کی ذکاوت پر دال، علم کے رسیا، قرآن کے شیدا، حدیث کے شائق، فقہ کے نباض ،جب بولتے ہیں تو شہد کے قطرے ٹپکاتے اور غنچے چٹکاتے ہیں۔ عالمِ اسلام کے تمام مسائل کا ادراک رکھتے تھے۔ ملکی، عالمی، سیاسی و معاشی حالات و واقعات اور مسائل پر گہری نظر ہے۔ قدرت نے جرات، ذہانت اور حافظہ غیر معمولی دولت اور قوت اظہارِ بیان کی بے مثال فراوانی عنایت فرمائی ہے۔ جو افکار کو عمل کی بصیرت، روحوں کو زندگی کی حرارت، کمزور بانہوں کو قوت عمل، گونگوں کو تاب و طاقت گفتار اور جوہر فکر و نظر کو جرات اظہار دینے والے ہیں۔ ہنگامہ عالم سے بے نیاز، اپنی دینی وراثتوں سے شکستگی اور اپنی اسلامی روایتوں میں توڑ پھوڑ قطعی پسند نہیں کرتے ہیں۔ جس کی زندہ مثال پچھلے سال امریکی فرعون کی کھلی جارحیت اور وہشت گروی کے خلاف اعلان جہاد کا تاریخی فتویٰ اور استبداد کو ان کے خنجر تلے للکارنا اور سچائی کا سر عام اعلان کرنا ہے۔ اور یہ فرمانا ہے کہ بحیثیت ایک مسلمان امریکہ کا ساتھ دینا، یا امریکی بد معاشی سے صرف نظر کرنا طالبان حکومت کے خلاف کسی بھی محاذ پر امریکہ کا ساتھ دینا، یا چپ رہ کر ان کی غلامی پر رضا مند ہونا، ضمیر کی موت اور ایمان کی جان کنی ہے۔ تاریخ اسلام میں عموماً اور تاریخِ پاکستان میں خصوصاً مشکل سے ایسا فتویٰ دیا گیا ہو۔ اور سرِ عام ہزاروں کے مجمع میں بنفسِ نفیس سنایا بھی ہو۔

سلسلہ تصوف

آپؒ سب پہلے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ[31] سے رائے ونڈ کے ایک اجتماع میں بیعت ہوئے۔ حضرت شیخ الحدیثؒ کے وصال کے بعد مولانا اشرف علی تھانویؒ[32] کے خلیفہ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد حضرت مفتی صاحب نے اپنا اصلاحی تعلق مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ[33] سے قائم فرمایا۔ حضرت شہید رحمۃ اللہ علیہ نے الطاف و عنایات اور

---

31 اکابرین دیوبند میں مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ نامی گرامی شخصیت ہیں جو محمد بن یحییٰ کاندھلوی کے بیٹے، محمد الیاسؒ کے بھتیجے اور محمد یوسف کاندھلویؒ کے چچازاد بھائی ہیں۔ تصانیف میں فضائل اعمال قیمتی سرمایہ ہے جس سے مبلغین حضرات ہر جگہ بیان کرتے رہتے ہیں۔ آپ 1982ء کو مکہ مکرمہ میں دنیائے فانی سے رخصت ہوئے۔ (ابوالحسن الندوی، حضرت مولانا محمد زکریا کالندھلوی، مطبع و سن اشاعت نامعلوم، ص 73

32 اشرف علی تھانوی بن عبدالحق فاروقی۔ 5 ربیع الثانی 1289ھ/1863ء کو ہندوستان کے شہر تھانہ بھون (ضلع مظفر گڑھ) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم میرٹھ میں حاصل کی۔ اول اول قرآن مجید حفظ کیا۔ عربی اور فارسی کی ابتدائی کتابیں تھانہ بھون میں پڑھیں۔ دارالعلوم دیوبند میں باقی درسیات کی تکمیل کی اور 1301ھ/1884ء کو سند فضیلت حاصل کی۔ اسی سال حج بیت اللہ سے بھی مشرف ہوئے اور حاجی امداداللہ مہاجر مکی سے بیعت کی اور ان کے خلیفہ بنے۔ اَن گنت چھوٹے بڑے کتابوں کے مؤلف ہیں۔ 1362ھ/1943ء کو فوت ہوئے۔ (تذکرۃ المفسرین، ص 423۔۔۔ شاہکار اسلامی انسائیکلوپیڈیا، ج 1، ص 227)

33 محمد یوسف لدھیانوی ایک مایہ ناز محقق اور دینی عالم ہیں جو تا عرصہ دراز عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر رہ چکے ہیں۔ آپ لدھیانہ، انڈیا میں 1932ء کو پیدا ہو ہوئے اور کراچی میں 2000ء کو فوت ہوئے۔ تصانیف کی تعداد سو سے زیادہ ہیں جن میں "آپ کے مسائل اور ان کا حل"، اختلاف امت اور صراط مستقیم"، "شیعہ سنی اختلافات اور صراط مستقیم" اور "تحفہ قادیانیت" شامل ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

شفقتوں کی بارش فرمائی۔ مفتی صاحب جمعیت طلباء اسلام پاکستان کے ابتدائی ساتھیوں میں سے ہیں جنھوں نے جمعیت طلباء اسلام کو منظّم کرنے کے لئے شب و روز جد وجہد کی۔ نظریات کی پختگی اور قوتِ عمل کی فراوانی جمعیت طلباء اسلام ہی کا دیا ہوا سبق ہے۔ اساتذہ کرام میں مولانا سلیم اللہ خان صاحب سے اور سیاست میں مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ سے بہت متاثر ہیں۔ اور ان کو اُمتِ مسلمہ کا آئیڈیل مانتے ہیں۔ "مفتی محمودؒ[34] ایک قومی راہ نما" کتاب کے دیباچہ میں مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں "مفکرِ اسلام، فقیہِ کامل محدث العصر، علم ودانش کے حسین پیکر، میدانِ سیاست کے شہسوار، مسندِ حدیث کی زینت، مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ کی ذات اقدس ہم سب کے لئے مشعلِ راہ ہے۔ اور اہلِ علم کا وقار جس طرح حضرت مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ نے بلند فرمایا ہے اس پر علماء اُمت ان کے احسان مند ہیں۔ حضرت مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ پوری اُمت کی ایک آئیڈیل شخصیت تھے"۔ مفتی نظام الدین شامزئیؒ ایک بڑی شخصیت تھے۔ ایک شاعر نے شاید مفتی صاحب کے بارے میں کہا ہے کہ " كل زمان واحد يقتدى به وهذا زمان انت لاشك واحد "ترجمہ: ہر زمانے میں ایک منفرد شخصیت ایسی ہوتی ہے جس کی سبھی اقتداء کرتے ہیں۔۔ بلاشبہ اس دور میں آپ ہی وہ منفرد شخصیت تھے[35]۔

شیوخ اور اساتذہ

آپؒ نے مختلف مدارس اور جامعات میں علوم حاصل کیے، اس لئے آپ کے اساتذہ بہت زیادہ ہیں۔ لیکن یہاں مختصراً چند ذکر کرتے ہیں۔

1. حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحبؒ صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان و مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی۔
2. شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحبؒ (صدر مدرس مدرسہ عربیہ مظہرِ العلوم سوات و امیر جمعیت علماء اسلام ضلع سوات)
3. حضرت مولانا فیض علی شاہ صاحبؒ
4. حضرت مولانا عنایت اللہ خان صاحبؒ

تصانیف

---

34 مفتی محمود بن مولانا خلیفہ محمد صدیق ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے عبد الخلیل گاؤں میں 1919ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کا شمار ملک کے نامور سیاستدانوں میں ہوتا ہے۔ آپ جے یو آئی کے قائد اور مولانا فضل الرحمان کے والد بزرگوار ہیں۔ پاکستان میں ختم نبوت سے متعلق آپ کا کارنامہ سونے سے لکھنے کے قابل ہیں۔ آپ 1980ء کو خالق حقیقی سے جاملے۔ (خیبر پختون خوا کے سیاستدان، ص165)

35 خطبات شامزئی، ص49۔51۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپؒ نے مختلف جامعات میں تدریس کے فرائض انجام دیئے تو اس دوران آپ نے بہت سی کتابیں لکھیں اُن میں سے چند درجہ ذیل ہیں۔

1. درس بخاری شرح صحیح بخاری
2. شرح مقدمہ مسلم
3. عقیدہِ ظہورِ مہدی احادیث کی روشنی میں
4. پی ایچ ڈی کا مقالہ (شیوخ بخاری)
5. مجمع البحرین[36]

وفات

10 ربیع الثانی 425ھ بمطابق 30 مئی 2004ء بروز اتوار کراچی شہر میں شہید کردیئے گئے[37]۔

درس بخاری کا تعارفی جائزہ

ڈاکٹر مفتی نظام الدین صاحب شامزئیؒ کے درس کو ایک جلد میں ترتیبِ نو کے ساتھ علماء کرام، طلبہ عظام اور شائقین علم حدیث کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔اپنے دور میں مفتی نظام الدین شامزئیؒ نقوشِ رفتہ اور عظمت رفتہ کے تاج محل تھے، آپؒ جملہ محاسن اور محامد کا وہ مجموعہ تھے کہ جن پر طلبہ علم دین خصوصاً اور تمام امت مسلمہ کا عموماً بجا طور پر فخر کر سکتی ہے۔حضرت مفتی صاحب کا درس بخاری پورے ملک میں مشہور و معروف ہے۔آپ کا درس نہایت سلیس، شستہ اور رواں ہوتا ہے۔ابتدائی ابحاث پر مفتی صاحب کا خوبصورت اور دل موہ لینے والا مرتب اور واضح انداز طلبہ علم حدیث کے لئے باعث کشش ہے۔مشکل سے مشکل مباحث کو مفتی صاحب بآسانی حل فرماتے ہیں۔ زیر نظر کتاب آپؒ کی صحیح بخاری کی درسی تقریر ہے۔چونکہ یہ تقریر بہت جامع تھی اور طلبہ کی بہت پسندیدہ بھی،اس لئے فائدہ عام کے لئے اس کو کتابی شکل میں ترتیب دیا گیا۔

کتاب کی خصوصیات

---

36 خطبات شامزئی، ج1،ص45

37 مولانا زاہد الراشدی، مولانا مفتی نظام الدین شامزئی کی شہادت، روزنامہ اسلام، لاہور، 8جون 2004ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ تقریباً تمام مشہور شروحات بخاری کا جامع مگر مختصر نچوڑ ہے۔ عمدۃ القاری، فتح الباری، شرح ابن بطال، شرح الکرمانی، فیض الباری، لامع الدراری اور فضل الباری کا عام فہم خلاصہ ہے۔اس کی ترتیب میں خاص طور پر اس امر کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ تقریر کے الفاظ مفتی صاحب ہی کے ہوں۔ ترجمۃ الباب کی مفصل اور مدلل تشریح و ترجمۃ الباب کا ماقبل اور بعد سے ربط اور ترجمۃ الباب اور احادیث الباب میں مناسبت و تطبیق کے لئے بہترین توجیہات، مشکل الفاظ کے معنی اور ان کی تشریح، باب بلا عنوان یا بسم اللہ اثناء احادیث وغیرہ پر تشفی بخش کلام نے کتاب کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ آپؒ فرماتے ہیں "کہ اس کتاب کی ترتیب و تدوین میں اوّل سے آخر تک رفیق محترم حضرت مولانا عمران صاحب دہلوی نے جو کاوش کی ہے اس پر میں ان کا نہایت شکر گزار ہوں۔ انہوں نے اپنے قیمتی وقت میں سے اس کے لئے پورا وقت دے کر اس کا بالاستیعاب تنقیدی مطالعہ کیا اور تصحیح اغلاط کے علاوہ اردو کی نوک پلک سنوارنے میں بھی مدد دی۔ اللہ کریم ان کو بھی جزائے خیر عطاء فرمائے"۔ چونکہ یہ درسی تقریر ہے اور تقریر کو اگر تحریر کا جامہ پہنایا جائے تو زبان و قواعد کا لحاظ مشکل سے ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ لیکن پوری کوشش کے ساتھ اسے تمام قواعد کا لحاظ رکھتے ہوئے سادہ اور عام فہم انداز میں ترتیب دیا گیا ہے۔ ضخامت سے بچنے کے لئے حدیث کو پورا ذکر نہیں کیا گیا ہے[38]۔

---

38 مفتی نظام الدین شامزئی، درسِ بخاری، کراچی، ادارۃ الانوار، 2010 ص 4-5۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاصہ باب

امام بخاری رحمہ اللہ کا نام محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن المغیرہ بن بردزبہ ہے۔آپؒ کی ولادت 13 شوال سن 194ھ کو بعداز نماز جمعہ بخارا شہر میں ہوئی۔آپ کی وفات 256ھ کو ہوئی۔علم کے حصول کی خاطر مکہ، مدینہ، شام، بخارا، بصرہ، کوفہ اور بلخ وغیرہ کے سفر اختیار کیے اور اسی ہزار اساتذہ سے استفادہ کیا۔نیز آپؒ کے شاگردوں کی تعداد بے شمار ہیں، 90 ہزار انسانوں نے آپ سے صحیح بخاری سنی۔آپؒ کی تصانیف کثیر تعداد میں ہیں۔ان میں سے ایک شاندار تصنیف صحیح البخاری ہے۔ہر زمانے میں جس طرح قرآن کریم کی تفاسیر لکھنے کا کام جاری وساری ہے اسی طرح اس کی شروح کا سلسلہ بھی اسی طرح جاری ہے۔

صاحب فتح الباری حافظ شہاب الدین احمد بن حجر العسقلانیؒ ایک مشہور محدث اور شارح صحیح بخاری گزرے ہیں۔آپؒ قاہرہ میں 22 شعبان 773ھ کو پیدا ہوئے۔ 784ھ میں مکہ مکرمہ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور العفیف النشاوری سے صحیح بخاری کا سننے کا اتفاق ہوا۔آپؒ کے شاگرد کثیر تعداد میں ہیں لیکن حافظ شمس الدین سخاوی تمام تلامذہ سے بڑھ کر ہے۔ آپ کی وفات 28 ذوالحجہ 852ھ کو ہوئی۔آپؒ کی تصانیف میں جو مقام فتح الباری شرح صحیح البخاری کو حاصل ہے وہ کسی اور کو حاصل نہیں۔یہ وہی شرح ہے جس کی نسبت لاھجرۃ بعد الفتح مشہور ہے۔علامہ ابن خلدون نے اپنی مشہور تاریخ کے مقدمے میں فرمایا تھا کہ بخاری کی شرح کا قرض امت پر باقی ہے۔اس شرح کے بعد حافظ سخاوی فرماتے ہیں کہ غالباً امت سے قرض ادا ہو گیا۔

صاحب عمدۃ القاری علامہ حافظ بدرالدین محمود بن احمد بن موسیٰ العینتابی القاہریؒ 762ھ میں "عین تاب" نامی جگہ میں پیدا ہوئے جو حلب سے تین مراحل پر واقع ہے۔ 788ء کے بعد علامہ عینیؒ قاہرہ میں اپنے شیخ علامہ علاؤالدین علی بن احمد السیرامی اور مختلف مشائخ سے استفادہ کیا۔البتہ حدیث میں خصوصا استفادہ حافظ عراقی ہی سے کیا۔ آپؒ کی وفات ماہِ ذی الحجۃ 855ھ بمطابق 1451ء کو قاہرہ میں ہوئی۔ آپؒ بھی حافظ ابن حجرؒ کی طرح نہایت کثیر التالیف ہیں۔ان تمام تالیفات میں "عمدۃ القاری" کو سب سے بڑا مقام حاصل ہے۔ یہ شرح 25 جلدوں پر مشتمل ہے۔صاحب کشف الظنون کا کہنا ہے کہ یہ دین فتح الباری اور عمدۃ القاری دونوں شرحوں سے ہی ادا ہوا ہے۔فتح الباری کو بعض حدیثی مباحث میں فوقیت حاصل ہے۔جب کہ مجموعی طور پر تمام مباحث میں توسیع، حسن ترتیب اور استقصاء مباحث کے اعتبار سے عمدۃ القاری فتح الباری سے فائق ہے۔

صاحب ارشادالساری امام علامہ احمد بن محمد القسطلانی 851ھ کو مصر میں پیدا ہوئے۔اپنے دور کے بہت بڑے امام، فن قرات کے ماہر، چودہ روایتوں کے مشاق جید قاری، علم وفن میں حجت باخبر او روشن دماغ فقیہ اور سند المحدثین، صاحب تصانیف کثیرہ اور بڑے باکمال آدمی تھے۔ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ سے کسبِ فیض کے علاوہ اور بھی متعدد جلیل القدر اساتذہ کرام اور مشائخ عظام سے استفادہ کیا۔آپ کی وفات آٹھ محرم الحرام 923ھ کو ہوئی۔آپ کی مایہ ناز شرح ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری ہے جو دس

toobaa-elibrary.blogspot.com

جلدوں میں ہیں جس میں فتح الباری اور کرمانی کا اختصار کیا گیا ہے ۔یہ شرح بڑی بڑی شروح کی تلخیص ہے۔ صحیح بخاری کے درس دینے والوں کے لیے یہ شرح بڑی مفید ہے۔

صاحب فیض الباری مولانا محمد انور شاہ کشمیری ؒ خاندانی سید تھے۔آپ ؒ کی ولادت 27/ شوال المکرم 1292ھ موضع دودھوان لولاب علاقہ کشمیر میں ہوئی ۔دارُالعلوم دیوبند میں اکابر اساتذہ سے آپ کو شرفِ تلمند حاصل رہا ہے۔ آپ ؒ تلامذہ اور تصنیفات کافی زیادہ ہیں یہاں اس کا احاطہ کرنا مشکل ہیں۔آپ ؒ کے مایہ ناز تصنیف فیض الباری بشرح صحیح البخاری ہے،یہ شاہ صاحب ؒ کے درس صحیح بخاری کی املائی شرح ہے۔جہاں حافظ شیخ الاسلام بدرُالدین عینی اور قاضی القضاۃ حافظ ابن حجر عسقلانی جیسے بلند پایہ محقق شارحین عاجز آ گئے ہیں۔وہاں شیخ کے خصائص و کمالات جلوہ آرا نظر آئیں گے۔یہ چار ضخیم جلدوں میں مصر سے شائع ہوا ہے۔ قرآن وحدیث، فلسفہ،کلام ومعانی وبلاغت وغیرہ کے نہایت بیش بہا ابحاث سے مالا مال ہے۔

صاحب درس بخاری مفتی نظام الدین شامزئی بن حبیبُ الرحمٰن شامزئی، 1951ء کو ضلع سوات صوبہ خیبر پختونخواہ میں پیدا ہوئے۔1973ء میں جامعہ فاروقیہ کراچی کے دورہِ حدیث سے فراغت کے بعد مسندِ تدریس پر فائز ہوگئے۔اور رئیس دارُالافتاء بھی مقرر ہوگئے اور تقریباً بیس سال تک خدمات انجام دیتے رہے۔اس کے بعد آخری عمر تک جامعہ بنوری ٹاون میں رہے۔جامعہ کراچی سے ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگری لی۔ 30 مئی 2004ء بروز اتوار کراچی شہر میں شہید کردیئے گئے۔ہزاروں تلامذہ کے استاد اور متعدد کتابیں تصنیف کیے۔ان میں سب سے بڑی کاوش درس بخاری شرح صحیح بخاری ہے۔یہ صحیح بخاری کی درسی تقریر ہے۔یہ تقریباً تمام مشہور شروحات بخاری کا جامع مگر مختصر نچوڑ ہے۔عمدۃ القاری، فتح الباری، شرح ابن بطال، شرح الکرمانی، لامع الدراری اور فضل الباری کا عام فہم خلاصہ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب دوم

مفتی محمد فرید رحمہ اللہ کا تعارف اور خدمات کا جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اول

مفتی محمد فریدؒ کی پیدائش، تعلیم، اسفار اور اساتذہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نام ونسب

مفتی محمد فرید صاحب رحمہ اللہ بن حضرت مولانا حبیب اللہ صاحب رحمہ اللہ گاؤں زروبی تحصیل ٹوپی ضلع صوابی کے ایک علمی خانوادے کے چشم وچراغ تھے نسلاً افغان وپٹھان تھے۔پورا سلسلہ نسب یوں ہے۔محمد فرید صاحب رحمہ اللہ بن حضرت مولانا حبیب اللہ صاحب رحمہ اللہ المتوفی 1368ھ/ 1949ء المعروف بہ صاحب حق صاحب زروبی بن حضرت سیبویہ زمان مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ فاضل مدرسہ عالیہ رام پور بن حضرت مولانا محمد میر صاحب رحمہ اللہ بن حضرت مولانا عبداللہ صاحب رحمہ اللہ۔

ولادت

آپؒ بروز جمعہ بیوم عید الفطر بوقت طلوع فجر یکم شوال 1344ھ/اپریل 1926ء زروبی میں اپنے زمانے کے ایک مشہور جید عالم دین کے گھر پیدا ہوئے[1]۔

تعلیم وتربیت اور اساتذہ

آپؒ نے مقامی سکول میں چھ جماعت پاس کئے اور ہر کلاس میں نمایا پوزیشن حاصل کرتے رہے اس کے بعد علم دین کے حصول کیلئے اپنے والد صاحب کے پاس مردان گئے جو اس وقت کے مشہور علماء میں سے تھے۔صوبہ سرحد، بلوچستان اور افغانستان کے اکثر علماء ان کے بلاواسطہ یا بالواسطہ شاگرد ہیں۔مردان میں اپنے والد صاحب سے علم فنون کی اکثر کتب پڑھیں زروبی سے مردان تک اکثر پیدل سفر فرماتے۔ایک دفعہ عید کے موقع پر بارہ آنے جمع کیے تاکہ ان سے کتاب خرید سکیں مگر مردان کو پیدل جاتے ہوئے وہ پیسے راستے میں گم ہوگئے مردان پہنچ کر جب پیسوں کی گمشدگی کا پتہ چلا تو پھر اس سوچ سے کہ میں اب کتاب خریدنے کیلئے ایک اور سال انتظار کرونگا تو والد صاحب کی اجازت سے اس راستے سے پیدل واپس روانہ ہوئے اپنے گاؤں زروبی کے قریب بدرگہ ڈھیری کے پاس وہ رقم مل گئی۔طالب علمی کے دوران مسنون طریقے پر سر کے بال رکھتے۔سبق پڑھتے وقت باوضو رہتے۔اپنے والد صاحب کی وفات کے بعد منطق وفلسفہ اور ریاضی کے بعض کتب حضرت مولانا خان بہادر المعروف بہ مولانا مارتونگ بابا جی صاحب رحمہ اللہؒ المتوفی 1396ھ بمطابق 1974ء اور حضرت مولانا نذیر احمد صاحبؒ سے سیدو شریف سوات میں پڑھیں اور اسی طرح بعض بڑی کتابیں حضرت مولانا عبدالرازق صاحب رحمہ اللہ شاہ منصوری المتوفی 1397ھ بمطابق 1977ء اور بعض دیگر اساتذہ کرام سے پڑھیں۔موقوف علیہ اور صحاح ستہ پڑھنے کیلئے شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ قدس سرہ (المتوفی 1388ھ بمطابق 1968ء) کے پاس تشریف لے گئے اور 1371ھ بمطابق بمطابق 1952ء میں فارغ التحصیل ہو کر دستار فضیلت حاصل کی ۔دستار بندی کے وقت حضرت غورغشتویؒ نے اپنی عادت کے خلاف آپؒ کی مدح وتعریف کی۔ آپؒ کو حضرت مولانا غورغشتوی

---

1 مفتی محمد فرید، منہاج السنن شرح جامع السنن، پشاور، مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پیشاور، بدون سنہ، ج1، ص4۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

صاحبؒ نے کتب حدیث پڑھانے کی اجازت فرمائی اور حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ[2] بانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک سے تبرکاً استجازہ کی تو آپ نے بھی بخوشی مفتی صاحب رحمہ اللہ کو کتب حدیث پڑھانے کی اجازت فرمائی۔آپؒ کی اپنے شیخ مولانا نصیر الدین غور غشتویؒ کیساتھ حد درجہ کی عقیدت و محبت تھی تقریباً ہر عید کے موقع پر حضرت کی زیارت کے لئے تشریف لے جاتے حتیٰ کہ آخری عمر میں بیماری کی حالت میں بھی چند مرتبہ زیارت کو تشریف لے گئے تھے[3]۔

قدرت نے آپ کو خداداد صلاحیتوں سے نوازا تھا جسے آپ بروقت اور موقعہ و محل کے مطابق استعمال کرتے تھے۔آپؒ اپنے اساتذہ کا بہت احترام اور ان سے حد درجہ محبت رکھتے تھے۔بدنی بیماری اور ضعف کے باوجود آخر تک آپ شامی، فتح القدیر اور بحر الرائق وغیرہ کتابوں اور فتاویٰ جات کا باقاعدگی سے مطالعہ کرتے رہے، جب آپؒ کی بیماری بڑھتی گئی اور مطالعہ میں کمی آنے لگی تو آپؒ نے اپنے دینی کتب مدرسہ صدیقیہ زروبی کو عطا کئے۔بعد میں جب آپؒ بذات خود مدرسہ صدیقیہ تشریف لائے اور مولانا مفتی وہاب منگلوری صاحب نے آپؒ کے کتابوں میں موجود سند حدیث (احادیث کا اجازت نامہ جو کہ شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتیؒ کی جانب سے تھا) آپؒ کو دکھایا، تو اسے دیکھ کر آپؒ کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ایک دفعہ ہم چند ساتھی زروبی سے شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتیؒ کے مزار شریف پر حاضری دینے کیلئے غور غشتی گئے۔واپسی پر ہم سب نے مفتی صاحبؒ کے سامنے عرض کیا کہ ہم سب غور غشتی کو حضرت شیخ صاحبؒ کی مزار پر حاضری دینے گئے تھے۔ آپؒ نے ہم سب سے باری باری یہ سوال پوچھا کہ وہاں مزار کے باہر کیا لکھا ہوا تھا۔ہم سب نے عرض کیا کہ حضرت اس کی طرف ہماری توجہ نہیں تھی۔اس پر آپؒ نے من وعن وہاں لکھی ہوئی تحریر ہمیں سنائی جسے سُن کر ہم دنگ رہ گئے۔خود آپؒ ہر سال اپنے شیخ حضرت شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتیؒ کے قبر مبارک پر فاتحہ خوانی کیلئے حاضری دیتے تھے۔ علمی و تحقیقی میدان میں مفتی صاحب کی حیثیت ایک درخشندہ ستارے کے مانند ہے۔ حکیمانہ انداز بیان کی وجہ سے ہر خاص وعام آپ سے مستفید ہوتا رہا۔احادیث کی باب میں آپؒ کی تصانیف ھدایۃ القاری شرح بخاری شریف، منہاج السنن شرح جامع الترمذی، فتح المنعم علی مقدمۃ المسلم، الفرائد البہیہ الی احادیث خیر البریہ، البشریٰ لارباب الفتویٰ، العقائد الاسلامیہ، مسائل حج، رسالہ قبریہ اور مقالات آسان اور سلیس عربی اردو اور پشتو زبان میں علمائے دین، طلباء کرام اور عوام الناس کیلئے مشعل راہ ہیں۔اس کے علاوہ آپؒ کی مختلف اصلاحی مضامین وقتاً فوقتاً مجلات کی زینت بنتے رہے ہیں[4]۔

---

2 عبدالحق بن مولانا معروف گل، 1916 کو اکوڑہ خٹک میں پیدا ہوئے، ابتداہی سے حصول علم کا شوق تھا۔درس نظامی کی ابتدائی کتابیں مردان شاہ منصور، صوابی، شہباگھڑی اور طوروکے علاقے سے حاصل کی۔اس کے بعد دیوبند گئے اور حسین احمد مدنیؒ سے کسب فیض کیا۔1948 کو فراغت ہوئی۔8 جامعہ اکوڑہ خٹک کی بنیاد آپ نے رکھی۔ستمبر 1988 کو وفات ہوئی۔

3 مفتی محمد فرید، فتاویٰ فریدیہ، خیبر پختونخواہ، الفرید اکیڈمی دارالعلوم صدیقیہ زروبی صوابی، 2009ء، ج1ص32۔

4 مولانا محمد رقیب مجددی، تجلیات فریدی، (الفرید اکیڈمی دارالعلوم صدیقیہ صوابی) سن اشاعت اکتوبر 2015ء، ج3، ص53۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مشائخ اوراساتذہ کی شفقت

اللہ تعالٰی نے آپ رحمہ اللہ کو اکابر علماء اور صلحاء سے استفادہ اور استفاضہ کرنے کے مواقع فراہم کئے اور ان میں سے ہر ایک نے آپؒ کو شفقت اور محبت کی نگاہ سے نوازا۔ حضرت غرغشتوی صاحبؒ غلبہ استغراق اور فنائیت کی وجہ سے اکثر تلامذہ اور متعلقین کو نہیں پہچانتے تھے لیکن مفتی صاحبؒ کے ساتھ تعلق اور محبت کا یہ عالم تھا کہ بڑے بڑے جلسوں میں کثرت ازدہام کے باوجود مفتی صاحبؒ کو پہچانتے تھے اور مشفقانہ انداز سے ملتے تھے ایک دفعہ اپنے مرشد مولانا حسین علی کے صاحبزادے کے ساتھ خلاف عادت مفتی صاحبؒ کا تعارف، مدح اور تعریف کی مفتی صاحبؒ فرماتے تھے کہ حضرت غور غشتوی صاحبؒ کی صحبت کی برکت سے خواب کے عالم میں کثرت طواف اور زیارت حضرت مصطفیٰ ﷺ اور دیگر صالحین سے مشرف ہوتا رہتا تھا۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن صاحب کیمبل پوری قدس سرہ المتوفی 1358ھ بمطابق 1965ء کی شفقت کا یہ عالم تھا کہ کم گو ہونے کے باوجود مفتی صاحبؒ کیساتھ آزادی کے ساتھ گفتگو کرتے تھے اور انہوں نے آپؒ کو افتاء اور درس حدیث دینے کا حکم فرمایا اور مولانا صدیقی صاحبؒ[5] آپؒ کے متعلق فرماتے تھے کہ یہ مراد ہے اس کے کلام میں بہت اثر ہے اور پٹھانوں میں یہ قوی نسبت والا ہے اور بانی دارالعلوم حقانیہ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ مفتی صاحب دارالعلوم حقانیہ کے روح رواں ہیں انہی اکابرین کی محبتوں اور شفقتوں نے آپ سے ایک جامع الکمالات مجمع الصفات، نادرہ روزگار اور عبقری شخصیت بنایا کہ آپ نے زندگی کے تقریباً ہر میدان میں خواہ وہ حدیث و تفسیر کا ہو، فقہ و افتاء کا ہو، زہد و تقوٰی کا ہو، ارشاد و سلوک کا ہو، تدریس و تقریر کا ہو، تحریر و تالیف کا ہو، اصلاح و ہدایت کا ہو، ذکر و فکر کا ہو، سیاست و سخاوت کا ہو، میں درجہ کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔ آپؒ کے شاگردوں کی تعداد لاکھوں سے متجاوز ہیں مریدین کی تعداد تقریباً 6 لاکھ ہے جن میں تقریباً دو ہزار خلفاء مجاز ہیں آپؒ کی فتاوٰی کی تعداد ایک لاکھ کے لگ بھگ ہے[6]۔

تلامذہ

آپؒ کے تلامذہ نے اللہ جلّ شانہٗ کے فضل سے زندگی کے ہر میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں، چاہے وہ تدریس کا میدان ہو یا سیاست کا، جہاد کا میدان ہو یا دعوت و تبلیغ کا، طریقت وارشاد کا میدان ہو یا دوسری دینی اور اجتماعی خدمات کا۔ اُن کو یہ سعادت مفتی صاحب کی صحبت کی وجہ سے ملی ہے۔ آپ کے تلامذہ دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ہیں، خصوصاً پاکستان اور افغانستان کے کونے کونے میں موجود ہیں، اسی طرح قریبی ممالک میں بھی بہت ہیں، بلکہ دور دور کے ممالک میں آپ کے شاگرد موجود ہیں، جیسے قطر

---

5 حالت زندگی معلوم نہ ہو سکی۔

6 تجلیات فریدی، ج3، ص55۔ 56۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

،سعودی عرب اور یورپ میں ہنگری وغیرہ میں،اسی طرح متحدہ عرب امارات،جنوبی افریقہ،لندن اورامریکہ وغیرہ میں آپ کے مایہ ناز شاگرد علماء موجود ہیں۔ آپ کے مریدین اور خلفاء بھی بہت کثرت سے ہیں،جن میں اکثریت اہلِ علم کی ہے،ہر جگہ اور خصوصاً پاکستان اورافغانستان میں اکثر علماء کاآپؒ سے دونسبتوں سے تعلق ہوتا تھا،ایک علم کی نسبت سے،کہ یہ علماء آپؒ کے شاگرد ہوتے تھے اور دوسرا سلوک اور طریقت کی نسبت سے کہ یہ علماء آپؒ کے مرید اور خلفاء ہوتے تھے۔

آپؒ کے شاگرداور مریدین لاکھوں میں ہیں۔خلفاء کی تعداد بائیس سو ہیں۔سب کاذکر کرنا یہاں ناممکن ہیں لیکن ان میں سے چند کو یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔جمعیت علماء اسلام کے ضلعی،صوبائی اور مرکزی عمائدین اور قائدین کی ایک کثیر تعداد آپؒ کے شاگرد اور مریدین ہیں۔اسی طرح امارت اسلامیہ افغانستان کے اکثر وزراء اور مسئولین بھی آپؒ کے تلامذہ اور خلفاء یا مرید ہیں۔

آپ کے مشہور شاگردوں میں سے جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان صاحب،مولانا حبیب اللہ صاحب شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ کوئٹہ،سابق چیف جسٹس افغانستان مولانا نور محمد ثاقب صاحب،حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب متہم جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک،شیخ الحدیث حضرت مولانا گوہر شاہ صاحب،استاذ الحدیث مولانا غلام صادق صاحب دار العلوم چارسدہ،الداعی الکبیر مولانا حبیب الحق صاحب شوہ صوابی،استاد حدیث مولانا مفتی غلام الرحمان صاحب متہم جامعہ عثمانیہ پشاور،مولانا مفتی بدر منیر صاحب متہم جامعہ مدینہ بٹ خیلہ سوات،استاذ الحدیث والتفسیر دار العلوم حقانیہ مولانا مفتی سیف اللہ صاحب حقانی،مولانا سید عبد الباری اغا صاحب سابق سینئر وزیر صوبہ بلوچستان،شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس صاحب تنگی چارسدہ،مولانا عبد الکبیر خان صاحب ننگرہار سابق گورنر جلال آباد،مولانا عبد القیوم حقانی متہم جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ،مولانا قاضی فضل اللہ صاحب ایڈوکیٹ (امیر جمعیت علماء اسلام امریکہ) مولانا مفتی رضاء الحق صاحب لنیشیا (افریقہ) مولانا ڈاکٹر احمد جان صاحب الازہری چیئرمین دعوہ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد وغیرہ ہیں[7]۔

اسفار

مفتی صاحبؒ تین بار حرمین شریفین تشریف لے گئے تھے۔آپؒ فرماتے ہیں کہ جب پہلی مرتبہ حج کے لئے جا رہا تھا تو اس کے لئے پیسے تنخواہ سے بچت کر کے رکھ دیتا تھا اس طرح تھوڑے تھوڑے جمع کر کے حج کے لئے گیا تھا،دوسری بار آپؒ کے ساتھ اہلیہ بھی تھی ۔آخری بار ضعف اور کمزوری اور بیماری کے باجود امیر المومنین ملا عمر مجاہد اور امارت اسلامیہ افغانستان کے امراء اور وزراء کی خواہش پر بعثۃ الحج الافغانیہ کی سرپرستی فرماتے ہوئے تشریف لے گئے تھے[8]۔

---

7 فتاوی فریدیہ ،ج1ص31۔

8 تجلیات فریدی،ج3،ص 56۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحب کی اوصاف حمیدہ

آپؒ کی شخصیت یوتو بے شمار اوصاف اور خوبیوں سے مالا مال تھی لیکن یہاں ذیل میں ان کے چند صفات کو ذکر کیا جاتا ہے

محدثانہ شان

آپؒ امیر المؤمنین فی الحدیث تھے ایک طرف آپکا سند انتہائی عالی تھا جو باب حدیث میں انتہائی محمود اور اہم چیز ہے دوسری طرف آپ کو احادیث پڑھانے کا وہ ملکہ حاصل تھا جس پر بڑے بڑے شیوخ الحدیث حیران ہوتے تھے۔ انتہائی مختصر الفاظ میں مشکل سے مشکل مقام کو اسانی حل فرماتے۔ اسماء الرجال کے علم اور احادیث کے درمیان تطبیق بیان کرنے میں انتہائی ماہر تھے تعارضات دفع کرنے میں اللہ نے خصوصی ملکہ سے نوازا تھا۔ صحیح بخاری شریف، ترمذی شریف اور سنن ابو داؤد شریف جیسی عظیم کتابوں کی تدریس کے دوران آپ کا محدثانہ رنگ سامنے آتا۔ درس حدیث کے دوران ہر حدیث سے مسائل مستنبطہ ذکر فرماتے۔ آئمہ مجتہدین کے اقوال پھر ہر ایک کے دلائل تفصیل سے بیان فرماتے۔ آخر میں مذہب احناف کو دلائل سے راجح فرماتے اگر کوئی حدیث بظاہر مذہب احناف سے مخالف معلوم ہوتا تو مذہب احناف کے لئے دوسرے احادیث دلائل میں بیان فرماتے اور حدیث باب سے احناف کی طرف جواب فرماتے آپؒ انتہائی جامعیت کیساتھ احادیث پڑھاتے تھے درس حدیث میں تھکانے والی طوالت سے گریز کرتے اور فرماتے کہ تدریس میں ہمارا طریقہ انتخاب (یعنی اہم ضروری مقامات منتخب کر کے بیان فرمانے) کا ہے استیعاب (تمام تفصیلات بیان کرنے) کا نہیں پوری کتاب کو اس انداز سے ختم فرماتے تھے۔ کہ اول کتاب کی مباحث کی طرح آخری میں بھی وہی طریقہ تھا یعنی ابتداء سے لیکر انتہاء سال تک ایک ہی مقدار میں سبق پڑھاتے جیسا کہ شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ اپنی آپ بیتی میں فرماتے ہیں: "میرے شیخ (مولانا خلیل احمد صاحب رحمہ اللہ سہارنپوری مہاجر مدنی) اس کے شدید مخالف تھے ابتداء میں لمبی تقریریں کی جائیں اور آخر میں رمضانی حافظ کی طرح ورق گردانی کی جائے۔ مفتی صاحب صحیح بخاری شریف کی جلد اول کتاب العلم تک کی شرح ہدایۃ القاری عربی زبان میں تالیف فرمائی ہے جو کہ عام فہم اور ضخیم شروح اور اکابر کے امالی کا ملخص ہے، متعلمین اور معلمین کے لئے بے حد مفید ہے، جامع ترمذی شریف کی شرح منہاج السنن تحریر فرمائی جو مختصر اور جامع شرح ہے اور ان تمام ضحیم شروح سے مستغنی کرنے والی ہے، صحیح مسلم کے مقدمہ کا دقیق اور مفید شرح فتح المنعم لکھا ہے جو دس مباحث پر مشتمل ہے[9]۔

فقاہت

آپؒ مسند حدیث کو رونق بخشنے کے ساتھ ساتھ فقہ کی پیچیدہ گتھیاں بھی سلجھاتے رہے فقہ میں انتہائی مہارت اور خصوصی مناسبت کی وجہ سے مفتی اعظمؒ فقیہ العصر جیسے القابات سے نوازے گئے، حقیقت میں اللہ تعالی نے آپؒ کو وہ عظیم مقام عطا فرمایا تھا جو کہ لاکھوں

---

9 تجلیات فریدی، ج3، ص 57۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور کروڑوں علماء میں سے کسی کو نصیب ہوتا ہے آپ ” فقیہ واحد اشد علی الشیطان من الف عابد“ کے صحیح مصداق تھے۔ فیاضی قدرت سے آپ کو اتنی ذہانت عطا ہوئی تھی کہ پیچیدہ سے پیچیدہ اور مشکل سے مشکل مسئلہ کو منٹوں میں حل فرمادیتے تھے۔ نزاعی مسائل میں آپ کے فتوے کو حرف آخر سمجھا جاتا تھا، مطالعہ کی کثرت اور وسعت کے ساتھ قرآن وحدیث میں سے مسائل کا استخراج اور استنباط کی مجتہدانہ شان آپ کا طرہ امتیاز تھا۔ عرف اور مصالح امت پر گہری نظر کی وجہ سے آپکے تحریر کردہ فتاویٰ ”الدین یسر“ کی روشن مثال ہیں۔ آپؒ فرمایا کرتے تھے کہ میں کسی جواب فتویٰ کو لکھنے سے پہلے خوب تحقیق اور غور وفکر کرتا ہوں اور پھر اس کیلئے مراقبہ کرتا ہوں اور مکمل اطمینان قلبی کے بعد جواب لکھ دیتا ہوں اس لئے مجھے اپنے فتوے سے رجوع کی نوبت پیش نہیں آئی۔ آپؒ کے فتویٰ مختصر اور دل نشین ہوتے تھے کمال مہارت کی وجہ سے سمندر کو کوزے میں بند کردیتے تھے آپؒ فرمایا کرتے تھے کہ آج کل کے فتوے مضمون نگاری ہوتی ہے حالانکہ ان کیلئے ایک جزئیہ بھی کافی ہوتا ہے۔ حضرت مولانا عبدالرحمن بہبودی کاملپوری (جو کہ تھانویؒ کے اجل خلفاء میں سے ہیں) مفتی صاحب سے فرمایا کرتے تھے کہ آپ کے فتوے مجھے بہت پسند ہیں حضرت گنگوہیؒ بھی مختصر فتویٰ لکھتے تھے۔ سینکڑوں علماء کرام آپ کے سامنے زانوائے تلمیذ طے کر کے مفتیان کرام بنے جو آج کل اپنے مقام پر رؤساء دار الافتاء شمار کئے جاتے ہیں اور امت کی رہبری اور دین کی اشاعت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ آپؒ کی تحریر کردہ فتاویٰ (جو کہ جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک، دار العلوم اسلامیہ چارسدہ، دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں لکھے گئے ہیں) کی تعداد کم وبیش ایک لاکھ ہے۔ تصویب شدہ فتاویٰ اور زبانی سوالوں کے جوابات کی تعداد اس پر مستزاد ہے۔ آپ کے تحریر کردہ فتاویٰ کے مجموعہ کی آٹھ جلدیں منظر عام پر آچکی ہیں، اب تک اس کے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں جو کہ عوام وخواص میں یکساں مقبول ہیں یہ ایک ایسا علمی خزانہ ہے جس سے امت مسلمہ رہتی دنیا تک استفادہ کرتی رہے گی، علماء کرام اس سے خوشہ چینی کر کے امت کی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دیتے رہیں گے[10]۔

زہد وتقویٰ

زہد کا یہ حال تھا کہ زندگی میں بہت سی پیشکشوں کو ٹھکرایا، مجاہدین افغانستان نے شکست روس کے بعد آپ کو گاڑی کی پیشکش کی کہ آپ کو زروبی سے اکوڑہ خٹک آمد ورفت میں دشواری ہے لیکن آپ نے اسے قبول کرنے سے معذرت کی مختلف مدارس سے خطیر تنخواہوں کی پیشکش ہوئی کہ آپ ہمارے ہاں پڑھائیں مگر آپ ہمیشہ یہ فرماتے کہ میں پیسوں کے لئے تدریس نہیں کرتا ہوں بلکہ اللہ کی رضا کی خاطر دین کی خدمت کرنا چاہتا ہوں جو یہاں پر اچھی طریقے سے ہوتی ہے تقویٰ میں اپنی مثال آپ تھے گویا تقویٰ کا ایک مجسمہ تھے اور تقویٰ کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے تمام زندگی اتباع سنت میں گزاری سنت کی اتباع کی ہمیشہ سختی سے تاکید فرماتے آپ زندگی کی ہر

---

10 فتاویٰ فریدیہ ،ج1ص31۔ وتجلیات فریدی،ج3،ص 58۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہلو میں گفتار و کردار میں، لباس و پوشاک میں، چال چلن میں خوشی و غم اکل وشرب، نشست و برخاست، صحت و مرض خلوت وجلوت میں سنت رسول ؐ کی اتباع فرماتے تھے، گناہوں بلکہ خلاف اولیٰ سے مکمل اجتناب فرماتے تھے اور اپنے متعلقین کو گناہوں سے بچنے کی تلقین فرماتے تھے سفر و حضر میں تہجد کے پابند تھے وتر ہمیشہ سحری کے وقت پڑھتے، رمضان کا اعتکاف مسنون صحت کی حال میں کبھی نہیں چھوڑا، سخت بیماری کی حالت میں بھی نماز کے لئے وضو فرماتے اور تیمم پر اکتفا نہ کرتے، باوجود مفلوج ہونے کے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی کوشش فرماتے ایک دفعہ آپؒ کا ہاتھ زخمی ہوا تھا ڈاکٹروں نے پانی سے بچانے کا مشورہ دیا تھا مگر آپؒ فرماتے تھے کہ ہاتھ دھو کر ثواب حاصل کرنا یقینی ہے اور پانی سے بچا کر ٹھیک ہونا یقینی نہیں بلکہ ظنی ہے ظنی چیز کیلئے یقینی نہیں چھوڑ سکتا ہوں۔آپؒ (لایخافون لومۃ لائم) کے عملی ترجمان تھے بڑے بڑے جلسوں میں بلا روک ٹوک حق بات ارشاد فرماتے فوٹو گرافی سے فوٹو گرافروں کو منع کرتے تھے۔ خاموش طبع تھے خیر الکلام ما قل ودل پر اکتفا کرتے۔ "من حسن اسلام المرء ترکه مالا یعنیه"[11] کے مصداق تھے[12]۔

اخلاق وعادات

مفتی صاحبؒ علم وفضل کے پیکر، زہد و تقویٰ، عبادت وریاضت اور دینی علوم کی جامعیت سے لبریز اور مسحور کن شخصیت تھے۔اوقات صلوۃ کی پابندی کا بھی بھرپور اہتمام کرتے تھے۔ نماز کے وقت سے قبل بشری تقاضے پورے کرتے، وضو میں مسواک کا اہتمام کرتے، پانی کے اسراف سے بچتے اور بقدر کفایت پانی کا استعمال کرتے۔ فرض نماز سے پہلے والے سنت اپنے ہاں کوارٹر میں ادا کرلیتے اور جماعت کے وقت سے قبل مسجد تشریف لے جاتے صف اول میں بیٹھتے جوں ہی نماز کا وقت پورا ہوتا تو خود ہی امامت کے فرائض سرانجام دیتے۔ عادات واطوار کے لحاظ سے عام پیروں سے ہٹ کر نہایت نفیس اور سادہ مزاجی کے مالک تھے۔ ہر کسی سے خندہ روئی اور کھلی پیشانی سے پیش آنا آپ کی شخصیت کا حصہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو گفتار کی شیرینی، زبان کی نزاکتوں اور نظافتوں سے نوازا تھا۔ اوصاف وکمالات، تواضع وانکساری اور خشیت الٰہی آپ کی ذات گرامی میں بطریق احسن موجود تھیں۔ آپ جیسے متقی بزرگوں کی صحبت کیمیا کی تاثیر پتھر کو بھی سونا بنا دیتی ہے۔ آپؒ تدبر و بصیرت کے لحاظ سے مجسمہ علم وحکمت تھے۔ اخلاص وللّٰہیت اور زہد واستغناء آپؒ کا پیشہ تھا۔ آپؒ علماء وصلحاء کا بہت احترام کرتے تھے۔ خاندان (کاکاخیل میانگان) کے ساتھ آپؒ کا تعلق بہت پرانا ہے اس خاندان کے اکثر افراد نے آپؒ سے شرف تلمذ حاصل کیا ہے۔ ان کے ہاں مفتی صاحبؒ کا بے تکلفی کے ساتھ آنا جانا تھا۔

11 "حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ المَرْءِ تَرْكَهُ مَا لَا يَعْنِيهِ» " (محمد بن عيسى بن سَوْرة بن موسى بن الضحاك، الترمذي، أبو عيسى، سنن الترمذي ،بيروت دار الغرب الإسلامي- 1998 ء, أبواب الزهد(34) باب(11) حديث(2318)) البانیؒ نے اس حدیث کو صحیح لغیرہ قرار دیا ہے۔(نفس مصدر)

12 تجلیات فریدی، ج3، ص 60۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت مولانا حافظ سعادت شاہ صاحبؒ فاضل سہارنپور (کاکاخیل خاندان میں سے تھے) اپنے زمانے کے عارف باللہ، عالم باعمل اور جامع کمالات و مجموعہ فضائل تھے۔ آپ نے اپنی ساری زندگی دین اسلام کی ترویج واشاعت، تزکیہ نفس اور اصلاح امت میں بسر کی۔ آپؒ جب بھی کاکا صاحب گاؤں آتے تو ان کساتھ ضرور ملاقات کرتے۔ مفتی صاحبؒ کبھی کبھار بے تکلفی کے انداز میں مولانا سعدالرحمن حقانی سے فرماتے کہ آج تو آپ کے گاؤں زیارت کاکا صاحبؒ جانے کو دل کر رہاہے تاکہ آپ کے جدامجد (حضرت مولانا حافظ سعادت شاہ صاحبؒ) سے ملاقات کروں۔ مولانا سعدالرحمن حقانی مفتی صاحبؒ کا شاگرد خاص ہے۔ آپ کو وسوسہ کی بیماری لگی ہوئی تھی۔ آپ پر مفتی صاحب کی شفقت کا یہ عالم تھا کہ مفتی صاحبؒ کبھی کبھار بذات خود کوزے کو اٹھا کر اس کو وضو کرنے کیلئے پانی ڈالتے رہتے تاکہ ان سے وسوسہ کی بیماری ختم ہو جائے۔

ایک دفعہ مولانا سعدالرحمن حقانی نے جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں مفتی صاحبؒ کیلئے دعوت کے طور پر آپؒ کے کوارٹر میں کچھ کھانا پکانا چاہا جسے آپؒ نے بذات خود پکایا۔ کھانا تیار ہونے کے بعد فرمایا کہ جاکر فلاں فلاں استاذ کو کھانے کی دعوت دے کر آنا۔ مولانا کہتے ہیں کہ میں نے دل میں کہا کہ کھانا تو بہت معمولی ہے اتنے سارے افراد کے لئے کافی نہیں ہوگا لیکن آپؒ کے فرمان کے مطابق جاکر تمام اساتذہ کو دعوت دی۔ دعوت کے دوران مفتی صاحبؒ نے خود بنفس نفیس برتن سے سالن ڈالنا شروع کیا۔ کرامت و برکت کا اثر یہ ہوا کہ تمام اساتذہ اور ہم سب نے خوب سیر ہو کر کھانا کھایا لیکن برتن میں پھر بھی سالن باقی رہا۔ آپؒ کی شفقت و محبت کاکا خیل خاندان کے تمام افراد کے ساتھ آخر تک برقرار رہی، اس خاندان کے تمام افراد بے تکلفی کے ساتھ زروبی آتے رہتے تھے۔ دوران مجلس آپؒ ان کے ساتھ بے تکلفی کیساتھ باتیں کرتے رہتے۔ ایک دفعہ فرمایا کہ آپ کے خاندان کے بڑوں کے نام تو مجھے یاد ہیں۔ لیکن چھوٹوں کے نام پوری طرح یاد نہیں لیکن آپ کے خاندان میں ایک چھوٹے لڑکے (سعدالعلیم) کے نام کو میں نہیں بھولا۔ اس کے بعد مسکرادیئے اور فرمایا کہ اسی لڑکے نے مجھ پر اپنا نام یاد کروایا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ جب بھی زروبی آتا ہے۔ تو میں جب ان کا نام پوچھتا ہوں تو یہ ناراض ہو کر بڑی بے تکلفی کے انداز میں کہتا ہے کہ آپؒ نے پھر میرا نام بھلادیا ہے۔ اس طرح یہ لڑکا جب بھی آتا ہے تو خود ہی مجھ سے پوچھتا ہے کہ میرا نام تو بتائیں کہ میرا نام کیا ہے؟ اسی وجہ سے اُس کا نام مجھے ابھی تک یاد ہے[13]۔

معمولات

آپؒ کا معمول گھر اور مدرسہ دونوں جگہ میں یہ رہا کہ نماز فجر سے دو گھنٹے پہلے اٹھ کر تہجد پڑھنے کے بعد آخر میں وتر پڑھ لیتے۔ دارالعلوم حقانیہ میں معمول اس طرح رہا کہ تہجد اور وتر پڑھنے کے بعد کتابوں کا مطالعہ فرماتے۔ اذان فجر کے بعد دو

13 مفتی محمد فرید، فتح المنعم بشرح مقدمہ صحیح مسلم، ضلع صوابی کوٹھا، مکتبۃ الفرید، 1430ھ ص 15۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رکعت سنت فجر مکان میں پڑھ لیتے تھے۔جماعت سے تقریبا پانچ منٹ پہلے فجر باجماعت اداکرنے کے لیے مسجد تشریف لے جاتے ۔نماز فجر پڑھانے کے فورابعد مکان تشریف لاتے۔ مریدین اور طلباء بڑے شوق سے مراقبہ کے لیے آتے۔اگرکسی سالک کو سبق (وظیفہ) تبدیل کرناہوتا تو تبدیل فرمادیتے ۔اگرکسی کا مختصراشکال ہوتا (سوال وجواب)ہوتا تو اس کو بھی اسی وقت حل فرماتے دیتے۔ مراقبہ کے بعد چائے نوش فرماتےاور پھر مطالعہ میں مصروف ہو جاتے۔ طلباء کوآپؒ کا مزاج معلوم تھا اس لیے سب اپنے وقت پر حاضر ہوتے۔دو گھنٹے پڑھانے کے بعد گھر تشریف لاتے ۔اگر پیریڈنہ ہوتا تودارلافتاء تشریف لے جاتےاور موصل ہونے والے سوالات کے جوابات تحریر فرماتے۔[14]

آپؒ کے خصوصی شاگرد اور جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ چارسدہ کے شیخ الحدیث اور ماہنامہ "النصیحہ" کے مدیر مسئول مولانا غلام محمد صادق (سابقہ MNAفاٹا) مفتی صاحب ؒ کے معمولات کے متعلق لکھتے ہیں "ایک دفعہ مجھے حضرت صاحبؒ کی خواب گاہ میں رات گزارنے کے لیے جگہ ملی، حضرت صاحبؒ کی عادت تھی کہ نماز عشاءپڑھ کر فوراً آرام فرماہو جاتے تھے۔ چنانچہ معمول کے مطابق حضرت صاحبؒ اپنی چارپائی پر لیٹ گئے،میں بھی سوگیا۔رات کے کسی وقت میری آنکھ کھلی تو دیکھا کہ حضرت صاحبؒ دروازے پر ہیں ،ہاتھ میں مسواک ہےاور وضوخانے کی طرف جارہے ہیں ،میں خود کو خوابیدہ ظاہر کرکے چارپائی پر لیٹارہا۔حضرت صاحبؒ وضوکرکے کمرے میں داخل ہوگئے اورآہستہ اہستہ آوازمی "إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ "[15]"بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اوررات اوردن کے بدل بدل کرآنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں"۔پڑھ رہے تھے ۔حضرت صاحب نمازمیں مشغول ہوگئے اور میری آنکھ دوبارہ لگ گئی۔کچھ دیر بعد آنکھ کھلی توحضرت صاحبؒ کو چارپائی پر لیٹے ہوئے حالت نوم میں پایا۔میں پھر سوگیا۔کچھ دیر بعد بیدار ہواتو آپؒ کو نمازمیں کھڑے دیکھا کہ دھیمی آواز سے جہری قراءت فرمارہے ہیں۔ بار باراٹھنے اور لیٹنے کے عمل سے غالباً حضرت صاحبؒ سنت نبوی ﷺ کی اتباع وتعمیل کررہے ہیں جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے:

"میں(ایک رات)حضور ﷺ کے ہاں سوگیا تو میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ وہ جاگ اٹھے ،مسواک کا استعمال کیا،وضو کی اور یہ آیت" إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ "[16] "بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اوررات اوردن کے بدل بدل کرآنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔پڑھ رہے تھے ۔پھر کھڑے ہو گئے اوردو رکعت نماز پڑھی جس میں قیام ،رکوع اور سجدہ کو طول دیا۔پھرلوٹ کر سوگئے۔یہ کام تین بار کیا اورچھ رکعات

---

14 تجلیات فریدی،ج1،ص35۔

15 سورۃآل عمران190:3۔

16 سورۃآل عمران190:3۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نماز پڑھی اور یہ آیات پڑھتے تھے ۔آخر میں تین رکعت وتر پڑھ لی"[17] چھٹی ہونے کے بعد جلد کھانا کھاکر تھوڑی دیر کے لیے قیلولہ فرماتے۔اذان ہوتے ہی نماز کی تیاری کر کے مسجد تشریف لے جاتے۔نماز ظہر کے بعد پھر مکان تشریف لاتے ۔نماز عصر کے بعد پھر مکان میں اجتماعی مراقبہ کرتے اور مراقبہ کے بعد مغرب کی نماز تک سالکین کو بیعت فرماتے۔مغرب کی نماز کے بعد اوابین پڑھتے۔فارغ ہونے کے بعد مکان تشریف لاتے۔اگر کھانا تیار ہوتا تو تناول فرماتے اور پھر قرآن کریم کی تلاوت فرماتے ۔اور اگر کھانا تیار نہ ہونے میں ابھی وقت ہوتا تو تلاوت شروع فرماتے۔پھر کھانا کھاتے اور کھانا کھانے کے بعد پھر تلاوت قرآن کریم فرماتے۔اذان عشاء کے بعد تجدید وضو فرماتے اور نماز کے لیے مسجد تشریف لے جاتے۔نماز عشاء پڑھانے کے بعد مکان تشریف لاتے ،دو رکعت مکان میں پڑھتے ۔سنت پڑھنے کے بعد نیند کے لیے تیاری شروع فرماتے۔ دارالعلوم حقانیہ میں آپؒ کا یہی معمول رہا۔اگر کسی نے وقت لیا ہوتا تو معینہ وقت سے دس پندرہ منٹ پہلے تیار ہو کر منتظر رہتے اور بار بار دروازے تک نکل کر دیکھتے۔ جمعہ کے دن نماز فجر پڑھنے کے بعد مراقبہ کرتے اور مراقبہ کے بعد ناشتہ سے فارغ ہو کر باقاعدگی سے والدین کی قبور کی زیارت کے لیے مقبرہ تشریف لے جاتے۔[18]

فالج کا حملہ

9 اکتوبر 1996ء کو نماز فجر پڑھنے کے بعد آپؒ پر فالج کا حملہ ہو گیا اور دوسری رکعت بیٹھ کر پڑھی،مکان میں حسب معمول مراقبہ کیا ۔مراقبہ کرنے کے بعد فرمایا کہ آج جسم کا ایک طرف بے دم سے ہے اور عارضہ سحری میں تہجد کے وقت محسوس کیا ہے مولانا امداداللہ حقانی (مفتی صاحبؒ کے بھتیجے) کہتے ہیں کہ کسی کو بتائے بغیر ہم نے آپؒ کو لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں لے گئے۔ڈاکٹر صاحب نے تشخیص کر کے کہا کہ بلڈ پریشر زیادہ ہو گیا ہے اور کچھ دیر کے لیے داخل کر دیا۔کچھ دیر بعد کہا کہ اب آپ واپس جا سکتے ہیں ۔جب ہم دارالعلوم واپس آئے تو فالج کا اثر زیادہ ہو چکا تھا۔زبان تقریبا بند ہو چکی تھی لیکن باقی حواس کام کر رہے تھے۔اسی دوران کاغذ اور قلم مانگا اور لکھا کہ مجھ پر لقوہ کا حملہ ہوا ہے اور فی الحال زیادتی پر ہے۔ڈاکٹر امجد علی

---

17 حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ رَقَدَ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَيْقَظَ فَتَسَوَّكَ وَتَوَضَّأَ وَهُوَ يَقُولُ: {إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ} [آل عمران: 190] فَقَرَأَ هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ حَتَّى خَتَمَ السُّورَةَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَأَطَالَ فِيهِمَا الْقِيَامَ وَالرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَامَ حَتَّى نَفَخَ، ثُمَّ فَعَلَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سِتَّ رَكَعَاتٍ، كُلَّ ذَلِكَ يَسْتَاكُ وَيَتَوَضَّأُ وَيَقْرَأُ هَؤُلَاءِ الْآيَاتِ، ثُمَّ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ، فَأَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَخَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ، وَهُوَ يَقُولُ: «اللهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا، وَفِي لِسَانِي نُورًا، وَاجْعَلْ فِي سَمْعِي نُورًا، وَاجْعَلْ فِي بَصَرِي نُورًا، وَاجْعَلْ مِنْ خَلْفِي نُورًا، وَمِنْ أَمَامِي نُورًا، وَاجْعَلْ مِنْ فَوْقِي نُورًا، وَمِنْ تَحْتِي نُورًا، اللهُمَّ أَعْطِنِي نُورًا»(امام مسلم،ابوالحسین مسلم بن الحجاج ، صحیح مسلم،داراحیاءالتراث العربی،بیروت(س۔ن) کتاب صلاۃ المسافرین وقصرھا(6) باب الدعاء فی صلاۃ اللیل وقیامہ(26)حدیث 191 (763)

18 مفتی محمد فرید،ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری،مدینۃ منورۃ،مکتبۃ الملک فھد،1432ھ،ص 23۔24۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کو بلانا چاہا تو وہ کہیں باہر گئے ہوئے تھے دوبارہ ہم نوشہرہ کینٹ چلے گئے اور وہاں سے پھر لیڈی ریڈنگ ہسپتال گئے اور وہیں داخل کیا گیا۔[19]

درس سے قاصر ہونا اور گاؤں کی طرف واپسی

جب لقوہ اور فالج کی وجہ سے زبان بند ہوگئی تو درس دینے سے قاصر ہو گئے۔ مجبورا گاؤں میں رہنے لگے آپؒ درس کے ساتھ ساتھ سالکین کی تربیت بھی کرتے تھے لیکن جب درس کی مشغولیت نہ رہی تو پوری توجہ ارشاد و سلوک کی طرف ہوگئی۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کو منظور تھا کہ اس سلسلے کا کام حضرت سے لیا اور تصوف کو شریعت کے سانچے میں ڈال کر لوگوں کو افراط و تفریط سے بچایا۔ انداز اکابر دیوبند کی طرح اعتدال ہی کا تھا۔ افراط و تفریط سے سخت نفرت کرتے تھے۔ حقانیہ کے بعض اساتذہ سے گپ شپ کے دوران فرماتے "اللہ تعالیٰ نے ہمیں چھٹی دی ہے اب ہم اس سلسلے کی خدمت کر رہے ہیں"۔[20]

سفر آخرت

۹ جولائی ۲۰۱۱ ءآپؒ کی حالت خراب ہوئی تو صوابی ہسپتال لے جایا گیا۔ ڈاکٹر نے نبض چیک کر بتایا کو کہ ان کو فورا L.R.H لے چلو۔ راستے ہی میں "مرغز" کے مقام پر 10:30 (بروزِ ہفتہ ۸ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ بمطابق ۹ جولائی ۲۰۱۱ء) بجے آپ کی روح پرواز کر گئی اور آپ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ لیکن پھر بھی آپ کو ہسپتال پہنچایا گیا۔ ڈاکٹروں نے پورا چیک اپ کر کے تسلی کر لی اور وہ غمزدہ خبر سنائی جسے لوگوں نے صبر و تحمل کے ساتھ برداشت کی۔

جنازہ

آپ کی نماز جنازہ کے لیے وقت 6 بجے نماز عصر کے بعد رکھا گیا۔ ملک کے کونے کونے سے آپ کے جنازے میں شرکت کی سعادت حاصل کرنے کے لیے تقریباً ڈیڑھ لاکھ لوگ نماز جنازے میں شریک ہوئے۔ بہت سے لوگ رش کی وجہ سے آپ کی نماز جنازے میں شرکت کرنے سے محروم رہے۔ نماز جنازہ چھ بجکر پندرہ منٹ ادا کی گئی۔ مولانا حافظ حسین احمد صاحبؒ نے اپنے والد محترم کی نماز جنازہ پڑھائی۔[21]

---

19 تجلیات فریدی،، ج1، ص36۔

20 تجلیات فریدی، ج1، ص36۔

21 تجلیات فریدی، ج2، ص18۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

مفتی صاحب رحمہ کی تدریسی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحب ؒ کی تدریسی خدمات

ایک کامیاب مدرس میں جتنی خوبیوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب خوبیاں اللہ تعالیٰ نے مفتی صاحب میں ودیعت فرمائی تھی وقت کی پابندی آپؒ کا طرہ امتیاز تھا اسباق میں کبھی بھی ناغہ نہیں کرتے طریقہ تدریس انتہائی دلچسپ تھا، مشکل مقامات کو اپنے خداداد ملکہ سے انتہائی آسانی کیساتھ حل فرماتے تھے آپؒ نے فراغت سے تین سال قبل تدریس شروع فرمائی تھی، فراغت کے بعد ایک سال اپنے گاؤں زروبی میں اپنے آباؤاجداد کی درسگاہ میں تدریس کی اس کے بعد جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک میں بحیثیت مدرس اعلیٰ مقرر ہوئے، سات سال تک جامعہ میں بیضاوی شریف، جلالین شریف، مشکوٰۃ المصابیح، ترمذی شریف، صحیح مسلم شریف، سننین اور مؤطائین اور ابوداؤد شریف، ہدایہ، مطول، قاضی، سلم، حمداللہ، صدرا اور شرح جامی پڑھائے اس کے بعد بعض شرعی اعذار کی وجہ سے جامعہ سے مستعفی ہو کر دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ میں استاد الحدیث اور صدر المدرسین مقرر ہوئے پھر حضرت مولانا غور غشتویؒ اور حضرت مولانا عبدالمالک صدیقی صاحب رحمہ اللہ کی خواہش پر اور شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب رحمہ اللہ کی درخواست پر 1385ھ کو دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے، آپ جب جامعہ اسلامیہ میں پڑھا رہے تھے تو اس وقت آپ کو جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک میں تدریسی خدمات انجام دینے کے لئے دعوت دی گئی تھی۔آپؒ نے جب استخارہ کرنے پر یہ خواب دیکھی۔کہ جامعہ حقانیہ کے مین گیٹ کے بالمقابل ایک بورڈ لگا ہوا تھا جس پر لکھا تھا -" وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا "[22] تو تب جامعہ حقانیہ کو تشریف لے آئے۔اور پھر جامعہ حقانیہ ہی کا ہو گیا۔اور اپنی خداداد صلاحیت کی برکت بہت جلد جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مسند شیخ الحدیث اور جامعہ حقانیہ کے دارالافتاء کے رئاستہ پر فائز ہو گئے۔ جامعہ حقانیہ میں درس و دیگر اداروں کی طرح یہاں بھی آپؒ طلباء اور اساتذہ کرام میں نہایت مقبول اور ہر دلعزیز تھے طلبہ آپ کے درس سے بڑے شوق وذوق سے مستفید ہوتے تھے یہاں تک کہ نو اکتوبر 1996ء کو نماز فجر پڑھتے وقت فالج کا حملہ ہوا اور اسی بیماری کی وجہ سے حدیث کی درس کا دروازہ بند ہوا مگر ارشاد و سلوک کی درس کا دروازہ ہمہ وقتی کھل گیا۔دور دراز کے علاقوں سے سالکین تشریف لاتے اور ارشاد و سلوک کے منازل طے کرتے رہے، بیماری کے ان پندرہ سالوں میں اتنی کثیر تعداد میں لوگوں کی روحانی اصلاح ہوئی کہ صحت کے زمانہ میں اتنے لوگوں کی اصلاح نہ ہوئی ہوگی۔ ہر شاگرد سالک کیساتھ آپؒ کا ایک تعلق ہوتا جس کو صرف وہ محسوس کرتا یہاں تک کہ ہر سالک یہ کہتا کہ مجھ سے بہت زیادہ محبت ہے[23]۔

انداز درس اور خصوصیات درس

---

22 " فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ"" اس میں کھلی ہوئی نشانیاں ہیں جن میں سے ایک ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے۔جو شخص اس (مبارک) گھر میں داخل ہوا اس نے امن پالیا۔اور لوگوں پر خدا کا حق (یعنی فرض) ہے کہ جو اس گھر تک جانے کا مقدور رکھے وہ اس کا حج کرے اور جو اس حکم کی تعمیل نہ کرے گا تو خدا بھی اہل عالم سے بے نیاز ہے۔"(سورۃ آل عمران 3:190)

23 فتح المنعم، ص10۔11۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

1. کسی دینی مدرسہ میں درس وتدریس کا مشغلہ ہو یا کسی طالب علم کی تعلیم کا مرحلہ ہر دونوں کے لئے اساتذہ کرام کا احترام اور کلاس و کتابوں کا ادب وہ بنیادی چیز ہے جس کے متعلق شاہ انور شاہ کشمیریؒ فرمایا کرتے تھے، "کہ مجھے کتابوں کے ادب نے انور شاہ کشمیری بنایا"۔ مفتی صاحبؒ میں کتابوں کے ادب کا خاص اہتمام تھا، چنانچہ پورے سال تک درس دیتے وقت قعدہ کی شکل میں بیٹھے ہوئے دیکھا گیا اور یہ طریقہ کسی ایک دو گھنٹہ میں نہیں بلکہ مسلسل تین گھنٹوں تک اختیار کئے ہوتے۔

2. درس کی بنیادی خصوصیت یہ تھی کہ حدیث کی تشریح اور مقصد کو واضح کرتے اور فقہی مسئلہ پر شکم سیر بحث بیان فرماتے۔

3. درپیش جدید مسائل کا حل احادیث مبارکہ کی روشنی اور قواعد فقہیہ کی رو سے حل فرماتے۔

4. باوجودیکہ جامعہ حقانیہ میں شیخ الحدیث کے منصب پر بیٹھے ہوئے بخاری، ترمذی اور ابوداؤد کے درس اور احادیث مبارکہ کی نشرو اشاعت میں مشغول رہے لیکن پر فقہی رنگ غالب تھا اسلئے لوگ انہیں مفتی صاحب دامت برکاتہم سے یاد کرتے تھے۔

5. اسی فقہی بصارت کو دیکھ کر شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب نے فرمایا کہ آپؒ اس زمانہ کے امام ابوحنیفہ ہیں۔

6. خاص فقہی ذوق کے مالک یہ مرد درویش جب بیمار ہوگئے تو سابقہ مدرس دارالعلوم حقانیہ مولانا مفتی غلام الرحمٰن و حالاً مہتمم جامعہ عثمانیہ پشاور نے فرمایا کہ اب مفتی صاحب کے اس خلاء کو ان کے بعد کوئی شخص پورا نہیں کرسکے گا۔

7. کسی بھی مدرس و طالب علم کے لئے اوقات کا پابند رہنا بنیادی صفت ہے آپؒ کو اللہ تعالیٰ نے اس عظیم صفت سے نوازا تھا، دوران درس بیمار ہوتے یا کوئی مہمان آتا تو درس کو ترجیح دیتے اور درس کی پابندی اپنا اولین فریضہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ عادت یہ تھی کہ ہفتہ میں دو مرتبہ گھر جاتے یعنی بروز پیر اور جمعرات لیکن ٹرانسپورٹ کے کمزور نظام اور خراب سڑکوں کے باوجود کبھی ایسا نہیں ہوا تھا کہ کسی دن اپنے مقررہ وقت سے لیٹ آگئے ہوں بلکہ صبح سویرے اپنے گھنٹہ کے لئے بروقت حاضر ہوجاتے تھے

۔

8. تواضع انکساری کا یہ عالم تھا کہ دوران درس حدیث کی توجیہ یا کسی مسئلے میں اپنی رائے بیان کرتے تو وہاں یہ تصریح نہیں کرتے کہ میں یہ کہتا ہوں بلکہ فرماتے کہ انشاءاللہ ایک توجیہ یہ بھی ہے، تو سامعین کو اندازہ ہوجاتا کہ یہ آپؒ کی اپنی رائے ہے۔

9. اختلافی مسائل میں جو مسائل ارفق اور اسہل ہوتے تو اس قول کو راجح قرار دیتے اور فرماتے کہ " **يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا، وَلاَ تُنَفِّرُوا** "[24]

24" حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا، وَلاَ تُنَفِّرُوا» "البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، دار طوق النجاۃ، 1422ھ کتاب العلم (3) باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يتخولهم بالموعظة والعلم كي لا ينفروا، حدیث (69)

toobaa-elibrary.blogspot.com

10. کتاب الحیل وغیرہ ابواب میں امام بخاریؒ کے انداز بیان (قال بعض الناس) کی تشریح میں فرمایا کرتے تھے کہ امام بخاری ذرا سوچ تو کر آپ اپنے اساتذہ کے استاد کو بعض الناس سے یاد کرتے ہیں۔ اور کبھی فرمایا کرتے تھے کہ اے امام بخاری آپ اپنے اساتذہ میں جس استاذ یعنی عبداللہ بن المبارکؒ پر استاذی کا ناز کرتے ہیں وہ تو امام ابو حنیفہؒ کے شاگرد ہیں ذرا سوچ سے قدم رکھیں۔ اور فرمایا کہ امام بخاریؒ اپنے صحیح میں جن احادیث ثلاثیہ پر ناز کرتے ہوئے نقل کرتے ہیں وہ تو اکثر علماء احناف سے مروی ہیں۔

11. بخاری کی کتاب النکاح کی ایک روایت "کہ کوئی عورت اپنے شوہر کو کسی دوسری عورت کے صفات بیان نہ کریں کیونکہ جب یہ شوہر اس دوسری عورت کا تصور کرے گا تو یہ ایسا ہی ہے جس طرح یہ شخص اس عورت کو دیکھتا ہے"۔ اس روایت کی تشریح میں فرمایا کہ لوگ کتاب دیکھتے نہیں اور کہتے ہیں کہ یہ جدید تحقیق ہے کوئی جدید تحقیق نہیں، جب کسی عورت کا تصور جائز نہیں ہے تو ٹی وی پر تصویر دیکھنا کیسے جائز ہوگا۔ (یعنی ٹی وی کی تصویر کا مسئلہ تو اس روایت سے ثابت ہے[25]۔

ان خصوصیات میں آپؒ کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ آپ طالب علمی اور جوانی وشباب کے دور عروج میں تصوف کے ساتھ منسلک تھے۔ایک مجلس میں فرمایا کہ جس سال میری دستار بندی ہوئی اس وقت میرے مریدوں کے تعداد (۱۱۰) سے تجاوز کر گئی تھی۔یعنی جس طرح ہمارے اکابر درس وتدریس میں کمال حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ تصوف کے منازل بھی طے کرتے تھے۔بالکل اسی طرح حضرت مفتی صاحبؒ نے اپنے اسلاف کے نقش قدم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے درس وتدریس میں امتیازی شان حاصل کرنے کیساتھ ساتھ تصوف میں بھی بڑا مقام حاصل کیا۔انتہائی مشاغل کے باوجود روزانہ چند دفعہ بمع طلباء کرام مراقبات کی مجالس کا اہتمام کرتے تھے بلکہ اس پر مداومت فرماتے تھے۔اور فرمایا کرتے تھے کہ حدیث شریف کا مضمون ہے کہ اللہ تعالیٰ کو وہ عمل زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہوتا ہے جس پر دوام ہو۔نیز ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ دوام اور التزام میں فرق ہوتا ہے دوام ممدوح ہے اور التزام مذموم ہے ۔ علمی انہماک کا یہ عالم تھا کہ جب بھی دیکھا گیا تو درس وتدریس یا مطالعے یا مجالس ذکر ومراقبے میں مصروف پایا۔درس وتدریس اور ذکر وفکر میں انہماک اور شغف آپؒ کا طرہ امتیاز تھا۔درس میں ایسے علمی نکات بیان فرماتے جو علماء کرام کے مجالس میں ماشاءاللہ کم ہی ملتے ہیں۔اسی طرح فتوے کا انداز بھی بہت نرالہ تھا۔فتوی میں حدیث شریف " يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا، وَلاَ تُنَفِّرُوا "[26] کا بہت اہتمام فرمایا کرتے۔امام اعظم کے ارشاد کے موافق فتوی اور ہے اور تقوی اور ہے۔ مفتی صاحب کے فتوے کا بھی یہی شان تھا [27]۔

انداز درس سے متعلق علماء کی آراء

---

25 تجلیات فریدی، ج2، ص86۔71۔

26 صحیح البخاری، کتاب العلم(3)باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يتخولهم بالموعظة والعلم كي لا ينفروا، حدیث(69)

27 تجلیات فریدی، ج2، ص28۔29۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

1. شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الغنی صاحب (اُفغانستان حالا مقیم پاکستان) مفتی صاحبؒ کے متعلق فرماتے ہیں" بہر تقدیر دار العلوم حقانیہ میں میرا داخلہ ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے پہلی صف میں آپؒ کے سامنے قریب مجھے جگہ نصیب فرمائی۔ اور آپؒ کے اسباق سے مشرف ہوا۔ جس وقت ہم دار الحدیث میں جاتے تو ہم اپنے آپ کو خالی محسوس کرتے لیکن جب مفتی صاحب کے اسباق سنتے اور اس سے فارغ ہو جاتے تو ہم اپنے آپ کو علم سے مالا مال محسوس کرتے آپؒ کا درس ہر کسی کو پسند تھا۔ اختلافی مسائل میں طریقہ یہ تھا کہ جب اختلافی مسائل بیان کرتے تو ایسے انداز میں تحقیق کرتے کہ تشدد کا نام ونشان بھی نہ ہوتا۔ اور جب کسی فریق اور گروہ پر رد فرماتے تو انتہائی تبسم اور خوش طبعی کیساتھ فرماتے تھے۔ اسباق میں حاضری اور پابندی وقت کا یہ عالم تھا کہ پورے سال میں نے ایک چھٹی بھی نہیں کی تھی۔ اور اپنے وقت پر اسباقوں میں حاضر ہوا کرتے۔ ایک دن آپؒ نے بخاری جلد ثانی قبل از وقت شروع کی، لیکن جب طلباء دار الحدیث میں آئے اور آپؒ نہیں تھے، تو تمام طلباء تعجب میں پڑ گئے جب بخاری جلد اول کا وقت شروع ہوا تو مفتی صاحب تشریف لائے۔ اور اسباقوں میں مصروف ہو گئے۔ لیکن بعد میں پتہ چلا کہ غالباً آپؒ کی ہمشیرہ وفات ہو گئی تھیں اور وہ جنازے کے بعد یا دفن کے بعد تشریف لائے ہیں۔ آپؒ طلباء کو ہمیشہ یہ نصیحت کیا کرتے تھے کہ ہر وقت میں تقدیم الاھم فالاھم ہوتا ہے۔ اور شفقت علی العوام اس لئے ضروری ہے کہ عوام علماء کی اکثر ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ اور علماء کے جلسے ان سے گرم ہوتے ہیں"[28]۔

2. مولانا قاضی فضل اللہ صاحب ایڈوکیٹ (حالا مقیم امریکہ) فرماتے ہیں کہ "حضرت مفتی صاحبؒ ان علماء وصلحاء کا بقیہ ہیں۔ حق کے چہروں پر یہ نور عام وخاص کو نظر آرہا ہے عام مجلس میں کم گو لیکن علمی مجلس یا پھر تدریس، تعلیم میں علوم کا ایک بحر بیکراں جو ٹھاٹھیں مارتا ہوں ہمارے زمانہ طالب علمی میں دورہ حدیث شریف میں سنن ابی داؤد اور صحیح بخاریؒ کی کتاب الصلوٰۃ سے آگے کا حصہ حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم العالیہ پڑھایا کرتے تھے۔ خصوصاً سنن ابی داؤد میں (قال ابو داؤد) کے ذیل میں جب اغراض ابو داؤد کا تذکرہ فرماتے تو اسلاف کے متعلق جو پڑھا اور سنا تھا اس کی وضاحت فرماتے۔ مسئلہ سمجھانے کیلئے شقیں بناتے تھے اور پھر نمبر وار ہر شق کا جواب دے کر راجح اور افضل کی ترجیح سب پر علمی ومنطقی اور معقول انداز سے کروا دیتے۔ ایسے ایسے ضابطے وضع کر دیتے کہ ایک بہت ہی پیچیدہ مسئلہ آسانی سے سمجھ میں آجاتا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق رحمہ اللہ فرماتے کہ حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب دار العلوم کے متکلم اور حضرت مفتی صاحب دار العلوم کے فقیہ ہیں۔ علماء کرام کا سلاف کے حوالے سے کسی کو المحدث الفقیہ اور کسی کو الفقیہ المحدث کہا کرتے ہیں۔ حضرت مفتی صاحبؒ پڑھاتے وقت دونوں کا سنگھم ہوا کرتے تھے۔ اسماء الرجال کی بات پر آتے تو نقد وجرح کے حوالے سے ایک انسائیکلوپیڈیاں معلوم ہوتے تھے۔ تنقیح و

---

28 تجلیات فریدی، ج2، ص78۔79۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تخریج واستنباط پر آجاتے تو مجتہد وقت، حق بات کہتے بدون خوف لومۃ لائم لیکن کسی کی توہین وتحقیر نہ کرتے گویا حق بات کہتے ہیں قرابت تعلق اور دوستی کو آڑے نہ آنے دیتے۔ تدریس کے ساتھ ساتھ علماء، طلباء اور عوام کی اصلاح وتربیت فرماتے تھے۔ راقم تو زمانہ طالب علمی میں (اللہ معاف فرمائے) اس حوالے سے لاابالی قسم کا تھا جبکہ بعد از فراغت حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب رحمہ اللہ سے رشتہ جوڑا تھا۔ اگرچہ تاحال وہ وظائف واوراد میں باقاعدگی اتنی نہ کرسکا۔"[29]۔

3. مولانا سعد الواحد حقانی(مدرس مدرسہ سیدنا امیر معاویہؓ غور غشتی ضلع اٹک) فرماتے ہیں کہ "آپؒ کا انداز تدریس بہت ہی عجیب اور منفرد تھا۔ دوران سبق طلبہ کے اذہان اور ان کے حالات اور مقتضائے حال کے پیش نظر وقتاً فوقتاً علمی ابحاث کے ساتھ لطائف وظرائف سے محفل کو خوب تازہ رکھتے اور اپنے مخصوص انداز سے اسے باغ وبہار بنادیتے، سبق جتنی دیر بھی ہوتا طلبہ آخر تک تازہ رہتے۔ آپؒ طلبہ کو وقفہ وقفہ سے سبق پڑھاتے دوران درس عام معمول اسباق میں پابندی سے حاضری کا تھا بغیر کسی معقول عذر کے سبق میں کبھی بھی غیر حاضری نہیں کی"[30]۔

4. مولانا نور محمد ثاقب صاحب (سابق چیف جسٹس افغانستان) فرماتے ہیں کہ " حضرت مفتی صاحب کی شان یہ تھی کہ دوسرے مدارس کے بڑے بڑے ہم عصر شیوخ دورۂ حدیث کی کتابوں پر آپ کے شروح دیکھتے تھے، مثلاً منہاج السّنن، ھدایۃ القاری اور فتح المنعم وغیرہ، یہ بات وہاں کے دورۂ حدیث کے طلباء بھی بیان کرتے تھے۔ دورۂ حدیث کے سال ہم آپؒ سے دورانِ درس اور اسی طرح دوسرے اوقات میں ایسے بے مثل وعمدہ، پُر معنی وپُر مغز کلمات وعبارات اور جُملے سنتے تھے جو دقیق ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت مفید اور جامع بھی ہوتے اور جوامع الکلم کی حیثیّت رکھتے، ساتھ ساتھ اتنے عمیق، قناعت بخش اور پُر اثر ہوتے کہ دل کی گہرائیوں میں اُتر جاتے، پتھر کی لکیر کی طرح پُختہ اور مضبوط ہوتے، مختصر ہونے کے باوجود موتی اور وزنی ہوتے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ گویا یہ سابقہ مصنّفین کے متون ہیں۔ اختلافی مسائل میں ایسی بات ذکر فرماتے جو قولِ فیصل ہوتی، اسی طرح آپ کے لطائف اور علمی نکات بھی بہت دلچسپ اور معلومات افزا ہوتے تھے، یہ سب آپ کی خصوصیّات میں سے ہیں۔ خوفِ تطویل سے تفصیلی ذکر اور بیان کو چھوڑ دیتے تھے، آپ کے لطائف اور علمی نکات اکثر آپ کی تالیفات میں جا بجا ملتی ہیں۔ تدریس کے دوران ہزاروں کی تعداد میں طلباء نے آپ سے علم اور فیض حاصل کیا،

---

29 منہاج السنن کی تسہیل میں مفتی محمد فرید صاحبؒ کے منہج کا تجزیاتی مطالعہ: مقالہ نگار سید احتشام الحق، نگران مقالہ ڈاکٹر صالح الدین حقانی، عبد الولی خان یونیورسٹی مردان سیشن 2015-2016، ص44۔

30 مرجع سابق۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور جیسا کہ میں نے ابتداء میں عرض کیا ہے کہ حضرت مفتی صاحب کی تدریس نہایت جامع، دقیق اور بے حد پُر فیض ہوتی تھی۔

"۔

درس وتدریس کے علاوہ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کے مواعظ وخطبات بھی ضرب المثل تھے جمعہ کی تقریر سننے کے لئے بھی لوگ دور دور سے تشریف لاتے تھے آپؒ اپنے مواعظ وخطبات میں اکثر فقہی مسائل بیان فرماتے تھے وہ کبھی لباس کے متعلق، کبھی بالوں کے متعلق، کبھی نماز روزہ کے متعلق، کبھی عیدین وقربانی کے متعلق، تفصیل سے ایک موضوع پر بہت سے مسائل بیان فرماتے حتیٰ کہ حاضرین تعجب فرماتے اپنے ہر بیان کے آخر میں اکثر یہ دعا فرماتے اے اللہ ہمارا آخری خاتمہ ایمان پر فرما، پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کر، مجاہدین کو فتح عطا فرما، عالم اسلام کی حفاظت فرما۔ درس اور تقریر میں حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کا تکیہ کلام (بہر حال) ہوتا اور کبھی یہ فرماتے "تا سو خدائے او بخہ" اللہ آپ کی بخشش کرے یہ کام ایسا کرو۔ تقریر میں بہت اتار چڑھاؤ اور جوش وغضب نہ ہوتا بلکہ مکمل اطمینان آرام اور سادگی کے ساتھ اپنے مدھم آواز میں جواہر پارے بکھیرتے تھے[31]۔

---

31 تجلیات فریدی، ج3، ص61۔62۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

مفتی صاحبؒ کے تصنیفی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحبؒ کے تصنیفی خدمات

مفتی صاحب رحمہ اللہ مدرس، محدث، مرشد اور مفتی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بلند پایہ مصنف ومؤلف بھی تھے متعدد مقالات کے علاوہ ان کی مختلف تصانیف بھی شائع ہوئی ہیں جو کہ تمام کی تمام نہایت مقبول اور مفید ہیں۔ ذیل میں ان کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

1. ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری

مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں "کہ یہ شرح میں نے دروس کے دوران اپنے اساتذہ سے املا کیا ہے اور میں نے خود اس کی ترتیب اور تدوین کی ہے اور میں نے اس کا نام ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری رکھا ہے"۔ صحیح بخاری کے باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر کتاب العلم کی آخر تک ایک جامع عربی شرح ہیں صحیح بخاری شریف کے مطول اور فہیم شروح کا ملخص اور اکابرین محدثین کے امالی کا نچوڑ ہے۔ یہ ایک ضخیم جلد میں ہے جو تقریبا ۴۰۰ سو صفحات پر مشتمل ہے، تمام اہم حدیثی اور فقہی مباحث پر مشتمل ہے۔ مولانا ولی الزمان بن منتظر خان نے تصحیح، اضافہ اور بعض مواقع پر تخریج کی ہے نیز آخر میں "التلخیص لما علق باخر ابواب الجامع الصحیح" کے نام سے ایک رسالہ بھی شامل کیا ہے جو انہوں نے جامعہ حقانیہ میں حضرت مفتی صاحبؒ کے درس بخاری کے اختتام پر املا کیا تھا مولانا ولی الزمان صاحب حالاً مقیم مدینہ منورہ نے اب اس شرح کو بیروت سے بھی شائع کروایا ہے۔ علماء طلباء میں مقبولیت کی وجہ سے دسیوں بار شائع ہو چکی ہے[32]۔

2. منہاج السنن (عربی) شرح جامع السنن للامام الترمذی

یہ ترمذی شریف کی مختصر اور جامع شرح ہیں تمام فنی اور کتابی مباحث پر مشتمل ہے تمام ضخیم شروح سے مستغنی کرنے والی ہے معلمین اور متعلمین دونوں کیلئے انتہائی مفید ہے کمال مقبولیت کی وجہ سے دسیوں بار شائع ہوئی ہے۔

3. البشریٰ لارباب الفتوی

یہ اصول فتوی کے متعلق مختصر اور جامع رسالہ ہے دس فصلوں پر مشتمل ہے آخری فصل امام ابو حنیفہؒ کی مختصر تاریخ اور ان پر اعتراضات کے جوابات پر مشتمل ہے۔ حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب رئیس دار الافتاء دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نے اپنے تخصص فی الفقہ والافتاء کی نصاب میں شامل کیا ہے۔ مفتی محمد وہاب منگلوری صاحب نے اس کا اردو ترجمہ بھی کیا ہے۔

32ہدایۃ القاری، ص10۔11۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

4. **فتح المنعم شرح مقدمۃ المسلم**

یہ صحیح مسلم کے مقدمہ کی دقیق اور مفید شرح ہے دس مباحث پر مشتمل ہے طلباء حدیث کیلئے مشغل راہ ہے۔

5. **العقائد الاسلامیۃ باللغۃ السلیمانیۃ**

یہ چالیس عقائد اور چالیس احکام پر مشتمل رسالہ ہے تصحیح عقائد و عمل کیلئے موجودہ دور میں اس کی اشاعت اور تدریس نہایت ضروری ہے بعض پرائیویٹ سکولز نے اس کو اپنے نصاب میں شامل کیا ہے اس کا اردو زبان میں ترجمہ بھی شائع ہوا ہے۔

6. **المقالات**

اس میں بعض اختلافی مسائل کے حل کے علاوہ وجود باری تعالیٰ اور توحید باری تعالیٰ کا مسئلہ بھی مسطور ہے اور آخر میں بخاری شریف کی آخری باب کی تشریح یعنی حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کے ختم بخاری کا درس بھی مذکور ہے اب اس کا اردو ترجمہ بھی شائع ہوا ہے۔

7. **مسائل حج**

اس چھوٹی سی رسالہ میں حج بیت اللہ شریف کے اہم مسائل باحوالہ ذکر کئے گئے ہیں یہ ہر حاجی کیلئے ایک نعمت ہے اس لئے کہ مختصر ہونے کے باوجود اس میں حجاج کرام کو اکثر پیش آنے والے مسائل کا حل موجود ہے اس کے آخر میں رسالہ ہدیۃ السلفیۃ مسطور ہے جس میں فرقہ سلفیہ کی غلطیوں کی مناشی ذکر کئے گئے۔

8. **رسالہ توسل**

اس رسالہ میں توسل کا مسئلہ معتدلانہ طور سے لکھا گیا ہے۔

9. **رسالہ قبریہ**

اس میں احکام میت تفصیل کیساتھ بیان کئے گئے ہیں قریب الموت سے لیکر تعزیت تک کے تمام مسائل کو بالاستیعاب ذکر گیا ہے۔

10. **فتاوٰی دیوبند**

پاکستان المعروف بہ فتاوٰی فریدیہ: جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک، جامعہ اسلامیہ چارسدہ اور دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ نے جو فتوے دیئے تھے ان سے فوٹو سٹیٹ لیکر ان کی ترتیب اور تدوین و تخریج شروع ہے فی الحال اس کی آٹھ جلد شائع ہوئی ہیں باقی جلدیں انشاءاللہ عنقریب منظر عام پر آئیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

11. **سلسلہ مبارکہ**

میں تصوف کی تعریف عرض وغایۃ اور سلسلہ نقشبندیہ کے اسباق کی تشریح کی گئی ہے[33]۔

تصنیفی اور حدیثی خدمات کے بارے میں معاصر علماء کی آراء

1. **شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب** (صدر جامعہ عثمانیہ ،پشاور) فرماتے ہیں کہ آپ وقت کے عظیم محدث تھے اور ایسے محدث جس پر فقہی رنگ غالب تھا۔میرے خیال میں فقاہت اور محدثانہ عظمت دونوں کا جمع ہونا بخاری، ترمذی اور ابوداؤد جیسے لوگوں میں تھی۔آپ دیکھتے ہیں کہ بخاری ؒ ایک طرف بہت بڑے محدث ہیں تو دوسری طرف فقیہ النفس ہیں فرق یہ ہے کہ امام بخاریؒ فقاہت کے اعتبار سے مجتہد تھے اور میرے شیخ ومرشد فقہاء کے فہرست میں نامور ہے ۔ آپ نے محدث کبیر ہونے کے ساتھ ساتھ فقیہ النفس ہوکر پون صدی تک فقہ حنفی کی ترجمانی کی۔قریبی دور میں یہ خوبی مجھے شیخ الحدیث حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ کی "فیض الباری" کے مطالعے سے آپ کی شخصیت میں نظر آئی ہے جو محدث کبیر اور فقیہ النفس ہوکر فقہ حنفی کے ترجمان علامہ مرغینانی[34] کی مایہ ناز ہدایہ کے سامنے دوزانے ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں ۔دار لعلوم حقانیہ کے دارلحدیث کی ہر دیوار اس پر گواہ ہے کہ آپ ؒ بخاری اور ترمذی شریف کے درس میں جس فقاہت کا مظاہرہ کرتے توحضرت تھانویؒ اگرزندہ ہوتے تو یقینا آپ "اعلاء السنن "پر نظر ثانی کامشورہ دیتے تاکہ فقہ کے لئے احادیث کے ذریعے مزید مواد میسر ہو۔[35]

2. **حضرت مولانا حافظ ابراہیم فانی صاحبؒ** (سابق شیخ الحدیث دار العلوم حقانیہ،اکوڑہ خٹک)فرماتے ہیں "محترم بھائیو! آپؒ کی محدثانہ جلالت شان تو آپ کی تصنیف کردہ کتابوں سے عیاں ہے،ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری بخاری شریف کی شرح، ترمذی شریف کی آفاقی شرح(منہاج السنن)اور شرح مقدمہ صحیح مسلم سے آپؒ کی محدثانہ نابغیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ہمارے دورہ حدیث کے دوران صحاح ستہ کی یہ کتابیں سنن ابي داؤد شریف اور بخاری شریف آپؒ کے زیر درس رہیں۔انتہائی پر اثر انداز میں آپؒ ہماری ذہنی استعداد کو ملحوظ رکھتے ہوئے تشریح فرماتے تھے۔یہ میں اس لیے ذکر کررہاہوں کہ ہماری ذہنی استعداد کو ملحوظ رکھتے ہوئے، کیونکہ اگر

---

33 فتاوی فریدیہ،ص34۔36۔

34 علی بن ابی بکر بن عبدالجلیل الفرغانی المرغینانی،ابوالحسن برہان الدین فراغنہ کے ایک محلہ "مرغینان"میں 530ھ کو پیدا ہوئے اس لیے مرغینانی کہلاتے ہیں۔ فقہ حنفی کے اکابر علماء میں سے ہیں ۔حافظ ،مؤرخ ،مفسر، محقق،ادیب اور مجتہدین میں سے ہیں۔آپ نے 593ھ کو وفات پائی۔(الجواہر المضیۃ ج 1،ص383۔۔۔الاعلام ج3،ص344)

35 تجلیات فریدی،ج3،ص124۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپؒ اپنی علمیت کے حوالے سے بحث فرماتے تو آپ کو معلوم ہے کہ وہ تو علم کے بحر ذخار بحر مواج اور دریائے ناپید تھے۔ہمارے قاصر ذہن کب اس کا ادراک کر سکتے تھے[36]"۔

3. **شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق صاحبؒ** (بانی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)"میں نے کتاب "منہاج السنن شرح جامع السنن" کے بعض مباحث کو دیکھا۔فاضل مؤلف،الشیخ،جامع الشریعۃ والطریقہ المدرس الجلیل والمفتی النبیل بدارالعلوم اکوڑہ خٹک مولانا محمد فرید صانہ اللہ تعالیٰ وحفظہٗ ۔یہ شرح فقہی اور حدیثی ابحاث پر مشتمل ہے جو متقدمین اور متاخرین کے شروحات کا خلاصہ ہے،خصوصا اکابر اور شیوخ العصر کے افادات کا"[37]

4. **حضرت مولانا فضل اللہ صاحب ایڈوکیٹ** (مقیم امریکہ)فرماتے ہیں کہ "حضرت مفتی صاحبؒ ایک ہمہ گیر شخصیت ہیں۔وہ ایک نہایت معروف گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ۔آپ کے والد مولانا حبیب اللہ صاحب زوربویؒ المعروف بہ " صاحب حقؒ " اپنے دور کے مایہ ناز عالم دین تھے۔حضرت مفتی صاحب ؒ علماء و صلحاء کا بقیہ ہیں ۔عام مجلس میں کم گو لیکن علمی مجالس میں یا تدریس و تعلم میں علوم کا ایک بحر بیکراں تھے جو ٹھاٹھیں مارتا ہو۔ہمارے زمانے طالب علمی میں دورہ حدیث میں سنن ابی داؤد اور صحیح بخاری کی کتاب الصلوٰۃ سے آگے کا حصہ مفتی صاحبؒ پڑھایا کرتے تھے۔خصوصا سنن ابی داؤد میں (قال ابوداؤد) کے ذیل میں جب اغراض ابوداؤد کا تذکرہ فرماتے تو اسلاف کے متعلق جو پڑھا اور سنا تھا اس کی وضاحت فرماتے ۔مسئلہ سمجھانے کے لیے شقیں بناتے تھے اور نمبر وار ہر شق کا جواب دے کر راجح اور افضل کی ترجیح سب پر علمی و منطقی اور معقول انداز سے بحث فرمادیتے۔ایسے ایسے ضابطے وضع کردیتے کہ ایک بہت ہی پیچیدہ مسئلہ آسانی سے سمجھ میں آجاتا۔ اسماء الرجال کی بات آتی تو نقد و جرح کے حوالے سے ایک انسائیکلوپیڈیا معلوم ہوتے تھے۔تنقیح و تخریج اور استنباط مسائل پر آجاتے تو مجتہد وقت،حق بات کہنے بدون خوف لومۃ لائم لیکن کسی کی توہین و تحقیر نہ کرتے،گو یا حق بات کہتے تو قرابت تعلق اور دوستی کو آڑے نہ دیتے ۔تدریس کے ساتھ ساتھ علماء طلباء اور عوام کی اصلاح و تربیت فرماتے تھے "۔[38]

5. **شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام محمد صادق صاحب** (شیخ الحدیث والتفسیر دارلعلوم اسلامیہ،چارسدہ)فرماتے ہیں "ناچیز کے خیال میں عہد قریب کے محدثین فقہاء اور مفتیان عظام جیسے حضرت علامہ بنوریؒ، شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین غور غشتویؒ اور حضرت مولانا عبد الحق ؒ کے بعد ان القابات پر پورا اترنے والی شخصیت، حقیقی مستحق اور صحیح محل و مصداق

---

36 سید احتشام الحق،ایم فل مقالہ،ص45۔

37 منہاج السنن،ج1،ص1۔

38 تجلیات،ج1،ص19۔20۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہمارے حضرت مفتی صاحبؒ تھے، کہ تمام علوم وفنون کے تاجدار، مسند حدیث وفتویٰ کے صدر نشین، اسرار شریعت کے نکتہ رس تفقہ واجتہاد نکتہ سنجیوں میں اپنے وقت کے قاضی خان[39]، ابن نجیم[40]، ابن دقیق العید[41]، مفتی رشید احمد گنگوہیؒ[42]، مولانا اشرف علی تھانویؒ، علوم حدیث میں مہارت تامہ میں علامہ عینیؒ، ابن حجر عسقلانی، شاولی اللہ دھلویؒ[43]، شیخ الہند محمود الحسنؒ[44]، محدث نصیر الدین غور غوشتویؒ، امام العصر انور شاہ کشمیریؒ اور شیخ الاسلام حسین احمد مدنی ؒ[45] کے عکس جمیل اور نظیر تام تھے۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ ان کے اعلیٰ اخلاق وحسن سلوک، حلم ووقار، صبر وتحمل، عبادت وریاضت، تواضع

---

39 حسن بن منصور بن ابی القاسم محمود بن عبد العزیز، فخر الدین، المعروف بقاضی خان، الاوز جندی، الفرغانی، تاریخ ولادت معلوم نہیں ہو سکی۔ احناف کے کبار فقہاء میں سے تھے۔ ان کے کتابوں میں (الفتاوی تین جلدوں میں۔ الامالی— مخطوط، الواقعات، المحاضر، شرح الزیادات مخطوط، شرح الجامع الصغیر— مخطوط، شرح أدب القضاء للخصاف شامل ہیں. اوز جند کی طرف نسبت ہے جو کہ فراغنہ کا ایک گاؤں ہے۔ 592ھ کو وفات ہوئی۔ (الجواہر المضیۃ ج1، ص205۔۔۔ الاعلام ج2، ص224)

40 زین الدین بن ابراہیم بن محمد، الشہیر بابن نجیم: فقہ حنفی اور علماء مصر میں سے تھے۔ ان کے تصانیف میں الاشباہ والنظائر۔ اصول الفقہ میں، البحر الرائق فیشرح کنزالد قائق۔ فقہ میں، آٹھ جلدوں میں، جن میں سات جلد ان کی تصنیف ہیں جبکہ آٹھویں جلد "الطوری" کی ہیں، الرسائل الزینیۃ، رسالہ في مسائل فقھیہ، اور الفتاوی الزینیہ شامل ہیں ۔970ھ کو وفات پائی۔ (شذرات الذہب ج8، ص358 ۔۔۔ الاعلام 63:3)

41 ابوالفتح محمد بن علی بن وہب بن مطیع تقی الدین القشیری۔ والد اور دادا کے وجہ سے ابن دقیق العید کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپ مجتہد اور اصول کے عالم تھے۔ تعلیم کے سلسلے میں سکندریہ اور قاہرہ چلے گئے۔ تصانیف میں "احکام الاحکام"، " الامام باحادیث الاحکام" اور "اصول الدین" شامل ہیں۔ (الدرالکامنۃ ج4، ص 91۔۔۔ الاعلام ج6، ص282- 283)

42 یہ مولانا رشید احمد بن ہدایت احمد، بن پیر بخش، بن غلام حسن بن علام علی بن علی اکبر حنفی رامپوری ہیں، یہ سہارن پور کے مشہور قصبہ گنگوہ میں 6 ذی قعدہ 1242ھ میں پیدا ہوئے اور 12 یا 13 جمادی الاولیٰ 1323 ھ کو رات کے وقت نوافل کے لیے اٹھے تو کسی زہریلے جانور نے کاٹ لیا جس کے اثر سے 8 یا 9 جمادی الثانی 1323ھ کو بروز جمعہ ان کی وفات ہوئی۔ ان کے بہت شاگرد ہیں۔ جنھوں نے ان سے حدیث شریف کا علم حاصل کیا اور اس کے ساتھ ساتھ کئی کتابوں کے مصنف ہیں، ان کی مشہور فتاویٰ ہے جو فتاویٰ رشیدیہ کے نام سے آج تک علماء کے فائدے کا سبب بنا ہوا ہے۔ (کشف الباری، کتاب الایمان، باب قول النبی ﷺ رب مبلغ اوعیٰ من السامع، ج1، ص89)

43 ولی اللہ احمد بن عبدالرحیم، عمری، حنفی، نقش بندی، محدث دہلوی 1114ھ/1703 کو سونی پت میں پیدا ہوئے اور چودہ سال کی عمر میں شادی ہوئی۔ سولہ سال کے تھے کہ درس وتدریس کی اجازت مل گئی۔ ہند میں تفسیر وحدیث کو مشتہر کرنے میں ان کا بہت بڑا حصہ ہے۔ دہلی میں 1176ھ 62 سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ (نزہۃ الخواطر ج6، ص 410۔۔۔ تذکرہ علمائے ہند، ص542)

44 محمود الحسن 1268ھ/1851ء کو اترپردیش کے مضافاتی گاؤں بریلی میں پیدا ہوئے۔ شیخ الہند اور اسیر مالٹا کے القابات سے نوازے گئے۔ دار العلوم دیوبند کے تلمیذ اول اور مشہور عالم دین ہیں۔ آپ 1339ھ/1920ء کو ہر ایک کو اپنے جدائی کے غم میں شریک کر گئے۔ (بیس بڑے مسلمان: 877)

45 سید حسین احمد بن سید حبیب اللہ، شوال 1296ھ دوشنبہ اور سہ شنبہ کی درمیانی شب کو بوقت گیارہ بجے بمقام بانگر، مئو، ضلع اناؤ، ہند میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی، بارہ سال کی عمر میں دار العلوم دیوبند میں داخلہ لیا۔ اکابر علماء سے فیض حاصل کیا، 1316ھ کو اپنے والد ماجد کی معیت میں مدینہ منورہ چلے گئے اور مسجد نبوی میں درس حدیث کی سعادت حاصل کی۔ 1335ھ کو انگریز بہادر نے ان کے اسیر مالٹا کیا کہ تحریک آزادی ہند کے روح رواں تھے، 1377ھ کو دیوبند میں وفات پائی۔ (بیس بڑے مسلمان: 459-540)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وانکساری، خلق خدا کی خدمت و نفع رسانی ،جودت و فہم، مصلحت بینی، دوراندیشی، عقلمندی ودانشمندی ،مہارت وحذافت فی الحدیث جیسے صفات وکمالات کے قائل و معترف تھے"۔[46]

6. **حضرت مولانا مفتی صاحب محمد سردار صاحب** (مفتی و شیخ الحدیث درالعلوم عربیہ ٹل)فرماتے ہیں کہ "بندہ نے حضرت مفتی صاحبؒ سے چار سال اسباق پڑھے ہیں۔پہلے سال ان سے صرف علمی استفادہ کا شرف حاصل تھا۔بعد میں مسلسل تین سال علمی استفادہ کے ساتھ ساتھ منازل سلوک بھی طے کرتے رہے۔حضرت الاستاذ کا ایک بہت بڑا حسان عامۃ المسلمین پر عموماً اوراپنے شاگردوں پر خصوصا یہ ہے کہ آپ نے ان کی راہنمائی کے لیے ایک بڑا علمی خزانہ فتاویٰ فریدیہ کی شکل میں تالیف کیا ۔ایک بہت بڑااحسان علمائے کرام اور طلبائے عظام خصوصا اپنے تلامذہ پر یہ ہے کہ انہوں نے ترمذی شریف کی شرح "منہاج السنن"اور مقدمہ بخاری شریف پر"شرح ہدایۃ القاری علی الصحیح البخاری"لکھ کر طلبائے کرام اور علمائے کرام کے لیے ان کاپڑھنا نہایت سہل اورآسان فرمایا ۔بلکہ بندہ بغیر مبالغے کے اس بات کا قائل ہے کہ ہم جیسے کمزور طلبہ کو ترمذی شریف اور بخاری شریف کے درس وتدریس کا حسب استعداداہل بنادیا ،ورنہ ان کے بغیر ہم جیسے کمزوروں کے لیے بخاری شریف اور ترمذی شریف کا درس ممکن نہیں تھا[47]۔"

7. **شیخ الحدیث مولاناسعدالباقی صاحب** :فرماتے ہیں کہ "آپ نےؒ جنوبی ایشیاء کی عظیم اسلامی یونیورسٹی جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں مسند حدیث پر ہزاروں کی تعداد میں وارثان علم نبوت کی علمی تشنگی بجھائی۔آپؒ کاانداز درس آسان،عام فہم اور حکیمانہ رہا۔ہر کوئی آپؒ سے مستفید ہوتارہا ۔تدریسی اوقات کی پابندی آپؒ کا خصوصی امتیاز تھا۔علمی و تحقیقی میدان میں حضرت مفتی صاحبؒ کی حیثیت ایک درخشندہ ستارے کے مانند تھی۔حکیمانہ اندازبیان کی وجہ سے ہر خاص وعام آپ سے مستفید ہوتا رہا۔آپؒ کی تصانیف،ہدایہ القاری شرح بخاری، منہاج السنن شرح جامع السنن۔فتح المنعم علی مقدمۃ المسلم ،الفرائد البہیۃ الی احادیث خیر البریۃ،اور پشتواوراردو کتابیں طلبا کرام اور عوام الناس کے لیے مشعل راہ ہیں۔اس کے علاوہ آپؒ کے مختلف مضامین وقتاً فوقتاً مجلات کی زینت بنتی رہیں" ۔[48]

8. **مولاناامداداللہ حقانی**(خلیفہ وبھتیجاحضرت مفتی صاحبؒ)فرماتے ہیں کہ "حضرت مفتی صاحبؒ امیر المؤمنین فی الحدیث تھے،ایک طرف سندانتہائی عالی تھی جو باب سند میں انتہائی محموداوراہم چیز ہے دوسری طرف آپؒ کواحادیث پڑھانے کاوہ ملکہ حاصل تھا جس پر بڑے بڑے شیوخ الحدیث حیران ہوتے تھے۔انتہائی مختصر الفاظ میں مشکل سے مشکل مقام کو حل

46ماہنامہ "النصیحہ"شمارہ 315ص،9،10شوال1432 بمطابق ستمبر 2011۔

47 تجلیات فریدی،ج2،ص36۔37۔

48 تجلیات فریدی،ج3،ص128۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فرماتے۔اسماء الرجال کے علم اور احادیث کے درمیان تطبیق بیان کرنے میں انتہائی ماہر تھے، تعارضات دفع کرنے میں اللہ تعالیٰ نے خصوصی ملکہ سے نوازہ تھا۔ صحیح بخاری شریف، ترمذی شریف اور سنن ابوداؤد شریف جیسی عظیم کتابوں کی تدریس کے دوران آپ کا محدثانہ رنگ سامنے آجاتا۔ درس حدیث کے دوران ہر حدیث سے مسائل مستنبط کرکے ذکر فرماتے، ائمہ مجتہدین کے اقوال، پھر ہر ایک کے دلائل تفصیل سے بیان فرماتے ۔آخر میں مذہب احناف کو دلائل سے راجح فرماتے ۔ مفتی صاحبؒ انتہائی جامعیت کے ساتھ احادیث پڑھاتے تھے، درس حدیث میں تھکانے والی طوالت سے گریز کرتے اور فرماتے تھے کہ تدریس میں ہمارا طریق انتخاب (یعنی اہم مقامات منتخب کرکے بیان فرمانے) کا ہے استیعاب (تمام تفصیلات بیان کرنے) کا نہیں۔

مفتی صاحبؒ نے صحیح بخاری شریف کی جلد اول کتاب العلم تک کی شرح "ہدایۃ القاری" عربی زبان میں فرمائی جو کہ عام فہم اور ضخیم شروح اور اکابر کے امالی کا ملخص ہے، متعلمین اور معلمین کے لیے بے حد مفید ہے۔ جامع الترمذی شریف کی شرح "منہاج السنن" تحریر فرمائی جو مختصر اور جامع شرح ہے اور ان تمام ضخیم شروح سے مستغنی کرنی والی ہے۔ مسلم مقدمہ کی دقیق اور مفید شرح لکھی ہے جو دس مباحث پر مشتمل ہے"۔[49]

---

49 تجلیات فریدی، ج3، ص56۔57۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل چہارم

مفتی صاحبؒ کے مجال تصوف میں خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلسلہ تصوف

مفتی صاحب رحمہ اللہ خود فرماتے ہیں "کہ ایک مرتبہ مقامی سکول میں پڑھتے وقت پتہ چلا کہ ایک بزرگ آئے ہوئے ہیں چھٹی کے وقت تمام لڑکے اس طرف جانے لگے میں بھی پہنچ گیا جا کر اس بزرگ سے کہا کہ مجھے میرا حصہ دے دو اس بات کے کہنے پر اس بزرگ نے میری طرف غور سے دیکھا اور فرمایا بیٹا تیرا حصہ میرے پاس نہیں بلکہ پنجاب کے ایک بزرگ کے پاس ہے اس گفتگو کے بعد میں بھاگتے ہوئے واپس ہوا اور سکول کے بعد مردان میں کتابیں پڑھنا شروع کیں۔ایک دن معلوم ہوا کہ کوئی بزرگ آئے ہوئے ہیں اور طلباء و اساتذہ زیارت کے لئے جارہے ہیں۔تو میں نے اپنے استاد سے کہا کہ میں بھی بیعت کرنا چاہتا ہوں تو انہوں نے کہا کہ یہ پنجاب کے بزرگ متبع السنت ہے انہی سے بیعت کرلیں۔تو آپؒ شعبان 1329ھ میں قطب الارشاد امام العلماء والصلحاء حضرت شیخ مولانا عبدالمالک صدیقی قدس سرہ سے مردان میں بیعت ہوئے اور تمام اسباق خاندان نقشبندیہ ختم کرنے کے بعد یکم صفر بروز اتوار 1378ھ بمطابق 17 اگست 1958ء کو بمقام کمر گئے گجرات ضلع مردان خلافت سے نوازے گئے اور کچھ مدت بعد سلسلہ نقشبندیہ کے علاوہ دیگر بعض سلاسل میں بھی خلیفہ مجاز کئے گئے نیز شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتویؒ کی صحبت میں رہے اور ان سے مراقبات خاندان نقشبندیہ اور دیگر مہمات کی اجازت بھی عنایت ہوئی"[50]۔

آپؒ کے مرشد شیخ المشائخ خواجہ عبدالمالک صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نقشبندی یہ اپنے وقت کے بہت بڑے ولی تھے اور ان کا کمال یہ تھا کہ پاکستان کے تمام بڑے بڑے شیوخ حدیث اور علماء آپ کی دست حق پر بیعت تھے۔ علامہ عبدالحلیم صاحب قدس سرہ، (صدر مدرس جامعہ حقانیہ) شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب نور اللہ مرقدہ اور شیخ مفتی محمد فرید صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ جیسی شخصیات آپ کے حلقہ ارادت میں شامل تھیں،اس سے آپ اندازہ لگائیں کہ آپ کس پایہ کے بزروگ تھے،جب آپکا انتقال ہوا تو انتقال کے بعد بھی آپ کا دل دھڑکتا تھا۔ڈاکٹر حیران تھے انہوں نے کہا کہ ہم ڈیتھ سرٹیفیکیٹ اس حالت میں نہیں دے سکتے۔علماء جو اس وقت موجود تھے انہوں نے ڈاکٹروں کو کہا کہ آپ اس راز کو نہیں سمجھ سکتے۔آپ ہر سال دارالعلوم حقانیہ تشریف لاتے تو آپ کے تمام خلفاء و مجازین اور مریدین و مسترشدین سب جمع ہوتے اور دو دن تک مراقبوں اور روحانی مجالس کی پررونق بہاریں ہوتیں۔ اپنے شیخ خواجہ عبدالمالک صدیقیؒ کی آپ سے از حد محبت تھی،اور آپ کی رائے کو ترجیحی بنیادوں پر لیتے،ایک دفعہ مفتی صاحبؒ نے فرمایا کہ مردان میں حضرت صدیقی صاحبؒ کے خلفاء کا اجتماع تھا آپ بھی تشریف لائے تھے حضرت خواجہ صاحب نے اپنے تمام خلفاء کو فرمایا جو کہ تمام بڑے بزرگ اور عالم تھے کہ میں آپ کے سامنے نماز پڑھتا ہوں آپ میرے قیام و قعود اور رکوع و سجود کا بغور مشاہدہ کریں کہ میری نماز سنت کے مطابق ہے یا نہیں۔جب آپ نے نماز پڑھی تو اپنے خلفاء کے حلقہ کی طرف متوجہ

---

50 تجلیات فریدی،ج3،ص54۔55۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوئے اور ان سے پوچھا کہ بتاؤ میری نماز سنت کے مطابق ہے یا نہیں؟ تمام خلفاء نے جواب دیا حضرت بالکل سنت کے موافق ہے، پھر حضرت نے میری طرف نگاہ اٹھائی اور فرمایا کہ آپ بتائیں تو میں نے عرض کیا کہ حضرت قیام کے دوران آپ کے دونوں پاؤں کے درمیان کا فاصلہ سنت کے مطابق نہیں، پھر میں نے ان کو صحیح فاصلہ بتایا اس پر آپ نے خوشی کا اظہار فرمایا، لیکن دوسرے خلفاء پر برہم ہوئے کہ آپ نے میری نماز کا صحیح مشاہدہ نہیں کیا[51]۔

اس پر فتن زمانہ میں منجملہ دوسری غلطیوں کے ایک اہم اور بڑی غلطی علم تصوف کے فہم میں ہوئی کسی نے قول و فعل کی بے قیدی کا نام تصوف رکھ لیا کسی نے چند ظاہری رسوم کو تصوف کا نام دے دیا اور کسی نے صرف کثرت اوراد و ظائف کو تصوف سمجھ لیا، تصوف کے مسائل سمجھنے میں صدہا غلطیاں کیں جن سے ایک طرف تو ان کے عقائد درست نہ رہے بلکہ بعض تو شرک تک میں مبتلا ہو گئے اور دوسری طرف بعض حضرات نے یہاں تک تجاوز کیا کہ اصل تصوف کا انکار کر بیٹھے اور حضرات اولیاء اللہؒ کی شان میں بے ادبی و گستاخی کے خوگر ہو گئے تیرہ صدیوں کے مسلمہ مسائل تصوف کو کتاب و سنت سے خارج اور شریعت کے خلاف سمجھ کر تصوف کے نام سے کوسوں دور بھاگنے لگے یہ لوگ نہ صرف بزرگان دین کی برکات و فیوضات سے محروم رہے بلکہ ان کے قلوب میں شقاوت پیدا ہو گئی ان کے علاوہ بعض حضرات تصوف کے منکر تو نہیں ہیں، حضرات اولیاء کے معتقد بھی ہیں لیکن علم تصوف کو شریعت کے علاوہ علم سمجھتے ہیں اور مسائل تصوف کو غیر ثابت بالسنہ جانتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ تصوف کے اصول صحیفہ قرآن اور حدیث سب میں موجود ہیں۔ حال ہے اور خشک علماء کا بھی کہ تصوف سے قرآن اور حدیث خالی ہے مگر دونوں غلط سمجھے، خشک علماء تو یہ کہتے ہیں کہ تصوف کوئی چیز نہیں یہ سب واہیات ہے بس، نماز، روزہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے اسی کو کرنا چاہئے یہ صوفیوں نے کہاں کا جھگڑا نکالا ہے تو گویا ان کے نزدیک قرآن و حدیث تصوف سے خالی ہیں اور غالی صوفی یوں کہتے ہیں کہ قرآن و حدیث میں ظاہری احکام ہیں تصوف علم باطن ہے ان کے نزدیک نعوذ باللہ قرآن و حدیث کی ہی ضرورت نہیں غرض دونوں فرقے قرآن و حدیث کو تصوف سے خالی سمجھتے ہیں پھر اپنے اپنے خیال کے مطابق ایک نے تصوف کو چھوڑ دیا اور ایک نے قرآن و حدیث کو۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ "رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولاً مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ "[52]"اے پروردگاران (لوگوں) میں انہیں سے ایک پیغمبر مبعوث کیجئیو جوان کو تیری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے اور کتاب اور دانائی سکھایا کرے اور ان (کے دلوں) کو پاک صاف کیا کرے بیشک تو غالب اور صاحب حکمت ہے"[53]۔ اس آیت میں حضور ﷺ کے بعثت کے تین مقاصد ذکر کئے گئے جن میں ایک تزکیہ ہے جس کے معنی ہے ظاہری و باطنی

---

51 فتح المنعم، ص 12۔

52 سورۃ البقرۃ 2:129۔

53 مولانا فتح محمد جالندھری، ترجمہ قرآن کریم۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نجاسات سے پاک کرنا، ظاہری نجاسات سے تو عام مسلمان واقف ہیں باطنی نجاسات کفر اور شرک، غیر اللہ پر اعتماد کلی اور اعتقاد فاسد ، نیز تکبر و حسد، بغض، حب دنیا وغیرہ ہیں اگرچہ علمی طور پر قرآن و سنت کی تعلیم میں ان سب چیزوں کا بیان آگیا ہے لیکن تزکیہ کو آپ ﷺ کا جداگانہ فرض قرار دے کر اس کی طرف اشارہ کر دیا گیا کہ جس طرح محض الفاظ کے سمجھنے سے کوئی فن حاصل نہیں ہوتا اسی طرح نظری و علمی طور پر فن حاصل ہو جانے سے اس کا استعمال اور کمال حاصل نہیں ہوتا جب تک کسی مربی کے زیر نظر اس کے مشق کر کے عادت نہ ڈالے، سلوک و تصوف میں کسی شیخ کامل کی تربیت کا یہی مقام ہے کہ قرآن و سنت میں جن احکام کو علمی طور پر بتلایا گیا ہے ان کے عملی طور پر عادت ڈالی جائے حدیث مبارکہ میں اس تزکیے کو احسان بتایا گیا ہے۔ حدیث جبریل میں ہے کہ نبی ﷺ سے جبریلؑ نے پوچھا'' وماالاحسان'' کہ احسان کیا ہے" أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ "[54] نبی ﷺ نے فرمایا کہ احسان یہ ہے کہ اللہ کی عبادت ایسا کرو گویا تم اس کو دیکھ رہے ہو اور اگر یہ درجہ حاصل نہ ہو تو یہ تو سمجھو کہ وہ تم کو دیکھ رہا ہے[55]۔" مفتی صاحب رحمہ اللہ یقیناً علم شریعت اور طریقت کے امام اور مجدد تھے علوم ظاہریہ اور باطنیہ میں آپؒ کو کمال حاصل تھا بیک وقت شریعت اور طریقت کے فیض کو مخلوق خدا تک پہنچانا نہایت مشکل کام ہے لیکن جس کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا ہوتا ہے تو ان سے وہ کام لیتا ہے۔ آپؒ کے طریق میں افراط و تفریط کی ملاوٹ نہیں تھی آپ کی طریقت عین شریعت تھی، ہر قسم کے بدعات و رسومات سے پاک تھی آپؒ کی تصوف و سلوک کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ آپؒ نے کبھی خلاف سنت کام نہیں کیا تھا اور ہمیشہ وہی طریقہ اور انداز اپنایا جو سنت رسول اللہ ﷺ ہوتی جبکہ دوسرے لوگ تصوف میں قسم قسم کے خلاف سنت کام داخل کرتے ہیں لیکن آپؒ کا طریقہ یہ کبھی نہ رہا، کسی نے آپؒ کو کبھی خلاف سنت کام کرتے ہوئے نہیں دیکھا اسی وجہ سے اکثر علماء و طلباء آپؒ کے مرید ہیں اور یہی آپؒ کی حقانیت کی دلیل بھی ہے۔ آپؒ طریقت میں مجتہد اور مجدد کی حیثیت رکھتے تھے اس لئے ہر آدمی کی مناسب ذکر تلقین کرتے اور سالک پر بے جا بوجھ نہیں ڈالتے تھے طلباء و علماء کو مختصر اوراد و وظائف دیتے تھے تاکہ حصول علم اور درس و تدریس میں کمی نہ آئے اور یہ بھی آپؒ کی کاملیت کی دلیل ہے کہاں مختصر اوراد سے وہی قرب حاصل ہوتا تھا جو کثرت اوراد سے

---

54 حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا أَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَارِزًا يَوْمًا لِلنَّاسِ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ: مَا الإِيمَانُ؟ قَالَ: «الإِيمَانُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللَّهِ وَمَلاَئِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَبِلِقَائِهِ، وَرُسُلِهِ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ» . قَالَ: مَا الإِسْلاَمُ؟ قَالَ: " الإِسْلاَمُ: أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ، وَلاَ تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمَ الصَّلاَةَ، وَتُؤَدِّيَ الزَّكَاةَ المَفْرُوضَةَ، وَتَصُومَ رَمَضَانَ ". قَالَ: مَا الإِحْسَانُ؟ قَالَ: «أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ» ، قَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: " مَا المَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَسَأُخْبِرُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا وَلَدَتِ الأَمَةُ رَبَّهَا، وَإِذَا تَطَاوَلَ رُعَاةُ الإِبِلِ البُهْمُ فِي البُنْيَانِ، فِي خَمْسٍ لاَ يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللَّهُ " ثُمَّ تَلاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: {إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ} [لقمان: 34] الآيَةَ، ثُمَّ أَدْبَرَ فَقَالَ: «رُدُّوهُ» فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا، فَقَالَ: «هَذَا جِبْرِيلُ جَاءَ يُعَلِّمُ النَّاسَ دِينَهُمْ» ".(صحیح بخاری، کتاب الایمان(2) باب سؤال جبريل النبي صلى الله عليه وسلم عن الإيمان، والإسلام، والإحسان، وعلم الساعة، حدیث(50)

55 مولانا سحبان محمود، صحیح بخاری شریف مترجم، کراچی، ادارہ اسلامیات، 2005ء، ج1، ص119۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حاصل ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے طریقت میں آپؒ سے وہ کام لیا جو آپؒ کے اکابر سے لیا تھا۔ آپؒ وہ امور ترک کرنے پر زور دیتے تھے جو تصنع اور تکلف کے ساتھ ہوتی تھی۔ آپؒ نے وہ رواجی پیری، مریدی ختم کر دی جو برائے نام پیری مریدی ہوتی ہے اور جس کو لوگوں نے دنیا کا ذریعہ بنالیا ہے لیکن آپؒ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کیلئے ایک راستہ باقی رہ گیا ہے یعنی سلسلہ تصوف اسے بھی لوگ دنیا کیلئے استعمال کرتے ہیں حالانکہ دنیا کمانے کیلئے دوسرے ذرائع موجود ہیں یعنی تجارت، زراعت وغیرہ۔ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہؒ دوسروں کو اپنے لئے اٹھتے ہوئے دیکھتے تو غصہ ہو جاتے تھے جس طرح نبی ﷺ صحابہ ؓ کو اپنے لئے اٹھتے ہوئے پسند نہیں فرماتے تھے۔ جب آپؒ کسی محفل میں داخل ہوتے اور لوگ کھڑے ہو جاتے تو آپؒ غصہ اور ناراض ہو جاتے کہ کیوں کیا ہوا کہ آپ اٹھ گئے اور آخر ایام بیماری میں اگر کوئی اٹھتا تو عصا سے مارتے۔ آپؒ محبت میں غلو کرنے کو پسند نہیں کرتے تھے اور اعتدال میں رہنے اور شریعت کے مطابق روش اختیار کرنے کو پسند فرماتے تھے آپؒ کی تربیت عجیب قسم کی تھی کوئی جرات نہیں کر سکتا تھا کہ وہ آپ کے سامنے غیر ضروری کاموں کا ارتکاب کرے۔ تمام طلباء و مریدین جانتے ہیں کہ بہت عرصہ خدمت میں رہنے کے باوجود کوئی خادم یہ جرات نہیں کر سکتا تھا کہ آپ کے ہاتھ چومے کبھی کبھار تو بڑے بڑے شیوخ جو آپکے خلفاء ہوتے ان سے بھی ہاتھ کھینچ کر اور دھکا دے کر چومنے سے منع فرماتے، یہ نہیں کہ اس چومنے کو جائز نہیں فرماتے تھے بلکہ جائز فرماتے تھے لیکن آپ کی طبعیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ خاصیت رکھی ہوئی تھی کہ آپؒ ان چیزوں سے تنگ ہو جاتے تھے۔ آپؒ متعلقین سے موقع کے مناسب معاملہ فرماتے اگر سختی کی ضرورت ہوتی تو سختی فرماتے اور اگر نرمی کی ضرورت ہوتی تو نرمی فرماتے، بے جا نرمی آپؒ کبھی نہیں فرماتے تھے۔ آپؒ کی تربیت کی شان نرالی تھی سختی کرنے پر بھی مرید ناراض نہ ہوتا تھا بلکہ خوش ہوتا کہ میرے ساتھ مفتی صاحب رحمہ اللہ نے ایسا معاملہ کیا حالانکہ فطری طور پر سختی اور ڈانٹنے سے انسان ناراض ہو جاتا ہے لیکن حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کی للّٰہیت ایسی تھی کہ دل میں ایک قسم کا سرور اور اللہ کی یاد کا مزہ لیتا تھا۔ آپؒ نے دین کو کبھی دنیا کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ ہمیشہ دنیا سے بے رغبت رہے اور کبھی آسائش والی زندگی نہیں اپنائی بلکہ ساری عمر مشقتوں اور قربانیوں میں گزارا۔ کبھی کسی سے کام نہیں لیتے تھے اور نہ ہی کسی کو کسی کام کرنے کو کہتے بلکہ ہمیشہ ساری زندگی اپنا کام خود کرتے۔ آپؒ نے استغنا والی زندگی گزاری اور کسی پر کبھی بوجھ نہ رہے۔ آپؒ کی ساری زندگی اتباع شریعت سے عبارت تھی، ایک دفعہ فرمایا کہ بعض لوگ خلاف شریعت پیروں سے بیعت کر کے مخالف شریعت مجالس میں موسیقی و چرس ومنشیات وغیرہ سے پاگل بن جاتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ بیعت و طریقت سے لوگ دیوانے ہو جاتے ہیں اور دماغ خراب ہو جاتا ہیں حالانکہ بیعت و طریقت سے پاگل اور ذہنی بیماری میں مبتلا لوگ صحت مند و صالح بن جاتے ہیں پھر فرمایا شریعت پر عمل کرنا اصل ہے اور تصوف اور طریقت اس کیلئے ذریعہ ہے۔ تو شریعت پر عمل چھوڑ کر طریقت اور تصوف کا مقصد کیا رہ جاتا ہے۔ آپ کے طریقہ میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کی انتہاء ہے لیکن آپؒ اس کا اظہار زبان پر نہیں لاتے تھے اور نہ ہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کمزور لوگوں کی طرح جذب کا شکار ہوتے ظاہر میں اگر آپ دیکھتے تو کچھ محسوس نہ کرتے لیکن اندر آپ رحمہ اللہ تعالیٰ عشق الٰہی میں جل رہے ہوتے جیسے سمندر اپنے اندر بے انتہاء پانی کو جذب کئے ہوئے ہوتا ہے اور باہر سے کچھ آواز سنائی نہیں دیتا۔ آپؒ نے اس عشق الٰہی سے اپنے مریدین کو سرشار کیا اور وہ بھی اسی شوق و ذوق سے بہرہ ور ہوئے ہیں آپؒ کی نظر و کرم اور نسبت سے ناقص کمال تک پہنچ گئے۔ مفتی صاحب رحمہ اللہ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے طریق کو پسند فرماتے تھے اور طلباء و مریدین کو آپ کے خطبات و مواعظ کی پڑھنے کی تلقین فرماتے۔ اکثر فرماتے کہ مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خطبات اور مواعظ پڑھو اور مطالعہ کرو، ان سے مراقبہ کے برابر اصلاح ہوتی ہے مولانا اشرف علی تھانویؒ سال میں ایک مرتبہ خلفاء کے لسٹ (فہرست) کو دیکھتے جو خلیفہ کام نہ کرتا تھا تو اسکا نام لسٹ سے نکالتے اور مفتی صاحبؒ نے خلفاء کے بارے میں فرمایا کہ ہم نے سلسلہ مبارکہ کے فصل سابع میں مرشد کے شرائط ذکر کئے ہیں اگر میرے کسی خلیفہ میں یہ شرائط پائی جائیں تو اس سے بیعت کرو اور اگر نہ پائی جائے تو اس سے بیعت نہ کرو۔ آپؒ کو تمام سلاسل میں حضرت مولانا عبدالمالکؒ صدیقی سے اجازت حاصل تھی اور بہت سے خلفاء کو آپؒ نے بھی ان سلاسل میں اجازت فرمائی [56]۔

آپؒ کی ذات مبارکہ علوم ظاہری کے ساتھ ساتھ علوم باطنی میں بھی کمال دسترس رکھتی تھی۔ قدرت نے آپ کو علوم ظاہری و باطنی دونوں میں کمال مہارت عطافرمایا تھا۔ آپؒ سلسلہ نقشبندیہ کے چشم وچراغ تھے۔ سلسلہ تصوف وسلوک میں آپؒ نے مرشد مولانا خواجہ عبدالمالک صدیقی رحمۃ اللہ علیہ سے مجاز بیعت و خلیفہ مقرر ہونے کا شرف حاصل کیا اور پھر خود بھی سلسلۂ نقشبندیہ کے کامل شیخ وعظیم مصلح ثابت ہوئے۔ اور ہزاروں کی اصلاح فرمائی۔ آپؒ کے مرشد حضرت خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات میں آتا ہے کہ ایک دفعہ حضرت خواجہ عبدالمالک رحمۃ اللہ علیہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ تھانہ بھون پہنچ گئے چونکہ ان کی حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے پہلی ہی ملاقات تھی پہچانتے نہ تھے، ایک مرید سے دریافت کیا تو اس نے ارشارے سے بتادیا کہ وہ سامنے حضرت بیٹھے ہوئے ہیں، یہ اشراق کا وقت تھا، پہلی ہی ملاقات میں حضرت تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے پہچان لیا کہ اگرچہ آنے والا میرے لئے اجنبی ہے لیکن یہ کوئی معمولی شخصیت نہیں ہے۔ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مشہور ہے کہ جتنی بھی بڑی شخصیت ان کے پاس آتی لیکن وہ اپنے معمولات کو ضرور پورا فرماتے لیکن نہ جانے کیوں اس روز حضرت نے سارا دن اس نقشبندی درویش کے نام کردیا اور اپنے معمولات معطّل رکھے، ظہر کی نماز سے فراغت کے بعد جب وہاں مریدین کا مجمع تھا یہ نقشبندی درویش آخر میں بیٹھ گئے، حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے دیکھا تو ان کی خواہش تھی کہ یہ میرے پاس بیٹھیں لیکن اس چیز کو خلاف ادب سمجھا کہ ان کو کہیں کہ آپ اُٹھ کر میرے پاس آجائیں۔ بلکہ فرمانے لگے ''کیا میں وہاں آجاؤں'' وہ بھی حضرت کی خواہش کو

---

56 تجلیات، ج3، ص37-69 ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سمجھ چکے تھے، اٹھ کر حضرت کے پاس تشریف لے آئے، دوپہر کے کھانے کے لئے فرمایا کہ میرے گھر سے آپ کے لئے کھانا آئے گا لیکن انہوں نے یہ کہہ کر معذرت کی کہ میرے پاس کھانا موجود ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد جب یہ نقشبندی درویش رخصت ہونے کیلئے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے ملے تو مصافحہ کے وقت ہاتھوں کو مضبوطی سے تھامتے ہوئے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا "قیامت میں میرا خیال رکھنا" انہوں نے عاجزی کا اظہار کیا حضرت نے پھر یہی جملہ فرمایا، غرض تین مرتبہ فرمایا کہ "قیامت میں میرا خیال رکھنا۔"

مفتی صاحبؒ اپنی کثرت عبادات و ریاضات اور اشغال و اوراد کے علاوہ لوگوں کی روحانی تعلیم و تربیت میں ہر وقت مصروف نظر آتے۔ اسلام اور مسلمان کی ترقی بھی اسی میں ہے کہ اولیاء کرام اور صوفیائے عظام کے راستے پر لوگ گامزن ہو جائیں یعنی اشاعت و تبلیغ قرآن، اعلاء کلمۃ الحق، تزکیہ نفس و تصفیہ قلب میں منہمک رہے۔ عموماً کسی شیخ کامل کی تربیت کے بغیر نفس انسانی کا رزائل نفس سے صحیح طور پر تصفیہ مشکل ہے لہذا اکابر و مشائخ کسی کامل مربی سے تعلق کو ضروری قرار دیتے ہیں۔ چاہے بیعت ہو یا بغیر بیعت کے اصلاحی تعلق ہو۔ بیعت سے متعلق حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی قدس سرّہ امداد السلوک میں تحریر فرماتے ہیں "پس اگر سالک عالم ہو گا تو خود ہی ضروریات دین سے آگاہ ہو گا ورنہ ایسا شیخ چاہئے جو اس کو اول توحید درست کرنے والے عقائد اور فقہی مسائل کی تعلیم دے اور اس کے بعد مجاہدہ اور زہد و تقویٰ کا راستہ دکھائے۔ مثل مشہور ہے۔ کہ جسکا کوئی پیر نہیں اس کا پیر شیطان ہوتا ہے۔ سو اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ جس کا کوئی رہنما نہ ہو یعنی نہ ذاتی علم رکھتا ہو کہ خود راستہ دیکھ سکے اور نہ مرشد کامل کی صحبت نصیب ہو کہ وہ راہ حق دکھاوے تو ایسے شخص کو شیطان گمراہ بنا دیتا ہے"۔ دوسری جگہ فرماتے ہیں "البتہ مرید ہونے والے پر لازم ہے کہ شیخ کامل کی تلاش میں پوری کوشش کرے اور خوب جانچے کہ یہ شیخ بنانے کے لائق ہے یا نہیں۔ کیونکہ بہترے طالب اس راستے میں بے دینی کا اتباع کرکے ہلاک ہو چکے ہیں، بلکہ سچ پوچھو تو اس میں اکثر بربادی صرف اس کی بدولت آتی ہے کہ شیخ کامل کی تلاش پوری طرح نہیں کرتے"۔ حاصل یہ کہ جس طرح اعمال ظاہری وُضو، نماز اور حج وغیرہ کے سیکھنے کیلئے کسی استاذ کے سامنے زانوئے تلمذتہ کرکے سیکھنا اور ان اعمال کے متعلق استاذ کو اپنی کوتاہیوں کی نشاندہی کرکے اصلاح کرنا یا خود استاذ کا اس میں کوئی غلطی معلوم کرکے اس کی اصلاح کرنا شریعت کے مخالف نہیں بلکہ عین مقصود ہے اسی طرح کسی کامل مصلح کے ساتھ تعلق قائم کرکے باطنی اعمال کی اصلاح کرانا بھی عین مقصود شرع ہے۔ پیر کامل کیلئے دو شرائط کا ہونا ضروری ہے۔

1. قرآن وحدیث کے احکام پر عمل پیرا ہو حضرت لاہوری صاحبؒ فرمایا کرتے تھے۔ کہ اگر ایک آدمی ہوا میں اڑتا ہو یا سمندر میں چلتا ہو اور اس کے پاؤں گیلے نہیں ہوتے تو یہ کوئی کمال نہیں کیونکہ ہوا میں اُڑنا یا سمندر میں تیرنا کوئی کمال نہیں بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ پیر مذکورہ قرآن وسنت کے احکامات پر عمل پیرا ہے کہ نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

2. پیر ہر انسان سے اپنے آپ کو کم تر سمجھے کہ پورے معاشرے میں میں ہی بیکار ہوں اور سب لوگ مجھ سے بہتر ہیں۔ صوفیاء کرام کا کہنا ہے کہ فیض کا ملنا اس پر موقوف ہے کہ مرید کا اپنے شیخ پر اعتماد ہو اور یہ تب ہو سکتا ہے کہ شیخ کے محاسن پر نظر رہے اور کمزوریوں سے چشم پوشی ہو۔ پیر کامل کے تمام شرائط آپؒ کی ذات مبارک میں بدرجہ اتم موجود تھے۔ تقویٰ وپرہیز گاری، عاجزی وانکساری اور اتباع سنّت میں اپنی مثال آپ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو قلبی نور فراست سے منور کیا تھا۔ جس کے ذریعے آپؒ اپنے مریدین و متعلقین کی روحانی بیماریوں (شرک، شہرت، حسد، عداوت وغیرہ) کا علاج کراتے رہے۔ ایک دفعہ بندہ نے عرض کیا کہ حضرت جب سے بیعت کیا ہے تب سے مجھ کو مسلسل شیطانی خیالات آتے رہتے ہیں۔ جواب میں فرمایا کہ بیعت کرنا اور پھر اس کے تقاضے پورا کرنا کچھ آسان کام نہیں شیطان آپ کے دل میں مختلف وساوس ڈالے گا لیکن اس کی کچھ پرواہ مت کرو۔ بیعت کرنا ایسا ہے کہ جیسے آپ نے شیر کو دم سے پکڑا ہو، تو شیر بھی تو کچھ نہ کچھ کرے گا۔ علوم ظاہری وباطنی میں کمال دسترس کی وجہ سے آپؒ کا مرشد آپ پر بہت اعتماد کیا کرتے تھے۔ اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ کے مرشد نے اپنے بیٹے (حضرت مولانا خواجہ عبدالماجد صدیقی صاحب مدظلہ) کو آپؒ ہی کی تربیت میں دیا تھا۔ حضرت مفتی صاحبؒ نے آپ کی تربیت کا کماحقہ حق ادا کیا[57]۔

زندگی کا اکثر حصہ اسلام کی خدمت قرآن و حدیث کی ترویج واشاعت و عوام الناس کی اصلاح میں صرف ہوا جو لوگ دوسروں کی اصلاح میں ہمہ تن مشغول ہوں جن کا مقصد دین کی خدمت ہو اور جن کی زندگیاں تیاری آخرت کے لئے وقف ہوں ایسے لوگوں کی مثال روشنی کے اس مینار (مینار نور) کی طرح ہوتی ہے جو سمندر کے بے نشان پانیوں میں بھٹکنے والوں اور گم کردہ راہوں کے لئے رہنمائی کا کام دیتا ہے اسی طرح آپؒ کا بھی یہ حال تھا کہ صرف دیکھ کر ہزاروں مسلمانوں کی اصلاح ہوتی تھی تمام زندگی میں عموماً اور بیماری کی زندگی میں خصوصاً روزانہ ہزاروں گمراہ لوگ آکر راہ یاب ہو جاتے۔ ابتداء میں اکثر لوگ داڑھی مونڈتے، انگریزی بال، فیشن ایبل لباس میں آتے مگر ایک دو ملاقاتوں کے بعد پھر خوبصورت مسنون داڑھی و بال کیساتھ سادہ کپڑوں میں تشریف لاتے۔ آپؒ کی صحبت کی وجہ سے یہ لوگ (خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے) کے مصداق ہوتے الغرض آخری دم تک باوجود ضعف وپیرانہ سالی اور مسلسل ہجوم امراض کے پوری بلند ہمتی اور پابندی سے اصلاح الناس میں مصروف رہتے تھے اس کے علاوہ بہت بڑے مصلح بھی تھے اگر کسی کی تعلق کی ناخوش گواری یا لڑائی جھگڑے وغیرہ کے متعلق علم ہوتا تو فوراً فریقین کے پاس تشریف لے جا کر ان کے درمیان اصلاح کرتے تھے۔ زندگی کے کسی لمحہ کو ضائع نہ فرماتے تھے ہر وقت ذکر اللہ میں مصروف رہتے تھے ذکر لسانی سے زیادہ ذکر قلبی میں مشغول رہتے تھے امت مسلمہ کی عموماً اور اپنے متعلقین کی خصوصاً اصلاح کی فکر ہر وقت دامن گیر رہتی

---

57 تجلیات، ج3، ص131۔134۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھی اوران کو توجہات فرماتے تھے دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اور زروبی میں صبح اور عصر کی نماز کے بعد پابندی کیساتھ دس پندرہ منٹ اجتماعی مراقبہ فرماتے تھے۔حیامیں آپؒ کی امتیازی شان تھی۔ کبھی بھی کسی کو گھور کر نہیں دیکھا بلکہ ہمیشہ اپنی نگاہیں نیچے رکھتے، مریدین کو وظائف تبدیل کرتے وقت جب شہادت کی انگلی قلب روح سر خفی یا اخفا وغیرہ کے مقامات پر رکھتے تو اکثر آنکھوں کو بند کر رکھتے، کبھی کسی کو ڈانٹتے نہیں صرف شرعی خلاف ورزی دیکھنے پر سختی سے منع فرماتے تھے جو لوگ صحبت میں رہ چکے ہیں ان کو مفتی صاحب رحمہ اللہ کی اس شان کے بارے میں معلومات زیادہ ہیں ،اپنا بدن کسی سے دبواتے تھے اور نہ کسی کا ہاتھ اپنے بدن سے لگانے چھوڑتے حتیٰ کہ بیماری کی حالت میں بھی کسی سے مدد نہیں لیتے تھے[58]۔

مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے ملفوظات

1. ایک مرید کو وسوسے کی شکایت تھی تو آپؒ نے طلوع شمس کے وقت ۱۱۰ مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ کا وظیفہ عنایت فرمایا، بفضلہ تعالیٰ تین چار یوم میں وسوسہ کی بیماری دور ہوئی۔
2. کھانے مین شکم پری بالکل نہیں فرماتے،اشتہاء باقی رہتی کہ کھانا چھوڑ دیتے پھلوں میں بھی یہی طریقہ اپناتے کہ اشتہاء باقی رہے۔
3. دار العلوم حقانیہ کے قیام کے دوران بدھ کی شام کو کوارٹر میں چاول پکاتے۔سعد الرحمان شاہ حقانی کھانے میں آپؒ کے ساتھ شرکت کرتا، کبھی کبھی شرم کی وجہ سے کوارٹر نہیں جاتا تو پھر بھتیجے مولانا عبد الوارث مرحوم کو بھیج دیتے کہ وہ بلاتے ہیں اور یوں شرکت کرتا۔
4. عموماً ظہر کے وقت تین یا چار بجے سعد الرحمان شاہ حقانی کوارٹر میں حاضر خدمت ہوتا۔آپؒ اس وقت کل کے اسباق بخاری شریف اور مسلم شریف کیلئے مطالعہ فرماتے اور ساتھ ساتھ بندہ کے ساتھ تفریحی گفتگو فرماتے بسا اوقات ''غوئے ملا'' کی واقعات بیان فرماتے۔فرماتے میاں صاحب! غوئے ملا صوابی کے ایک گاؤں ڈنڈو قا کا رہنے والا تھا۔بڑا عالم تھا،آپ کا اصل نام عبد المنان تھا، پھر اس کا واقعہ بیان فرماتے کہ غوئے ملا اسوجہ سے مشہور ہوئے کہ گاؤں میں بیلوں کا میلہ ہوتا تھا،ایک دفعہ علاقے کے ایک خان نے ایک بڑا بیل میلے کو لایا تھا تو ملّا صاحب رحمہ اللہ نے خان سے پوچھا کہ یہ بچھڑا کس لئے لائے ہو تو خان غصے میں کہنے لگا کہ کیا یہ بچھڑا ہے تو ملّا صاحب نے کہا کہ ہاں تو خان نے کہا کہ یہ اگر بچھڑا ہے تو ذرا اٹھا کر تو دکھاؤ تو ملّا صاحب نے کہا کہ اگر اٹھاؤں تو پھر کیا تو خان نے کہا کہ پھر تمہارا ہوگا۔پس فوراً ملّا صاحب نے بیل کو گردن پر اٹھایا اور اپنے گھر لے گیا۔اسی سے غوئے ملا کے لقب سے مشہور ہوئے۔

---

58 تجلیات،ج3،ص66۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

5. ایک موقع پر فرمایا کہ ایک مّلا تھے وہ شین کی جگہ پر ''خا'' بولتے تھے تو ایک دفعہ تکیہ پر شرح ملاجامی کی کتاب پڑی ہوئی تھی۔ایک بلی آکر شرح ملاجامی کی کتاب پر بیٹھ گئی، مّلانے فوراً کہا کہ '' پخہ خہ پیخو پہ خر ملااو ختی'' کہ دور ہو جا بلی تم شرح جامی کی کتاب پر چڑھ گئی۔ یہ حکایت بیان کرکے حضرت مفتی صاحبؒ خوب ہنسے۔

6. ایک موقع پر فرمایا کہ حکومت جب اخبارات میں کسی کام کی تردید کرتی ہے کہ حکومت یہ کام نہیں کرے گی تو آپ سمجھ جائیں کہ حکومت نے یہ کام کیا ہے۔

7. آپؒ کو وعدے کا انتہائی پابند پایا جب بھی وعدہ کیا بالکل پورا کرکے دکھایا۔ سعد الرحمان شاہ حقانی نے ایک دفعہ اپنے گاؤں آنے کی دعوت دیدی۔ آپؒ دعوت قبول کرکے بدھ کو آنے کا وعدہ فرمایا۔ اتفاقاً اسی دن بہت تیز بارش تھی اور جگہ بھی دور یعنی زروبی سے زیارت کاکا صاحبؒ آنا تھا۔ لیکن بندہ یہ دیکھ کر حیران ہوا کہ ٹھیک مقررہ وقت پر آپؒ تشریف لائے حالانکہ اس وقت آمدورفت کا ذریعہ صرف بسیں تھیں۔

8. آخرت کی سعادت کے حصول کیلئے یہ وظیفہ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ '' سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ '' فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۱۰۰ بار اور نماز عصر کے بعد ۱۰۰ بار پڑھا کرو۔ تاہم اگر فجر کی جماعت کھڑی ہو جائے تو اس صورت میں فرض کے بعد ہی وظیفہ پورا کیا کرو۔

9. ایک موقع پر ارشاد فرمایا کہ سحر اور بدنظری سے حفاظت کیلئے معوذتین صبح وشام پڑھا کرو۔

10. ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ موجودہ وقت میں سورۃ المنافقون کثرت سے پڑھنا چاہیے تاکہ نفاق سے محفوظ رہا جائے۔

11. معاملات میں احسان فرماتے تھے ایک دفعہ حلق کرنے کیلئے ایک طالب علم کو پھاٹک سے حجام لانے کا فرمایا، وہ پھاٹک گیا اور ایک حجام سے پانچ روپے میں حلق کرنے کا معاملہ طے کیا جب وہ کوارٹر آیا اور آپؒ کا حلق کرایا تو اسے دس روپے اُجرت دے کر رخصت فرمایا، تو اس نے عرض کیا کہ حضرت حجام کے ساتھ پانچ روپے پر بات ہوئی تھی دس روپے پر نہیں، تو فرمایا کہ پانچ روپے پر آپ نے بات کی تھی میں نے نہیں۔

12. ادویات سے سخت نفرت تھی، اسی وجہ سے آپؒ ادویات بہت کم استعمال کرتے تھے۔ عموماً سردیوں میں جب آپؒ کو کھانسی کی شکایت ہوتی تو فرماتے سعد الرحمن کھانسی کیلئے لوگ کونسی گولی استعمال کرتے ہیں، میں سمجھ جاتا اور بازار سے ایک دو قسم کی گولیاں اور عرض کرتا کہ ان دو قسم کی گولیوں سے صبح وشام ایک گولی استعمال کریں اور اسی وقت ہی ایک گولی دیتا جو آپؒ پانی کیساتھ کھالیتے اور بقیہ گولیاں چارپائی کے نیچے ڈال دیتے صبح جب دیکھتا تو معلوم ہو جاتا کہ آپؒ نے دوسری خوراک

toobaa-elibrary.blogspot.com

گولیوں کی نہیں کھائی ہے۔ میں اصرار کرتا کہ گولیاں استعمال کریں تاکہ پھر دوبارہ بیماری کی شکایت نہ ہو مگر صاف انکار کرتے کہ بس ایک خوراک کا استعمال ہی کافی ہے۔ آپؒ کا ہمیشہ یہی معمول رہتا۔

13. ایک دفعہ آپؒ نے نئے بوٹ پہن لیئے، تھوڑی دیر گزری تو خود ہی فرمایا سعد الرحمن لوگ جب نئے جوتے پہن لے تو دوسرے اسے کیا کہتے ہیں، میں نے کہا "جی مبارک شہ" حضرت جی مبارک ہو اس پر فرمایا کہ " خدای دی او بخہ" خدا آپ کو بخش دے اور ساتھ ہی میری غائب دماغی پر ہنس گئے۔

14. ایک دفعہ بندہ نے قرآن شریف کے بوسیدہ اوراق کے بارے میں حکم دریافت کیا تو مفتی صاحبؒ نے فرمایا کہ پاک جگہ پر جلا کر راکھ زمین میں دفن کریں یہ امام شافعیؒ کا مسلک ہے اور اس میں آسانی ہے۔

15. ایک دفعہ بندہ کو نماز اشراق کے بارے میں فرمایا کہ اس کا مکروہ وقت طلوع آفتاب کے بعد صرف تین منٹ تک ہوتا ہے ، جس میں سورج کا ٹکیہ نمودار ہوتا ہے۔ اس طرح زوال کے وقت کے بارے میں فرمایا کہ اس کا وقت بھی صرف تین منٹ تک ہوتا ہے۔

16. دار العلوم حقانیہ میں قیام کے دوران نماز فجر اور نماز عصر کے بعد اجتماعی دعا فرماتے تھے، جبکہ بقیہ نمازوں یعنی ظہر، مغرب اور عشاء کے بعد صرف اللھم انت السلام ومنک السلام۔۔۔ الخ پڑھتے تھے۔

17. دار العلوم حقانیہ میں قیام کے دوران ہمیشہ معمول یہ رہا کہ سنن قبلیہ اور نوافل کو ارٹر ہی پر ادا فرماتے اور فرائض ادا کرنے کیلئے وقت سے پہلے مسجد کو جاتے اور خود ہی امامت کے فرائض سرانجام دیتے۔[59]

حضرت مفتی صاحبؒ کے چند فرمودات

مولانا حافظ سعد الحمید صاحب کاکاخیل نے فرمایا: کہ مفتی صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ روٹی جب کم ہو اور بھوک زیادہ ہو، تو اس کو خوب چبا کر کھاؤ، بھوک مٹ جائیگی ورنہ اگر جلدی جلدی نگل دیا تو بھوک برقرار رہے گا۔

1. مولانا سعد الاحد کاکاخیل کہتے ہیں کہ آپؒ جب اپنے صاحبزادوں کو آواز دیتے تو فرماتے "ملا اس طرح کرو" اور پھر فرماتے کہ یہ اسلئے تاکہ پھر ملا کہنے سے شرمائے نہیں۔

2. مولانا سعد الحفیظ صاحب کاکاخیل کہتے ہیں کہ ایک دفعہ مولانا حسین احمد صاحب صاحبزادہ حضرت مفتی صاحبؒ جمعرات کے دن اپنے کپڑے استری کر کے باہر چلا گیا تو جب حضرت آگئے اور کپڑوں کے کالر کو دیکھا تو حضرت مفتی صاحبؒ نے بلا کسی جھجک کے کالر کو قینچی کے ذریعے کاٹ ڈالا۔

---

59 تجلیات، ج3، ص163۔166۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

3. مولانا محمد اسعد مدنی کاکاخیل نے ایک مرتبہ آپؒ سے عرض کیا کہ وزیر خزانہ سرتاج عزیز نے ہمارے گاؤں زیارت کاکا صاحب میں مدرسے کے نام پر ایک بلڈنگ تعمیر کی ہے آپ دعا کریں کہ وہ اس بلڈنگ کو ہمارے حوالے کر دیں تو جواب میں فرمایا کہ سرکاری پیسوں سے مدرسے تعمیر نہیں ہو سکتے۔ اور بالکل اسی طرح ہوا کہ وہ بلڈنگ مدرسہ کے نام پر بنا لیکن کسی بچہ نے اس میں دینی تعلیم حاصل نہیں کی اور اب وہ انگلش میڈیم سکول ہے۔

4. مولانا سعد الحفیظ صاحب کاکاخیل نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ جمعیت علماء اسلام اور عوامی نیشنل پارٹی نے آپس میں اتحاد کیا ہے تو فرمایا کہ اس کی مثال ایسی ہے کہ ایک بوری کے اندر دو پتھر ہوں تو اب یہ دو پتھر بوری کے اندر تو ساتھ ہیں مگر آپس میں پھر بھی نہیں ملتے۔

5. حضرت مولانا سعد الرشید ارشد صاحب کاکاخیل فرماتے ہیں کہ حضرت نے ایک مرتبہ فرمایا کہ پہلے اولاد والدین سے کہیں جانے کی اجازت لیتے تھے کہ فلاں جگہ جاتا ہوں آپ کی اجازت ہے یا نہیں اور آج کل کے زمانہ میں آڈر چھوڑتے ہیں کہ فلاں جگہ گیا ہوں۔

6. حضرت مولانا سعد الرشید ارشد صاحبؒ کاکاخیل فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نے فرمایا کہ قابل استاد کا کمال یہ ہے کہ مشکل کتاب کو آسان کر دے اور نالائق استاد آسان کتاب کو مشکل بنا دیتا ہے۔

7. ایک مرتبہ مولانا سعد الرشید استاد محترم مولانا عبد الحلیم دیر باباجی کے ساتھ بیٹھا تھا کہ مفتی صاحبؒ کے مدرسہ صدیقیہ کا تذکرہ ہوا، تو مولانا نے عرض کیا کہ وہاں پر تو موقوف علیہ کا درجہ بھی شروع ہوا ہے تو حضرت دیر باباجی نے فریا کہ بھائی مفتی صاحبؒ کے برکات زیادہ ہیں۔

8. حضرت مولانا سعد الرشید ارشد صاحب کاکاخیل فرماتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ایک طالب علم تھا وہ دوران سال سبق چھوڑ کر چلا گیا تو آپؒ نے حاضری کی رجسٹر میں اس لڑکے کے نام کے سامنے " ذھب للذھب" لکھ دیا۔

9. حضرت مولانا سعد الرشید ارشد صاحب کاکاخیل فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت مفتی صاحبؒ نے نور اور بشر کے بحث کے دوران فرمایا: محمد بشر لا کالبشر۔۔۔ والیاقوت حجر لا کالحجر[60]۔

مفتی صاحبؒ کے مکاتیب

1. یہ وہ مکاتیب ہیں جن کو مفتی صاحبؒ کے شاگردوں اور خلفاء نے آپؒ کی خدمت میں بھیجے ہیں اور ان کے جوابات دیئے ہیں۔ ان میں سے اکثر تصوف سے متعلق ہیں۔

---

60 تجلیات فریدی، ج3، ص177۔180۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حقیر فقیر محمد فضل عظیم اسعد غفرلہ (ولد قاضی صاحب کوٹکی مرحوم) بقلم خود جمادی الاولی ۱۴۳۳ ھ/اپریل ۲۰۱۲ ء

محترم المقام سلمہ الرحمن !

السلام علیکم کے بعد واضح رہے کہ آپ نقش کے بعد توجہ کا عمل شروع کریں۔نابالغ کو بیعت جائز ہے لیکن بلوغ کے بعد تجدید ضروری ہے اور جو کوئی بعید ہو اس کو آپ اسباق کی تلقین کر سکتے ہیں۔اللہ تعالیٰ آپ کو خدمت دین اور خدمت سلسلہ کی توفیق دیدے۔ (آمین) محمد فرید عفی عنہ۔

2. بخدمت اقدس جناب شیخنا مفتی اعظم صاحب زروبی شریف مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ناہوں سے بچنے کیلئے حضور والا نے وظیفہ تلقین فرمایا تھا جو آسان بھی ہے اور مؤثر بھی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ وظیفہ کو سوچ نہیں آتا تو درخواست یہ ہے کہ اپنے اس دعا جو خادم کیلئے حافظہ کی دعا فرماویں: گستاخی معاف! اس بندہ ناچیز نے حضرت والا کے مشفقانہ حکم کے مطابق بیعت لینا شروع کیا ہے اس میں بھی کامیابی، ترقی اور قبولیت کیلئے دعاؤں کی درخواست ہے۔ نیز سوال یہ ہے کہ نابالغ لیکن صالح طالب العلموں کو بیعت کرنا صحیح ہے یا نہیں؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر کسی نے ایک مرتبہ آپ سے بیعت کی ہو اور دوبارہ حاضر نہیں ہو سکتا ہو اور اس بندہ ناچیز کو رجوع کرتا ہو تو کیا اسے از سر نو بیعت کرنا ہو گا یا اسی جگہ سے جہاں ٹھہرا ہے آپ کے ارشادات ہمارے لئے مشغل راہ ہوں گے۔والسلام منجانب:

آپ کا دعا گو اور دعا جو خادم محمد فضل عظیم اسعد حقانی نقشبندی عفی عنہ معیار جندول دیر پائین ۱۸ ذوالقعدہ ۱۴۲۳ ھ/ ۲۲ جنوری ۲۰۰۳ ء

نوٹ: صاحبزادہ حافظ حسین احمد صاحب اور مدرسین عظام کو ہدیہ سلام قبول ہو۔

3. محترم المقام سلمہ الرحمن !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

امابعد! پس آپ کو شؤن ذات کا جو کہ عبارت ہے ذات سے جب کے ملحوظ ہو مثل مصدر مبنی للفاعل غفوران یغفر رحیم ان یرحم۔اور لطیفہ اخفیٰ میں اللہ تعالیٰ کی جامعیت ہے جو کہ مبتدی پر سخت ہوتا ہے۔

4. محمد فرید عفی عنہ بحضور عالیہ شیخنا و مرشدم جناب مفتی اعظم صاحب مدظلہ العالی۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

toobaa-elibrary.blogspot.com

مختصراً عرض کرتاہوں کہ لطیفہ سر (جس میں بہت اسرار یہاں تک کہ جنت کے محلات دیکھتاہوں) کے علاوہ دوسرے لطائف میں کچھ احساس نہیں ہوتاہے بلکہ لطیفہ اخفٰی میں تو سخت گھبراہٹ محسوس کرکے ایسا سمجھتاہوں جیسا میرا سینہ زخمی ہوتاہے اس سلسلے میں کچھ ہدایات اور رہنمائی کی زحمت دیتاہوں (آج آپ کو خواب میں بھی دیکھا امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی حیات طیبہ میں درازی نصیب فرمائیں گے۔آمین) فقط ۸ شعبان ۱۴۲۳ھ/۱۲ اکتوبر ۲۰۰۳ء منجانب: منتظر جواب :آپ کا دیرینہ شاگرد وخوشہ چین محمد فضل عظیم حقانی نقشبندی خادم اسعد دارالعلوم معیار (خوڑ) ڈاکخانہ معیار تحصیل ثمر باغ جندول ضلع دیر (پائین) پوسٹ کوڈ: ۱۸۵۵۰ نوٹ: جوابی لفافہ اور کاغذ لف ہیں گستاخی معاف۔

5. بخدمت جناب مفتی اعظم محمد فرید صاحب مدظلہ المبارک علینا آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ فجر کی نماز فرض ادا کرکے سنت چھوٹ گئیں تو بعد از فرض سنتوں کو ادا کی جاسکتی ہے یا نہ؟ جبکہ اب سعودی وغیرہ کی مزدوری سے واپس آنے والے اکثر ایسا کرتے ہیں کہ فرض ادا کرکے جماعت کے بعد سنتوں کیلئے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ بینوا وتوجروا۔ وفقھم اللہ واجرکم علی اللہ العظیم۔

المستفتی :آپ کا دیرینہ تلمیذ وخادم دعاگو ودعاجو مخلص: ابوالبرہان محمد فضل عظیم اسعد حقانی نقشبندی عفی عنہ خادم اسعد دارالعلوم معیار خوڑ جندول ضلع دیر پائین پوسٹ کوڈ: ۱۸۵۵۰ ۹ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ/۳۰ اپریل ۲۰۰۴ء

6. **محترم المقام وعلیکم السلام امابعد!**

پس ہمارے لئے احادیث النھی بعد الصبح احادیث مشہور ہیں اور ان کا حدیث منقطع ہیں۔ ہمارے نزدیک طلوع شمس کے بعد ادا کیا جائے گا کیونکہ احادیث متواترہ اور مشہور صحاح کے بربنا فرض کے بعد نوافل نہیں۔ اور مشکوٰۃ شریف میں حدیث منقطع ہے۔ محمد بن ابراہیم لم یسمع من قیس بن سعد۔ اور جو حدیث ابن حزم نے محلی میں ذکر کیا ہے اس کی سند میں جنس نفی ذکوان ہے ضعیف ہیں وہ۔۔۔ کان یدلس۔ اور جو حدیث ابن۔۔۔ نے ذکر کیا ہے تفرد بہ اسع وقال غیرہ مرسل فلیراجع الی منہاج السنن ص ۲۹۳ ج ۲۔ محمد فرید عفی عنہ

7. محترم المقام مولانا قاری عمر علی المدنی صاحب سلمہ الرحمن !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

امید ہے مزاج گرامی بخیریت ہوں گے۔ حامل رقعہ مولانا فضل عظیم حقانی نقشبندی اپنی بچی کو آپ کے ہاں درجہ علم میں داخل کرنے کا خواہشمند ہے آپ مہربانی کرکے حتی الامکان اس بچی کو غیر مشروط داخلہ عنایت فرماکر ممنون فرمائیں۔ فقط دعاوالسلام

محمد فرید عفی عنہ ۱۶ جنوری ۲۰۰۹ء[61]۔

---

61 تجلیات، ج3، ص122۔124۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل پنجم

مفتی صاحبؒ کے سیاسی اور معاشرتی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

سیاسی خدمات

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہوتا ہے کہ انسانوں میں لوگوں کی اصلاح کیلئے ایک انسان منتخب فرماتا ہے۔ان میں مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنا ایک خاص قرب عطا فرمایا تھا اور لوگوں کی اصلاح کے لئے چن لیا تھا۔آپؒ نے اپنی ساری زندگی لوگوں کی اصلاح کے لئے وقف کر رکھی تھی،دن رات آپؒ خلق خدا کی خدمت میں کوشاں رہے،اصلاح خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی آپؒ نے ہر ایک میں بھرپور کوشش کی۔آپؒ کا فیض عام رہا،ہزاروں بلکہ لاکھوں افراد نے آپؒ سے علم نبوت حاصل کی ہے۔اور اسی طرح لاکھوں کی تعداد میں سالکین طریقت نے آپ کے شمع ہدایت سے اپنے شمعیں جلائیں اور طریقت کے میدان میں شہسوار بن گئے ،آپؒ اپنے وقت کے محدث کبیر،فقیہ العصر تھے۔آپؒ کو اللہ تعالیٰ نے فقاہت کے ساتھ ساتھ سیاسی فہم سے بھی نوازا تھا،یہ حقیقت ہے کہ سیاست کے بغیر مسلمانوں کا غلبہ اور اقتدار میں آنا مشکل ہے۔اور اس کے ذریعے اسلام کا دنیا میں نفاذ ممکن ہے،افراد کی اصلاح کے ساتھ ان کی اجتماعی اصلاح سیاست ہی سے وجود میں آئے گی۔لیکن بد قسمتی سے مغربی جمہوریت نے سیاست کو ایسا کھیل بنا دیا ہے کہ جس میں کھرے اور کھوٹے کا تمیز ہی باقی نہ رہا،دوسری طرف موجودہ سیاست دانوں کی تعریف ہی بدل ڈالی اور سیاست مکر و فریب،دھوکہ بازی،جھوٹ کے سوا کچھ نہیں رہا،لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم حقیقت سچائی اور اسلامی سیاست کو ہی خیر باد کہہ دے بلکہ انہی جھوٹوں اور دغا بازوں میں رہ کر ہی سچائی کو فروغ دیں گے۔ بہت سے دیندار لوگ اس وجہ سے سیاست سے متنفر ہوتے ہیں کہ ظاہرًا جو کچھ نظر آتا ہے وہ دھوکہ،فریب اور جھوٹ ہی ہوتا ہے جسکا لازمی نتیجہ تنفر ہی ہونا چاہیئے،جو لوگ کامل ہوتے ہیں وہ نتائج پر نظر کرتے ہیں،حقائق کو دیکھتے ہیں،اندھیروں میں کرنوں کا امید لئے ہوتے ہیں اور حالات سے متاثر نہیں ہوتے،اور اپنی جہد مسلسل میں کوشاں رہتے ہیں،ہمارے حضرت مفتی صاحب بھی انہیں کامل لوگوں میں سے تھے کہ حالات سے متاثر نہیں ہوتے تھے ،اور اپنی دور اندیشی اور سیاسی فہم کی وجہ سے نتیجہ پر نظر رکھتے لیکن یہاں بندہ حیران رہ جاتا ہے کہ ایک بہت بڑے صوفی اور فنافی اللہ ہونے کے باوجود اس گندے سیاسی ماحول میں بھی آپؒ سیاست کے میدان میں بے مثال بصیرت رکھتے تھے اس لئے حضرت مولانا فضل علی حقانی صاحب سابق وزیر تعلیم خیبر پختونخواہ رقم طراز ہے:"سیاسی مسلک میں مفتی صاحب اکابرین جمعیت علماء اسلام میں سے جمعیت کے تمام کارکنوں کیلئے مرجع ہے جب مشکل اوقات میں بہت سارے مضبوط اعصاب والے اور نظریاتی لوگوں کے قدم ڈگمگائے،حضرت مفتی صاحب پہاڑ کی طرح اپنے نظریہ پر مضبوط اور جمے رہے،بے نظیر بھٹو کے دور میں جمعیت علماء اسلام کے انتخابی اتحاد کے دور میں جب بہت سارے کارکنوں نے اس پر تحفظ کا اظہار کیا ہم حضرت مفتی صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے،آپؒ نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فرمایا کہ اس فن کو مولانا فضل الرحمٰن صاحب خوب جانتے ہیں اور دیگر سیاسی جماعتوں کی نسبت ان لوگوں سے اتحاد بہتر ہے اور تمام کارکنوں کو ایک نیا حوصلہ دیا[62]۔ "

اسی طرح مولانا قاضی فضل اللہ رقمطراز ہے "اتنے بڑے عالم ہونے اور اتنے معروف ہونے کے باوجود جب ملکی سیاست کی بات کرتے تو ایسے انداز سے کرتے کہ سننے والا دنگ رہ جاتا اور وہ سمجھتا کہ جیسے ہمہ وقت سیاست میں لگا رہا ہے۔ حتیٰ کہ دستار بندی یا ختم بخاری شریف یا اجازت کے موقع پر نصائح میں فرماتے حتی المقدور سیاست میں حصہ لیا کریں اور فرماتے کہ اپنے اکابر کی جماعت جمعیت علماء اسلام سے رشتہ استوار رکھیں۔ راقم نے دو بار قومی اسمبلی کا الیکشن لڑا، نہ صرف یہ کہ اپنے گاؤں میں ہر بار جلسہ کا اہتمام کروایا بلکہ بنفس نفیس جلسہ میں موجود رہے اور الیکشن کے دن پولنگ سٹیشن پر تشریف فرما ہوتے اگرچہ باقی علماء واحباب کارکنان تگ ودو کرتے رہتے لیکن حضرت مفتی صاحبؒ بھی بیٹھ کر فہرستوں میں نام اور نمبر ووٹر نکال لیتے۔گاؤں کے بہت سارے لوگ یا تو حضرت صاحبؒ کی موجودگی سے حیا کرتے اور ووٹ بھی ہمیں دے دیتے یا کم از کم جمعیت کے کیمپ میں ضرور آتے اور یوں وہاں گہما گہمی ہوتی اور وہاں لوگ کہتے کہ جمعیت جیت رہی ہے اور ہوا بھی یوں کہ زروبی میں ہمیشہ جمعیت ہی جیتی میں بھی ہر دو بار وہاں سے اکثریت سے جیتا"۔آپؒ حضرت مولانا حسین احمدؒ مدنی کے سیاست کا قائل تھے اور طلباء وعلماء کی بھی سیاست میں حصہ لینے کی تاکید کرتے تھے، دستار بندی یا بخاری شریف کے موقع پر نصائح میں فرماتے کہ حتی المقدور سیاست میں حصہ لیا کریں۔ اللہ تعالیٰ نے ایک عجیب فہم وفراست عطا فرمائی تھی اگر لوگوں کے جھگڑوں کی بات ہوتی تو بھی اس کو دو تین منٹ میں ایسے حل فرماتے کہ طرفین خوش ہو جاتے اگرچہ آپؒ فنافی اللہ کے مقام پر ایک کامل صوفی تھے لیکن ان کی مخلوق پر نظر رہتی تھی اس لئے اتنے بڑے مرتبے میں ہونے کے باوجود مخلوق کو فائدے دینے والی چیزوں پر نظر رہتی تھی، سیاست میں تو سراسر مخلوق کی خیر خواہی ہی مدنظر رہتی ہے، اس لئے آپؒ کو اللہ تعالیٰ نے سیاست کے میدان میں بھی کمال فراست عطا فرمایا تھا۔ مفتی سیف اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں "آپؒ مدنی سیاست کے قائل ہیں اس لئے جمعیت علماء اسلام کیلئے ہمہ وقت دعا گو رہتے ہیں اور بہ نسبت دیگر ساتھیوں کے سیاست میں مولانا فضل الرحمٰن صاحب پر زیادہ اعتماد کرتے رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن صاحب آپ کا کمسن شاگرد بھی ہے[63]۔ "

آپؒ اسلامی سیاست کے ناگزیر ہونے کو جانتے تھے اور بغیر اسلامی قیادت کے تنفیذ اسلام کے خواب کو ادھورا ہونے سے بھی آپؒ واقف تھے، آپؒ اس حقیقت سے خوب واقف تھے۔کہ طاقت اور اسلامی اقتدار ہی سے اسلام کو نافذ کیا جا سکتا ہے، ذیل کے اس واقعے سے آپ اچھی طرح اندازہ کر سکتے ہیں کہ اسلامی سیاست اور اسلامی قیادت کے کیسے قدردان تھے۔ مولانا غلام محمد صادق

---

62 فتاوی فریدیہ، ج1، ص33۔ وتجلیات، ج2، ص21۔22۔

63 تجلیات، ج1، ص51۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

صاحب لکھتے ہیں "1988ء کے عام انتخابات کے موقع پر ہم نے مفتی صاحب کے خلیفہ اور تلمیذ خاص حضرت مولانا محمد گوہر شاہ صاحب کو انتخابی معرکے کے لئے چن لیا اور جمعیت علماء اسلام کی قیادت نے بھی ان کو ٹکٹ دے دیا، ادھر حضرت مولانا محمد گوہر شاہ صاحب کے خاندان اور بھائیوں نے اس میدان میں کودنے کی شدید مخالفت کی اور مولانا گوہر شاہ صاحب پر ہر قسم کا زور و دباؤ ڈالا کہ اس میدان سے کنارہ کش ہو جائے مگر ان کے لئے انکار واد بار کی کوئی گنجائش نہ تھی، بالآخر مولانا گوہر شاہ صاحب کے بڑے بھائی جناب حاجی رحیم شاہ صاحب نے اپنے خاندان کے بڑوں پر مشتمل جرگہ تشکیل دے کر مفتی صاحب کی خدمت میں اکوڑہ خٹک جانے کا فیصلہ کر لیا کہ وہ ان کے بھائی کو اس میدان میں کودنے سے منع کریں، اس ناچیز کو بھی جرگے کے ساتھ جانے کے لئے کہا، میں بھی ان کے ساتھ ہو گیا، راستے میں بڑوں نے فیصلہ کر لیا کہ بات غلام محمد صادق کرے گا، جب ہم آپ کے رہائش گاہ پہنچ گئے اور بات شروع ہوئی تو میں نے کہا کہ حضرت! چارسدہ میں جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کی خواہش ہے کہ مولانا گوہر شاہ آنے والے الیکشن میں صوبائی اسمبلی کے امیدوار کی حیثیت سے حصہ لیں، جمعیت نے ان کو ٹکٹ بھی دے دیا ہے مگر مولانا گوہر شاہ صاحب کے سب بھائی اور خاندان کے تمام افراد سخت پریشان و ناراض ہیں، ان کے رشتے ٹوٹنے کا خطرہ ہے اور بہت پیسہ بھی خرچ ہو گا، عوامی نیشنل پارٹی کا بہت زور و قوت ہے کامیابی بھی یقینی نہیں، اس لئے یہ جرگہ آپ کی خدمت میں ان کے بھائیوں کی طرف سے آیا ہے کہ آپ ان کو الیکشن میں حصہ لینے سے منع کریں، حضرت نے میری تمام باتیں پورے غور و خوض کے ساتھ سن کر فرمایا۔ ''میرا خیال ہے کہ مولانا گوہر شاہ ضرور الیکشن میں حصہ لیں، بیگم نسیم ولی خان اس حلقے سے الیکشن لڑتی ہیں، اگر علماء میں سے کوئی اس کا مقابلہ نہ کرے تو اس کو حوصلہ مل جائے گا، باقی جہاں تک رشتے اور تعلقات ٹوٹنے کی بات ہے تو ہم اس کو اسلام کی خدمت سمجھتے ہیں اور جہاد سمجھتے ہیں جہاد میں تو رشتے بھی ٹوٹتے ہیں، انسان بھی شہید ہوتے ہیں اور مال و دولت بھی خرچ ہوتی ہے ہم تو اپنی طرف سے نہ ان کے ساتھ رشتہ داری چھوڑتے ہیں اور نہ کسی سے تعلقات ختم کرنا چاہتے ہیں باقی لوگوں کی اپنی مرضی کہ ہمارے ساتھ رشتہ داری اور تعلقات قائم رکھتے ہیں یا نہیں۔ ہم جب مفتی صاحب کی مجلس سے رخصت ہوئے تو مولانا گوہر شاہ صاحب کے خاندان کے بڑوں نے کہا کہ اب ہم اس سلسلہ میں کچھ بھی نہیں کہیں گے اور مولانا گوہر شاہ صاحب کو الیکشن میں حصہ لینے سے منع نہیں کریں گے اور اس طرح مولانا گوہر شاہ صاحب نے الیکشن میں حصہ لیکر خوب مقابلہ کیا اگرچہ کامیابی حاصل نہ ہوئی [64]۔ "

آپؒ نے کبھی بھی کسی کیساتھ دنیاوی مفاد کی خاطر ساتھ نہیں دیا بلکہ ہمیشہ سب کچھ دین ہی کی خاطر کرتے تھے اس وجہ سے لوگ آپؒ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے، اپنوں کی اقتدار کے وقت میں بھی آپؒ نے کسی سے کوئی مفاد حاصل نہیں کیا۔ آج کل کی سیاست میں سب سے بڑی تباہ کن چیز مفاد پرستی ہے اور یہ دنیا پرستی ہی سے جنم لیتی ہے اور دنیا کی محبت انسان کو اندھا کر دیتا ہے پھر اچھے اور برے

---

64 جلیات، ج1، ص67۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی تمیز باقی نہیں رہتی اور خوف خدا دل سے نکل جاتا ہے اور انسان ظاہر سے تو انسان اور اندر سے وحشی ہو جاتا ہے، دنیائے مذموم کی مثال خوبصورت سانپ کی سی ہے جس کا ظاہر تو اچھا ہے نقش و نگار سے آراستہ ہے مگر اندر زہر بھرا پڑا ہے۔ یہی ایک بیماری اگر شفایاب ہو جائے تو پھر سیاست سے بڑی عبادت کیا ہو سکتی ہے۔ یقیناً سیاست ایک بڑی عبادت ہے لیکن اگر اس کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے احکام کے مطابق سرانجام دیا جائے، بدقسمتی سے اس مرض نے آج کے دور میں اتنی شدت اختیار کی ہے کہ لوگوں نے اس کو لاعلاج سمجھ کر علاج کرنا ہی چھوڑ دیا ہے لیکن یہ غلطی ہے کیونکہ یہ لاعلاج نہیں لیکن ہم نے اسے لاعلاج سمجھ لیا ہے ایک طرف تو بیماری کے ساتھ یہ معاملہ ہے دوسری طرف تندرست افراد جس کی دنیا سے محبت نہیں ہوتی وہ سیاست سے کتراتے ہیں اور ایسا سمجھتے ہیں گویا آپ انکو گناہ کے ایک دلدل میں دھکیلنا چاہتے ہیں، لھذا نتیجہ یہ ہوگا کہ مفاد فرست آگے آئیں گے اور خدا پرست پیچھے رہ جائیں گے اور اس شعبہ کے دھندلے نشانات جو باقی رہ گئے ہیں وہ بھی مٹ جائیں گے۔

ایک مرتبہ شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ نے وعظ فرمایا، اس وعظ میں ایک انگریز ریذیڈنیٹ بھی شریک تھا جو اس وعظ سے بے حد متاثر ہوا، جب وعظ ختم ہوا تو انگریز ریذیڈنیٹ کھڑا ہوا اور اہل مسجد کو مخاطب کر کے کہا کہ صاحبان! میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ مسلمانوں سے ہندوستان کی سلطنت کیوں جاتی رہی، مختلف لوگوں نے اس پر مختلف جواب دیئے لیکن آخر میں اس انگریز نے خود کیسی سمجھ کا جواب دیا" کہ میری رائے میں تو مسلمانوں سے سلطنت نکل جانے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ جو لوگ سلطنت کے اہل تھے انہوں نے تو دنیا پر لات ماری اور گوشہ نشینی اختیار کی اور جو اس لائق نہ تھے ان کے ہاتھ آئی تو انہوں نے اس کو برباد کیا۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اکابر کی قبروں پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائیں جنہوں نے ہمیں للہیت کے ساتھ سیاست کا درس بھی دیا، حق سکھا کر حق پہنچانے کا حق راستہ بھی دکھایا، حمیت اور غیرت سکھا کر محل وقوع بھی دکھایا، عشق اور سنور سے سرشار کر کے اعتدال پر رہنے کا سلیقہ بھی سکھایا، کفر کی یلغار کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر سنبھلنا بھی سکھایا اس خود غرض اور بے وفا دنیا میں دوسروں کے لئے جینا بھی سکھایا[65]۔

آپ نے تمام دینی و ملی تحریکات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ خواہ وہ تحریک ختم نبوت ہو' تحریک نظام مصطفیٰ ہو' فرق باطلہ کا تعاقب ہو' ملک میں اسلامی نظام کیلئے عملی جدوجہد ہو' ان تمام تحریکات میں انہوں نے ہراول دستے کا کردار ادا کیا۔ ۱۹۷۰ء میں جنرل یحییٰ خان نے ملک میں عام انتخابات کا اعلان کیا جس کے نتیجے میں ملک بھر کی تمام مذہبی اور سیاسی جماعتوں نے اس میں حصہ لیا۔ علماء دیوبند کے سیاسی و مذہبی پلیٹ فارم سے جمعیۃ علماء اسلام پاکستان نے بھی ملک بھر کے اکثر حلقہ جات سے اپنے امیدوار میدان میں اتارے' ہر ایک جماعت اپنے امیدوار کی کامیابی کے لئے سر توڑ کوشش میں مصروف تھی' یہاں ہمارے صوبہ سرحد بالخصوص صوابی مردان

65 تجلیات، ج3، ص89۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

چارسدہ میں سرخپوشوں کی اکثریت تھی اور وہ علماء کا سیاسی میدان میں آنے کو بہت برا سمجھتے تھے اور اپنے جلسوں اور جلوسوں میں علماء کے خلاف انتہائی گھٹیا زبان استعمال کرتے تھے' ان حالات میں صدر صاحبؒ (مولانا عبدالحلیم صاحب) اور حضرت مفتی صاحبؒ نے گھر گھر جاکر جمعیت کا پیغام لوگوں تک پہنچایا اور انہوں نے باقاعدہ شیڈول مرتب کیا تھا' جمعرات اور جمعہ کیلئے ان دو دنوں میں آپ کئی کئی جلسوں میں خطابات اور تقاریر کرتے۔ آج انہی بزرگ ہستیوں کی محنت کا ثمر ہے کہ گاؤں کی فضا دینی ماحول سے مزین ہے اور لوگ اسلامی سیاست کے طرف مائل ہیں[66]۔

معاشرتی خدمات

ویسے تو مفتی صاحبؒ کے معاشرتی خدمات بہت زیادہ ہیں لیکن ان میں سے چند چیدہ چیدہ خدمات ذکر کریں گے، سب سے پہلے افتاء وقضاء پر بحث کرتے ہیں۔

افتاء وقضاء

افتاء کا کام اُس وقت سے شروع فرمایا جب کہ آپ دورۂ حدیث کے طالب علم تھے، مفتی صاحب خود فرماتے "جب میں غور غشتو میں دورۂ حدیث کا طالب علم تھا تو مولانا نصیر الدین غور غشتوی رحمہ اللہ مجھ سے استفتاءات کے جوابات لکھواتے، پھر جب جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک میں مدرّس ہوا تو مولانا عبدالرحمن کاملپوری رحمہ اللہ (خلیفۂ اجلّ حضرت تھانوی رحمہ اللہ وسابق صدرالمدرّسین مظاہر العلوم سہارنپور) نے مجھے فرمایا کہ سوالات کے جوابات تم لکھا کرو۔ آپؒ میرے لکھے ہوئے جوابات بہت پسند فرماتے۔ پھر دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ میں بھی یہ کام میرے سپرد ہوا، جب دارالعلوم حقّانیہ آیا تو یہاں ایک چھوٹے سے رجسٹر میں چند فتوے لکھے ہوئے تھے، لہٰذا یہاں افتاء کا کام مستقل طور پر شروع کیا۔ آپؒ نے دارالعلوم حقانیہ میں بتیس سالوں کے دوران کم و بیش ایک لاکھ فتوے دیئے ہیں، جن کی ترتیب و تخریج کا کام جاری ہے، اور اب تک پانچ جلدیں چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہیں اور عوام وخواص میں یکساں مقبول ہیں۔ بقیہ مجلّدات پر کام جاری ہے۔ ترتیب و تخریج میں احتیاط کے پیش نظر وقت زیادہ لگ رہا ہے۔ آپؒ کے فتاویٰ نہایت قوی، محکم اور مدلّل ہوتے ہیں جنہیں بہت غور اور تحقیق کے بعد لکھا جاتا ہے، اس لئے رجوع کی نوبت نہیں آئی۔ اللہ جلّ شانہٗ نے فتوے اور فیصلہ کرنے کا عجیب فہم عطا فرمایا ہے، جو مسائل اور موضوعات بہت پیچیدہ اور ناقابل حل معلوم ہوتے تھے اُن کو بہت آسانی کے ساتھ حل فرماتے تھے، پس ہم کہہ سکتے ہیں کہ علم اور فقاہت آپ کی طبیعت ثانیہ بن گئی تھی اور واقعی آپ فقیہ النفس تھے۔ آپ کے فتاویٰ پاکستان کے علاوہ بیرون ممالک میں بھی مقبول ہیں، اور اندرونِ ملک کا تو یہ حال ہے کہ عوام تو کیا علماء کو بھی کسی مسئلہ میں تسلّی اور تشفّی تب حاصل ہوتی ہے کہ اُس پر مفتی صاحب کا فتویٰ موجود ہو یا آپ کی تائید۔ عام

---

66 مرجع سابق ص 146

toobaa-elibrary.blogspot.com

طور پر دوسرے مدارس اپنے ہاں دارالافتاء اور مفتیان حضرات کی موجودگی کے باوجود مشکل مسائل میں آپ کی طرف رجوع کرتے تھے۔ حضرت مولانا نور محمد ثاقب صاحب فرماتے ہیں کہ "میں نے اگست 1988ء /ذوالحجّہ 1408ھ کو لاہور، ملتان، کراچی وغیرہ کا سفر کیا، پھر اپریل 1991ء / شوال 1411ھ کو آزاد کشمیر کا سفر کیا، اسی طرح اپریل 1993ء/ شوال 1413ء کو سیالکوٹ، لاہور اور خانیوال وغیرہ کا سفر کیا تاکہ وہاں کے مدارس کو دیکھے اور وہاں کے شیوخ اور اکابر علماء سے ملاقات کرے، وہاں میں نے آپؒ کے فتووں کو دیکھا جو مشکل اور اہم مسائل میں حاصل کئے گئے تھے۔ آپؒ کی تصنیفات وتالیفات بہت دقیق، جامع، مستند، مفید اور مقبول ہیں، اور اس کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں، بالخصوص منهاج السنن شرح جامع السنن للترمذی ہدایۃ القاری علیٰ صحیح البخاری اور فتح المنعم شرح مقدمۃ صحیح مسلم باوجود مختصر ہونے کے نہایت دقیق، عمیق اور جامع ہیں کہ ہر ایک ضخیم شروح کا ملخّص اور اُن سے مستغنی کرنے والی اور اکابر محدّثین کے امالی کا نچوڑ ہیں۔ ہر ایک "البحر فی الکوز" کا اچھا مصداق ہے، اور علماء وطلباء کے لئے بے حد مفید ہیں۔ منہاج السنن جو کہ پانچ جلدوں میں ہے، تمام اہم حدیثی اور فقہی مباحث پر مشتمل ہے، بیک وقت شرحِ حدیث اور فتاویٰ کی حیثیّت رکھتی ہے، اسی طرح "البشریٰ لأرباب الفتوٰی" افتاء کے اصول وضوابط پر مشتمل مختصر اور جامع رسالہ ہے جو دس فصلوں پر مشتمل ہے، آپؒ اس کے دیکھنے کی تاکید کرتے اور فرماتے: "اسے میں نے بہت محنت سے لکھا ہے"۔ اسی طرح آپ کی دوسری تصانیف بھی نہایت معتبر اور مفید ہیں، [67]۔

طریقۂ افتاء

آپ علی الاکثر فتویٰ میں ہندیہ اور شامیہ کا حوالہ دیا کرتے۔ آپ فرمایا کرتے کہ "میں فتویٰ کے بارے میں پہلے کتابی تحقیق کرتا ہوں اور اس کے بارے میں مراقبہ کرتا ہوں تو تب فتویٰ دیتا ہوں اور یہی وجہ ہے کہ مجھے اپنے فتویٰ سے رجوع کی نوبت نہیں آئی ہے"۔ بعض اہم فتاوی کے بارے میں بعض بڑے علماء جو جبال العلم ہوتے اور ورع وتقوی میں اپنی مثال آپ تھے آپ سے مشورہ بھی کرتے جیسا کہ قول القائل ایک دو تین انت طالق سے متعلق اپنے مشہور فتویٰ کے بارے میں مولانا عبدالحق صاحبؒ سے جب مشورہ کر رہے تھے اور اس مجلس میں راقم بھی موجود تھا، تو مولانا عبدالحق صاحبؒ نے عدم تغلیظ میں مفتی صاحبؒ سے اتفاق کرتے ہوئے تجدید نکاح کی رائے دے دی۔ آپ کے کسی جواب اور فتوی کے بارے میں جب کوئی مستفتی ادھر ادھر کی باتیں کرنے لگتا۔ تو آپ فرمایا کرتے دیکھئے ہماری ایک ہی بات ہوتی ہے ہمیں زیادہ باتیں نہیں آتیں۔ چنانچہ میرانشاہ شمالی وزیرستان سے کسی ساتھی نے یہ سوال کیا کہ پاکستانی اور افغانی کرنسی میں بیع کی صورت میں فضل ونسیئۃ کا کیا حکم ہے؟ تو مفتی سیف اللہ صاحبؒ (جو اس وقت حضرت مفتی صاحب کے معاون تھے) نے اس کا یہ جواب مفتی صاحب کے طرف سے لکھا کہ چونکہ صورت مسؤلہ میں قدر وجنس دونوں

67 تجلیات، ج2، ص156۔158۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفقود ہیں۔ لہٰذا فضل ونسیئہ دونوں قابل اعتراض نہیں البتہ یہ بیع تب جائز ہو گا کہ احد البدلین مجلس عقد ہی میں مقبوض ہوں۔ جب یہ فتویٰ میرانشاہ میں پاکستانی اور افغانی علماء کے نظر سے گزرا تو انہیں یہ خدشہ پڑ گیا کہ اس فتویٰ میں تو ربوی وسود کو جائز قرار دیا گیا ہے اس لئے میرانشاہ کے علماء پاکستان وافغانستان کے علماء نے ایک وفد مولانا قاری رومان کی قیادت میں اس فتوی کی تحقیق کے لئے آپؒ کے پاس بھیج دیا، وفد نے فتویٰ آپؒ کے سامنے رکھ دیا۔ فتویٰ کے دیکھنے کے بعد قاری رومان سے کہا آپ اس فتویٰ کے بارے میں کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟ قاری صاحب نے ادیبانہ انداز میں کہا حضرت تفصیل۔ اس پر قاری صاحب سے کہا قاری صاحب جب تفصیل چاہیئے تو آپ سوال تفصیل سے لکھ دیں۔ تو تب ہم جواب تفصیل سے لکھ کر دیں گے مگر جواب یہی ہی ہو گا جو اس مختصر فتویٰ میں ہے کیونکہ ہماری ایک ہی بات ہوتی ہے زیادہ نہیں اور میرے طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے کہ جب یہ سوال تفصیل سے لکھ دیں تو آپ جواب تفصیل سے لکھ دیں اور ویسا ہی کر کے آپؒ کی تصدیق وتصویب وتصحیح کے بعد وفد کے حوالہ کر دیا۔ آپؒ کا فتوی اور جواب مختصر مگر جامع ہوتا اور بعض تفصیل طلب فتاوی کو مفصل بھی تحریر فرماتے۔ چنانچہ بعض معاصرین علماء برملا کہا کرتے کہ آپؒ کے فتویٰ کا طریق دارالعلوم دیوبند کے اکابر مفتیوں کے طریق جیسا ہے[68]۔

مفتی صاحبؒ اور مولانا عبدالحلیم صاحبؒ عرف صدر صاحبؒ چونکہ اسی روحانی اور علمی بستی (زروبی صوابی) کے باسی تھے اور ان ہر دو حضرات نے نصف صدی سے زیادہ عرصہ تک نہ صرف دین وشریعۃ کی خدمت کی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ عوام اور علاقے کے لوگوں کی تربیت واصلاح پر بھی بھرپور توجہ دی۔ اور اس کٹھن اور دشوار گزار راستے میں ان کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ آج سے 25-30 سال قبل لوگ شادیوں میں طوائف بلاتے اور ان کے ناچ گانے کیلئے حجروں میں مجروں کی محفلیں سجاتے اور فحاشی کے یہ مناظر بڑی دھوم دھام سے اوباش اور بدمعاش قسم کے لوگ دیکھتے۔ اور دور دراز علاقوں سے لوگ ان شیطانی مجالس میں شرکت کیلئے آتے۔ بالآخر حضرت صدر صاحبؒ اور مفتی صاحبؒ کی مساعی اور کوششوں سے اسی لعنت کا خاتمہ کیا گیا۔ اسی طرح ان دونوں جبال علم کا آپس میں بہت خوشگوار تعلق خاطر تھا۔ مفتی صاحبؒ نے اپنی ایک صاحبزادی کا نکاح آپ سے پڑھوایا تھا' کئی بار آپ دونوں اپنے بزرگوں اور اساتذہ شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیرالدین غور غشتویؒ اور حضرت مولانا قطب الدین صاحبؒ کی ملاقات وزیارت کے لئے غور غشتی (ضلع اٹک) اکھٹے براستہ دریائے سندھ بذریعہ شناس پانی میں تیر کر گئے ہیں۔ آپؒ بہت ماہر تیراک تھے' اسوقت جب تربیلا ڈیم مکمل نہیں ہوا تھا دریائے سندھ (اباسین) میں تاحد نگاہ پانی ہوتا۔ اور پھر گرمیوں میں تو یہ دریا گویا ایک سمندر اور بحر ناپیدا کنار کا منظر پیش کرتا' ان گہرے پانی میں تیراکی کیا کرتے تھے' (شناس مشکیزے کی طرح چمڑے سے بنایا جاتا تھا' اور تیراک اس میں ہوا بھر کر دریا عبور کرتے' اب اسکی جگہ بڑے بڑے ٹیوبوں نے لے لی ہے) یہ آپ حضرات کا اپنے اکابر واساتذہ کیساتھ

---

68 تجلیات، ج3، ص26-28۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

محبت کی بین دلیل ہے۔ ایک دفعہ اکابرین رائیونڈ مرکز کے اصرار پر یہ دونوں شخصیات طلبہ کا امتحان لینے کی غرض سے وہاں تشریف لے گئے، واپسی پر مفتی صاحبؒ نے دورانِ ملاقات فرمایا کہ وہاں پر ان حضرات نے تقاریر اور بیانات کا تقاضا کیا کہ آپ حضرات یہاں پر طلبہ اور علماء سے خطاب فرمائیں تو آپؒ نے فرمایا کہ میں نے ان سے کہا کہ میں اردو میں تقریر اور بیان نہیں کر سکتا اور نہ مجھے اس کا تجربہ ہے، البتہ صدر صاحبؒ نے دیوبند اور دہلی وغیرہ میں وقت گزارا ہے اور اردو زبان میں تدریس بھی کی ہے،اس لئے وہ آپ کے سامنے خطاب فرمائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، صدر صاحبؒ نے اردو میں علم اور اہل علم کی فضیلت پر بہت ہی عالمانہ انداز میں بیان فرمایا۔ مفتی صاحب اکثر اپنی مجالس میں اس سفر کا تذکرہ فرماتے۔ آپؒ نے اپنے عظیم والد حضرت مولانا حبیب اللہ صاحبؒ المعروف بہ صاحب حق صاحب زروبی کے سوانح حیات میں ان کے مشہور تلامذہ کا تذکرہ فرمایا ہے۔ ان میں حضرت صدر صاحبؒ کا اسم گرامی بھی موجود ہے، اس حوالے سے کہ حضرت آپؒ صدر صاحبؒ کے استاذ زادے تھے، اسی تناظر میں بھی وہ آپ کا بہت احترام کیا کرتے تھے۔ حضرت صدر صاحب کی اپنے استاذ محترم حضرت صاحب حق صاحبؒ نے از حد عقیدت تھی جب آپ کا سانحہ ارتحال پیش آیا تو حضرت صدر صاحبؒ پر اس واقعہ فاجعہ کا بہت اثر تھا اور وہ آپ کی وفات پر انتہائی افسردہ تھے، آپ نے تین دن مسلسل آپ کی فاتحہ خوانی اور تعزیت میں شرکت کی تھی اور اسباق کا ناغہ کیا تھا۔ آپ دونوں کے درمیان تعلق خاطر کا یہ عالم تھا کہ علاقہ یا گاؤں میں جب کوئی اجتماعی مسئلہ پیش آتا تو بھی یہ دونوں حضرات اس پر ایک مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرتے اور ان کی یہ کوشش ہوتی کہ علاقہ اور گاؤں میں انتشار پیدا نہ ہو۔ عیدین اور ہلال رمضان کے موقع پر بھی اسی طرح باہمی مشاورت کا مظاہرہ کرتے، کیونکہ یہ دونوں مواقع علاقے میں تشتت وافتراق کا سبب بنتے رہتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ ایک ناخوشگوار واقعہ پیش آیا 1979ء میں حضرت صدر صاحبؒ بلوچستان کے تلامذہ کے اصرار پر شعبان، رمضان کی تعطیلات میں کوئٹہ تشریف لے گئے، صدر صاحبؒ کا ارادہ تھا کہ عیدالفطر کے لئے واپس گاؤں تشریف لائیں لیکن تلامذہ بضد تھے کہ عیدالفطر آپ ہمارے ساتھ کوئٹہ میں ہی گزار دیں۔ چنانچہ آپ عید کے موقع پر کوئٹہ میں رہے، اسی دوران بد قسمتی سے یہ ناخوشگوار واقعہ پیش آیا۔ 29 رمضان کو رات عیدالفطر کی رؤیت ہلال کی شہادتیں قریبی علاقوں سے موصول ہوئیں۔ ان شہادتوں کو مفتی صاحب نے ناکافی سمجھتے ہوئے ان پر عدم اطمینان کا اظہار کیا جبکہ بعض دیگر علماء کے ہاں وہ شہادتیں قابل قبول تھیں۔ چنانچہ انہوں نے انہیں شہادتوں کو بنیاد بنا کر ان کی روشنی میں عیدالفطر کا اعلان کیا۔ اور مفتی صاحبؒ کی طرف سے روزہ رکھنے کی تلقین کی گئی۔ اسی طرح گاؤں دو عیدوں میں بٹ گیا۔ جب حضرت صدر صاحبؒ تشریف لائے اور ان کو اس ناخوشگوار واقعے کا علم ہوا تو انتہائی کبیدہ خاطر ہوئے اور اس پر بہت ہی برہمی کا اظہار کیا اور فرمایا کہ ان کو چاہیے تھا کہ متفقہ لائحہ عمل اختیار کرتے تو نوبت اس قدر اختلاف اور تشتت وافتراق تک نہ پہنچتی۔ یہ تو بہت بُرا معاملہ ہوا ہے، اور یہ واقعہ ہماری جگ ہنسائی کا سبب بنے گا پھر جب دوسرے سال رمضان المبارک کا مہینہ آیا، رمضان کی 29 تاریخ تھی اور یہ انتہائی

toobaa-elibrary.blogspot.com

گرمیوں کے یعنی جون جولائی کے مہینوں کے روزے تھے' زیادہ تر لوگ روزے دریائے سندھ کے کنارے میں گزارتے اور پھر افطاری کے لئے واپس گھر آتے۔ حضرت مولانا حافظ ابراہیم فانی صاحب (مدرس جامعہ حقانیہ) فرماتے کہ "رمضان کی 29ویں تاریخ تھی' اس دن ہمارے ساتھیوں نے مشورہ کیا کہ آج افطاری کا پروگرام دریا کے کنارے بنائیں گے۔ چنانچہ ہم 7،8 ساتھی اکٹھے ہوگئے اور اسی طرح دوسرے نوجوانوں نے بھی اپنی طرف سے پروگرام طے کیے' چنانچہ دریا کے کنارے اچھا خاصا "میلہ" سج گیا۔ لڑکے افطاری کے لئے مختلف کھانوں کے پکانے میں اور تیاریوں میں مصروف تھے۔ مغرب کی اذان کا وقت ہوا' بہت ہی خوشگوار ماحول تھا' دریائے سندھ کے ٹھنڈے پانیوں اور فطری حسن کا ہم نظارہ کرتے تھے' مطلع بھی بالکل صاف تھا۔ آسمان پر دور دور تک بادل کا نام و نشان تک نہ تھا۔ ساتھیوں نے کہا کہ مطلع بالکل صاف ہے عید کا چاند دیکھنے کی کوشش کریں۔ ہمارے دوستوں میں ایک ساتھی تھا اس کو چاند کا مطلع معلوم تھا' وہ اکثر رمضان اور عید کا چاند دیکھا کرتا تھا۔ چنانچہ جب اس نے چاند کے مطلع کی طرف نگاہ اٹھائی تو اس کو چاند نظر آیا' اس نے تمام ساتھیوں کو وہ دکھایا۔ ساتھیوں نے کہا کہ اگر مولانا صاحب (ابراہیم فانی صاحب) نماز سے جلد فارغ ہوگئے تو ان کو بھی چاند دکھائیں گے کیونکہ اگر ہم نے کہا کہ ہم نے دریا کے کنارے سے چاند کا نظارہ کیا ہے اور ہم نے عید کے چاند کی رویت کی ہے۔ تو حضرت صدر صاحب فرمائیں گے کہ چند چرسی اور اوباش دریا پر گئے تھے اور اب دروغ گوئی سے کام لے کر کہتے ہیں کہ ہم نے چاند دیکھا ہے۔ چونکہ حضرت صدر صاحب اس بارے میں انتہائی احتیاط سے کام لیتے تھے حتیٰ کہ بعض اوقات علاقہ میں عید منائی جاتی تھی اور آپ اپنے گاؤں میں عید کا اعلان نہیں فرماتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جلدی فارغ ہو جائیں تاکہ آپ کو بھی چاند دکھائیں کیونکہ پہلی رات کے چاند کا دورانیہ کم ہوتا ہے' جلدی کریں کہ غروب ہونے سے پہلے پہلے آپ چاند دیکھ سکیں۔ چنانچہ مولانا صاحب نے بھی آخری لمحات میں چاند کو دیکھا۔ جب گاؤں کو یہ خبر پہنچی تو لوگوں کی کثیر تعداد ہمارے استقبال کے لئے آئی۔ پھر ہم اپنے محلے کی مسجد گئے' وہاں پر میرے چچا حضرت مولانا محمد صدیق صاحبؒ فاضل دیوبند' ہمارے انتظار میں تھے۔ انہوں نے عشاء کی نماز پڑھائی تھی اور مسجد کھچا کھچ بھری ہوئی تھی' ہم نے ان کو کہا کہ اگر گاؤں میں کسی نے چاند دیکھا ہو تو ہم سات ساتھیوں نے بھی چاند دیکھا ہے۔ ہم ان کے ساتھ گواہی دیں گے' انہوں نے کہا کہ آپ حضرت صدر صاحبؒ کے پاس جائیں چونکہ آپ دوسری قریبی مسجد میں اعتکاف میں بیٹھے تھے' ہم وہاں گئے' انہوں نے گواہی لی' اتنے میں ایک اور شخص آیا' اس نے کہا کہ قریبی فلاں گاؤں میں بھی آٹھ آدمیوں نے چاند دیکھا ہے۔ صدر صاحب نے فرمایا کہ ہمیں ان کی ضرورت نہیں یہ ہمارے اپنے گاؤں کے لڑکے اور جوان ہیں ان کو ہم جانتے ہیں اور ان سے ہم گواہی لی ہے۔ پھر صدر صاحب نے فرمایا کہ آپ اب حضرت مفتی صاحب کے پاس جائیں اگر وہ اس پر راضی ہیں تو پھر آپ انہیں کہیں کہ حضرت آپ خود عید کا اعلان فرماویں۔ ہم از خود پہلے اعلان نہیں کراتے۔ اور اگر وہ اس سے مطمئن نہیں تو پھر ہم بھی اعلان نہیں کرائیں گے تاکہ گزشتہ سال کی طرح ناخوشگوار معاملہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیش نہ آئے۔ چنانچہ حضرت مفتی صاحبؒ نے فرمایا کہ جب حضرت صدر صاحبؒ نے گواہی لی ہے تو وہ کافی ہے پھر جب ان کی طرف سے اس شہادت کی تصویب ہوئی تو ہم نے انہیں کہا کہ حضرت آپ اعلان فرمائیں۔ چنانچہ ان کی طرف سے اعلان کیا گیا کہ یہاں ہمارے ہاں صحیح شہادت آئی ہے اور اسی شہادت کی بناء پر کل کا دن عید الفطر کا ہے"۔ یہاں پر قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس سال تمام پاکستان میں ایک ہی دن عید الفطر منائی گئی تھی۔ اور رویت ہلال کمیٹی آف پاکستان نے بھی عید کا اعلان کیا تھا۔ یہ پہلی متفقہ عید تھی۔ الغرض حضرت صدر صاحبؒ اور حضرت مفتی صاحبؒ کی کوشش یہ تھی کہ کسی طرح کا تشتت اور افتراق وانتشار پیدا نہ ہو[69]۔

خطبات

مفتی صاحبؒ نے مختلف مواقع پر مختلف موضوعات پر خطبات اور تقریریں فرمائے ہیں جن کا احاطہ یہاں ناممکن ہیں۔ البتہ ان میں سے ایک دو خطبات کا ذکر کرتے ہیں۔

1. مفتی صاحب کا دارالعلوم حقانیہ میں سال کے اختتام پر طلبہ سے خطاب:

خطبۂ مسنونہ کے بعد:

رسوخ فی العلم

عزیز طلبہ: پہلی بات یہ ہے کہ علم میں پختگی حاصل کریں جس کے لئے ضروری ہے کہ ہم ماہر اساتذہ سے کتابیں پڑھیں، پھر خوب محنت کریں، اس کے ساتھ ساتھ مطالعہ کتب کا بھی اہتمام کریں اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو اپنے اساتذہ سے رجوع کریں اس طرح علم پختہ ہو جاتا ہے اسی علمی پختگی کے لئے اس پر عمل بھی ضروری ہے، عمل کرنے کے بعد مسئلہ نہیں بھولتا۔ مثلاً اگر کوئی پوچھے کہ التحیات میں اشارہ کیسے کریں؟ تو جس نے اشارہ سیکھا ہو پھر عملاً خود اشارہ کیا ہو وہ بتا دے گا لیکن جس نے خود زندگی بھر اشارہ نہیں کیا تو وہ کیسے بتائے گا کہ اشارہ کسے کہتے ہیں؟

علم پر عمل

جو کچھ سیکھیں اس پر عمل کریں اور حفظ و مطالعہ اور معلومات رٹ لینے کے بعد" كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا[70]" (جیسے گدھا جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں) نہ بنیں۔ گدھا کتابوں کا بوجھ محسوس کرتا ہے لیکن ان سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھا سکتا، بہر حال عمل انتہائی ضروری ہے لیکن عمل سے خشک مزاج جھگڑالو مولوی بننا مراد نہیں، آج منکرین حدیث اور منکرین قرآن بھی زیادہ ہو رہے ہیں ، بعض لادین حکومتیں ان کی حوصلہ افزائی کر رہی ہیں لیکن یہ لوگ ان کے کام بھی نظر نہیں آتے، بہر حال عمل کا یہ طریقہ نہیں مثلا

---

69 مرجع سابق، ص143۔152۔

70 سورۃ الجمعۃ62: 5

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن مجید پر تم نے عمل کرنا ہے تو جو آیتیں منسوخ ہوں ان پر عمل کا مطلب یہ ہے کہ یہ اعتقاد ہو کہ یہ حکم ایک زمانہ میں حق تھا اور اب منسوخ ہو چکا ہے۔

اخلاص وللہیت

تعلیم و تعلم میں اخلاص وللہیت نہایت ضروری ہے اس کے بغیر ترقی نصیب نہیں ہوتی اگر اخلاص نہیں اور ترقی نظر آئے تو سمجھ لینا کہ یہ ترقی نہیں بلکہ استدراج ہے۔ لیکن اخلاص کیسے پیدا ہو؟ تو اس کے لئے ایک طرف تو صالحین کی مجالست ضروری ہے، دوسری طرف وہ ریاضات جو صوفیاء کرام کا معمول ہیں ان کو اختیار کرنا ہو گا، یہاں پر یہ بات یاد رکھیں کہ تعلیم و تعلم پر اجرت لینا اخلاص وللہیت کے منافی نہیں، کیونکہ صحابہ کرامؓ اور خصوصاً خلفاء راشدین کے زمانے میں اس کی بہت سی مثالیں موجود ہیں، اور اس کے بغیر تو دینی تعلیم اور اشاعت کا کام ٹھپ ہو کر رہ جائے گا۔

اشاعت علم

علم کی اشاعت اور جہالت کے خاتمہ کے لئے خوب کوشش کریں، تدریس اور تقاریر کے ذریعے علم کو پھیلائیں، تصنیف و تالیف اور تبلیغ کے میدان میں کام کریں۔

دفاع حق

اسلام کی مدافعت ہر وقت کرتے رہو، اسلام پر ہر طرف سے حملے ہوتے رہتے ہیں، امام بخاریؒ نے معتزلہ، قدریہ[71]، خوارج[72] وغیرہ پر جو رد کئے ہیں، یہ سب دفاع اسلام کے سلسلے کی کڑیاں ہیں، اسلام کے نام پر بہت سے فرقے کام کرتے ہیں مثلا پرویزی

---

71 ایک توصیفی نام یا لقب جو عموماً معتزلہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے لیکن یہ اصطلاح معتزلہ سے پہلے اس دور کی طرف رہنمائی کرتی ہے جب مسلمانوں کے دل میں چند مسائل الٰہیات کی بارے میں سوالات پیدا ہونا شروع ہوئے تھے، اس دور میں وہ لوگ بھی تھے جن کے دل جبر کے اس متشددانہ نظریے کو صحیح ماننے سے گھبراتے تھے جو ابتدائی زمانہ میں رائج تھا۔ متاخر معتزلہ کو اس نام سے چڑ تھی اور وہ اس کا استعمال ان لوگوں کے لیے زیادہ موزوں سمجھتے تھے جو کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ہر اچھی اور بری چیز کو مقدر کرتا ہے، نہ کہ معتزلہ کے لیے۔ معتزلہ کا خیال صرف یہ تھا کہ انسان کو اپنے اَفعال پر ایک خاص حد تک قدرت حاصل ہے۔ (الہروی، ابو منصور محمد بن احمد بن الازہری، تہذیب اللغۃ، دار احیاء التراث، بیروت، 2001ء، ج9، ص37))

72 خوارج، خارجی کی جمع ہے جو آپس میں بیس فرقوں میں بٹے ہوئے ہیں اور سب کے سب ان دو باتوں پر متفق ہیں کہ

1) علیؓ، معاویہؓ، جنگِ جمل میں شریک سارے صحابہ کرامؓ، فیصلہ کرنے والے دو صحابہ اور جو اُن کے فیصلہ پر راضی ہوئے، وہ سارے کے سارے کافر ہیں۔

2) رسول اللہ ﷺ کی اُمت میں جو بھی گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہوا وہ کافر اور ابدی جہنمی ہے۔ وہ ظالم بادشاہ سے بغاوت کرنے کے جواز کے بھی قائل ہیں۔ (الشہرستانی، اَبوالفتح محمد بن عبدالکریم، الملل والنحل، الفصل الرابع: الخوارج، مؤسسۃ الحلبی، (س۔ن) ج1، ص114)

toobaa-elibrary.blogspot.com

[73]، قادیانی[74] اور حزب اللہ کے نام سے کچھ لوگ اسلام کی بیخ کنی میں مصروف ہیں بلکہ آج تو کافروں نے بھی اسلامی علوم کو بڑی محنت سے حاصل کیے ہیں ، حتی کہ بعض مسلمان علماء بھی ان تک نہیں پہنچ سکتے ،اس لئے ان کے برپا کیے ہوئے فتنوں کا سد باب کرنا ضروری ہے،ان کے نظریات معلوم کرلیں اور پھران پر خوب تحقیق سے رد کریں۔

سیاست

سیاست میں اس وقت تک بالکل حصہ نہ لو جب تک طالب علمی کے دور سے گذر رہے ہو،اس طرح تمہاری علمی استعداد ضائع ہو جائے گی اور ادھر اُدھر پھرنا ہی مقدر ہو گا، پودا اگر ایک جگہ ہی رہے تو وہ پھلتا پھولتا ہے لیکن اسے ایک جگہ سے دوسری جگہ کو دو تین بار منتقل کیا جائے تو وہ سوکھ جاتا ہے اس لئے استقلال اور توجہ سے علم حاصل کرو تاکہ پھلو پھولو اور ثمر آور درخت بن جاؤ،ہاں جب عالم بن جاؤ پھر سیاست میں ضرور حصہ لو کیونکہ سیاست نہ ہو تو جن بے دینوں کے ہاتھ میں حکومت ہے وہ رہا سہا اسلام بھی ختم کر دیں، یہ تو اسلامی سیاسی جماعتوں اور سیاسی علماء کی برکت ہے کہ وہ کچھ کام کرتے رہتے ہیں تاکہ یہ ظالم کچھ دبے رہیں اور خالص لادینی اور کافرانہ نظام مسلط نہ ہو سکے۔

تنظیم

علماء کیلئے نہایت ضروری ہے کہ وہ منظم رہیں، تنظیم سے میرا مطلب یہ ہے کہ علاقہ کے علماء خواہ وہ دارالعلوم حقانیہ کے فاضل ہوں یا دوسرے مدارس کے ہوں متحد اور منظم ہوں،ان کا باقاعدہ صدر اور دوسرے عہدیدار ہوں ، یہ تنظیم علماء کے حقوق کا تحفظ کرے ،الحمدللہ ہمارے علماء کی ہر جگہ اکثریت ہے۔دارالعلوم حقانیہ کے بانی و مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے کام کی برکت ہے کہ ملک میں کثیر تعداد میں کامیاب مدرسے ہیں ،دینی ادارے ہیں، جہاد افغانستان میں فضلاء مصروف کار ہیں ،سیاسی میدان میں تحریک نفاذ شریعت چل رہی ہے۔یہ علماء پر حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا خصوصی احسان ہے اور اس احسان سے چشم پوشی بڑی ناسپاسی ہو گی،اور اسی احسان کی بدولت ہم پر حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادوں اور اولاد و احفاد کا بھی حق بنتا ہے۔ترمذی شریف میں آیا ہے کہ جو تیرا استاد ہے کی اولاد کا بھی تم پر حق ہے ان کا احترام دراصل اپنے استاد کا احترام ہے، بہرحال

---

73 اس فرقے کا بانی غلام احمد پرویز ہے جو اپنے آپ کو اہل قرآن قرار دے کر عوام الناس کو دھوکہ دینے کی ایک ناکام کوشش کرتا تھا۔اس فرقہ کے ہاں نبی کریم ﷺ کی تمام احادیث سے محض اس وجہ سے انکار کیا جاتا ہے کہ یہ تو آپ ﷺ کے زمانے کے دو سو سال بعد لکھے گئے ہیں۔اس لیے صرف قرآن مجید پر اکتفاء کرنا ہو گا۔(قادری غلام نبی، فتنہ پرویزیت، علمی کتب خانہ، ضلع قصور، 2014ء،ص37)

74 مرزا غلام قادیانی کی طرف منسوب فرقہ ہے جس کا سربراہ مرزا غلام احمد قادیانی ہے جس نے 1889ء کو اس فرقے کی داغ ڈالی۔آپ نے اپنے آپ کو نبی قرار دے کر ختم نبوت کا انکار کیا۔جس پر 1973ء کی آئین میں مفتی محمودؒ کی کوششوں سے یہی فرقہ غیر مسلم قرار دیا گیا جبکہ 1984ء میں جنرل محمد ضیاء الحق نے امتناع قادیانیت آرڈیننس کے ذریعہ ان کے سرگرمیوں پر پابندی لگائی۔مرزا کا دعوی ہے کہ بذریعہ الہام انہیں اسلام کی خدمت پر مامور کیا گیا ہے۔(اللہ وسایا، آئینہ قادیانیت، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان (س۔ن) ص42)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان علماء کو منظم کرنا ضروری ہے تاکہ لوگوں پر علماء کا رعب اور وقار قائم رہے اور ڈرتے رہیں اور کسی ظالم کے ہاتھ سے کوئی عالم تنگ نہ ہو۔

عوام پر شفقت

یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ عوام کے لئے تمہارے دل میں خیر خواہی اور شفقت کا جذبہ ہو جب عوام آپ کو عالم اور بڑا سمجھتے ہیں تو آپ پر بھی لازم ہے کہ عوام سے شفقت اور نرمی سے پیش آئیں جسکی صورت یہ ہے کہ اگر لوگوں میں کوئی گناہ موجود ہو تو اسے دور کرنے کے لئے اپنے سے بڑے کے ساتھ باپ کی طرح اور چھوٹے کے ساتھ بھائی کی طرح بات کرو، اسے باپ یا بھائی تصور کرکے تو انشاءاللہ اس پر اثر ہوگا اور اگر تشدد اور سختی سے کام لوگے تو لوگ بدظن ہوں گے اور بات بے اثر ہوگی۔

فکر معاش

زندگی کے لئے معاش بھی ضروری ہے جس کی معاشی حالت بہتر ہے تو فبہا ورنہ ذریعہ معاش ایسا ہو کہ ساتھ ساتھ دین کی خدمت بھی ہو سکے، جیسے دینی مدرسہ میں تدریس اور امامت وخطابت وغیرہ اور اگر اور کوئی راہ نہ ہو اور مجبوراً تجارت یا سکول ٹیچری گلے پڑ گئی تب بھی ساتھ ساتھ تبلیغ دین اور اشاعت علم ہرگز نہ چھوڑنا، عوام کی اصلاح کرتے رہو پھر سیاست میں بھی کامیابی ہوگی ،عوام سے رابطہ نہ ہوگا تو سیاست بھی نہیں چلے گی اور تبلیغ دین کا کام بھی نہیں ہو سکے گا۔

اساتذہ اور مدرسہ کا احترام

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کی وصیت تھی کہ اپنے اساتذہ اور مدرسہ کے لئے بدنامی کا سبب نہ بنو، ایسی بات اور ایسا کام ہرگز نہ کرنا جس سے مدرسہ یا آپ کے استاد بدنام ہو اور لوگ کہیں کہ اس کے اساتذہ بھی ایسے ہوں گے، حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ اپنے اس مقصد سے تعبیر کرتے ہوئے یوں ارشاد فرمایا کرتے، جو پگڑی تم نے ہمارے سر پر رکھی ہے اسے اتار کر نہ پھینکیں، تو یہ بڑا نکتہ ہے کہ علم اور اہل علم کی بدنامی تمہارے ہاتھ سے نہ ہو۔ باری تعالیٰ سب کو عالم باعمل بنائے اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کے لگائے ہوئے اس گلشن کو شاداب اور آباد رکھے، آمین واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین [75]۔

تبلیغی جماعت کے فضائل ومناقب

دارالعلوم حقانیہ میں طلباء سے خطاب،

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین،

---

75 مرجع سابق، ص243۔246۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اما بعد ! فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم " وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ "[76] اور جن لوگوں نے ہمارے لئے کوشش کی ہم ان کو ضرور اپنے راستے دکھادیں گے اور خدا تو نیکوکاروں کے ساتھ ہے۔ "

محترم طلباء کرام ! آج دارالعلوم حقانیہ میں تبلیغی جماعت کے حضرات کی گشت کی رات ہے اور بیان کا وعدہ مجھ سے لیا گیا ہے میں حسب وعدہ کوشش کروں گا کہ کچھ بیان کر سکوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں یہ وعدہ فرمایا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جو لوگ اسلام کی سربلندی کے لئے کوشش کیا کریں انہیں وقت کی مناسب کامیابی کے راستوں کا الہام کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے تمام وعدے سچے ہیں۔ آپ دیکھ لیں کہ جب پیغمبر ﷺ انتقال فرما کر "حضرت صدیق اکبرؓ[77] خلیفہ ہوئے اور مسیلمہ کذاب کے ساتھ حضرت صدیق اکبرؓ کا مقابلہ ہوا اور اس مقابلہ میں سات سو حفاظ کرام و دیگر علماء قرآن و سنت شہید ہو گئے اور دیگر غزوات میں بھی حفاظ اور علماء کرام کی شہادت کا خطرہ لاحق ہوا تو اللہ نے صدیق اکبرؓ کو الہام فرمایا کی آپ قرآن کریم کے الفاظ جمع کروائیں۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے یہ علت پیش نہ کی کہ قرآن مجید کی حفاظت کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے میں کس لیے جمع کروں؟ کیونکہ اللہ نے فرمایا" إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ "[78] بیشک یہ (کتاب) نصیحت ہم ہی نے اتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔" بلکہ صدیق اکبرؓ نے اسے جمع فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے وعدے کا یہ مطلب نہیں کہ تم ویسے ہی بیٹھ جاؤ بلکہ ہر مسلمان کو دین کی سربلندی کیلئے کوشش کرنے کا مکلف کیا اس وقت قرآن میں سات لغات عرب تھیں ایک قریش[79] کی لغت تھی جس پر قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا تھا اور چھ دیگر قبائل لغت تھے جن سے پڑھنے کی اجازت نازل ہوئی تھی۔ صدیق اکبرؓ نے جس وقت قرآن جمع کیا تو اس میں یہ لحاظ

---

76 سورۃ العنکبوت 69:29

77 ابو بکر صدیقؓ، (عبداللہ) بن ابی قحافہ، (عثمان) بن عامر، تیمی، قریشی، بالغ مردوں میں اول اسلام قبول کرنے والے اور پہلے خلیفہ راشد ہیں۔ آپ کے والد، والدہ اور اولاد سب صحابہ ہیں یہ فضیلت آپ کے علاوہ کسی اور صحابی کو حاصل نہیں ہے۔ 51ق ھ /573ء کو پیدا ہوئے۔ زمانۂ جاہلیت میں بھی نہ بت پرستی کی اور نہ شراب کو منہ لگایا۔ 13ھ /636ء کو مدینہ منورہ میں فوت ہوئے، ان کی مدت خلافت 2 سال، 3 ماہ اور 15 دن ہے۔ آپ کی مرویات (142) ہیں۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب ج3، ص 963، ترجمہ (1633)۔۔۔ أسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ ج6، ص34، ترجمہ (5337))

78 سورۃ الحجر 9:15

79 قُرَیش: جزیرۃ العرب کا مشہور و معروف اور عظیم الشان قبیلہ جو مکہ مکرمہ اور اس کے گردونواح میں مقیم تھا۔ قریش نضر بن کنانۃ کی اولاد ہیں۔ قریش کے دو بڑے گروہ تھے۔

- قریش البطاح: وہ قبائل جو مکہ مکرمہ کے بطحاء میں سکونت پزیر تھے اور ان میں کعب بن لوی کی اولاد ہیں۔
- قریش الظواہر: وہ قبائل جو مکہ مکرمہ کے باہر رہتے تھے۔ ان میں قبائل بنو عامر بن لوی شامل ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ نضر بن کنانۃ حاجت مندوں کی حاجتوں کا پتا لگا کر ان کی ضرورتیں پوری کیا کرتا تھا، غریبوں کو دولت دیتا، ننگوں کو کپڑا پہناتا، پناہ گزینوں کو پناہ دیتا، خوف زدہ لوگوں کا خوف دور کرتا اور بھولے بھٹکے لوگوں کو راستہ دکھاتا۔ اس وجہ سے اس خاندان اور قبیلے کا نام قریش پڑ گیا۔ (معجم البلدان، باب القریش 4: 336)

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہ تھا کہ یہ قریش کی لغت ہے یا غیر قریش کی۔ کچھ مدت بعد (حضرت عثمانؓ[80] کی خلافت) میں یہ خدشہ پیدا ہو گیا کہ عوام قریش اور غیر قریش ایک دوسرے پر طعنہ زنی نہ کریں تو اللہ تعالیٰ نے اس کے دل میں الہام فرما کر صرف لغت قریش پر قرآن کو جمع فرمایا۔ چھ لغات دور کیے گئے اور منسوخ التلاوت کو بھی دور کیا گیا اس طرح امت اختلاف سے بچ گئی۔

تو عرض یہ کر رہا تھا کہ حضرت عثمانؓ نے یہ نہ فرمایا کہ حفاظت کا وعدہ تو اللہ تعالیٰ نے فرما دیا ہے میں کیوں کر اسے جمع کروں بلکہ اس کو جمع فرمایا۔ اسی طرح زمانہ گزرتے ہوئے مسائل بڑھتے جا رہے تھے لہٰذا استنباط کی ضرورت پیش آئی تو اللہ تعالیٰ نے استخراج مسائل کے لئے سلف صالحین، تبع تابعین اور ائمہ مجتہدین کے دلوں میں القاء کیا۔

تو بہر حال وقت بر وقت کامیاب راہیں اللہ تعالیٰ ہی دکھاتا ہے۔ اور پھر علوم مدون ہوئے اور علماء کرام اور ان کے تلامذہ ان کے ساتھ پھرتے اور علوم دینیہ سیکھتے تھے تقریباً ہزار سال قبل وزراء اور علماء کے دلوں میں مدارس بنوانے کا القاء فرمایا اور دین محمدیﷺ کی خدمت کا یہ سلسلہ شروع ہوا البتہ اس زمانے میں چندوں کا رسم و رواج نہ تھا جیسا کہ آج کل ہے۔ واضح رہے کہ تعلیم و تعلم کبھی فرض عین ہوتا ہے اور کبھی فرض کفایہ اور مدارس عربیہ کا نظام نہ فرض عین ہے اور نہ ہی فرض کفایہ ہے بلکہ ایک بدعت حسنہ ہے اور مصلحت وقت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ **الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا**[81] کہ میں نے دین کے فرائض اور ضروریات کو مکمل کیا اس کے بعد کوئی فرض باقی نہیں ہے اور نہ دین کو مکمل کہنا کس طرح درست ہو گا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے کچھ زمانہ قبل حضرت مولانا محمد الیاسؒ[82] کے دل میں القاء فرما کر تبلیغ کے اس نظام اور اس اصلاحی پروگرام کا یہ

---

80 عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ، قریش میں سے تھے۔ ذوالنورین لقب تھا۔ اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ کی دو بیٹیاں: سیدہ رقیہ اور سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہما یکے بعد دیگرے اُن کے عقد میں آئیں۔ تیسرے خلیفہ راشد ہیں۔ اُن کی دینی خدمات ناقابل فراموش ہیں 47ق ھ/577ء کو مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائے اسلام میں ایمان لائے۔ 23 ہجری کو شہادتِ فاروقؓ کے بعد خلیفہ منتخب ہوئے۔ 35ھ/656ء کو 82 برس کی عمر میں شہادت پائی۔ (الاصابة فی تمیز الصحابة، ج2، ص 462۔۔۔ الاعلام ج4، ص210)

81 " حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ ذَلِكُمْ فِسْقٌ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ "تم پر مرا ہوا جانور اور (بہتا ہوا) لہو اور سؤر کا گوشت اور جس چیز پر خدا کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے اور جو جانور گلا گھٹ کر مر جائے اور چوٹ لگ کر مر جائے اور جو گر کر مر جائے اور جو سینگ لگ کر مر جائے یہ سب حرام ہیں اور وہ جانور بھی جس کو درندے پھاڑ کر کھائیں۔ مگر جس کو تم (مرنے سے پہلے) ذبح کر لو۔ اور وہ جانور بھی جو تھان پر ذبح کیا جائے۔ اور یہ بھی کہ پانسوں سے قسمت معلوم کرو۔ یہ سب گناہ (کے کام) ہیں۔ آج کافر تمہارے دین سے ناامید ہو گئے ہیں تو ان سے مت ڈرو اور مجھی سے ڈرتے رہو۔ (اور) آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔ ہاں جو شخص بھوک میں ناچار ہو جائے (بشرطیکہ) گناہ کی طرف مائل نہ ہو۔ تو خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ سورۃ المائدۃ 5: 3)

82 مولانا محمد الیاس 1885ء کو ہندوستان کے شہر کاندھلہ میں ایک معزز اور علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ تبلیغی جماعت کے بانی ہیں۔ دار العلوم دیوبند کے فارغ التحصیل عالم ہیں جس نے پوری زندگی تبلیغ کے لیے وقف کی تھی۔ آپ 1944ء کو فوت ہوئے۔ (ابوالحسن ندوی، مولانا الیاس اور ان کی دینی دعوت، اردو پبلی کیشنز، دہلی، انڈیا، 1970ء، ص37)

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلسلہ شروع کیا۔ تبلیغ بذات خود کبھی فرض عین ہوتا ہے اور کبھی فرض کفایہ لیکن تبلیغ کی یہ خاص ہیئت اور نظام نہ فرض عین ہے اور نہ ہی فرض کفایہ یہ بھی ایک بدعت حسنہ یا مصلحت وقت ہے یہ بہت با اثر اور کامیاب تنظیم ہے مگر اتنا یاد رکھیں کہ تبلیغی جماعت مدارس عربیہ کی پیداوار ہے اور یہ اسلامی مدارس کا بچہ ہے باپ نہیں اور کام نکالنے والا بچہ ہے یہ اللہ تعالیٰ نے بڑا فضل و کرم فرمایا ہے۔ اس جماعت کے مناقب اور فضائل جو میرے ذہن میں ہیں آپ کے سامنے بیان کرتا ہوں وہ تقریباً دس مناقب ہیں۔

1. انابت الی اللہ کا حصول

اس جماعت کی ایک منقبت اور فضیلت یہ ہے کہ اس میں داخل ہو کر انسان کو انابت الی اللہ حاصل ہو جاتا ہے اور انسان توکل کا عادی بن جاتا ہے ان کا اول کلام یہ ہوتا ہے کہ لاالٰہ الا اللہ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے تمام امور کے کرنے کا یقین کریں اور مخلوق سے نہ کرنے کا یقین دل میں پیدا کریں اور یہ عقیدہ اپنانا انابت الی اللہ ہے اور توکل ہے نہ کہ تعطل۔ ابن قیمؒ[83] فرماتے ہیں کہ توکل اور انابت کا مطلب رفض الاسباب من القلب دون القالب یعنی اسباب عادیہ استعمال کریں لیکن قلب میں صرف اللہ پر اعتماد کرے یہ طلباء میں موجود نہیں تبلیغی احباب میں بطریق احسن موجود ہے اس جماعت سے وابستہ ہو کر یقین مسبب پر پیدا ہو کر اسباب سے یقین قطع ہو جاتا ہے بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ ہر ایک کام اللہ تعالیٰ کرتا ہے تو نماز خدا پڑھتا ہے؟ لیکن یہ سمجھتے نہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا کے حکم کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا یہ لوگ توکل اور تعطل میں فرق نہیں کر سکتے اگر واقعی ایسا ہے تو دیکھو تبلیغی دوست جو کام کرتے ہیں وہ یہ معترضین نہیں کر سکتے مثلاً تبلیغی تہجد پڑھتے ہیں جو یہ لوگ نہیں پڑھتے بڑے بڑے کاروبار کے مالک ہے ہر لحاظ سے اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم شامل حال ہوتا ہے میں آپ کی خدمت عرض کرتا ہوں کہ جب آپ بیان کے وقت کلمہ طیبہ کا ترجمہ کریں تو اس توہم کے ازالہ کے لئے یہ لفظ بڑھائیں کہ مخلوق اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی کام نہیں کر سکتی آپ اللہ تعالیٰ کے حکم والا لفظ بڑھائیں۔

2. انقلاب

ان کی دوسری منقبت انقلاب ہے تبلیغی جماعت میں داخل ہو کر انسان میں انقلاب آجاتا ہے خوراک اٹھنے بیٹھنے کے طریقے سیکھنے لگتا ہے اکرام مسلم کا عادی ہو جاتا ہے داڑھی رکھ کر دیگر مسنون اعمال اپنانے کے لئے کوشاں رہتا ہے تہجد پابندی سے پڑھتا ہے لیکن یہ

---

83 ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد شمس الدین، دمشقی 691ھ/1292ء کو پیدا ہوئے۔ اپنے دور کے بہت بڑے محدث، مفسر، فقیہ اور متکلم تھے۔ علامہ ابن تیمیہؒ کے ساتھ خصوصی تعلق اور لگاؤ کی وجہ سے ان کے علوم پر ابن تیمیہؒ کا رنگ غالب رہا۔ آپ 751ھ/1350ء کو فوت ہوئے۔ (البدایۃ والنہایۃ ج 11، ص 221۔۔۔ البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع ج 2، ص 143- 146)

toobaa-elibrary.blogspot.com

صرف تبلیغ کا اثر نہیں ہوتا تبلیغ تو ہم بھی کرتے ہیں مگر ایک طالب علم تہجد کا عادی نہیں بنتا تو معلوم ہوا کہ یہ تغریب کا اثر ہے۔ تبلیغی جماعت کے احباب تبلیغ کے ساتھ تغریب کر کے گھر و محلہ گاؤں واقرباء وغیرہ سے بر طرف ہو کر نیا رنگ لینے لگتے ہیں اور حسنات کا پیکر بن جاتے ہیں شریعت میں بھی مجرم کو سیاسۃ تغریب کی سزا دی جاتی ہے تا کہ اس میں انقلاب آجائے ۔

3. علم باعمل

تیسری منقبت علم باعمل ہے جس وقت ان کو کسی چیز کے حکم کا علم حاصل ہو جائے تو اس کو عمل میں لاتا ہے ہمارے طلباء میں علم تو ضرور ہے لیکن عمل کا شوق نہیں ہے بعض طلباء کہہ جاتے ہیں کہ ہمیں والدین نے علم کے لئے بھیجا ہے عمل کے لئے نہیں۔ اگر کوئی شبہ کریں کہ تبلیغ والے بعض امور میں تو وہ خود بھی عمل نہیں کرتے مثلا مہینے، پورا سالا چھ مہینے وقت دیتے ہیں اور فقہاء حضرات فرماتے ہیں کہ اپنی بیوی سے چار ماہ میں ایک بار ہمبستری واجب ہے اور یہ لوگ بغیر اجازت کے چلے جاتے ہیں اور گھر والوں کے حقوق کا خیال نہیں کرتے تو اس کا جواب یہ ہے کہ بیوی کی اجازت کے بغیر چار ماہ یا زیادہ وقت لگانا بے علمی کی وجہ سے ہے۔ یادر کھنا کہ اس حق تلفی کے لئے بہانے مت ڈھونڈیں کہ تبلیغ فرض عین ہے اور فرض عین کی ادائیگی کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ نہ یہ خاص طور سے تبلیغ فرض عین ہے اور نہ ہی مدارس میں تعلیم کے لئے داخلہ لینا فرض عین ہے بہر حال اجازت لینا ضروری ہے ابن الہمامؒ اور صاحب بدائع نے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ نے جہاد کے امراء کو حکم دیا تھا کہ شادی شدہ مجاہدین کو چار ماہ بعد گھر بھیجا کریں۔

4. علم نفسیات

چوتھی منقبت ان میں علم نفسیات ہے تبلیغی حضرات ہر شخص کو اس کے مزاج کے مطابق دعوت دیتے ہیں۔ دعوت کے طریقے انہیں خوب یاد ہوتے ہیں امیر غریب چھوٹے بڑے غرض ہر طبقہ کے لوگوں کے مزاج معلوم کر کے دعوت دیتے ہیں تا کہ کسی کی طبعیت پر تنگی نہ آئے ہمارے طلباء کرام میں یہ طریقہ موجود نہیں ہیں اللہ تعالی حضرت موسیٰ ﷺ اور حضرت ہارون ﷺ کو فرعون کے پاس دعوت دینے کے لئے بھیجتے ہیں تو فرماتے ہیں: فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى "[84]" اور اس سے نرمی سے بات کرنا شاید وہ غور کرے یا ڈر جائے "۔ تو تبلیغی احباب بھی بعینہ اس طرز کے پابند ہیں۔

5. علم بیان

---

84 سورۃ طہ 44:20

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان کو اللہ تعالیٰ نے بیان کا سلیقہ سکھایا ہے ایک بے علم اور عامی آدمی ہوتا ہے مگر ایسے بااثر مثالیں اور واقعات بیان کرتا ہے کہ آپ حیران ہوں گے اس راستہ میں ملا، عامی، طالب علم سب کو بیان کا سلیقہ خود بخود آجاتا ہے اگر آپ قوت بیانی چاہتے ہیں تو تبلیغی جماعت میں شامل ہو کر تقریر و تبلیغ کا طریقہ سیکھ لیں خصوصا ایسے مدارس کے طلبہ جہاں آزاد انجمنوں پر پابندی لگی ہو۔

6. آداب امور

یہ ہر امر خورد و نوش، پوشاک، اور مسجد میں آنے جانے کے آداب سے واقف ہوتے ہیں اور ان کو توفیق ملتی ہے ان کے سیکھنے کی اگر کوئی معلومات کرنا چاہے تو یہی موجودہ حضرات کے ساتھ چل کر معلومات حاصل کر سکتا ہے ۔

7. نظم و نسق و تنظیم

ان میں خدمت وغیرہ کی تنظیم موجود ہے جیسا کہ شہد کی مکھیاں۔ یہاں دیکھ لینا چاہیئے رائے ونڈ اور دیگر بڑے اجتماعات کو دیکھ لیں کہ وہاں روٹی پانی وضوء بیت الخلاؤں وغیرہ کا سب انتظام بر وقت ہوتا ہے تمام خدام اور رضاکاروں کو دیکھ لیں کتنی مخلصانہ خدمات سرانجام دیتے ہیں اس لئے میں طلباء سے کہتا ہوں کہ اس وقت پاکستان میں دو تنظیمیں موجود ہیں ایک جماعت اسلامی اور دوسری تبلیغی جماعت۔ ایک تنظیم (جماعت اسلامی) بدقسمت اور دوسری (تبلیغ والے) خوش قسمت ہیں جماعت اسلامی کو صحابہ کرامؓ کی بددعا لگی ہوئی ہے۔ ہمارے طلباء کی کیا تنظیم ہوگی۔ ایک تنظیم ایک طرف اور دوسری تنظیم دوسری طرف لے جاتی ہے اکثر اختلاف کا شکار ہو جاتے ہیں مقصد سے دور ہو جاتے ہیں امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اعتقادات میں اختلاف کرنا بالکل حرام ہیں ہاں فروعات میں اختلاف جائز ہے مثلا رفع یدین، آمین بالجہر وغیرہ میں اختلاف جائز ہے بشرطیکہ تباغض و تعصب نہ ہو اگر احناف و شوافع ایک دوسرے کو حق پر مانتے ہیں تو کوئی بات نہیں۔ اس لئے اے طلباء! آپ بھی تنظیمی کارروائی میں اختلاف نہ کریں صرف رائے کی اختلاف کیوجہ سے تباغض و تحاسد سے کام نہ لیں۔ میں کبھی علماء کی توہین نہیں کرتا اور نہ ہی کروں گا اصل بات یہ ہے کہ موجودہ جماعتیں ایسا نہیں کرتیں کہ جو تنظیم اور جماعت حق پر ہے اس کا ساتھ دیں بلکہ حکومتیں ایسا نہیں کرنے دیتیں۔ حکومت ہمیشہ شرپسندوں کا ساتھ دیتی ہے۔ ہمارا ایک دوسرے کو کمزور کرنا اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے۔ اس بارے میں ایک لطیفہ یاد آتا ہے وہ یہ کہ ایک دن بارش و آندھی و طوفان آیا تمام حیوانات چرندے اور پرندے سردی کے مارے سکڑ رہے تھے اور کسی نہ کسی طریقے سے اپنے آپ کو گرم کرنا چاہتے تھے۔ اتنے میں سورج نکل آیا ایک گیدڑ گوبر اور مینگنیوں کے چبوترے پر بیٹھا تھا بھوکا بھی تھا اتنے میں ایک طوفان زدہ پرندے پر نظر پڑی کہ اس کے پاس بیٹھ گیا۔ اسے پکڑ کر گیدڑ نے کہا میں تجھے کھانا چاہتا ہوں پرندے

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے کہا مجھے کیوں کھاتے ہو جو تم کہو گے میں مانوں گا اس نے کہا بہت اچھا نہیں کھاتا مگر جو کہوں تم بھی کہتے جاؤ گیدڑ زبوں حال جسم خراب اور نحیف اور کان میں ایک مینگنی بھی لٹک رہی تھی گیدڑ نے کہا کہو شہزادہ بیٹھا ہے سونے کے چبوترے پر اور کان میں سونے کا مندرہ۔ پرندے نے بھی اس کے سامنے یہ سب گردان دہرایا کہ شہزادہ بیٹھا ہے سونے کے چبوترے پر اور کان میں سونے کا مندرہ۔ بس گیدڑ نے اس کبوتر کو چھوڑ دیا کیونکہ گیدڑ اپنی خوشامد سے بہت خوش ہوا کبوتر جان چھڑا کر ایک شاخ پر بیٹھ گیا اور گیدڑ سے یوں مخاطب ہوا "گیدڑ بیٹھا ہے گوبر کے چبوترے پر اور اس کے کان میں مینگنی یہ کہہ کر اڑ گیا۔ تو سیاست اسے کہتے ہیں ایسا نہیں کہ ایک دوسرے کے پاؤں مارو۔ امام رازیؒ[85] فرماتے ہیں کہ سیاست بوڑھیوں سے سیکھیں۔

8. اطاعت امیر

امیر کی اطاعت ان میں بدرجہ اتم موجود ہے امیر کی ازحد اطاعت کرتے ہیں مثلاً جماعت کا امیر ایک عام آدمی ہو گا لیکن اسی جماعت میں شریک ایک بڑا عالم بھی اس کی اجازت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتا ان جیسی اطاعت طلباء میں موجود نہیں۔

9. جاذبیت

اس جماعت میں ایسی جاذبیت ہے کہ ہر طبقے کے لوگ ساتھ دیتے ہیں امیر و غریب بادشاہ و وزیر، وآفیسر و نوکر۔ رائے ونڈ کی اس عظیم اجتماع کو دیکھ لیں اگرچہ ہر بڑا آدمی وزیر و صدر اور سیاسی لیڈر و خود غرضی کی بناء پر آتے ہیں کہ بہت سارے لوگ اس کو اسلام پسند سمجھیں اور آئندہ کے لئے ان سے ووٹ باآسانی حاصل کرے۔ سنا ہے ضیاء الحق صاحب بھی اس سال اجتماع پر آئے تھے دعا میں شرکت کی بعض لوگ بہت خوش ہوئے کہ صدر صاحب بھی آئے ہیں مگر سمجھدار لوگ اس پر خوش نہیں ہوتے ایسے شخص کی شرکت سے مخالفین کی رقابت قوت پکڑتی ہے اور بسا اوقات ایسے شخص کی قربت افتراق کا سبب بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پاک جماعت کو افتراق سے محفوظ رکھے اور ہمارے سیاسی علماء کو متحد کرے آمین۔ بہر حال میرے خیال میں ان کا آنا مفید نہیں خیر بات یہ تھی کہ تبلیغی جماعت کی جاذبیت ہے کہ ہر ایک کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

10. گشتی شفاخانہ

---

85 محمد بن عمر بن حسن بن حسین تیمی بکری، ابوعبداللہ فخرالدین رازی۔ اپنے زمانے میں معقول اور علوم اوائل کے بہت بڑے عالم تھے۔ طبرستان سے تعلق تھا۔ "رے" میں 544ھ/1150ء کو پیدا ہوئے۔ ہرات میں 606ھ/1210ء کو فوت ہوئے۔ (وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان ج 5۔ ص 157۔۔۔ الاعلام ج 6، ص 313)

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ ایک گشتی شفاخانہ ہے۔ جانتے ہو؟ایک ہے ہسپتال اور ڈسپنسری جو اپنی جگہ قائم ہوتی ہے اور لوگ علاج و معالجے کے لئے دور دراز سے آتے ہیں اور یہ ایسی جماعت ہے کہ جو گشتی شفاخانے کی طرح مریض لوگوں پر پھرتی ہیں اور علاج معالجہ کرتی ہے اور دین کے ذریعہ روحانی علاج کرواتے ہیں۔ یہ ان کے چند مناقب ہیں جو میں نے تمہارے سامنے بیان کئے اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق عنایت فرمائیں اور دین کی خدمت کے لئے اسباب مہیا فرمائے اللہ کرے کہ ہم ہر وقت دین کی اشاعت اور ترقی کے لئے سرگرم عمل رہیں آمین ثم آمین۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین[86]۔

مہمانوازی وسخاوت

مہمانوازی وسخاوت میں اپنی مثل آپ تھے۔ خودداری آپؒ میں کھوٹ کھوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ تنگدستی کے باوجود اپنی ضرورت کسی کے سامنے ظاہر نہیں کی اور نہ فقیری کا سودا کیا۔ اپنے محدود وسائل کو سامنے رکھتے ہوئے زندگی گزاری۔ اقرباء، رشتہ داروں اور مریدین وغیرہ سے حسن سلوک کے قائل تھے۔ مہمانوازی چونکہ پٹھانوں کا شعار ہے۔ آپؒ کی مہمانوازی کا یہ عالم تھا کہ جو زائرین ملاقات کیلئے جس وقت بھی آتے تو ان کی مہمانوازی کرتے اور اچھی چیزوں سے مہمانوں کی تواضع کرتے جو مہمان بھی آتا تو بغیر چائے اور تناول بعام کے نہیں جاتا ہر ایک کے لئے آپؒ کا دستر خوان بچھا رہتا۔ آپؒ کی سخاوت بھی بہت مشہور تھی۔ جود وسخا میں آپؒ اپنی مثل آپ تھے۔ آپ کے شاگرد مولانا سعد الرحمن حقانی کہتے ہیں "کہ ایک دفعہ حلق کرنے کیلئے بندہ کو اکوڑہ خٹک کے پھاٹک سے حجام لانے کو کہا۔ آپ کہتے ہیں کہ میں نے پھاٹک سے حلق کرانے کیلئے پانچ روپے عوض ایک حجام کو حاضر خدمت کر دیا۔ آپؒ نے حلق کرنے کے بعد حجام کو دس روپے مزدوری دیدی تو میں نے عرض کیا کہ حضرت میں نے تو حجام کے ساتھ پانچ روپے پر بات کی تھی تو فرمایا کہ پانچ روپے پر تو آپ نے بات کی تھی میں نے نہیں"۔

ایک دفعہ مولانا احتشام الحق صاحب (پیرپیائی) مفتی صاحبؒ سے ملاقات کرنے کیلئے زروبی آئے۔ آپؒ کے پاس شہد سے بھرا بوتل پڑا ہوا تھا۔ اس نے برجستہ شہد کی بوتل کو اٹھا کر عرض کیا کہ حضرت گھر میں بیماریاں ہیں اس شہد کو میرے لئے دم کر دیں۔ تو یہ سن کر تبسم فرمایا اور پھر وہی شہد اُس کے لئے دم کر دی۔

مفتی صاحب رحمہ اللہ کو اللہ تعالیٰ نے علم وفضل کی طرح سخاوت میں بھی بڑا مرتبہ دیا تھا خاص کر طلباء کرام کو اپنی جیب سے طلب علم کے لئے امداد سے نوازتے تھے بعض طلبہ کی تعلیمی اخراجات کا اکثر خرچہ بھی حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ نے برداشت کرتے تھے۔ مہمان نوازی کی تو یہ شان تھی کہ جو بھی زائرین ملاقات، دعا یا اسباق کی تبدیلی کے لئے تشریف لاتے تو بغیر چائے وتناول بعام

---

86 تجلیات، ج2، ص131۔138۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے اجازت نہیں دیتے تھے، دار العلوم میں ہمیں یہ ہدایات فرمائی تھی کہ جو بھی کوئی مہمان آوے تو جس چیز کا وقت ہو یعنی چائے یا روٹی کا بغیر پوچھے اس کا انتظام کرو، کبھی بھی کسی سائل کو بغیر کچھ دیئے ہوئے نہیں چھوڑا[87]۔

عام عادات واطوار

آپؒ کی تمام عادات واطوار عین شریعت کے مطابق و موافق تھے، خاموش طبع تھے، ہمیشہ سفید لباس کرتہ و شلوار و پگڑی زیب تن فرماتے تھے بال طالب علمی کے زمانے میں سنت کے مطابق لمبے لمبے تھے پھر سر کے بال مونڈتے اور سنت علیؓ کے موافق عمل فرماتے تھے مونچھیں قینچی کیساتھ بالکل صاف کرتے تھے داڑھی کے بال ایک مشت سے ذرا لمبے ہوتے تھے ہمیشہ سیاہ قلوش جوتے پہنتے تھے سردی میں اکثر صوفیانہ گرم لباس چوغہ زیب تن فرماتے تھے کھانے پینے میں تکلفات کو پسند نہ فرماتے، سبز مرچ، چٹنی، اور چھاچھ (لسی) پسند تھی۔

مفتی صاحب رحمہ اللہ بیماروں کی عیادت اور مرحومین کی تعزیت کے لئے تشریف لے جاتے تھے ہر جمعہ کے دن والدین کی زیارت کے لئے نماز فجر کے بعد اور طلوع شمس سے کچھ پہلے مقبرہ تشریف لے جاتے تھے ہر رمضان میں نماز عصر کے بعد مختصر درس قرآن اور مشکوٰۃ المصابیح وغیرہ سے کچھ احادیث کی درس فرماتے تھے بچوں اور تلامذہ کو کبھی نہیں مارتے تھے البتہ خلاف شرع امر پر دیکھ کر سختی سے ڈانٹتے۔ آپ شجاعت و جرأت میں بے مثال تھے گمراہ فرقوں کے خلاف بے باکی سے جلسوں اور خطبات جمعہ میں بیان فرماتے تھے اور ان کے باطل عقائد و گمراہیاں سے عوام کے سامنے آشکارا کرتے تھے ہمارے گاؤں میں پہلے سے جو بدعات و منکرات تھے وہ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ نے تدریج کیساتھ شفقت و محبت سے ختم کئے۔اگر محبت و شفقت سے کام نہ بنتا پھر اس معاملے میں سختی فرماتے۔ خوشبو میں گلاب اور مشک وعود پسند تھی مگر سہرے کو زندگی بھر میں استعمال نہ کیا۔ حضرت مفتی صاحبؒ چھوٹے بچوں کیساتھ بہت محبت کرتے تھے انتہائی متواضع اور مستغنی مزاج انسان تھے تصنع، بناوٹ وریاکاری کے فطری طور پر مخالف تھے[88]۔

حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کا زہد و قناعت

آپؒ کی زہد کی یہ حالت تھی کہ میں نے جب مولانا انوار الحق صاحب کے لئے افغان مجاہدین جو جامعہ حقانیہ کے فضلاء تھے سے ایک چھوٹی گاڑی حاصل کی تو اس پر مولانا رشید احمد صاحبؒ جو مفتی صاحب کے فرزند تھے کے شدید اصرار پر مفتی صاحب کے لئے بھی ان کے افغان مجاہدین تلامذہ سے گاڑی حاصل کرنے کی کوشش شروع کی۔ جب حضرت صاحبؒ کو اس بات کا علم ہوا تو مجھے بلا کر اپنے سامنے بٹھا کر مجھ سے فرمانے لگے کہ سنا ہے کہ مولانا رشید احمد کے کہنے پر آپ نے میرے لئے گاڑی حاصل کرنے کی کوشش شروع کی ہے یاد رکھیں اگر آپ نے اس سلسلہ میں ایک اور قدم آگے بڑھایا تو پھر آپ کا اور میرا تعلق ختم ہوگا۔اس پر میں نے کہا حضرت یہ کام تو میں تعلق کو مزید مستحکم کرنے

---

87 تجلیات، ج3، ص136۔137۔

88 تجلیات، ص66۔68۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیلئے کر رہا تھا۔ مگر جبکہ اس کام کی وجہ سے الٹا تعلق ختم کیا جاتا ہے تو میں یہ کام ہر گز نہ کروں گا اور ابھی سے اپنے قدم کو پیچھے بڑھانا شروع کر دیئے۔ اور قناعت کی یہ حالت تھی۔ کہ جون اور جولائی کی سخت گرمی میں بھی صرف ان دو پنکھوں پر اکتفا فرماتے جو ان کو جامعہ حقانیہ کی طرف سے ملے تھے ایک اندر اور دوسرا رات کو باہر استعمال فرمایا کرتے۔ اور جامعہ دار العلوم حقانیہ کی طرف سے جو عام کھانا ملتا تھا۔ اس ہی پر قناعت فرمایا کرتے[89]۔

---

89 مرجع سابق، ص 31۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ششم

ہدایۃ القاری کا تعارف

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری کا تعارف

مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں "کہ یہ شرح میں نے دروس کے دوران اپنے اساتذہ سے املا کیا ہے اور میں نے خود اس کی ترتیب اور تدوین کی ہے اور میں نے اس کا نام ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری رکھا ہے۔" صحیح بخاری کے باب کیف کان بدءالوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر کتاب العلم کی آخر تک ایک جامع عربی شرح ہیں صحیح بخاری شریف کے مطول اور فہیم شروح کا ملخص اور اکابرین محدثین کے امالی کا نچوڑ ہے۔ یہ ایک ضخیم جلد میں ہے جو تقریبا ۴۰۰ سوصفحات پر مشتمل ہے، تمام اہم حدیثی اور فقہی مباحث پر مشتمل ہے۔ مولانا ولی الزمان بن منتظر خان نے تصحیح، اضافہ اور بعض مواقع پر تخریج کی ہے نیز آخر میں "التلخیص لما علق باخرابواب الجامع الصحیح" کے نام سے ایک رسالہ بھی شامل کیا ہے جو انہوں نے جامعہ حقانیہ میں حضرت مفتی صاحبؒ کے درس بخاری کے اختتام پر املا کیا تھا مولانا ولی الزمان صاحب حالاً مقیم مدینہ منورہ نے اب اس شرح کو بیروت سے بھی شائع کروایا ہے۔ علماء طلباء میں مقبولیت کی وجہ سے دسیوں بار شائع ہو چکی ہے[90]۔

ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری کی خصوصیات

1. ترجمۃ الباب کا مقصد اور مقاصد کی وضاحت اور تراجم ابواب پر بحث
2. ربطِ ابواب، اور مناسبت کا ذکر کرنا
3. رواۃِ حدیث کا جامع تعارف، خاص طور پر ان کی توثیقات و تعدیلات کا ذکر، اسی طرح ان پر اگر ائمہ کا کلام ہو تو ان کا ذکر، اگر بلا تکلف و تصنع دفاع ہو سکے، تو دفاع، ورنہ کم از کم صحیح بخاری میں ایسے متکلم فیہ راوی کے مندرج ہونے کا عذر
4. سندِ حدیث پر محققانہ کلام
5. متنِ حدیث پر محدثانہ کلام
6. دیگر طرقِ حدیث میں وارد الفاظ مختلفہ کو لا کر تشریح
7. نحوی، صرفی، بلاغی، لغوی، اور اعرابی، حیثیت سے تشریح و تنقیح
8. فقہی مذاہب کی (اصحابِ مذاہب کی کتب سے) تنقیح و حوالہ
9. دلائل فقہیہ کا التزام
10. حنفی مذہب کو مدلل و مبرھن انداز سے پیش کرنا اور وجوہِ ترجیحِ مذہبِ حنفیہ کا التزام کرنا
11. حدیث شریف کی ترجمۃ الباب سے مطابقت

---

90 ہدایۃ القاری، ص1-11۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہدایۃالقاری اور دوسرے حدیثی خدمات کے بارے میں علماء کی کی آراء

1. **علامہ شمس الحق افغانی صاحبؒ(استاذ دار العلوم دیوبند) کی رائے**

ہدایۃالقاری الی صحیح البخاری پر تقریظ لکھتے ہوئے:

الحمدللہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی!

فرماتے ہیں"کہ میں نے اس کتاب کے مقدمہ کے بعض ابحاث کو پڑھا اور اس طرح بدء الوحی کی شرح حدیث کو پڑھا، مقدمہ انتہائی سہل انداز میں لکھا گیا ہے اور اس میں مبادی حدیث میں سے بہت کچھ ہیں، اور بدء الوحی کی تشریح تین شروح حدیث سے ماخوذ ہیں میری مراد اس سے عمدۃ القاری علامہ عینیؒ کا، فتح الباری ابن حجرؒ کا اور فیض الباری شیخ کشمیریؒ کا اور صرف ان تین شروح پر شارحین کا اعتماد ہیں اور ہدایۃالقاری ایک معتمد شرح ہے طلباء اور علماء کے لیئے ایک مفید کاوش ہے۔ وصلی اللہ علیہ سلم"۔ شمس الحق افغانی عفا اللہ عنہ۔[91]

2. **شیخ مولانا عبدالحق صاحب ؒ(بانی ومہتمم جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک) کی رائے**

ہدایۃالقاری الی صحیح البخاری پر تقریظ لکھتے ہوئے:

الحمدللہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!

فرماتے ہیں "میں نے اس قیمتی کتاب کے بعض اہم مباحث کو پڑھا جو فاضل مولف مولانا محمد فرید حفظہ اللہ کی کتاب ہے جو دار العلوم حقانیہ کے مدرس ہیں میں نے اس کو متقدمین اور متاخرین کی شروح کا خلاصہ پایا، اور خاص طور پر اکابر کی امالی کا ایک نچوڑ پایا۔ اور میں اللہ تعالی سے امید کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اس کے ذریعے طلباء اور علماء کو نفع پہنچے اور مولف محترم کے باقیات صالحات کا ذریعہ ہو اور اللہ تعالی مولف کو بہت جلد بقیہ اجزاء کی تکمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ ہو الموفق، والمعین۔[92]

3. **حضرت مولانا حافظ ابراہیم فانی صاحبؒ(سابق شیخ الحدیث دار العلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک کی رائے)**

فرماتے ہیں "محترم بھائیو! آپؒ کی محدثانہ جلالت شان تو آپ کی تصنیف کردہ کتابوں سے عیاں ہے، ہدایۃالقاری الی صحیح البخاری بخاری شریف کی شرح، ترمذی شریف کی آفاقی شرح (منہاج السنن) اور شرح مقدمہ صحیح مسلم سے آپؒ کی محدثانہ نابغیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ہمارے دورہ حدیث کے دران صحاح ستہ کی یہ کتابیں سنن ابی داؤد شریف اور بخاری شریف آپؒ کے زیر درس رہیں۔ انتہائی پراثر انداز میں آپؒ ہماری ذہنی استعداد کو ملحوظ رکھتے ہوئے تشریح فرماتے تھے۔ یہ میں اس لیے ذکر کر رہا

---

91 ہدایہ القاری ص5۔

92 ہدایہ القاری ص6۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوں کہ ہماری ذہنی استعداد کو ملحوظ رکھتے ہوئے، کیونکہ اگر آپ اپنی علمیت کے حوالے سے بحث فرماتے تو آپ کو معلوم ہے کہ وہ تو علم کے بحر ذخار بحر مواج اور دریائے ناپید تھے۔ ہمارے قاصر ذہن کب اس کا ادراک کر سکتے تھے"[93]۔

4. **حضرت مولانا مفتی صاحب محمد سردار صاحب (مفتی وشیخ الحدیث دارالعلوم عربیہ ٹل) کی رائے**

فرماتے ہیں کہ "بندہ نے حضرت مفتی صاحب سے چار سال اسباق پڑھے ہیں۔ پہلے سال ان سے صرف علمی استفادہ کا شرف حاصل تھا۔ بعد میں مسلسل تین سال علمی استفادہ کے ساتھ ساتھ منازل سلوک بھی طے کرتے رہے۔ حضرت الاستاذ کا ایک بہت بڑا حسان عامۃ المسلمین پر عموماً اور اپنے شاگردوں پر خصوصا یہ ہے کہ آپ نے ان کی راہنمائی کے لیے ایک بڑا علمی خزانہ فتاویٰ فریدیہ کی شکل میں تالیف کیا ۔ ایک بہت بڑا احسان علمائے کرام اور طلبائے عظام خصوصا اپنے تلامذہ پر یہ ہے کہ انہوں نے ترمذی شریف کی شرح "منہاج السنن" اور بخاری شریف پر "شرح ہدایۃ القاری علی الصحیح البخاری" لکھ کر طلبائے کرام اور علمائے کرام کے لیے ان کا پڑھنا نہایت سہل اور آسان فرمایا ۔ بلکہ بندہ بغیر مبالغے کے اس بات کا قائل ہے کہ ہم جیسے کمزور طلبہ کو ترمذی شریف اور بخاری شریف کے درس وتدریس کا حسب استعداد اہل بنادیا ، ورنہ ان کے بغیر ہم جیسے کمزوروں کے لیے بخاری شریف اور ترمذی شریف کا درس ممکن نہیں تھا[94]۔

5. **مولانا امداد اللہ حقانی (خلیفہ و بھتیجا حضرت مفتی صاحب) کی رائے**

فرماتے ہیں کہ "حضرت مفتی صاحب امیر المؤمنین فی الحدیث تھے، ایک طرف سند انتہائی عالی تھی جو باب سند میں انتہائی محمود اور اہم چیز ہے دوسری طرف آپ کو احادیث پڑھانے کا وہ ملکہ حاصل تھا جس پر بڑے بڑے شیوخ الحدیث حیران ہوتے تھے۔ انتہائی مختصر الفاظ میں مشکل سے مشکل مقام کو حل فرماتے۔ اسماء الرجال کے علم اور احادیث کے درمیان تطبیق بیان کرنے میں انتہائی ماہر تھے، تعارضات دفع کرنے میں اللہ تعالیٰ نے خصوصی ملکہ سے نوازہ تھا۔ صحیح بخاری شریف، ترمذی شریف اور سنن ابوداؤد شریف جیسی عظیم کتابوں کی تدریس کے دوران آپ کا محدثانہ رنگ سامنے آجاتا۔ درس حدیث کے دوران ہر حدیث سے مسائل مستنبط کر کے ذکر فرماتے، ائمہ مجتہدین کے اقوال، پھر ہر ایک کے دلائل تفصیل سے بیان فرماتے ۔ آخر میں مذہب احناف کو دلائل سے راجح فرماتے ۔ حضرت مفتی صاحب انتہائی جامعیت کے ساتھ احادیث پڑھاتے تھے، درس حدیث میں تھکانے والی طوالت سے گریز کرتے اور فرماتے تھے کہ تدریس میں ہمارا طریق انتخاب (یعنی اہم مقامات منتخب کر کے بیان فرمانے) کا ہے استیعاب (تمام تفصیلات بیان کرنے) کا نہیں۔

---

[93] تجلیات فریدی، ج3، ص42 ۔

94 تجلیات، ج2، ص36۔37۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت مفتی صاحبؒ نے صحیح بخاری شریف کی جلد اول کتاب العلم تک کی شرح "ہدایۃ القاری" عربی زبان میں فرمائی جو کہ عام فہم اور ضخیم شروح اور اکابر کے امالی کا ملخص ہے، متعلمین اور معلمین کے لیے بے حد مفید ہے۔ جامع الترمذی شریف کی شرح "منہاج السنن" تحریر فرمائی جو مختصر اور جامع شرح ہے اور ان تمام ضخیم شروح سے مستغنی کرنی والی ہے۔ مسلم مقدمہ کی دقیق اور مفید شرح لکھی ہے جو دس مباحث پر مشتمل ہے[95] ۔"

6. شیخ الحدیث مولانا سعد الباقی صاحب کی رائے

فرماتے ہیں کہ "آپ نے ؒ جنوبی ایشیاء کی عظیم اسلامی یونیورسٹی جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں مسند حدیث پر ہزاروں کی تعداد میں وارثان علم نبوت کی علمی تشنگی بجھائی۔ آپؒ کا انداز درس آسان، عام فہم اور حکیمانہ رہا۔ ہر کوئی آپؒ سے مستفید ہوتا رہا ۔ تدریسی اوقات کی پابندی آپؒ کا خصوصی امتیاز تھا۔ علمی و تحقیقی میدان میں حضرت مفتی صاحبؒ کی حیثیت ایک درخشندہ ستارے کے مانند تھی۔ حکیمانہ انداز بیان کی وجہ سے ہر خاص و عام آپ سے مستفید ہوتا رہا۔ آپؒ کی تصانیف، ہدایہ القاری شرح بخاری، منہاج السنن شرح جام السنن۔ فتح المنعم علی مقدمۃ المسلم، الفرائد البہیۃ الی احادیث خیر البریۃ، اور پشتو اور اردو کتابیں طلبا کرام اور عوام الناس کے لیے مشعل راہ ہیں۔ اس کے علاوہ آپؒ کے مختلف مضامین وقتاً فوقتاً مجلات کے زینت رہیں[96] ۔

---

95 تجلیات، فریدی ، ج3، ص56۔57۔

96 تجلیات فریدی، ج3، ص128۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاصہ باب

مولانا مفتی محمد فرید صاحبؒ بن حضرت مولانا حبیب اللہ (المتوفیٰ ۱۳۶۸ھ/۱۹۴۹ء) المعروف بہ صاحب، حق صوبہ خیبر پختون خواہ کے ضلع صوابی بمقام "زروبی" بروزجمعہ بیوم عیدالفطر بوقت طلوع فجر، یکم شوال ۱۳۴۴ھ/ اپریل ۱۹۲۶ء کو ایک مذہبی، علمی خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ نسلاً افغان اور پٹھان تھے۔ مقامی سکول میں چھٹی جماعت پاس کرنے کے بعد علم دین کے حصول کے لیے اپنے والد کے ساتھ مردان گئے۔ آپ کے اساتذہ میں سے آپ کے والد بزرگوار، مولانا خان بہادر المعروف بہ مارتونگ باباؒ جی، حضرت مولانا عبدالرزاق صاحبؒ عرف شاہ منصور باباجیؒ اور۔ احادیث نبوی ﷺ شیخ الحدیث مولانا نصیرالدین غورغشتویؒ نے پڑھیں اور ۱۹۵۲ء میں فراغت ہوئی۔ فراغت کے بعد ایک سال اپنے گاؤں زروبی میں اپنے آباؤاجداد کی درسگاہ میں تدریس کی اس کے بعد جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک میں بحیثیت مدرس اعلیٰ مقرر ہوئے، اس کے بعد بعض شرعی اعذار کی وجہ سے جامعہ سے مستعفی ہوکر دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ میں استاد الحدیث اور صدر المدرسین مقرر ہوئے پھر حضرت مولانا غورغشتویؒ اور حضرت مولانا عبدالمالک صدیقی صاحب رحمہ اللہ کی خواہش پر اور شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب رحمہ اللہ کی درخواست پر ۱۳۸۵ھ کو دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے، اور پھر جامعہ حقانیہ ہی کا ہوگیا۔ یہاں تقریبا بتیس سال درس وتدریس کے شعبے سے وابستہ رہے اس دوران آپ نے ایک لاکھ کے قریب فتوے صادر فرمائے۔ آپ جامعہ حقانیہ کے مسند شیخ الحدیث اور دارالافتاء کے رئاستہ پر فائز تھے۔ حضرت مفتی صاحبؒ کے شاگرد اور مریدین لاکھوں میں ہیں۔ خلفاء کی تعداد بائیس سو ہیں۔ سب کا ذکر کرنا یہاں ناممکن ہیں ۔ جمعیت علماء اسلام کے ضلعی، صوبائی اور مرکزی عمائدین اور قائدین کی ایک کثیر تعداد حضرت مفتی صاحبؒ کے شاگرد اور مریدین ہیں۔ اسی طرح امارت اسلامیہ افغانستان کے اکثر وزراء اور مسئولین حضرت مفتی صاحبؒ کے تلامذہ اور خلفاء یا مرید تھے۔

مروجہ دعوت و تبلیغ کی بھرپور حمایت کرتے اور اس میں وقت لگانے کا حکم فرماتے۔ سیاست میں جمعیت علماء اسلام کی بھرپور حمایت کرتے تھے اور اس میں شمولیت کی ترغیب بھی دیتے تھے۔ سلسلہ تصوف وسلوک میں آپؒ نے مرشد کامل حضرت مولانا خواجہ عبدالمالک صدیقی رحمۃ اللہ علیہ سے مجاز بیعت وخلیفہ مقرر ہونے کا شرف حاصل کیا اور پھر خود بھی سلسلۂ نقشبندیہ کے کامل شیخ وعظیم مصلح ثابت ہوئے۔ نو اکتوبر 1996ء کو نماز فجر پڑھتے وقت حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ پر فالج کا حملہ ہوا اور اسی بیماری کی وجہ سے حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کی حدیث کی درس کا دروازہ بند ہوا مگر ارشاد وسلوک کی درس کا دروازہ ہمہ وقتی کھل گیا ۔ حضرت مفتی صاحبؒ تین بار حرمین شریفین تشریف لے گئے ہیں۔ یہی فالج کی بیماری آپ کی سفر آخرت کا سبب بنی اور "مرغز" کے مقام پر 10:30 بجے بروزِ ہفتہ ۸ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ بمطابق ۹ جولائی ۲۰۱۱ء آپ کی روح پرواز کرگئی ۔ کئی کتابیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

یادگار چھوڑی جن میں صحیح بخاری کی شرح "ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری" جو اس بحث میں زیر تحقیق بھی ہے، صحیح بخاری کے باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر کتاب العلم کی آخر تک ایک جامع عربی شرح ہیں صحیح بخاری شریف کے مطول اور فہیم شروح کا ملخص اور اکابرین محدثین کے امالی کا نچوڑ ہے۔ یہ ایک ضخیم جلد میں ہے جو تقریبا ۴۰۰ سو صفحات پر مشتمل ہے، تمام اہم حدیثی اور فقہی مباحث پر مشتمل ہے۔ سنن الترمذی کی شرح منہاج السنن ،العقائد الاسلامیۃ باللغۃ السلیمانیۃ، فتاوی فریدیہ ،البشریٰ لارباب الفتوی، فتح المنعم شرح مقدمۃ المسلم ،المقالات، مسائل حج، رسالہ توسل اور سلسلہ مبارکہ وغیرہ شامل ہیں۔ بروزِ ہفتہ ۸ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ/ ۹ جولائی ۲۰۱۱ء 10:30 بجے آپ کی روح پرواز کرگئی اور آپ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

حضرت مفتی صاحب ؒ ہر میدان کے شہسوار تھے، چاہے تدریس کا میدان ہو یا تصنیف وتالیف کا میدان ہو یا تصوف کا میدان ہو یا معاشرتی سرگرمیاں اور سیاست کا میدان ہو الغرض دین کے ہر شعبے میں کارنامہ ہائے انجام دیئے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب سوم

مولانا شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ کا تعارف اور خدمات کا جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اول

حضرت شیخ کی پیدائش، تعلیم، اسفار اور اساتذہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیدائش

آپؒ کے آباءواجداد پاکستان کے جس علاقے سے منتقل ہوئے آج وہ علاقہ خیبرایجنسی KPK میں تیراکے قریب چوراکہلاتاہے۔ آپ 25 دسمبر 1926ء کو ہندوستان کے ضلع مظفر نگر کے مشہور قصبہ حسن پور لوہاری کے ایک معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق آفریدی پٹھانوں کے ایک خاندان ملک دین خیل سے ہے۔ حسن پور لوہاری ہمیشہ اکابرین کا مسکن و مرجع رہا ہے۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے شیخ میاں جی نور محمد صاحبؒ ساری زندگی اسی گاؤں میں سکونت پذیر رہے [1]۔

ابتدائی تعلیم

بچپن میں پڑھنے کے لیے آپؒ کو مسلم اسکول میں بٹھایا گیا جو ایک سرکاری سکول تھا، مسلم اس کے ساتھ اس وجہ سے لگتا تھا کہ وہاں اساتذہ مسلمان ہوتے تھے اور طلبہ بھی تقریبا تمام کے تمام مسلمان ہی ہوتے تھے۔ اتفاق سے کبھی کوئی غیر مسلم آجاتا تھا۔ مسلم اسکول کی ایک شناخت یہ بھی تھی کہ وہاں چھٹی جمعہ کو ہوتی تھی اس کے مقابلے میں جو دوسرے اسکول تھے وہاں ہندو اساتذہ ہوتے تھے اور طلبہ بھی ہندو ہی ہوتے اور وہاں چھٹی اتوار کو ہوتی تھی۔ "مسلم" سکول پرائمری سکول تھا جہاں چار کلاسیں ہوتی تھیں۔ ان کی ترتیب اس طرح تھی کہ پہلی جماعت (الف) تھی، دوسری (ب) اس کے بعد پھر پہلی جماعت شروع ہوتی تھی پھر دوسری، پھر تیسری، پھر چوتھی، سال تو چھ لگتے تھے لیکن مشہور یہ تھا کہ پرائمری چار سال میں ہوتا ہے۔ (الف) اور (ب) کے درجوں کو شمار نہیں کیا جاتا تھا۔ آپؒ نے وہاں پرائمری پاس کیا۔ آپؒ کے استاد (جنہین ہیڈ ماسٹر اور صدر مدرس کا مقام حاصل تھا، جو بہت زمانے تک اسی سکول میں رہے) تیسری، چوتھی اور الف والی کلاس کو پڑھاتے تھے۔ مدرس دوم جو بدلتے رہتے تھے۔ وہ "ب" اور پہلی اور دوسری کلاسوں کو پڑھاتے تھے۔

ایک ابتدائی استاد کا تذکرہ

ہیڈ ماسٹر منشی بندے حسن صاحب جو بہت اللہ والے آدمی تھے اللہ والے ایسے تھے کہ ہر وقت ان کی زبان پر ذکر جاری رہتا تھا۔ اللہ اللہ۔۔۔ دوسری بات یہ تھی کہ وہ نماز بہت پڑھتے تھے۔ مسلم سکول کے قریب ایک مسجد تھی، وہاں باقاعدہ امام کا انتظام نہیں تھا۔ محلے کا کوئی بھی آدمی نماز پڑھا دیا کرتا تھا، اس مسجد میں منشی صاحب بھی نماز پڑھاتے تھے اور اذان کوئی بھی دے دیا کرتا تھا، چونکہ سارے بچوں کو حکم یہ تھا کہ ظہر کی نماز سے پہلے پہنچ جائیں وہاں مسجد میں نماز پڑھنا ضروری ہوتا تھا اسلئے لوگ ظہر سے پہلے

---

[1] الشیخ سلیم اللہ خانؒ، کشف الباری عمانی صحیح البخاری، کراچی، مکتبہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی، ج1، ص54۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہنچ جاتے تھے۔ منشی جی بہت لمبی نمازیں پڑھ رہے تھے، دو رکعت کی نیت باندھی، پھر دو رکعت کی نیت باندھی۔ یہ طریقہ ان کی نماز پڑھنے کا تھا[2]۔

فارسی کی ابتدائی تعلیم

پرائمری پاس کرنے کے بعد آپؒ نے موصوف سے فارسی شروع کی، وہ فارسی کے بہت بڑے عالم تھے البتہ عربی سے بالکل ناواقف تھے، گلستان میں جہاں کہیں عربی کا جملہ یا شعر آجاتا تو صاف کہہ دیتے کہ بھائی یہ مجھے نہیں آتا۔ کتابیں ان کو ازبر یاد تھی۔ ابتدائی کتابیں بھی پڑھیں اور گلستان بوستان، انشائے فارغ، انشائے خلیفہ، اور انوار سہیلی اور سکندر نامہ وغیرہ بھی انہیں سے پڑھیں۔ یہ سکول پرائمری تھا اس میں حضرت شیخ اور اسماعیل خان صاحب یہ دو ہی طالب علم تھے۔ چونکہ یہ پرائمری پاس کر چکے تھے اس لئے جب کبھی مدرس دوم یا نائب مدرس میں سے کوئی چلا جاتا تو استاد ان کو ان کی جگہ (ب) اور پہلی دوسری کی کلاسیں پڑھانے کا حکم فرماتے۔

اسی طرح دوسری کلاس کے طلباء کو (جو اہم کلاس تھی) جب حساب میں کمزور دیکھا تو ان کو عصر کے بعد گھر بلا لیا کرتے تھے۔ (گھر دو منزلہ تھا۔ دوسری منزل میں ایک ہی کمرہ ہال نما تھا۔) اس کے چھت پر بیٹھ کر حساب سکھایا کرتے تھے "مصدر فیوض" جو فارسی کے قواعد کی کتاب ہے پڑھایا کرتے تھے، ان کے پڑھانے کا طرز یہ تھا کہ ایک دو صفحے عبارت پڑھ لیتے، نہ وہ سمجھاتے، نہ اجراء ہوتا، اور نہ ہی وہ سنتے تھے کہ کل جو سبق پڑھا تھا وہ کیا تھا؟ البتہ جب کبھی منشی جی گھر میں بیوی کے ساتھ لڑائی ہو جاتی تو غصے کے عالم میں مدرسے میں آتے اور طلباء پر غصہ اتارتے۔ اور کہتے کہ لاؤ مصدر فیوض، طلباء کتاب تھما دیتے پھر وہ پچھلے اسباق سنتے تو یاد نہیں ہوتا تھا، اس لیے کہ نہ انہوں نے سمجھایا تھا اور نہ یاد کرنے کو کہا تھا۔ تو اس پر مدرسے میں ایک درخت تھا اس کی ٹہنیاں تڑوا کر طلباء کی پٹائی کرتے۔ منشی جی! مصدر فیوض نہ سمجھانے کی وجہ بیان فرماتے کہ کہیں تم فارسی کے قواعد سیکھ کر میرا ہی مقابلہ نہ شروع کر دو۔ اس لیے یہ ایک ہتھیار میں اپنے پاس رکھتا ہوں[3]۔

ناظرہ قرآن کریم اور انگریزی تعلیم

پھر شام کو مغرب کے بعد منشی اللہ بندے حضرت شیخ اور ان کے بھائی کو قرآن کریم پڑھانے آتے تھے، حضرتؒ کا قرآن تین مہینے میں ختم ہو گیا تو انگریزی شروع کروادی تھی، عبدالقیوم خان مرحوم قرآن کریم پڑھتے رہے۔ آپؒ نے انگریزی کی دو تین کتابیں پڑھیں اور منشی جی کی ٹیوشن کی فیس فی طالب علم ایک روپیہ تھی تو وہ روپیہ ماہوار ان کو ملتے تھے، مدرسہ نوریہ میں اردو، حساب

---

[2] مفتی صابر محمود، تذکرہ شیخ الکل مولانا سلیم اللہ خان، کراچی، ادارۃ الرشید علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، 2017ء، ص 21-22.

[3] کشف الباری، ج 1، ص 54۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

پڑھانے چھ روپیہ ماہوار وہاں سے ملتا تھا۔ایسے قانع اور زاہد آدمی تھے کہ سرکار کی طرف سے ڈاکخانے کا کام پیش کیا گیا، صرف دو گھنٹے کرنا تھا اور تنخواہ بائیس روپے تھی (یہ اس وقت کے اعتبار سے بڑی رقم تھی) لیکن اس کو یہ کہہ کر رد کردیا کہ میں روزانہ ایک قرآن کریم ختم کرتا ہوں، ڈاکخانہ کی وجہ سے وہ کام رہ جائے گا۔جمعہ کی نماز کے لیے ایک نیا کرتا، تہبند پہنتے تھے اور نماز کے بعد اس کو اتار کر دوسرا معمولی لباس زیب تن فرمالیتے تھے[4]۔

مفتاح العلوم جلال آباد (انڈیا) میں

بدھ کا دن اور صفر کے مہینے کی بیس تاریخ تھی جب حضرت شیخؒ کے استاد منشی بندی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ (جن سے انہوں نے فارسی اور پرائمری کی تعلیم حاصل کی تھی) نے ان کو جلال آباد داخل کرنے کے لیے لے گئے۔ وہاں مولانا مسیح اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ مدرسے کے صدر مدرس تھے جنہیں بڑے مولوی صاحب کہتے تھے۔ایک اور مولوی عابد حسین صاحب تھے جنہیں "چھوٹے مولوی صاحب" کہتے تھے۔ تھانہ بھون کے حافظ منفعت صاحب وہاں حفظ کے درجے میں پڑھتے تھے۔ جب جلال آباد میں داخل ہوئے تو وہاں چند لڑکے "میزان اور "گلستان" کے اسباق کے علاوہ چھوٹے مولوی صاحب کے پاس اردو املاء وغیرہ لکھا کرتے تھے۔انہوں نے چونکہ فارسی پڑھی ہوئی تھی اس لیے گلستان اور اردو کے املاء کی ضرورت نہیں تھی۔ لیکن یہ ان اسباق میں شامل ہوجاتے تھے۔جب شیخ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ساتھی اسماعیل خان صاحب داخل ہوئے تو میزان کے لڑکوں کا سبق اسمِ ظرف تک پہنچ گیا تھا اور دو سبق ایک اسمِ آلہ بنانے کا قاعدہ اور ایک اسمِ تفضیل بنانے کا قاعدہ باقی تھے۔یہ ان کے ساتھ شامل ہوئےاور شروع سے علیحدہ بھی "میزان" کا سبق انکو پڑھایا گیا۔چند دن میں انہوں نے وہ پورا کردیا پھر اس کے بعد منشعب "پڑھی اور پھر "نحو میر" اور "پنج گنج" پڑھیں[5]۔

کچھ مفتاح العلوم کے بارے میں

جلال آباد کا مدرسہ "مفتاح العلوم" وہاں کے خوانین کا قائم کیا ہوا تھا ۔ایک زمانے میں یہ مدرسہ "منی والی مسجد" میں ہوتا تھا۔ مفتی اشفاق الرحمٰن صاحب کاندھلوی جن کا نسائی کا حاشیہ مطبوعہ متداول ہے، مدرس تھے اور مولانا محمد یحییٰ صاحب (متبنیٰ شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ) نے بھی اس مدرسے میں پڑھا تھا، بعد میں یہ مدرسہ ختم ہوگیا اور صرف حفظ کی تعلیم رہ گئی تھی، حافظ محمد صدیق خان صاحب حفظ کرایا کرتے تھے۔پھر کافی عرصہ گزرنے کے بعد مدرسہ کے لئے علیحدہ جگہ تجویز ہوئی۔ مولوی حمید حسن صاحب دیوبندی مفتاح العلوم میں مدرس ہوئے،ان کے بعد پھر مولوی عمر احمد عثمانی (مولانا ظفر احمد عثمانی صاحب

---

[4] تذکرۃ شیخ الکل، ص31۔

[5] تذکرہ شیخ الکل، ص39۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے) مدرس ہوئے۔ مولوی حمید حسن صاحب دیوبندی کچھ زیادہ عرصہ اور عمر احمد چند دن رہے ،اول الذکر جلال آباد سے ریاست مالیر کوٹلہ منتقل ہو گئے اور عمر احمد دلی چلے گئے اور وہیں انکار حدیث کے فتنے کا شکار ہوئے ۔ پھر مولانا مسیح اللہ صاحب مدرس ہوئے۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں: "مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ مولانا مہینے کے ختم پر قلعہ میں (یہ جلال آباد میں شمال مغربی حصہ میں ایک پر شکوہ قلعہ ہے جس میں دو تین خاندان آباد ہیں) ارشاد علی خان کے پاس جایا کرتے اور وہاں سے تنخواہیں لے کر آیا کرتے تھے اور مہینے کا حساب ان کو دکھاتے۔ انہیں خوانین کے لڑکے مولانا کے پاس پڑھتے تھے جو بد شوق بھی تھے اور بد لحاظ بھی، ان کی حرکتوں پر مولانا صبر اور برداشت سے کام لیتے، ہم لوگ جب جلال آباد میں داخل ہوئے تو یہ طلباء اپنی تعلیم چھوڑ کر جا چکے تھے اور کچھ لڑکے جلالآباد کے وہاں موجود تھے جو ہمارے ہم سبق بنے وہ بھی بد شوق تھے لیکن بد لحاظ نہیں تھے۔ تھوڑے تھوڑے دن رہ کر ان لوگوں نے بھی اپنی تعلیم کو خیر آباد کہہ دیا تھا۔ پہلے سال کے اختتام پر جن کتابوں کا سالانہ امتحان ہوا ان میں "میزان" "منشعب" "پنج گنج" اور "نحو میر" شامل تھیں"[6]۔

ازہر ہند، دارالعلوم دیوبند میں داخلہ

مدرسہ مفتاح العلوم جلال آباد میں ابتدائی کتب پڑھ لینے کے بعد آپؒ نے 1942ء میں اپنے تعلیمی سلسلے کی تکمیل کے لئیے ازہر ہند دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا۔ شیخؒ فرماتے ہیں:" دارالعلوم دیوبند میں میرا داخلہ ہو گیا، اور مطلوبہ کتب ہدایہ اولین، مختصر المعانی، حسامی اور مقامات حریری بھی تجویز کردی گئی۔ چنانچہ انہوں نے ہمارے لیے مطلوبہ کتابیں تو تجویز کردیں لیکن سلم تجویز نہیں کی بلکہ اس کی جگہ میر قطبی تجویز کر دی اور اس کی وجہ یہ بتائی کہ قطبی کے بعد سلم تجویز نہیں کی جاسکتی۔ چونکہ دارالعلوم نے نصاب کے مطابق قطبی کے بعد میر قطبی پڑھنا ضروری تھا۔ اس فیصلے پر مولوی رفیق صاحب تو صبر کا گھونٹ پی گئے لیکن حضرت شیخ سے نہ رہا گیا اور ان کے برادر نسبتی ارشاد علی خان مرحوم اسی سال دارالعلوم سے فارغ ہوئے تھے، ممتحن صاحب سے ان کے اچھے تعلقات تھے شیخؒ ان کو ساتھ لے کر ممتحن صاحب سے عرضِ مدعا کی غرض سے ان کے دولت کدے پر حاضر ہوا اور ان سے درخواست کی کہ میرے لیے سلم تجویز کردیں وہ فرمانے لگے بے شک آپ میں سلم کی استعداد موجود ہے لیکن میں مدرسے کے قاعدے اور اصول سے مجبور ہوں شیخ صاحبؒ نے عرض کیا حضرت! ہمارے تین ساتھیوں کو قطبی کے بعد بجائے میر قطبی کے سلم تجویز کی گئی ہے۔ اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ گنجائش ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ آپ ایسا کریں کہ مقررہ کتابوں میں قطبی سے پہلے میر کا لفظ بڑھا دیں میں مطلوبہ کتابوں میں میر قطبی کاٹ کر سلم لکھ دوں گا۔ لیکن شیخؒ نے عرض کیا کہ جب میں نے میر قطبی پڑھی نہیں تو مقروءۃ (پڑھی ہوئی) کتابوں میں اس کو نہیں لکھ سکتا۔ یہ غلط بیانی ہو گی۔ اور عجیب بات یہ کہ کتابوں کی تجویز میں دارالعلوم

---

[6] کشف الباری، ج1، ص54۔۔۔تذکرہ ص40،41۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے اصول و قواعد کا حوالہ دیا جارہا تھا۔ لیکن امتحان دار العلوم کے نصاب کے بجائے خارج سے لیا گیا۔ جامی کی مبنیات داخلِ نصاب نہیں تھیں لیکن میرا امتحان "اذاذا" کی بحث سے لیا گیا جو جامی کے نصف سے زائد صفحے پر آئی تھی [7]۔"

دار العلوم دیوبند سے فراغت

ازہرِ ہند دار العلوم دیوبند میں داخلہ لینے کے بعد آپ نے متعدد اساتذہ سے فقہ، حدیث، تفسیر اور دیگر علوم و فنون کی تکمیل کی۔ خصوصا بخاری شریف اور ترمذی شریف شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ سے پڑھے۔ دار العلوم دیوبند میں بخاری شریف کے ختم کو مخفی رکھا جاتا تھا ختم کے وقت اعلان نہیں ہوتا تھا، لوگ از خود اندازے لگایا کرتے تھے، اخفاء کے باوجود بہت بڑا مجمع قریب اور بعید سے علماء اور عوام اور طلباء کے متعلقین کا ہو جایا کرتا تھا۔ ختم بخاری سے پہلے حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے طلباء کو نصیحتیں کیں اور اس کے بعد دعا کرائی جو نہ مختصر تھی اور نہ طویل۔ ختم کے بعد حضرت مدنیؒ سلہٹ کے لیے روانہ ہو گئے اور بہت سے طلباء نے سندِ اجازت حدیث جو کہ مطبوعہ تھی حاصل کی۔ حضرت شیخؒ کو اس وقت اس طرف توجہ نہ ہوئی تھی اس لیے بعد میں کسی موقع پر انہوں نے وہ سند حاصل کی۔ آپ اتنے ذہین تھے کہ درسِ نظامی کا آٹھ سالہ نصاب ساڑھے چھ سال میں مکمل کر لیا۔ اور 27 دن میں آپ نے قرآن کریم بھی حفظ کر لیا تھا جبکہ منطق کی کتاب سلم 15 دن میں یاد کی تھی۔[8] مختصر یہ کہ 1947ء میں آپ نے امتیازی نمبرات کے ساتھ سندِ فراغت حاصل کی [9]۔

حضرت شیخؒ کے اساتذہ

دار العلوم کے وہ اساتذہ جن سے آپؒ بہت متاثر ہوئے اور استفادہ بھی اپنی صلاحیت کے مطابق کیا ان میں:

1. شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کا نام گرامی سر فہرست ہے، جن کے ساتھ عقیدت تو پہلے سے تھی، مگر جب آپ نے ان سے پڑھا تو اس عقیدت میں اور بہت اضافہ ہوا۔
2. حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو دار العلوم کے اس وقت کے شیخ الادب والفقہ تھے۔
3. حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ
4. حضرت مولانا عبد الخالق ملتانی رحمۃ اللہ علیہ
5. حضرت مولانا عبد الحق صاحب (بانی جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک)
6. حضرت مولانا ابراہیم بلیاوی رحمۃ اللہ علیہ

---

[7] تذکرہ شیخ الکل، ص 44، 45۔

[8] مرجع سابق، ص 76۔

[9] تذکرہ، ص 128۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

7. حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ

8. منشی جی بندہ حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دوسرے اساتذہ کرام سے بھی استفادہ کیا اور ان کی عظمت کا بھی ہمیشہ احساس رہا۔ لیکن مذکورہ بالا حضرات سے استفادہ اور تاثر کی نوعیت مختلف تھی۔[10]

حضرت شیخؒ کے تلامذہ

کہا جاتا ہے درخت اپنے پھل سے اور آدمی اپنے استادوں اور شاگردوں سے پہچانا جاتا ہے، آپؒ کو فیاض ازل کی طرف سے رجال سازی کا بیش بہا ملکہ عطا کیا گیا ہے، آج ساری دنیا میں جتنے نامور اور جلیل القدر تلامذہ وشاگرد آپؒ کے ہیں فی زمانہ کوئی اس میں آپ کی ہمسری کا دعوی نہیں کر سکتا۔ آپ کے کئے تلامذہ ایک زمانہ سے "شیخ الحدیث" جیسے جلیل القدر منصب پر فائز ہیں۔ آپ سے استفادہ کرنے والی نابغہ روزگار شخصیات میں مفتی احمد الرحمن صاحبؒ ، مولانا شمس الحقؒ صاحب، مولانا عنایت اللہ خان صاحب، مولانا حمید الرحمٰن صاحبؒ ،ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہیدؒ، مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ، مبلغ مولانا جمشید صاحبؒ ،ندوۃ العلماء ہند کے متہم مولانا رابع ندوی صاحب، مولانا محمد حنیف گنگوہی صاحب، مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب، مفتی ابو لبابہ شاہ منصور صاحب ،مولانا یوسف کشمیری صاحب ،مولانا محمد یوسف افشانی صاحب ،مولانا نورالبشر صاحب ، مولانا منظور احمد مینگل صاحب ، مولانا محمد انور صاحب ،مولانا عبدالرزاق صاحب ، مولانا ولی خان صاحب، مولانا عبدالستار صاحب وغیرہ شامل ہیں۔ ویسے تو اندرون وبیرون ملک آپؒ کے تلامذہ بکثرت موجود ہیں جن کا ہم نے نام لیا یہ تو مشتے از خروارہ کا نمونہ ہے۔[11]

حضرت شیخ صاحبؒ کے اسفار

سفر نامہ تھائی لینڈ و برما

تھائی لینڈ کے اس دور دراز مدرسے میں بخاری شریف کے دونوں مدرسین حضرت شیخ کے شاگرد تھے ۔ جنھوں نے شیخؒ کو ختم بخاری کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی تھی، بخاری اول کے مدرس بلاواسطہ شاگرد اور بخاری جز ثانی کے مدرس بواسطہ، حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی شہید ،وہ بھی شاگرد۔

اس تقریب کا مرکزی خطاب حضرت شیخؒ کا درس بخاری تھا۔ مولانا نعیم نے آپؒ کو دعوت خطاب دیتے ہوئے حاضرین مجلس کو بتایا کہ حضرت شیخ صاحب، شیخ الاسلام سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذ رشید، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر،

---

10 کشف الباری، ج1 ص56۔۔۔تذکرہ، ص71۔

11 کشف الباری، ج1 ص55۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جامعہ فاروقیہ کراچی 1967ء کے بانی اور تاحال شیخ الحدیث، حدیث شریف کی سند روایت میں آپ کے اور سرور عالم ﷺ کے درمیان 27 واسطے ہیں۔

دورہ حدیث کے طالب علموں میں مولوی لقمان نے بخاری شریف کی آخری حدیث مکمل سند کے ساتھ پڑھی۔ آپؒ نے خطبہ پڑھ کر درس حدیث شروع فرمایا:

"محدثین کے درمیان کلام ہوا ہے کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح البخاری کا مقام ہے یا موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کو تین وجوہات کی بناء پر بخاری شریف پر فوقیت حاصل ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا محدث اور فقیہ ہونا علمائے کرام کے ہاں بغیر کسی اختلاف کے متفق علیہ ہے۔

امام مالک کا زمانہ امام بخاری کے زمانے سے مقدم ہے۔

امام مالک مدنی ہیں، جب کہ امام بخاریؒ غیر مدنی ہیں، لہذا مدنی کو غیر مدنی پر فضیلت حاصل ہوگی۔

جب امام بخاری کی تالیف منظر عام پر آئی تو علمائے کرام کی رائے بدل گئی، اب فیصلہ یہ ہوا کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ" صحیح بخاری ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے موطا میں آثار صحابہ کو بھی بہت کثرت سے ذکر فرمایا ہے، مرفوع روایات اس میں کم ہیں، جب کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا التزام واہتمام فرمایا کہ وہ اپنے صحیح میں احادیث صحیح کو ذکر فرماتے ہیں، آثار صحابہؓ اور تعلیقات اس میں بہت کم ہیں۔ دوسری بات یہ کہ امام بخاریؒ نے سرور دو عالم ﷺ کی پوری حیات طیبہ کا نقشہ اپنی تالیف میں پیش فرمایا ہے۔ دوسری بات یہ کہ امام بخاریؒ کے تراجم معرکۃ الاراء ہیں اسکا اپنا ایک مقام ہے جبکہ سب سے آسان تراجم سنن ترمذی کے ہیں۔

پھر صحاح ستہ کے درجہ بندی پر بحث فرمائی کہ درجہ میں سب سے اول بخاری شریف ہے پھر مسلم شریف۔۔ الخ۔ اس کے بعد حضرت شیخؒ نے حدیث "إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ"[12] پر بحث فرمائی اور آخر میں دعا فرمائی۔ اسی دن جنوبی تھائی لینڈ کے لیے فلائٹ تھی تو رات ساڑھے آٹھ بجے کے لگ بھگ پہنچ گئے۔ اگلے دن 8 مئی 2016ء تبلیغی مرکز "یالا" میں اصلاحی خطاب فرمایا۔ اور تقریب ختم بخاری کے بعد 80 کے قریب علماء کو اجازت حدیث مرحمت فرمائی ساتھ وصایا بھی فرمائے۔

[12] حَدَّثَنَا الحُمَيْدِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى المِنْبَرِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ».(صحیح بخاری، کتاب الوحی(1) باب کیف کان بدء الوحی، حدیث(1)

toobaa-elibrary.blogspot.com

9مئی بروز پیر بینکاک سے واپسی کا سفر طے تھا چنانچہ تین بجے بینکاک ایئرپورٹ پہنچنے کے بعد علماء نے مختلف مقامات پر دعوتیں دی ، جگہ جگہ لذیز کھانوں کا اہتمام بھی کیا گیا جن میں شیخؒ نے شرکت کی۔10 مئی بروز منگل شیخؒ نے مختلف مدارس اور سکولز میں خطابات فرمائے سامعین کو ادب اور تقوی کی طرف متوجہ فرمایا۔

11 مئی بروز بدھ آٹھ بجے حضرت شیخؒ کی "رگون" "برما" کی فلائٹ تھی چنانچہ برما پہنچنے کے بعد چونکہ شیخؒ نے طویل سفر کئے تھے لہذا جامع مسجد رنگون میں پانچ مدارس کی مشترکہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

15 مئی 2016 بروز اتوار آپؒ نے تقریب سے خطاب فرمایا، خطاب میں اکابر علماء دیوبند کے حوالے سے گفتگو فرمائی، خصوصا حضرت مدنیؒ کے احوال واثار تفصیلا بیان فرمائے۔، پھر آخری حدیث پر گفتگو فرمائی۔ تقریب کے اختتام پر فرمایا کہ میرے طرف سے تمام طلباء جو فارغ ہوئے اور علماء جو یہاں حاضر ہیں سب کو میرے طرف سے روایت حدیث کی جازت ہے، ساتھ فرمایا کہ تقوی اختیار کریں اور اکابر کے نقش قدم پر چلے۔ رنگون میں جامعہ فاروقیہ کے قدیم وجدید فضلاء حضرت شیخؒ کی زیارت کے لیے دور دراز علاقوں سے حاضر ہوتے رہے۔17 مئی صبح سات بجے بینکاک کے لئے فلائٹ تھی پھر دوپہر دو بجے بینکاک سے کراچی کے لئے فلائٹ تھی چنانچہ شام ساڑھے پانچ بجے کے قریب یہ معزز قافلہ کراچی پہنچ گیا[13]۔

وفات

شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب ؒ 15ربیع الثانی 1438ھ/14 جنوری 2017ء بروز ہفتہ بعد نماز عشاء 96سال کی عمر میں اس دنیائے فانی کو چھوڑ کر عالم عقبی کی طرف روانہ ہو گئے[14]۔

---

[13] ماہنامہ الفاروق شوال المکرم ذوالقعدہ 1437ھ۔

[14] تذکرہ، ص244۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

حضرت شیخ رحمہ اللہ کے تدریسی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیخ رحمہ اللہ کے تدریسی خدمات

بلاشبہ آپؒ میدانِ تدریس کے شہسوار تھے جہاں بھی رہے انہوں نے اس فن کا حق ادا کیا۔اور یہ سلسلہ انہوں نے دور طالبِ علمی سے ہی شروع فرمایا۔

دوران تعلیم بطور مدرس تقرر

دور طالبِ علمی کے چوتھے سال میں ایک اہم واقعہ یہ پیش آیا کہ آپؒ کے استاد مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ ذیقعدہ کے وسط میں بیمار ہوگئے،ان کے پاس اس وقت "ہدایہ اولین" کی جماعت زیرِ درس تھی، جس میں آپؒ کے بھائی مولوی عبدالقیوم خان صاحب بھی چھ، سات طالب علموں کے ساتھ شریک تھے۔ایک جماعت "کافیہ" کی تھی۔ جس میں مولوی جمشید صاحب (تبلیغی جماعت کے مشہور بزرگ)اور مولوی خان پانچ، چھ طلباء شریک تھے۔کچھ بچے فارسی اور میزان وغیرہ پڑھتے تھے۔ مدرسہ "مفتاح العلوم" میں اس کی گنجائش نہیں تھی کہ ان اسباق کے لئے کسی مدرس کا تقرر کیا جائے،ادھر مدارس میں داخلے بند ہو چکے تھے۔آپؒ نے مولانا سے درخواست کی آپ اجازت دیں تو میں دارلعلوم سے آجاؤں اور ان اسباق کو پورا کراؤں۔ مولانا نے فرمایا کہ تمہارے والدین شاید اجازت نہ دیں۔آپؒ نے عرض کیا کہ وہ ان معاملات سے واقف نہیں ہیں اور ان کو اس پر اعتراض نہیں ہوگا۔ چنانچہ دیوبند سے جلال آباد آگئے اور اسباق شروع کروا دیئے[15]۔

سترہ اسباق کی یومیہ تدریس

آپؒ نے "ہدایہ" کی جماعت کے اسباق ہدایہ اولین، مختصر المعانی، حسامی، مقامات، میبذی، سلم شروع کرادیئے اور کافیہ کی جماعت کے اسباق، کافیہ، کنز، اصول الشاشی، شرح تہذیب وغیرہ شروع کرادیئے وہ بچے جو فارسی یا میزان وغیرہ پڑھتے تھے،ان کے اسباق بھی شروع کرائے۔اس طرح سترہ سبق روزانہ پڑھائے جاتے تھے۔ بعض سبق عشاء کے بعد اور بعض قبل از فجر بھی ہوتے تھے،اور شیخؒ نے خود تو اپنے اسباق اہتمام کے ساتھ اور محنت سے نہیں پڑھے تھے، بس امتحان کے موقع پر جو تیاری ممکن ہوسکتی تھی، وہ ہی کام آتی۔ ناشتہ کرتے وقت بھی مطالعہ کرتا تھا اور کھانے کے وقت بھی یہ عمل جاری رہتا تھا۔ عجیب بات یہ ہوئی کہ "میبذی" بالکل نہیں پڑھی تھی اور امتحان کے موقع پر بھی کوئی تیاری نہیں تھی، مگر میبذی پڑھانے کے لئے "عین القضاۃ" اور "صدیقیہ" کا بالاستیعاب مطالعہ کیا اور سہولت کے ساتھ "میبذی" کو بھی پڑھایا۔ جلال آباد کے زمانے میں دارلعلوم دیوبند جاکر سہ ماہی اور ششماہی امتحان بھی دیا۔

مستقل تدریس کا آغاز اور زیر درس کتب

---

[15] تذکرہ شیخ الکل، ص90۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دار لعلوم دیوبند سے فراغت کے بعد آپؒ اور مولانا رفیق احمد صاحب جلال آباد تدریس کے لئے مقرر ہو گئے جو پہلے ہی سے متعین تھے۔ جب اسباق شروع ہوئے تو مقامات حریری، حسامی اور سلم العلوم کا سبق شیخؒ سے متعلق ہوا اور مختصر المعانی اور میبذی کا سبق مولوی رفیق احمد سے متعلق ہوا، اور ہدایہ اولین کے سبق کو مولانا مسیح اللہ خان صاحب جو ان دونوں کے استاد بھی تھے اور مدرسے کے مہتم بھی، انہوں نے اپنے پاس رکھا۔

مدرسے سے استعفیٰ اور حضرت الاستاد کی شفقت

مدرسے کا نظام چونکہ ناہموار تھا، کئی امور میں اصلاح کی ضرورت محسوس ہوتی تھی۔ مولانا مسیح اللہ خان صاحب کو شیخؒ کی تجویز قبول کرنے میں پس و پیش ہوتا تھا تو استعفیٰ دے کر گھر چلا جاتا۔ مولانا ان کے گھر تشریف لے جاتے اور والدہ صاحبہ سے فرماتے کہ اس کو جلال آباد واپس جانے کیلئے آمادہ کریں، پہلے سال دو یا تین مرتبہ یہ واقعہ پیش آیا اور پھر مولانا نے مدرسہ مفتاح العلوم کے جملہ امور کو شیخؒ کی رائے کے مطابق چلانے کا فیصلہ کر دیا، اور کئی مرتبہ مجلس میں اس کا ذکر فرمایا کہ مجھے اس امر کا پورا یقین ہے کہ مولوی سلیم اللہ خان کی اپنی کوئی ذاتی غرض یا نام و نمود کی خواہش یا اقتدار و اختیار پر قابض ہونا مقصود نہیں، صرف اصلاح احوال اور مدرسے کی ترقی ان کو مطلوب ہے۔

شیخؒ کی فکر کا اثر

ایک دن جلال آباد میں اسی 80 آدمیوں پر مشتمل ایک تبلیغی جماعت آئی۔ اس جماعت کے امیر حافظ عبد الغفار تھے۔ شیخؒ اور ان کے واقف عبد الرحمٰن صاحب جو جماعت میں تھے، حافظ عبد الغفار کے ساتھ ملاقات کیلئے مدرسے آتے۔ شیخؒ نے علیحدگی میں عبد الرحمٰن سے کہا کہ ان سے کہو کہ یہ عالم بن جائیں۔ عبد الرحمٰن نے کہا کہ آپ کو تو ہر شخص کو عالم بنانے کی فکر لگی رہتی ہے۔ یہ غریب شادی شدہ ہے، صبح کو سائیکل پر تھان رکھ کر دیہات میں جاتا ہے اور روزی کا بندوبست کرتا ہے، یہ اپنے آپ کو پڑھنے کیلئے کیسے فارغ کر سکتا ہے۔ بات آئی گئی ہو گئی اور یہ جماعت دیوبند پہنچ گئی۔ وہاں حافظ عبد الغفار نے خواب دیکھا کہ وہ دار الحدیث میں حضرت مدنیؒ کے درس بخاری میں ہیں۔ اس خواب کا انہوں نے عبد الرحمٰن سے ذکر کیا تو عبد الرحمٰن نے کہا کہ جلال آباد میں مولوی صاحب کہہ رہے تھے کہ ان سے کہو کہ یہ عالم بن جائیں تو میں نے ان کی بات کو در کیا تھا کہ یہ غریب اس قابل کہاں ہے کہ عالم بننے کے لئے اپنے آپ کو فارغ کرے۔ تو جواب میں حافظ صاحب نے کہا کہ میں تیار ہوں چنانچہ حافظ صاحب نے شیخؒ کو خط لکھا تو آپؒ نے کہا کہ دورہ مکمل کر کے آجائیں۔

چار سال میں تکمیل

toobaa-elibrary.blogspot.com

چنانچہ وہ صاحب شعبان میں آ گئے۔ شیخؒ نے ان کو پڑھایا اور دو سال میں وہ ہدایہ اولین، جامی، سلم، متنبی، مختصر المعانی وغیرہ پڑھ کر جب میں پاکستان آ رہا تھا تو شوال میں دار العلوم دیوبند میں جا کر داخلہ لیا۔ ہدایہ اخیرین اور مشکوٰۃ اور بعض دوسری کتابیں پڑھیں اور آئندہ سال دورہ حدیث میں شامل ہو گئے، ان کی تعلیم پہلے مڈل اور حفظ قرآن تک تھی۔ اب درس نظامی چار سال میں انہوں نے مکمل کر لیا۔ ان کے یہاں ان کے عالم بننے کے بعد ان کے خاندان کے دوسرے لوگ بھی عالم بنے۔

گھر والوں کی تعلیم کا اہتمام

مفتاح العلوم کی تدریس کے زمانے میں شیخؒ جمعرات کے دن گھر جاتے تھے اور ہفتے کی صبح واپس مدرسے آیا کرتے تھے۔ اسی زمانے میں انہوں نے اپنی بہنوں کو فارسی اور عربی کی تعلیم دینا شروع کی۔ دو بڑی تھیں اور دو چھوٹی تھیں اور یہ سب کی سب اردو اور قرآن مجید پڑھے ہوئیں تھیں۔ جمعے کے دن شیخؒ ان کو ایک ہفتے کا سبق پڑھایا کرتے تھے اور یہ وہ سبق اچھی طرح یاد کر لیا کرتی تھیں۔ فارسی میں "تیسیر المبتدی"، "آمدن نامہ" اور گلزار دبستان اور دوسری بعض کتابیں ان کو پڑھائیں اور عربی میں قصص النبیین کے تین حصے اور نحو و صرف کے قواعد اور ان کا اجرا کرایا۔ دو بڑی بہنوں میں سے ایک نے فارسی کی اچھی تعلیم حاصل کی اور اسی کی بنیاد پر بعد میں کافی عرصے کے بعد پاکستان آ کر اس نے منشی فاضلی کا امتحان بھی دیا، ان کی تعلیم کا سلسلہ جاری تھا کہ شیخؒ کے ماموں جان، جو حیدر آباد دکن میں رہتے تھے اور وہاں سرکاری ملازم تھے اور باقاعدہ درس نظامی کے فاضل بھی تھے۔ وہ ریٹائر ہو کر لوہاری آ گئے اور انہوں نے دونوں چھوٹی بہنوں کو کچھ دن فارسی اور عربی پڑھائی اور بعد میں اس کے بجائے انگریزی پڑھانا شروع کر دی[16]۔

پاکستان آمد اور دار العلوم اسلامیہ میں تدریس کا آغاز

پاکستان آمد کے بعد آپؒ نے دار العلوم اسلامیہ ٹنڈوالہ یار سندھ پہنچ کر مولانا احتشام الحق تھانویؒ سے ملا اور ان کو بتایا کہ مولانا مسیح اللہ خان صاحب نے مجھے بھیجا ہے۔ مولانا نے فرمایا بہتر ہے آپ چھ شوال تک ٹنڈوالہ یار پہنچ جائیں اور تدریس کا آغاز کریں۔

غالباً شوال کی سات آٹھ تاریخ تھی، تو مولانا احتشام الحق صاحبؒ اور مولانا ظفر احمد عثمانیؒ ٹنڈوالہ یار تشریف لائے۔ مولانا احتشام الحق صاحبؒ نے علیحدگی میں آپؒ سے فرمایا کہ اگر ابو داؤد کا سبق آپ کو دے دیا جائے تو آپ قبول کریں گے، آپؒ نے عرض کیا کہ اس بات کے حوالے سے میرا کوئی مطالبہ نہیں ہے، اگر آپ ابتدائی درجات کے اسباق تجویز کریں تو مجھے قبول ہے اور درجات علیا کے اسباق تجویز کریں تو ان سے انکار نہیں ہے، اس لئے اگر آپ "ابو داؤد" کا سبق مجھے دینا چاہتے ہیں تو دے دیں۔ مولانا نے پھر سوال کیا کہ آپ کو ابو داؤد کا سبق پڑھانے میں کوئی اشکال تو نہیں ہے، شیخؒ نے کہا مجھے تو اشکال نہیں ہے، آپ کے بار بار پوچھنے سے معلوم ہوتا

---

[16] مرجع سابق ص 91۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے کہ آپ کواشکال ہے، جبکہ میرا مطالبہ نہیں ہے تو مجھے یہ سبق نہ دیں۔ مولانا نے فرمایا کہ ابوداؤد کا سبق آپ کے پاس ہوگا، آپ ہی پڑھائیں گے۔ کچھ دوسرے اسباق بھی انہوں نے تجویز کیے۔ ان میں "جلالین" "ہدایہ اولین" اور "حسامی" کا سبق تجویز کیا گیا[17]۔

خلاصہ یہ کہ حضرت شیخؒ نے 1947ء میں دارالعلوم دیوبند سے سند فراغت حاصل کی، فراغت کے بعد مدرسہ مفتاح العلوم جلال آباد میں خدمت تدریس پر مامور ہوئے جو آپ کا اولین مادر علمی بھی تھا۔ اس مدرسے میں مولانا مسیح اللہ خانؒ کی زیر نگرانی تدریسی سفر شروع کیا جو تادم ہجرت پاکستان جاری رہا، جلال آباد میں آپ نے آٹھ سال تک تدریسی خدمات انجام دیں۔

تقسیم ہند کے بعد 1955ء میں پاکستان تشریف لے آئے۔ یہاں تین سال دارلعلوم الاسلامیہ اشرف آباد ٹنڈ والہ یار سندھ میں درس وتدریس میں مشغول رہے۔ یہ ادارہ شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب ؒ کا قائم کیا ہوا تھا، یہاں سے حضرت مولانا مفتی محمد شفیع عثمانی صاحبؒ کے قائم کردہ مدرسے دارالعلوم کورنگی ٹاؤن کراچی تشریف لے گئے اور مسلسل دس سال تک وہاں مختلف علوم وفنون کی کتابیں پڑھائیں۔ ایک سال حضرت مولانا یوسف بنوریؒ کے جامعۃ الاسلامیہ بنوری ٹاؤن میں رہے۔ جہاں بھی رہے درس نظامی کے ہر فن کی بڑی اور اہم کتابیں پڑھائیں، 1967ء میں اپنے ادارے دارالعلوم فاروقیہ کراچی کی بنیاد رکھی، جو پاکستان کے بڑے تعلیمی اداروں میں سے ایک ہے اور بیرون ملک تک اس کی شہرت ہے۔ پاکستان کا یہ واحد مدرسہ ہے جہاں سے عربی، اُردو اور انگلش تینوں زبانوں میں ماہانہ رسائل شائع ہوتے ہیں۔ شاہ فیصل کالونی میں اس کی پر شکوہ عمارت دعوت نظارہ دیتی ہے۔

بلاشبہ آپؒ میدانِ تدریس کے شہسوار تھے، جہاں بھی رہے انہوں نے اس فن کا حق ادا کیا۔ یہاں تک کہ تعطیلات میں بھی مشتاقان علم کی ایک جماعت کسبِ فیض کے لیے ان کے ارد گرد اس طرح موجود رہتی تھی جس طرح پروانے شمع کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں، درس نظامی میں داخل کوئی کتاب ایسی نہیں ہے جو ان کے زیر درس نہ رہی ہو۔ ایک زمانے تک انہوں نے مکمل صحاح ستہ اور مشکوۃ شریف کی دونوں جلدیں خود پڑھائی ہیں، آج پورے پاکستان میں اور پاکستان سے باہر، ناروے، جرمنی، ساؤتھ افریقہ، سعودی عرب، کویت، قطر، عرب امارات، عمان، انگلینڈ، امریکہ، کنیڈا، کوریا، افریقہ، فرانس، ملائیشیا، رنگون، ہندوستان، بنگلہ دیش، ایران اور افغانستان میں بھی ان کے ہزاروں شاگرد موجود ہیں۔ پاکستان میں توان کا دائرہ بے حد وسیع ہے۔ مولانا مفتی رفیع عثمانی صاحب، مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، مولانا شمس الحق صاحب، مفتی نظام الدین شامزئی صاحب، مولانا حبیب اللہ مختار صاحب، مولانا عنایت اللہ خان صاحب، مولانا سید حمید الرحمٰن صاحب، مولانا احمد الرحمٰن صاحب، مولانا جمشید علی خان صاحب جیسے مشاہیر علماء آپ کے ممتاز تلامذہ میں شامل ہیں۔

---

[17] کشف الباری، ج1، ص55۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دارالعلوم دیوبند کے تعلیمی اور تدریسی مزاج کی ان پر گہری چھاپ تھی۔ اکابرین دیوبند سے ان کو بڑا تعلق تھا جس کا اظہار وہ اپنی درسی اور غیر درسی تقریروں میں کرتے رہتے تھے۔ دارالعلوم میں ان کے قیام کی مدت اگرچہ ساڑھے چار سال ہے، مگر اس کم مدت میں بھی انہوں نے یہاں کے اساتذہ سے بھرپور استفادہ کیا، خود فرماتے ہیں، میرے محسن استاد جن کے تلمذ کے طفیل مجھے حدیث شریف سے مناسبت ہوئی اور ان سے تعلق ہوا وہ شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہ ہیں۔ حضرت کا ترمذی شریف کا درس روزانہ دو دو اور ڈھائی ڈھائی گھنٹے اس شان سے ہوتا تھا کہ یہاں نظروں کو پھر وہ خوش گوار منظر کہیں دیکھنا نصیب ہی نہیں ہوا۔ حضرت کے درس ترمذی میں حدیث کے فنی مباحث پر سیر حاصل بحث ہوتی تھی، اسناد، جرح وتعدیل اور تطبیق وترجیح کی بحثیں، فقہی کلامی، تاریخی مسائل اور اخلاقی واصلاحی گفتگو بڑے بسط وتفصیل سے فرمایا کرتے تھے۔ صحاح ستہ اور دیگر کتب برابر میں رکھی رہتی تھیں۔ حوالے کی ہر بات کو کتاب کھول کر اور اس کی عبارت پڑھ کر بیان فرماتے تھے۔ طلبہ کے ہر قسم کے سوالات کا نہایت خندہ پیشانی سے تفصیلی جواب عنایت فرماتے۔ یہی درس ترمذی احقر کی اس فن سے مناسبت کی بنیاد ہے [18]۔

دارالعلوم دیوبند کی ایک اور رجال ساز شخصیت شیخ الادب والفقہ حضرت مولانا اعزاز علی امروہویؒ کے متعلق فرماتے ہیں کہ "شیخ الادب والفقہ کا ابوداؤد کا درس بھی معاون بنا، اور ان کے درس سے بھی شیخؒ نے بہت کچھ سیکھا، ترمذی شریف کتاب السیر سے آخر تک مع شمائل ترمذی بھی آپؒ نے حضرت شیخ الادب ہی سے پڑھی [19]۔"

یہ تو ان کی تدریسی زندگی کی تشکیل وتعمیر اور فن حدیث سے مناسبت کا پہلو ہے۔ لیکن نوعمری میں ان کی شخصیت جن مقدس اور مبارک ہاتھوں سے بنی سنوری وہ مولانا مسیح اللہ خاں شیروانیؒ ہیں، اپنے اس عظیم محسن کے متعلق شیخؒ فرماتے ہیں: "میری زندگی میں سب سے زیادہ تبدیلی دینی جذبات کی پرورش، اخلاق واعمال کے حسن وقبح کا احساس، ان کی اصلاح کی طرف توجہ اور ہمیشہ کے لیے اپنے پیش آچکا تھا۔ جب سب کی انگلیاں مدرسوں کے نصاب اور نظام پر اٹھ رہی تھیں۔ ایسے میں آپ نے وفاق کے اسٹیج سے قائدانہ رول ادا کیا اور حسن تدبر کے ساتھ مدارس کو اس کٹھن دور سے نکالا۔

بعض اوقات ان کے طویل تعلیمی اور اصلاحی دورے ہوتے، رات دن جلسوں میں شرکت کرتے، تقریریں کرتے، کانفرنسوں اور سیمیناروں کی صدارت کرتے اور جامعہ فاروقیہ پہنچتے ہی بخاری شریف پڑھانے بیٹھ جاتے، جہد مسلسل کا یہ انداز انہوں نے اپنے استاد گرامی قدر شیخ الاسلام حضرت مدنیؒ سے سیکھا تھا۔ لوگ انہیں پاکستان میں حضرت مدنیؒ کا عکس جمیل کہا کرتے تھے۔

---

[18] کشف الباری، ج1ص85۔

[19] مرجع سابق۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپؒ تصنیف وتالیف کے میدان کے آدمی نہیں تھے۔ ان کی تصانیف وتالیفات ان کے وہ ہزاروں تلامذہ ہیں جو درس وتدریس کے ساتھ تصنیف وتالیف میں بھی لگے ہوئے ہیں۔ ایسے ہی ان کے دو ممتاز شاگردوں نے ان کی تقریر بخاری کو محقق اور مرتب و مدون کر کے ایسا کام کیا ہے جو رہتی دنیا تک خود اُن کا اور ان کے شیخ کا نام زندہ رکھے گا۔

حضرت نے سالہاسال تک بخاری شریف کا درس دیا ہے۔ پچیس سال کے مسلسل درس کے بعد یہ درسی تقریریں ٹیپ کی گئیں۔ تمام اسباق چار سو کیسٹوں میں محفوظ کیے گئے۔ پھر ان کیسٹوں کو حضرت نے خود سنا۔ اس کے بعد یہ اسباق تحریر میں لائے گئے۔ جلد اول کی تحقیق اور مراجعت کا کام مولانا نور البشر صاحب اور جلد ثانی کی مراجعت اور تحقیق کا کام مولانا ابن الحسن عباسی کے سپرد کیا گیا، ان دونوں حضرات نے تقریر کے ہر ہر جزو کی مراجعت کی، حوالے تلاش کیے، عنوانات لگائے اور اب درسی تقریر بائیس جلدوں میں "کشف الباری" کے نام سے پاکستان کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں بھی چھپ چکی ہے۔ ہندوستان میں اس کی طباعت کا شرف دار الکتاب دیوبند کو حاصل ہوا ہے۔ یہ کتاب اپنی گوناگوں خصوصیات کی وجہ سے علمی حلقوں میں بے حد مقبول ہے۔ حضرت مولانا تقی عثمانیؒ صاحب نے "کشف الباری" کے متعلق لکھا ہے "جب میں نے پہلی جلد سرسری مطالعے کی نیت سے اٹھائی تو اس نے مجھے خود مستقل طور پر اپنا قاری بنالیا۔ اپنے درس بخاری کے دوران جب فتح الباری، عمدۃ القاری، شرح ابن بطال، فیض الباری، لامع الدراری اور فضل الباری کا مطالعہ کرنے کے بعد کشف الباری کا مطالعہ کرتا تو ظاہر ہوتا کہ اس کتاب میں مذکورہ تمام کتابوں کے مباحث دل نشین تفہیم کے ساتھ اس طرح یک جا ہو گئے ہیں جیسے ان کتابوں کا لب لباب سمٹ آیا ہو اور اس کے علاوہ بھی بہت سے مسائل اور مباحث اس پر مستزاد ہیں[20]۔"

یہ محض ایک شاگرد کا اپنے استاد کی کتاب کو خراج تحسین نہیں ہے بلکہ ایک بلند پایہ محقق اور محدث کا دوسرے بلند پایہ محقق اور محدث کی کاوشوں کی تحسین وستائش ہے۔ جیسا کہ پہلے بھی عرض کیا گیا کہ آپؒ مولانا حسین احمد مدنیؒ کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ انہوں نے دار لعلوم دیوبند میں حضرت مدنیؒ کے درس حدیث سے پورا پورا استفادہ کیا ہے اور ان کے خوان علم سے بھرپور طریقے پر خوشہ چینی کی ہے۔ کشف الباری دراصل حضرت مدنیؒ کی درسی خصوصیات کو سمیٹنے اور پھیلانے کی ایک علمی کوشش ہے جسے پاک و ہند سمیت دنیا بھر کے حلقوں میں پذیرائی ملی ہے۔

آپؒ نے حضرت مدنیؒ کے درس بخاری کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "حضرت کی تقریر نہایت سلیس، شستہ اور اس کی رفتار بہت دھیمی ہوتی تھی۔ ایک ایک لفظ واضح بآواز بلند زبان مبارک سے نکلتا تھا۔ مشکل مقامات نہایت سادہ طرز میں مثالیں دے کر حل فرماتے تھے۔ جب کسی مسئلے میں حدیث کی توجیہ بیان فرماتے اور توجیہات متعدد ہوتیں تو ہر ایک توجیہ کو الگ الگ شمار کرتے

---

[20] کشف الباری ج 1، ص 27۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھے، کتب حدیث کا مکمل سیٹ آپ کے پاس رکھا ہوتا تھا۔ تمام فقہاء کے دلائل کو کتاب کھول کر سناتے، کسی امام کی دلیل کو حوالہ کتب کے بغیر نہ چھوڑتے تھے۔ سند پر حسب ضرورت بحث فرماتے اور علماء کے جرح و تعدیل کے اقوال نقل فرماتے تھے۔ حدیث کا مفہوم وضاحت کے ساتھ اس طرح سمجھاتے کہ وہ طلبہ کے ذہن نشین ہو جاتا تھا۔ اگر حدیث پر کوئی اعتراض وارد ہوتا تو اعتراض کی تشریح فرما کر مستند قوی جوابات بیان فرماتے۔ مشکل مقامات پر اگر ضرورت ہوتی نحوی ترکیب ذکر کرتے تھے اور مشکل الفاظ کے ضمن میں شعراء عرب کا کلام تائید میں پیش کرتے تھے۔ فرضیت احکام کی تاریخ بیان فرماتے تھے۔ فرق حقہ اور فرق باطلہ کے عقائد کی دل نشیں تشریح فرماتے اور پھر احقاق حق اور ابطال باطل میں کوئی کسر نہ چھوڑتے تھے۔ اختلافی مسائل میں ہر امام کے دلائل بیان فرما کر آخر میں مذہب احناف کی حدیث کے ساتھ مطابقت اس طرح بیان کرتے تھے کہ معلوم ہوتا تھا کہ حنفی مذہب احادیث نبویہ کے بالکل مطابق ہے اور امام اعظمؒ کو تفقہ فی الدین میں وہ کامل دست گاہ حاصل ہے جو کسی امام فقہ کو حاصل نہیں ہے۔ بخاری شریف کے درس میں عقائد و ایمان کے مباحث بسط و تفصیل کے ساتھ ارشاد فرماتے تھے۔ مغازی کے درس کا لطف یہ تھا کہ حضرت عرب کے جغرافیہ سے واقف تھے اس لیے مقامات جہاد کا جغرافیہ بڑی وضاحت سے بیان فرماتے تھے۔ احادیث متعارضہ میں تطبیق کا پورا پورا اہتمام ہوتا تھا۔ خواہ تعارض روایت کرنے والوں کی وجہ سے پیش آیا ہو۔ یا آپ ﷺ کے قول و فعل کا اختلاف ہو۔ پہلے تطبیق دی جاتی۔ وہ نہ ہو تو دلائل سے ترجیح کا طریقہ اختیار کیا جاتا۔ کتاب التفسیر میں مختصر آیت پوری تلاوت فرماتے[21]۔"

"کشف الباری" میں شیخؒ نے حضرت مدنیؒ کے اسلوب درس کی مکمل اتباع کی ہے اور ساتھ ہی اپنے سالہا سال کے مطالعے سے اس اسلوب کو نئی جہتیں دینے کی کوشش بھی کی ہے۔ پوری کتاب کا کوئی ایک صفحہ کھول لیجئے، علم کا بہتا ہوا دریا نظر آتا ہے۔ اس میں ترجمۃ الباب کی مفصل تشریح کے ساتھ ساتھ ترجمۃ الباب اور احادیث کے درمیان مطابقت کی نفیس توجیہات بھی ہیں۔ ما قبل اور ما بعد کے تراجم کے ساتھ پیش نظر ترجمۃ الباب کا کیا ربط ہے۔ متشابہ تراجم میں کیا فرق ہے۔ اس کتاب میں ان سوالوں کا اور اسی طرح کے دوسرے سوالوں کا جواب بھی ملتا ہے۔ ساتھ ہی راویوں کا بقدر ضرورت تعارف بھی کراتے ہیں۔ جن راویوں کے ناموں میں اشتباہ پیش آتا ہے اس کی نشاندہی بھی کرتے ہیں۔ جن راویوں سے بخاری شریف میں صرف ایک یا دو روایات ہیں ان کے نام بھی بتلاتے ہیں اور ان کی روایات کا حوالہ بھی دیتے ہیں۔ رجال بخاری میں جن حضرات پر محدثین نے کلام کیا ہے اس کا علمی طور پر منصفانہ جائزہ بھی لیتے ہیں۔ مکرر روایات میں یہ بتلاتے ہیں کہ تکرار سند و متن کے اتحاد کے ساتھ ہوا ہے یا ان دونوں میں سے کسی اختلاف کے ساتھ، مذاہب فقہاء کے استقصاء کا اہتمام اور ان کی تنقیح، فقہی مذاہب کے بیان کے لیے اصل ماخذ کے حوالے کا اہتمام، مسائل فقہیہ کی آسان طریقے پر تفہیم و تشریح، فقہاء و محدثین کے اقوال مختلفہ کے درمیان محاکمہ، معلقات کے باب میں یہ بتلانے کا اہتمام کہ

---

[21] کشف الباری، ج1، ص94،95۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصنف یا کسی دوسرے محدث نے ان کو موصولاً کہاں روایت کیا ہے۔ آثار موصولہ میں اس بات کی نشاندہی کہ کس محدث نے ان کو موصولاً ذکر کیا ہے۔ حسب موقع امام بخاری کے اوہام پر تنبیہ، بعض تراجم اور دیگر مواقع پر موجود ابہام کی وضاحت۔ قال بعض الناس کا مالہ وماعلیہ کے ساتھ ذکر صحیح بخاری میں کہیں باب ہے ترجمہ نہیں، کہیں ترجمہ ہے حدیث نہیں بلکہ آیت مذکورہ ہے کہیں نہ حدیث ہے اور نہ آیت بلکہ صرف ترجمہ مذکور ہے، وہ سند اول کی روایت ہے یا سند ثانی کی، نیز اس بات کی تصریح کہ دوسری سند جس کی روایت یہاں مذکور نہیں اس کو مصنف نے کہاں بیان کیا ہے؟

یہ وہ خصوصیات ہیں جو آپؒ کے درس بخاری کو دوسری شروح سے ممتاز کرتی ہیں اور اس سے مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے اس قول کی تائید ہوتی ہے، "اس وقت صحیح بخاری کی جتنی تقاریر اُردو میں دستیاب ہیں ان میں یہ تقریر اپنی نافعیت اور جامعیت کے لحاظ سے سب پر فائق ہے۔"

حضرت کی تقریر کے تحقیقی معیار کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ کہیں کوئی بات بلاجواز نہیں کی گئی ہے۔ کتاب کے آخر میں مآخذ و مراجع کی جو فہرست دی گئی ہیں اس میں ہر فن کی دو سو اکتیس کتابوں کے نام شامل ہیں ان میں بخاری اور دوسری کتب حدیث کی شروح بھی ہیں۔ فقہاء مذاہب کی کتابیں بھی ہیں۔ تفسیری ذخیرہ بھی ہے۔ اسماء رجال کی کتب بھی ہیں۔ عقائد، سیرت، تاریخ، اسرار اور حکم کون سا فن ایسا ہے جس کی بنیادی کتابیں مراجع و مآخذ کی اس فہرست میں موجود نہیں ہیں۔

مشکوٰۃ شریف کی درسی تقریر بھی "نفحات التنقیح" کے نام سے تین جلدوں میں چھپ چکی ہے اور اس خبر سے حدیث کے طلبہ کو یقیناً خوشی ہوگی کہ ان کی تقریر ترمذی بھی دس جلدوں میں تیار ہے، صرف طباعت باقی ہے[22]۔

[22] ماہنامہ دارالعلوم دیوبند، شمارہ 10-2، جلد: 101، ربیع الآخر۔جمادالاولیٰ 1438 ہجری بمطابق جنوری-فروری 2007ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفی وتالیفی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفی وتالیفیؒ خدمات

آپؒ ہر مجال کے شہسوار تھے آپ نے دین کے ہر میدان میں کارنامہ ہائے انجام دیئے ہیں، چاہے درس وتدریس کا میدان ہو، تصوف کا میدان ہو اور چاہے ان کے سیاسی اور معاشرتی خدمات ہوں سب میں آپ اپنا لوہا منوا چکے ہیں۔اس فصل میں ہم حضرت شیخؒ کے تصنیفی اور تالیفی خدمات کا تذکرہ کریں گے۔

مصنف کہتے ہیں "تصنیف کرنے والے کو"اس پہلو سے اگر دیکھیں تو آپؒ کا بوجوہ دیگر مشاغل کثیرہ اور عوارض کے اس میدان میں (ایک دو تصانیف کے سوا) کوئی بہت زیادہ کام نہیں ہے۔ شیخ خود اپنے بارے میں "صدائے حق" کے پیش لفظ میں تحریر فرماتے ہیں :

"زندگی کی دوسری مصروفیات نے مجھے مستقل طور پر تصنیف وتالیف اور تحریر کا موقع نہیں دیا۔تدریسی خدمت اور انتظامی امور نے ایسا گھیرا کہ میں اس میدان کی طرف توجہ نہ دے سکا۔البتہ جامعہ فاروقیہ سے شائع ہونے والے اردو ماہنامہ "الفاروق" کے اجراء کے بعد کچھ عرصہ "صدائے حق" کے عنوان سے اسکے لیے چند موضوعات پر لکھنے کا موقع ملا، جن میں بعض اگرچہ معروضی اور وقتی تھے تاہم ان مخصوص حالات کے اسباب اور ان کے تجویز کردہ علاج کے طریقے بہر حال ایک مستقل اور دائمی حیثیت رکھتے ہیں اور ان سے مستقبل میں بھی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔اسی طرح دار العلوم کراچی کے ترجمان ماہنامہ "البلاغ" کے لیے بھی ابتدائی مراحل میں "درسگاہ رسالت" کے عنوان سے چند احادیث کی عام فہم تشریح لکھنے کا موقع ملا[23]۔"

اور اگر اسی لفظ "مصنف" کو اس معنی میں لیں کہ حضرت اپنے فرمودات یا افادات کو پیش کرتے رہے، کام کرنے والے اس کو مرتب کرتے رہے، آپؒ ان کا اشراف فرماتے رہے، کام مکمل ملاحظہ فرماتے رہے، کمی وبیشی کی طرف تلقین کرتے رہے، حتی کہ بسا اوقات آپؒ کے معیار کے مطابق کام نہ ہونے کی وجہ سے پورے کے پورے مسودات کو کالعدم کرتے رہے، تو اس جہت سے یقیناً آپؒ کی سرپرستی میں طالبینِ علومِ دینیہ کے لیے بہت کچھ اور بے مثال مواد سامنے آتا رہا ہے، خلقِ خدا میں نہ صرف طلباء کرام بلکہ بڑے بڑے اساطینِ علم اس سے استفادہ کرتے رہے، اور کرتے رہیں گے۔

ذیل میں ایسے تمام کاموں کا تعارف پیش کیا جائے گا۔

اربعینات

یہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی وہ تصنیف لطیف ہے، جس کو مکمل کرنے کا داعیہ آپ پر ماضی قریب میں بہت شدت سے طاری تھا، حتی کہ وفات سے دو ماہ قبل ہی یہ تصنیف مکمل ہو کر منظر عام پر آئی ہے،اس کتاب میں کل گیارہ مختلف موضوعات پر چہل حدیث جمع کی

---

[23] مولانا سلیم اللہ خان، صدائے حق، کراچی، جامعہ فاروقیہ فیصل کالونی، پیش لفظ، ص 3۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

گئی ہیں، یہ کتاب کل 173 صفحات پر مشتمل ہے، اس کتاب کی خاصیت و انفرادیت یہ ہے کہ موضوعات کاانتخاب اوران میں تمام اربعینات کاانتخاب سارے کاسارا آپ کا ہی ہے اوراس پر مستزادیہ کہ ان کااردو ترجمہ بھی مکمل آپ بذات خود کیا ہے۔
البتہ آخری اربعین جو فضائل شیخین کے عنوان سے ہے، وہ ایک طالب علم کی مرتب کردہ ہے جو اس نے حضرت شیخ کی خواہش پر جمع کرکے سپرد کی تھی۔ پھر آپ کے حکم پر اس کا ترجمہ جامعہ فاروقیہ کے استاذ تخصص فی الحدیث کے نگران جناب مولانا عبدالماجد نے کیا تھا۔[24]

کشف الباری عمافی صحیح البخاری

یہ آپؒ کے تقریری افادات پر مشتمل مرتب و محقق وہ بے مثال اور بے نظیر مجموعہ ہے۔ جو تا قیامت صدقہ جاریہ ہے۔ آپ کے ہم عصر علماء نے اس کی بڑی تعریف کی ہے اور اس کو خوب سراہا ہے۔

نفحات التنقیح فی شرح مشکاۃ المصابیح

مشکوٰۃ المصابیح کی شرح ہے، اس شرح کے پیش لفظ میں خود تحریر فرماتے ہیں: "اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے زمانہ طالب علمی ہی میں مجھے مشکوٰۃ شریف پڑھانے کا موقع ملا، دارالعلوم دیوبند میں دورہ حدیث میں داخلہ لینے سے قبل بعض طلبہ کو یہ کتاب پڑھانے کی سعادت مجھے حاصل ہوئی۔ اور پھر فراغت کے بعد اپنی طویل تدریسی زندگی میں سالہا سال تک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور توفیق سے مشکوٰۃ شریف پڑھانے کی سعادت حاصل رہی ہے اور اب بھی الحمدللہ اس کا ابتدائی حصہ کتاب العلم تک زیر تدریس رہتا ہے۔"
دورانِ درس بعض طلبہ عموماً اساتذہ کی تقریر لکھنے کا اہتمام کرتے تھے، مشکوٰۃ کی تقریر بھی مختلف سالوں میں لکھتے رہے ہیں، مولانا قاضی عبدالخالق صاحب نے بھی پڑھنے کے زمانے میں درس مشکوٰۃ ضبط کیا تھا، ان کی لکھی ہوئی درسی تقریر سے خاص طور پر بعد میں اساتذہ اور طلبہ استفادہ کرتے رہے ہیں اور نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی اس تقریر کی فوٹو کاپیاں بڑی تعداد میں عام ہوئیں۔ یہ تقریر جامع بھی تھی اور مرتب بھی، اس میں حدیث کے طویل فنی مباحث کو جامع اور مرتب انداز میں پیش کیا گیا تھا۔
مشکوٰۃ شریف کی اس درسی تقریر کو کتابی شکل میں لانے کے لیے اہلِ علم کیطرف سے اصرار رہا، لیکن ایک درسی تقریر کو تحقیق و تعلیق اور حوالہ جات کے بغیر شائع کرنا مناسب نہیں تھا، پھر جب جامعہ فاروقیہ میں شعبہ تصنیف و تالیف قائم ہوا تو مشکوٰۃ شریف کی اس تقریر پر بھی تحقیق و تعلیق اور تخریج کا کام ہوا۔ یہ کام مولانا اسد اللہ صاحب اور مولانا محمد عظیم صاحب (اساتذہ جامعہ فاروقیہ) نے بڑی محنت لگن کے ساتھ انجام دیا ہے، مولانا راشد ڈسکوی نے اس کا بالاستیعاب کام دیکھ لیا ہے امید ہے کہ یہ تقریر موجودہ صورت میں علماء اور طلبہ کے لیے مفید ثابت ہو گی۔"

---

[24] تذکرہ، ص 271۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تاحال یہ شرح چار مجلدات میں طبع ہوئی ہے،ان چار میں سے پہلی تین جلدیں مشکوۃ جلد اول کی مباحث کی تشریح پر مشتمل ہیں، اور چوتھی جلد میں مشکوۃ جلد دوم کی ابتدائی مباحث ہیں۔[25]

پہلی تین جلدوں پر مولانا اسداللہ اخوندزادہ اور مولانا محمد عظیم صاحب نے کام کیا ہے، کام کے نہج کے سلسلے میں عرض مرتب کے تحت تفصیل مذکور ہے کہ درج ذیل امور کا اہتمام کیا گیا ہے:

1. حسب ضرورت شیخ کی تقریر میں تقدیم وتاخیر اور ضروری تغییر و تبدل کی ہے جو ناگریز تھی۔
2. اگرچہ تقریر بالاستیعاب تمام احادیث کو شامل نہیں مگر تمام وہ احادیث جن کی لفظی یا معنوی تشریح ضروری تھی ان کی تشریح کی گئی ہے۔
3. متعلقہ حدیث کا ترجمہ، مشکل اور غریب الفاظ کی تحقیق، مطلب ومفہوم کی مکمل وضاحت کی گئی ہے۔
4. مذاہبِ فقہیہ کی تفصیل اور ان پر مبسوط کلام کیا گیا ہے۔
5. فقہی مذاہب کے بیان کے لیے اصل مآخذ کے حوالے کا اہتمام اور مسائل فقہیہ کی آسان طریقے پر تفہیم کی گئی ہے۔
6. فقہاء ومحدثین کے اقوال مختلفہ کے درمیان محاکمہ اور تطبیق کی گئی ہے۔
7. تقریر کے درمیان جہاں کہیں کوئی حدیث آ گئی ہو اس کی تخریج کی گئی ہے اور متعلقہ کتاب کا حوالہ بقیہ صفحات دیا گیا ہے۔
8. مشکوۃ المصابیح کی احادیث کی متعلقہ کتابوں سے مکمل تخریج کر دی گئی ہے۔
9. شرح کے دوران مستدلات اور اقوال وروایات کا حوالہ درج کر دیا گیا ہے۔
10. کتاب کے شروع میں طویل مقدمۃ العلم ہے، جو علمِ حدیث کے مکمل تعارف،، تدوینِ حدیث کی تاریخ اور منکرینِ حدیث کے علمی تعاقب پر مشتمل ہے۔
11. مقدمۃ الکتاب اور دیباچہ کتاب میں کتاب سے متعلق مباحث کے ساتھ ساتھ ان تمام محدثین کے حالات درج کیے گئے ہیں، جن کی کتابیں مشکوۃ المصابیح کا ماخذ ہیں، نیز تعمیم فائدہ کے لیے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے۔

جلد اول میں ابتدا سے لے کر کتاب العلم کے آخر تک کی مباحث ہیں، اس جلد پر مکمل کام مولانا اسداللہ بن صدیق اللہ اخوندزادہ صاحب کا ہے۔

---

[25] تذکرہ شیخ الکل، ص276، 277۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جلد دوم میں کتاب الطھارۃ سے لے کر کتاب الصلاۃ کے آخر تک کی مباحث ہیں،اس جلد میں کتاب الطھارۃ اور کتاب الصلاۃ کی ابتداسے لے کر باب: سجود السھو تک تعلیق و تحقیق کا کام مولانا محمد عظیم صاحب نے کیا،اور باب: سجود القرآن سے لے کر کتاب الصلاۃ کے آخر تک کا کام مولانا اسد اللہ صاحب نے مکمل کیا۔

جلد سوم میں کتاب الجنائز سے کتاب البیوع تک بشمول کتاب البیوع کے ابواب ہیں۔ان ابواب میں سے (کتاب الجنائز، کتاب الصوم، کتاب المناسک،)پر مولانا محمد عظیم صاحب نے کام کیا اور اس کے بعد کی مباحث (کتاب الزکاۃ، کتاب فضائل القرآن ،کتاب الدعوات ،کتاب اسماء اللہ تعالیٰ اور کتاب البیوع)پر مولانا اسد اللہ صاحب کا کام ہے۔

جلد چہارم پر مفتی عبد الغنی صاحب نے کام کیا ہے اس جلد میں تحقیق و تخریج اور تعلیق کا طرز تبدیل کر دیا گیا ،پہلی تین جلدوں میں کام کا طرز مخصوص اور محدود تھا جس میں ان روایات پر بالخصوص کام ہوا تھا۔جو فقہی احکام کا ماخذ و مستدل تھیں۔لیکن اب مشکوۃ المصابیح جلد دوم کی شرح کرتے ہوئے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے یہ منہج متعین کیا گیا کہ مشکوٰۃ کی یہ شرح بھی کشف الباری کی طرز پر جامع شرح ہونی چاہیے چنانچہ اس جلد میں ہر ہر حدیث کا ترجمہ اور تشریح و توضیح ہر ہر جہت سے مد نظر رکھی گئی ،جن میں لغوی اور فقہی ابحاث بھی مکمل وضاحت اور مصادرِ اصلیہ کے ساتھ آ گئی ہیں۔اس جلد میں کتاب النکاح کے ابتدائی چھ ابواب کی 120 احادیث کی تشریح کا کام 627 صفحات میں مکمل ہوا ہے۔پانچویں جلد میں باب: الصداق کی احادیث سے ابتداء ہو گی۔

تحقیقی اعتبار سے اب تک مشکوٰۃ شریف کی جتنی شروحات اردو زبان میں منظر عام پر آ چکی ہیں ان میں سب سے فائق یہ شرح معلوم ہوتی ہے۔[26]

اتحاف الذکی بشرح جامع الترمذی

آپؒ نے بتیس سال جامع الترمذی کا درس دیا ہے اس دورانیے میں کئی طلباء کرام تقریر کو اپنے اپنے طور پر ضبط کرتے رہے، اب منضبط تقاریر میں کچھ رجسٹر سامنے رکھ کر مفتی عبد الرحیم صاحب کی تحقیق "اتحاف الذکی" کے نام سے سامنے آئی ہے۔اس کام کی تفصیل ذکر کرتے ہوئے شیخؒ اتحاف الذکی کے مقدمے میں لکھتے ہیں:

"احقر کی ایک طویل عرصے سے خواہش تھی کہ جامع ترمذی پر بھی سابقہ کام (کشف الباری اور نفحات التنقیح کے معیار) کے مطابق تحقیقی کام کیا جائے جس میں تحقیق و تدقیق کے تمام ممکنہ تقاضوں کو پورا کیا جائے ،ہمارے اساتذہ دیگر اکابرِ دیوبند اور اس خطے کے دیگر اساتذۂ حدیث کا یہ دستور چلا آرہا ہے کہ صحاح ستہ میں اپنی مفصل تقاریر کا محور جامع ترمذی ہی کو بناتے ہیں جیسا کہ حضرت

---

[26] مرجع سابق، ص278،279۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مدنی نوراللہ مرقدہ کے درسِ ترمذی کے متعلق ما قبل میں ذکر ہوا، اسی وجہ سے احقر نے جامع ترمذی کی اپنی درسی تقاریر اور امالی پر تحقیقی انداز میں کام کا ارادہ کیا۔ احقر نے جامع ترمذی بتیس مرتبہ پڑھائی ہے م ایک سال مفتاح العلوم جلال آباد میں پڑھائی، اس کے بعد دارالعلوم کراچی میں دس سال پڑھائی، ایک سال جامعۃ العلوم الاسلامیہ (بنوری ٹاؤن) میں اور اس کے بعد سالہا سال جامعہ فاروقیہ میں پڑھائی ہے۔

مفتی محمد رفیع عثمانی، مفتی محمد تقی عثمانی، مفتی احمد الرحمن، مولانا حبیب اللہ مختار شہید نے ترمذی احقر کے پاس پڑھی، ایسے ہی مولانا محمد یاسین اور مفتی نصیر احمد نے جامع ترمذی مفتاح العلوم جلال آباد میں احقر سے پڑھی، یہاں چند خواص کے نام لکھے ہیں وگرنہ پڑھنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے"۔ [27]

اس میں ایک جلد میں کل تین حصے ہیں: ایک مقدمۃ العلم، دوسرا: مقدمۃ الکتاب، اور تیسرا ابواب الطہارۃ۔

مقدمۃ العلم کے دو حصے ہیں، ایک: وہ جو کشف الباری اور نفحات کی ابتداء میں پہلے سے ہی مطبوع ہے، کچھ مفید اضافوں کے ساتھ اور دوسرا حصہ: مصطلحات حدیث کی تفصیلی ابحاث پر مشتمل ہے۔

مقدمۃ الکتاب کے بھی دو حصے ہیں، پہلا: مصنفِ کتاب یعنی: امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق، اور دوسرا: نفسِ کتاب یعنی: جامع ترمذی سے متعلق بہت ہی قیمتی مباحث پر مشتمل ہے۔

"ابواب الطہارۃ" والے اس تیسرے حصے میں کتاب الطہارۃ کے ابتدائی پانچ ابواب کی مفصل شرح کی گئی ہے۔

اس جلد میں دوران تحقیق محقق نے جن امور کا خیال رکھا ہے وہ کتاب کے عرض مرتب سے نقل کر کے ذیل میں ذکر کیے جا رہے ہیں:

1. امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کے قائم کردہ تراجمِ ابواب کے مقاصد بیان کئے گئے ہیں۔
2. حدیثِ باب کے ترجمہ کے ساتھ ساتھ امام ترمذیؒ کے کلام کا مکمل ترجمہ کرنے کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔
3. حدیث باب کی دیگر کتب حدیث خاص طور پر صحاح ستہ سے تخریج کی گئی ہے۔
4. حدیثِ باب کی سند میں مذکور رجال حدیث کا مختصر، مگر جامع تعارف کرایا گیا ہے۔
5. سندِ حدیث پر محدثانہ کلام کر کے اسنادی باریکیوں کی وضاحت کی گئی ہے۔
6. حدیثِ باب کی معتمد اور بے غبار تشریح کی گئی ہے۔
7. فقہی مذاہب، ان کے دلائل اور پھر ان کے درمیان ترجیحِ راجح کا اہتمام کیا گیا ہے۔

---

[27] اتحاف الذکی، پیش لفظ، ص 4۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

8. حدیثِ باب سے جتنے بھی اہم اور مختلف فیہ فقہی مسائل تعلق رکھتے ہیں، انکو مفصل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

9. احادیث مبارکہ اور مذاہب فقہاء کی تخریج میں ثانوی مراجع کے بجائے اصل مآخذ سے حوالہ دینے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

10. امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "قال ابو عیسیٰ" کہہ کر جو کلام کرتے ہیں، اس کی مفصل تشریح کی گئی ہے۔

11. وفی الباب، کے تحت امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی احادیث کی طرف اشارہ کیا ہے، ان سب کی صحاح ستہ اور دیگر کتب حدیث سے مفصل تخریج کا اہتمام کیا گیا ہے اگر کوئی کہیں حدیث ہمیں نہیں مل سکی، تو اس کا بھی اظہار کر دیا گیا ہے۔

12. بعض اوقات حدیثِ باب کے موضوع پر دیگر احادیث موجود ہوتی ہیں لیکن امام ترمذیؒ اس کی نفی کرتے ہیں ایسے مقامات پر ان روایات کی تخریج کر کے وضاحت کر دی گئی ہے۔

13. رجالِ سند کے تعارف میں شروحاتِ حدیث کے بجائے کتبِ رجال میں سے معتبر ترین کتب کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ اور ان کتب سے حوالہ جات دینے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

14. مقدمۃ الکتاب میں صحاحِ ستہ کے مؤلفین کے فقہی مذاہب کے معرکۃ الآراء مسئلے کے متعلق انتہائی تفصیلی کلام کیا گیا ہے۔ جس سے نہ صرف امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا فقہی مذہب واضح ہو جاتا ہے، بلکہ کتبِ ستہ کے دیگر مؤلفین کے مذہب کی تعیین میں بھی مدد ملتی ہے۔

15. حدیث کی تشریح اور کتب کی مراجعت کے دوران اگر کوئی علمی نکتہ نظروں سے گزرا تو اسے حاشیے میں ناظرین کے فائدے اور نشاطِ خاطر کی غرض سے حوالۂ قرطاس کر دیا گیا ہے۔

16. شرحِ حدیث یا بیانِ مذاہب وغیرہ میں اگر کسی کتاب میں کوئی بات غلط منقول ہو گئی، یا تعیینِ مراد میں کوئی خطا نظر آئی تو حاشیے میں اس پر تنبیہ کر دی گئی ہے، خاص طور پر جامع ترمذی کی اردو شروحات اور تقاریر سے اکثر چونکہ طلبہ کی جانب سے ترتیب دی گئی ہوتی ہیں، اس لیے ان میں مراجعت نہ ہونے کی وجہ سے اغلاط رہ جاتی ہیں، لہذا حاشیے میں اس قبیل کی فحش غلطیوں پر شرح اور تقریر کا نام لئے بغیر تنبیہ کر دی گئی ہے۔ تاکہ قاری کو دونوں میں سے صحیح بات کی تعیین میں تردد نہ رہے۔

17. سندِ حدیث پر بحث کے دوران یا شرحِ حدیث میں مذکورہ الفاظ جن میں حرکات و سکنات کی تبدیلی سے معنی تبدیل ہو جاتے ہیں یا اگر کسی لفظ کے اردو رسم الخط میں لکھنے کی صورت میں حروف کا درمیانی فاصلہ کم ہو جانے کی وجہ سے غلط پڑھے جانے کا اندیشہ ہو، خاص طور پر راویوں کے وہ نام اور نسبتیں جن کا صحیح تلفظ قلیل الاستعمال ہونے کی وجہ سے عام طور پر معلوم نہیں ہوتا یا وہ الفاظ ہوتے تو کثیر الاستعمال ہیں لیکن عام طور پر ان کا غلط تلفظ رائج ہوتا ہے۔ ایسی تمام صورتوں میں ان الفاظ کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

اردو رسم الخط کے بجائے عربی رسم الخط میں لکھ کر ان کی حرکات کو بھی خوب واضح کر دیا گیا ہے، مثلاً: حسن، علم، جمیعی ---- وغیرہ۔ایسا کرنے کی وجہ سے اگرچہ بعض اوقات کلام کا ظاہری حسن بھی متاثر ہوتا نظر آئے گا، لیکن فحش اغلاط سے حفاظت کی غرض سے اس کو گوارا کر لیا گیا ہے۔

18. الفاظِ حدیث کی لغوی تحقیقات کے لئے لغاتِ حدیث، جیسے : "النہایہ، الصحاح مختار الصحاح، الفائق، وغیرہ، اور عام معتبر عربی لغات، مثلاً: تاج العروس، لسان العرب، المصباح المنیر" اور المغرب، وغیرہ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

19. تفصیلی مباحث اور طویل کلام کے بعد خلاصہ کلام کے عنوان سے چند جملوں میں پوری بحث کا نتیجہ اور حاصلِ بیان کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

20. اگر کسی خاص بات پر تنبیہ مقصود ہو تو اس کے لئے "ملحوظہ: کے عنوان جا بجا اختیار کیا گیا ہے۔

21. آج کل چونکہ اکثر کتابیں کئی کئی مطابع سے چھپ گئی ہے اور پھر بعض کتابیں ایک ہی مطبع سے کئی مختلف طبعات میں مختلف انداز میں چھاپی گئی ہیں۔اس جلد میں دوران تحقیق مختلف مقامات پر کتابوں کے مختلف مطابع سے شائع شدہ مختلف نسخوں سے استفادہ کیا گیا ہے اور مصادر و مراجع میں اگرچہ حتی الامکان اس بات کا خیال رکھا ہے کہ ان تمام مطابع کے نام ذکر کئے جائیں جن سے دوران تحقیق استفادہ کیا گیا ہے لیکن کس جگہ، کس نسخے سے استفادہ ہوا ہے، اسکی تعیین نہیں ہو پاتی، اس لیے تخریج میں ہر کتاب کے نام اور جلد وصفحہ نمبر کے ساتھ کتاب، باب، فصل، رقم الحدیث، یا رقم الترجمۃ، وغیرہ لکھنے کا اہتمام کیا گیا ہے اور اکثر جگہ مطبع وغیرہ کے نام کی جگہ تصریح بھی کر دی گئی ہے، اگر کہیں پر مطبع کے نام کی تصریح نہ ہو تو سیاق و سباق سے اس کتاب کا مطبع معلوم کیا جا سکتا ہے م بصورت دیگر آخر میں درج ذیل مصادر و مراجع سے مدد لی جائے۔

22. زیرِ نظر شرح میں متن کے طور پر جامع ترمذی کے اس نسخے کو بنیاد بنایا ہے جو علامہ قاضی ابوالاشبال احمد محمد شاکر رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق و شرح کے ساتھ دار احیاء التراث العربی سے شائع ہوا ہے، اس لئے کہ ہماری ناقص معلومات کے مطابق جامع ترمذی کے اب تک کے مطبوعہ نسخوں میں جس قدر اہتمام مذکورہ نسخہ میں کیا گیا ہے وہ کسی دوسرے نسخے میں نہیں پایا جاتا ہے۔[28]

تفسیر کشف البیان

قرآن کریم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا علمی اور ابدی معجزہ ہے جس میں اصولی اعتقاد واعمال کو کھول کھول کر بیان کیا گیا ہے، اس لیے یہ ہمیشہ سے علمائے دین کی توجہات کا مرکز رہا ہے، کسی نے اس کے ذریعے ادیانِ باطلہ اور فرقِ ضالہ کی گمراہیوں کو آشکارا کیا ہے تو کسی

[28] تذکرہ، ص276، 283۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے احکام واعمال کو موضوع بنا کر فقہِ اسلامی کو توانائی بخشی، کسی نے زبان وبیان کو زیرِ بحث لاکر اس کے اعجاز کو بکھیرا تو کسی نے لغت و اعراب کو موضوع بنا کر نئے علوم متعارف کرائے۔ غرض زمان ومکان کی ضرورتوں اور شخصی ذوق و وجدان کے اختلاف نے مختلف نوعیت کے لامحدود تفسیری کتب خانے قائم کردیے مگر اللہ تعالی کے کلام کے عجائب ختم ہوئے اور نہ ہوں گے۔

ایک عرصے سے اہلِ سنت کے علمی ذخیرے میں ایسی تفسیر کی تشنگی محسوس کی جارہی تھی م جس کا بیان ہی ادیانِ باطلہ، اور فرقِ ضالہ ا، الحاد واستشراق کی فکری گمراہیوں کی تردید، تفسیر کشف البیان اسی تشنگی کی سیرابی اور ایک دیرینہ خواب کی تعبیر ہے، یہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے افاداتِ پر مشتمل تفسیرِ قرآن ہے جس کی ابھی تک ایک ہی جلد طبع ہوئی ہے، اس مجلد طباعت سے قبل یہ تفسیر قسط وار ماہنامہ الفاروق میں بھی طبع ہوتی رہی۔ ترتیب و تحقیق کا فریضہ جناب مفتی سمیع الرحمن صاحب حفظہ اللہ نے انجام دیا ہے، تفسیر "کشف البیان" کا تعارف اور امتیازی خصوصیات ذیل میں ذکر کی جاتی ہیں:

1. یہ جلد 645 صفحات پر محیط سورۃ فاتحہ اور سورۃ البقرۃ کی تفسیر پر مشتمل ہے۔
2. ترجمہ "شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن رحمہ اللہ علیہ کا نقل کیا گیا ہے۔
3. ابتداء میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے محققانہ قلم سے تفسیر کا جامع تعارف جس میں پوری تفسیر کی علمی جان سمٹ آئی ہے۔
4. ابتداء میں مقدمہ تفسیر شامل ہے، جس میں تفسیر، اصول تفسیر، اقسامِ تفسیر پر مختصر اور عام فہم انداز میں بحث کی گئی ہے۔
5. تفسیر میں جن آیاتِ قرآنیہ کا تعلق علم المخاصمہ سے ہے ان آیات کی تشریح اس تفسیر کا خاص موضوع ہے، ایسے تمام مقامات پر تفصیلی مباحث پیش کیے گئے ہین۔ اولاً: اہل سنت والجماعت کا موقف مع الدلائل اور ثانیا: فریق مخالف کا موقف مع الدلائل ان کی کتب سے باحوالہ پیش کر کے اس کا علمی جائزہ لیا گیا ہے۔
6. جو آیات علم المخاصمہ سے تعلق نہیں رکھتیں، ان کی تفسیر مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر بیان القرآن کی روشنی میں سہل اور عام فہم زبان میں کردی گئی ہے۔ چوں کہ شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ اور حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ جداجدا ہے م اس لیے بعض مواقع پر تراجم کے اختلاف کا اثر تفسیر میں بھی پڑتا ہے، اس لیے ایسے مواقع پر شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمے کے موافق تفسیر کی گئی ہے۔
7. تفسیرِ ہٰذا میں اہلِ اسلام سے اختلاف رکھنے والے فرق مثلاً: قادیانیت، اثنا عشریہ، رافضی فرقے، اسماعیلیہ وغیرہ منکرین حجت حدیث، نیچری وغیرہ کے عقائد باطلہ کی تردید کر کے اہلِ اسلام کے موقف کو قرآن وسنت کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

8. اہل سنت والجماعت سے جزوی اور اجماعی مسائل سے اختلاف رکھنے والے قدیم اور جدید بدعتی فرق کے ساتھ ساتھ استشراقی[29] فکر کے علم بردار تجدد پسند طبقے کا فکری جائزہ بھی لیا گیا ہے۔

9. فقہی احکام پر مشتمل آیات کو اہلِ علم کی اصطلاح میں آیات الاحکام کہتے ہیں۔ایسی آیات تفسیر میں صرف وہی فقہی مسائل ذکر کیے گئے ہیں جو آیت کریمہ سے براہ راست مستفاد ہوتے ہیں ان کی تفصیل فقہ حنفی کی روشنی میں کی گئی ہے،فقہاء کے اختلاف پر بقدر ضرورت کہیں کہیں روشنی ڈالی گئی ہے۔

10. کسی آیت کریمہ کی تفسیر میں ایک بار گزرنے والی بحث کو دوبارہ کسی مقام پر کسی آیت کی مناسبت کی وجہ سے نہیں دہرایا گیا بلکہ سابقہ بحث کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔[30]

الامام البخاری،حیاتہ واعمالہ

یہ کتاب عربی زبان میں 103 صفحات پر محیط ہے۔اس کتاب میں امام بخاریؒ کے زہد و تقویٰ،اخلاص و للٰہیت،روایت،حفظ حدیث میں ان کا مقام و مرتبہ، ذہانت و قوتِ حافظہ کے حیرت انگیز واقعات، صحیح بخاری کی خصوصیات و امتیازات کا تفصیلی تذکرہ، صحیح بخاری کی بعض احادیث اوران کے رجال پر تنقیدی و تحقیقی جایزہ، صحیح مسلم پر صحیح بخاری کی فوقیت کی وجوہ کا بیان،الغرض بچپن سے وفات تک امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح علمی اور تاریخی کارناموں کی دل آویز تفصیلی روداد کا بیان ہے۔

یہ مجموعہ در حقیقت وہ مقالہ ہے جو حضرت شیخ رحمہ اللہ کی طرف سے "اکسفور للدراسات الاسلامیۃ للمشارکۃ" کی طرف سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی منقبت میں قائم کیے جانے والے سیمینار میں پیش کیا گیا تھا ،اس سیمینار میں شیخ عبد الفتاح ابو غدہ، شیخ ابو الحسن علی الندوی جیسے شیوخ بھی شریک تھے،اس مجلس میں اس مقالے کو پڑھا گیا اور بہت پسند کیا گیا۔

اس مقالے کی اہمیت ذیل میں نقل کی جانے والی فہرست کے عنوانات سے لگائی جا سکتی ہے۔

1-استہلال 2 -ميزة تاريخ امتنا الاسلامية 3- نظرة غابرة على نضهة علمية في عصر الامام البخاري 4- نسبه ومولده 5-شيئ عن مدينة بخاري 6- نظرة عامة في تاريخها 7- نشأة البخاري و رحلاته وشيوخه 8- عبقريتهه في العلم الحديث منذ الصغر 9-ذاكرة القوية المدهشة لا مثيرة 10- جهده في طلب العلم و تفانينه فيه 11- سيرته و شمائله

---

[29] استشراق عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مادہ "ش-ر-ق" ہے جس کا معنیٰ "چمک" اور "روشنی" ہے اور جب شرق کے ساتھ س اور ت کا اضافہ کیا جاتا ہے تو یہ باب استفعال کے وزن پر استشراق بن جاتا ہے ۔انگریزی زبان میں "شرق" کے لیے Orient اور "استشراق" کے لیے Orientalism اور "مستشرقین" کے لیے Orientalists کے الفاظ مستعمل ہیں۔اصطلاح میں اس کی تعریف یوں کی جاتی ہے: **العالم باللغات والأداب والعلوم الشرقية والاسم الاستشراق** "مشرقی زبانوں، آداب اور علوم کے ماہر کو مستشرق کہا جاتا ہے اور اس علم کا نام استشراق ہے۔" (لویس معلوف،المنجد فی اللغۃ،مادہ شرق،المطبعۃ الکاثولیکیۃ، بیروت (س۔ن))

[30] مرجع سابق،ص 284۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وعبادته و ورعه 12- اهتمامه باداء حقوق الناس 13- زهده في الدنيا و اكتفاءه منها يبلغه عيش 14 جوده و سخاؤه 15- الامام عند اهل العلم 16 محنه و ابتلاءه 17- و فاته رحمه االله 18- الجامع الصحيح للامام البخاري 19- شروط الامام البخاري رحمه الله في صحيحه 20 - المقارنه بين شروط الامام البخاري و الامام المسلم 21 - رجال صحيح البخاري الذين انفرد بهم دون مسلم 22 - الرموز المستعملة للاشارة الى مخرج الحديث 23 - سرد اسماء من انفرد البخاري رحمه الله يا خراج احاديثهم 24 -سياق اسماء من علق عنهم البخاري في صحيحه 25 - انتقاد الدار قطني و ابن الجوزي وغيرها على احاديث الصحيحين 26 - الخلاصة-

یہ مقالہ الفاروق (عربی) میں سات قسطوں میں ربیع الثانی 1414ھ تاشوال 1414ھ تک شائع ہوا، اس کے بعد اس مقالے کو 1423ھ میں رسالے کی شکل میں شائع کر دیا گیا۔ طلباء و علماء کرام کے لیے یہ بہت ہی مفید مجموعہ ہے۔[31]

القول السلیم فی مبادی التاریخ والتقویم

درس نظامی خامسہ میں الدکتور ابراہیم الشریفی کی ایک کتاب "التاریخ الاسلامی" پڑھائی جاتی تھی، اس کی ابتداء میں تاریخ کے مبادیات اور تعارف واہمیت پر مشتمل ایک نہایت علمی مقدمہ "القول السلیم فی مبادی التاریخ والتقویم" کے نام سے شامل ہے، جو حضرت رحمۃاللہ علیہ کا مرتب کردہ ہے، یہ بیس صفحات پر مشتمل ہے۔

محدثین عظام اور ان کی کتابوں کا تعارف

اس کتاب کے پیش لفظ میں حضرت شیخ رحمۃاللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

"اللہ جل شانہ نے محض اپنے فضل و کرم سے گزشتہ تقریباً نصف صدی سے احادیث کی کتابیں پڑھانے کی توفیق عطا فرمائی ہے، صحاح ستہ اور دوسری کتب حدیث کا سالہا سال درس ہوتا رہا، ہر کتاب کی ابتداء میں مصنف اور کتاب کا تعارف کرانے کا معمول عام ہے، ہمارے درس میں بھی یہی معمول جاری رہا، اور کتاب کو شروع کرنے سے پہلے اس کتاب کے مصنف کے حالات تفصیل کے ساتھ بیان کئے جاتے اور کتاب کی خصوصیات اور تعارف پر مفصل گفتگو کی جاتی، مختلف سالوں میں طلبہ اس کو قلم بند کرتے رہے، اس طرح صحاح ستہ (صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ) کے علاوہ موطا امام مالک، موطا امام محمد اور طحاوی شریف حدیث کی ان نو 9 معیاری کتب اور ان کے مصنفین کے تفصیلی حالات قلم بند ہوگئے، کئی سال پہلے کتابی شکل میں یہ مرتب بھی ہوگئے اور اس کی کتابت بھی ہوگئی تھی، لیکن تحقیق و تخریج اور حوالہ جات کا کام اس پر نہیں ہوا تھا اور اس کے بغیر کتاب کی اشاعت پر دل مطمئن نہیں ہو رہا تھا۔ جامعہ فاروقیہ کے سابق استاذ مولانا عبدالاحد نے اس کی تحقیق و تخرج کی ذمہ داری

[31] الفاروق (عربی) جامعہ فاروقیہ کراچی، ربیع الاول تاشوال، 1414ھ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قبول کی اور بڑی محنت اور دلچسپی کے ساتھ اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا، مولوی حبیب اللہ زکریا اور مولوی سلیم اللہ زکریا نے پروفوں کی تصحیح مین تعاون کیا۔" یہ کتاب 272 صفحات پر مشتمل ہے۔[32]

تسہیل الادب

عربی زبان سیکھنے کے لیے مبتدی طلباء کے لیے یہ ایک ایسی کتاب ہے جو اسلوب کے اعتبار سے انتہائی آسان ہے،

صرف ونحو کے ضروری قواعد کی تمرین اس میں کروائی گئی ہے، جدید الفاظ بھی ایک بڑا حصہ اس میں شامل کیا گیا ہے، مبتدی طلبہ نہایت سہولت اور آسانی سے اسے یاد کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے، پہلے حصے میں اسم و حروف کے ضروری قواعد کے ضمن میں تمرینات اور الفاظ جدیدہ ذکر کیے گئے ہیں اور یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ اولا آسان الفاظ میں ضروری قواعد بیان کر دیے جاتے ہیں، اس کے بعد اسئلۃ کے عنوان کے تحت مثالین دی جاتی ہین تا کہ قواعد اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں، اس کے بعد انہی قواعد کی مناسبت سے تمرینات اور مشقیں دی گئی ہیں، اور آخر میں االکلمات الجدیدۃ کے عنوان سے جدید الفاظ دیے گئے ہیں اگر سبق کے ساتھ تمرینیں زبانی یاد کروائی جائیں اور ان کے لکھوانے کا اہتمام کیا جائے تو امید ہے کہ ان شاء اللہ اس سلسلہ کے ذریعے طلبہ میں دلچسپی پیدا ہوگی اور طلبہ کے ذہنوں میں تعبیرات کا کافی حصہ محفوظ ہو جائے گا۔

کتاب کے دوسرے حصے میں فعل کی مباحث ہیں اور ہر سبق کے آخر میں بھی تمرینات کا وہی انداز ہے جو حصہ اول میں اختیار کیا گیا ہے کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ یہ کتاب وفاق المدارس العربیہ کے نصاب میں بھی شامل ہے۔ امید ہے کہ اس کتاب کی وجہ سے طلبہ کرام میں نہ صرف عربی سے مناسبت بلکہ عربی انشاء وتکلم آگے بڑھنے کا شوق بھی پیدا ہوگا، یہ کتاب کل 198 صفحات پر مشتمل ہے، اس کے دونوں حصوں میں اٹھارہ اٹھارہ درس ہیں۔ مولانا ابن الحسن عباسی صاحب کی ایک تحریر سے معلوم ہوا کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے حکم اور اشراف سے اس کتاب کے مرتب وہ ہی ہے۔[33]

صدائے حق

یہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے مختلف مضامین اور خطبات و مواعظ کا مجموعہ ہے، کتاب میں دو باب قائم کیے گئے ہیں، باب اول میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تحریروں کو جمع کیا گیا ہے، اس باب میں کل تریسٹھ مضامین شامل ہیں۔ اور باب دوم میں آپ کے مختلف خطبات و مواعظ کو جمع کیا گیا ہے۔ باب اول میں جمع کی جانے والی تحریریں دو جگہ سے جمع کردہ ہیں، اول: جب محرم 1406ھ میں الفاروق

---

[32] تذکرہ، ص 286۔

[33] مرجع سابق، ص 287۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"(اردو) کا اجراء ہوا تو "صدائے حق" کے عنوان سے ابتداء حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ مستقل لکھتے رہے، لیکن دوسری مصروفیات کی وجہ سے یہ تسلسل زیادہ دیر قائم نہ رہ سکا۔

اسی طرح دارالعلوم کراچی کے زمانہ میں جب دارالعلوم کا ترجمان رسالہ "البلاغ" جاری ہوا تو "درسگاہِ رسالت" کے نام سے آپ نے حدیثِ جبریل اور حدیث " إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ "[34] کی عام فہم اور ایمان افروز تشریح تحریر فرمائی، جو کئی شماروں میں شائع ہوتی رہی، اس عنوان کے تحت لکھنے کے بارے میں ماہنامہ البلاغ، محرم : 1387ھ کے شمارے میں آپ کے مضمون سے قبل یہ ادارتی نوٹ لکھا گیا:

"درسگاہِ رسالت کے عنوان کے تحت ان شاءاللہ ہر مہینے آنحضرت ﷺ کے ارشادات کی عام فہم تشریح پیش کی جائے گی۔ شیخؒ نے ہر ماہ اس عنوان سے متعلق ایک مضمون عنایت کرنے کا وعدہ کر لیا ہے۔ امید ہے کہ یہ سلسلہ ہر طبقہ کے قارئین کے لیے مفید ثابت ہوگا"۔

لیکن افسوس کہ احادیث کی عام فہم تشریح کا یہ سلسلہ زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکا اور حدیث جبریل اور حدیث "انما الاعمال بالنیات" کی تشریح کے بعد یہ سلسلہ منقطع ہو گیا۔ حقیقت یہ ہیکہ منتخب احادیث کی عام فہم تشریح کا یہ سلسلہ اگر دراز ہوتا اور زندگی کی دوسری مصروفیات انہیں معتدبہ حصہ تحریر کرنے کا موقع دے دیتیں تو اردو زبان کے اسلامی لٹریچر میں ادبیت سے معمور عام فہم اسلوب کا ایک بصیرت افروز اضافہ ہوتا۔

آپ اس کتاب کے پیش لفظ میں تحریر فرماتے ہیں: "میری مختلف تحریروں اور مضامین کا مجموعہ "صدائے حق" کے نام سے شائع کیا جارہا ہے۔ یہ تحریریں مختلف اوقات اور مختلف حالات کے پس منظر میں لکھی گئی ہیں۔ زندگی کی دوسری مصروفیات نے مجھے مستقل طور پر تصنیف وتالیف او تحریر کا موقع نہیں دیا۔ تدریسی خدمت اور انتظامی امور نے ایسا گھیرا کہ میں اس میدان کی طرف توجہ نہ دے سکا۔ البتہ جامعہ فاروقیہ سے شائع ہونے والے اردو ماہنامہ "الفاروق" کے اجراء کے بعد کچھ عرصہ "صدائے حق" کے عنوان سے اس کے لیے چند موضوعات پر لکھنے کا موقع ملا، جن میں بعض اگرچہ معروضی اور وقتی تھے تاہم ان مخصوص حالات کے اسباب اور ان کے لیے تجویز کردہ علاج کے طریقے بہر حال ایک مستقل اور دائمی حیثیت رکھتے ہیں اور ان سے مستقبل میں بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح دارالعلوم کراچی کے ترجمان ماہنامہ "البلاغ" کے لیے بھی اس کے ابتدائی مراحل میں درسگاہ رسالت کے

---

[34] صحیح بخاری، کتاب الوحی (1) باب کیف کان بدء الوحی، حدیث (1)

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان سے چند احادیث کی عام فہم تشریح لکھنے کا موقع ملا۔ یہ سلسلہ اس کے کئی شماروں میں شائع ہوا۔ "صدائے حق" کا یہ مجموعہ انہی تحریروں اور مضامین پر مشتمل ہے۔"[35]

یاد رکھیں: اس وقت " صدائے حق" کی جدید طباعت نہیں ہو رہی، اور کیا یہ گیا ہے کہ اس کتاب کے باب دوم میں آپ کے جو مواعظ تھے انہیں یہاں سے جدا کر کے شیخ رحمہ اللہ علیہ کے مواعظ کے دوسرے مجموعہ "مجالس علم و ذکر" کا بنا دیا گیا ہے۔ اس طریقہ کار سے یہ تو فائدہ ہوا کہ بہت سارے مواعظ یک جا ہو گئے لیکن اس کتاب کا اہم ترین علمی باب اول نہ جانے کیوں طباعت سے رہ گیا؟ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس باب کو الگ سے طبع کر دیا جائے تا کہ یہ قیمتی اثاثہ بھی امت کے استفادہ کے لیے ہر وقت میسر ہو سکے۔ اور اگر طباعت جدید سے قبل اس کی تخریج بھی کروالی جائے تو یہ سونے پہ سہاگہ ہو گا۔ اس کتاب میں مرتب کا نام مذکور نہیں ہے، شاید کتابت وغیرہ کی غلطی کی وجہ سے رہ گیا ہو، لیکن "صدائے وفاق" کے پیش لفظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مرتب بھی مولانا ابن الحسن عباسی صاحب ہیں۔

مجالس علم وذکر

یہ کتاب دو جلدوں میں شیخ کے مواعظ کا مجموعہ ہے ان کے پس منظر میں خود تحریر فرماتے ہیں: "ہم نے اپنے شیخ حضرت مولانا فقیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ (خلیفہ مجاز حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ) کے حکم و اجازت سے جامعہ فاروقیہ میں طلبہ اور عام لوگوں کے لئے ہفتہ میں ایک یا دو بار اصلاحی مجلس منعقد کرنے کا سلسلہ شروع کیا، جو ایک طویل مدت سے جاری ہے، اگرچہ بیماری اور کثرت مشاغل کی وجہ سے اس میں انقطاع کی نوبت بھی آجاتی ہے، مجلس کے آخر میں ذکر خفی کا بھی اہتمام ہوتا ہے، جس میں کسی مخصوص ذکر کی پابندی نہیں ہوتی، حاضرین اپنی صوابدید کے مطابق کچھ دیر کے لیے مختلف اذکار میں مصروف رہتے ہیں اور پھر دعا سے مجلس کا اختتام ہوتا ہے۔ ان مجالس کو بعض حاضرین نے ضبط کیا جو اب کتابی شکل میں آپ کے سامنے ہے، قرآنی آیات اور احادیث نبویہ کی تخریج کا کام مولانا امین صاحب (استاذ جامعہ فاروقیہ) نے کیا اور پروفوں کی تصحیح کی ذمہ داری مولوی منظور یوسف اور مولوی حبیب الرحمٰن صاحب (اساتذہ جامعہ فاروقیہ) نے سنبھالی، مولانا ابن الحسن عباسی اور مولانا عبید اللہ خالد صاحب نے بھی آخری پروف بالاستیعاب دیکھے، اللہ جل شانہ ان سب حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان مواعظ و خطبات کو پڑھنے والوں کے لیے مفید و نافع بنائے۔"

پہلی جلد میں 26 بیانات ۔ (۱) اہمیت عقائد اور صراط مستقیم (2) اصلاح معاشرہ (3) نماز کی اہمیت و فضیلت (4) وحی الہی ہی تکمیل انسانیت کا ذریعہ ہے (5) اتباعِ رسول ﷺ کی ضرورت (6) ہر بدعت گمراہی ہے (7) محسنِ اعظم ﷺ سراپا ہدایت و کمالات

---

[35] صدائے حق، پیش لفظ ص 3۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(8) محسنِ اعظم ﷺ کی عظمت و محبت (9) عدل و احسان (10) رمضان المبارک کی فضیلت و آداب (11) رمضان المبارک اور اس کی برکات (12) اسلامی معاشرے کا احترام کیا جائے (13) روح کی غذا (14) اتحاد، وقت کی ضرورت (15) اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے (16) حقیقی کامیابی (17) وقت کی قدر و اہمیت (18☆) معرفت محبت الٰہیہ (19) دعا کی اہمیت و ضرورت (20) اخلاص کی اہمیت (21) اصلاح اخلاق و اعمال کی ضرورت پر مفصل خطاب (22) محبت الٰہیہ (23) تواضع انکساری (24) پھر لوٹ کر جانا ہے (25) تقویٰ (26) دستار بندی کے موقع پر نصیحتیں) 300 صفحات پر محیط ہیں۔[36]

صدائے وفاق

ماہنامہ "وفاق المدارس" کے سابق مدیر: ابن الحسن عباسی نے ماہنامہ وفاق کے اداریوں کو جو شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے لکھے گئے تھے، جمع کر کتابی شکل میں "صدائے وفاق" کے نام سے جمع کیا وہ اس کتاب کے تعارف میں لکھتے ہیں:

"صدائے وفاق حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو وقتاً فوقتاً ماہنامہ "وفاق المدارس" میں چھپے رہتے ہیں۔ یہ مضامین چند سال قبل راشد ڈسکوی صاحب نے کتابی شکل میں شائع کیے تھے، جس کے ایک سے زائد ایڈیشن نکلے، اس کے بعد بھی کئی دیگر مضامین لکھے گئے اور ماہنامہ وفاق میں چھپے، اس لیے احقر نے ان تمام مضامین کو نئے سرے سے اس ایڈیشن میں مرتب کیا، چوں کہ یہ مضامین ایک فعال تعلیمی بورڈ کے ترجمان رسالے کے اداریے کے لیے لکھے گئے ہیں، اس لیے ان میں اکثر مضامین، مدارس، اور تعلیم و تربیت سے متعلق ہیں اور نہ صرف طلبہ اور علماء کے لیے مفید ہیں بلکہ عام لوگ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں "۔[37]

جاری منصوبے

ماضی قریب میں آپؒ کی طرف سے ان کے منتخب کردہ تلامذہ جن کا اس وقت کے کبار علماء میں شمار ہوتا ہے، کے نام ایک 20 سوالات پر مشتمل سوالنامہ بھیج کر ان کے جوابات کا مطالبہ کیا گیا تھا، اس سوالنامے والے خط میں ہی شیخ کی طرف سے جاری کروائے گئے منصوبوں اور کاموں کی تفصیل بھی مکتوب تھی، وہاں سے ان سے متعلق جاری کاموں کا بخوبی اندازہ کر لینا ممکن ہے، مرتبِ مکتوب کی ذکر کردہ تفصیل ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

ذکرِ سلیم (دو حصے)

---

[36] تذکرہ، ص290۔

[37] مرجع سابق، ص291۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہلا حصہ، جیسا کہ لکھا گیا، آپ کی خودنوشت (جو جمادی الاولی 1427ھ/جون 2006ء تاذوالقعدہ 1428ھ/ دسمبر 2007 سترہ قسطوں میں ماہنامہ وفاق میں آپ کی آپ بیتی "میری تمام سر گزشت کے نام سے شائع ہوتی رہی، اور غالبا اسی زمانے میں ماہنامہ الفاروق میں بھی یہ سر گزشت طبع ہوتی رہی) ہے۔ دوسرا حصہ آپؒ کی نگرانی میں شیخ رحمہ اللہ علیہ کی تدریسی وتعلیمی، تحریکی و تنظیمی، عرفانی وروحانی، تصنیفی وتالیفی اور مسلکی وذوقی کمالات کے مبسوط تذکرے پر مشتمل ہوگا۔

خطباتِ سلیم

واقفانِ حال جانتے ہیں کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ درجے کی قدرتِ بیان عطا فرمائی ہے، اتباعِ شریعت، سنتوں کا اہتمام ،اعتماد علی السلف، فکرِ آخرت، تفردات سے اجتناب اور علماء دیوبند کے واقعات کا خزانہ اور ان کی تحقیقات کا مغز آپ کے مواعظ وبیانات کا جوہر ہوتا ہے۔ ایجاز واختصار آپ کے بیان کی خاص صفت ہے۔ حضرت شیخ کی تقریر اتنی مربوط اور منظم ہوتی ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دیکھ کر پڑھا جا رہا ہے۔ آپ کے بیانات وخطبات پر بھی پوری مستعدی اور تندہی سے کام جاری ہے۔ اور اس کے تمام تعلیقات حوالہ جات، حواشی کا پورا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ بیانات ہی کے ضمن میں، مختلف جامعات اور مدارس میں دیئے گئے صحیح بخاری شریف اور مشکوٰۃ شریف کے آخری دروس میں شامل اشاعت ہوں گے۔

مکتوباتِ سلیم

مختلف بزرگوں کے مکاتیب کا مطالعہ کرنے سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ کسی بزرگ کی زندگی کے بہت سے مخفی، لیکن قابل ذکر گوشے مختلف دوستوں تلامذہ، مسترشدین اور احباب کو لکھے گئے خطوط کے ذریعے منصہ شہود پر آتے ہیں۔ یہ مکاتیب علمی، روحانی ،اور اخلاقی گتھیوں کو سلجھانے میں گرہ کشا ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے ساتھ یہ ہی مکاتیب صاحبِ مکتوبات کی زندگی کا ایک مستند اور اہم ماخذ بھی بن جاتے ہیں۔ آپؒ نے اپنی طویل درسی، علمی، روحانی اور تنظیمی زندگی میں بے شمار متعلقین کو ان گنت گرامی نامے تحریر فرمائے ہیں، جن کی جمع وتدوین علم وفضل، انتظام اور اصلاح وارشاد کے نقطہ نظر کے ساتھ ساتھ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی حیات کا ایک وافر اور مستند ذخیرہ بھی فراہم کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی یہ مکاتیب آپؒ کے ذوق ومشرب کے ترجمان اور بلارد رعایت دینی جذبے اور مسلکی حمیت کے بھی ترجمان ہیں۔ ان مکاتیب کی صورت میں ایک دل نشین، برجستہ، اور رواں دواں اسلوب نہ صرف محفوظ ہو جائے گا بلکہ اس کی صورت میں آنے والوں کو تحریر اور قلم کاری کا ایک مستقل اسلوب بھی فراہم ہو جائے گا۔[38]

---

38 تذکرہ شیخ الکل، ص 291، 294۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل چہارم

حضرت شیخ صاحبؒ کی روحانی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت شیخ صاحبؒ کی روحانی خدمات

شیخ رحمہ اللہ کی سرپرستی مدارس کے لئے ایک سائبان کی حیثیت رکھتی تھی۔ وہ اتحاد کی علامت تھے اور اتفاقی نسبتوں کے امین تھے۔ حضرت مدنی کے تلمیذ رشید تھے۔ حضرت تھانویؒ کے خلفاء مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ کے تربیت یافتہ اور حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ پیشاوری کے خلیفہ تھے۔ وہ حضرت تھانویؒ اور حضرت مدنیؒ دونوں نسبتوں کے جامع تھے اور ایک ہمہ جہت شخصیت تھے۔ شیخؒ کو بچپن ہی سے روحانیت اور تصوف سے عشق تھا۔ اس لئے آپؒ کی روحانی زندگی کا تذکرہ بچپن ہی سے شروع کرتے ہیں۔

چھٹیاں تھانہ بھون میں

آپؒ کو بچپن ہی سے شوق تھا کہ تھانہ بھون خانقاہ میں قیام کرے، لیکن خانقاہ کے قیام کے لئے شرط تھی کہ داڑھی آگئی ہو اور بچپن کی وجہ سے وہ اس شرط پر پورے نہیں اترتے تھے، اللہ تعالی نے ان کو عجیب طریقے سے اس کا موقع عنایت فرمایا، ایک روز آپؒ کا رجب کے آخر میں تھانہ بھون جانا ہوا تو مولانا سید حامد حسین صاحب خلیفہ مجاز حضرت حکیم الامت تھانویؒ سے ملاقات ہوئی، وہ فرمانے لگے کہ میں پاکستان جانا چاہتا ہوں، مولانا کا قیام ایک عرصے تک میرٹھ میں رہا تھا، وہاں کے کچھ حضرات، راولپنڈی پاکستان منتقل ہوگئے تھے، وہ مولانا کو راولپنڈی بلانا چاہتے تھے۔ مولانا نے فرمایا کہ میں نے چھٹی کی درخواست دی ہے، لیکن مولانا ظہور الحسن اور حاجی شمشاد جو خانقاہ کے منتظم تھے، انہوں نے فرمایا کہ آپ اپنا کوئی بدل پیش کردیں تو چھٹی مل جائے گی۔ مولانا نے فرمایا کہ میں نے اپنی جگہ مقرر کرنے کے لئے کئی آدمیوں کا نام دیا ہے، لیکن یہ حضرات ان کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ یہ خانقاہ کے لئے مناسب نہیں ہیں، تو شیخؒ سے کہا اگر تم اس کے لئے تیار ہو جاؤ تو میں تمہارا نام پیش کروں، مجھے یقین ہے وہ تمہیں قبول کرلیں گے، آپؒ نے عرض کیا کہ میں جلال آباد جاکر حضرت الاستاد سے عرض کروں گا، اگر انہوں نے اجازت دے دی تو میرا نام پیش کردیں، شعبان، رمضان میں جلال آباد میں مدرسے کی چھٹی ہوتی تھی، مولانا صاحب نے اجازت دے دی، تو شیخؒ نے تھانہ بھون جاکر مولانا سید حامد حسین صاحب کو بتایا کہ حضرت نے اجازت مل گئی ہے، چنانچہ انہوں نے شیخؒ کا نام پیش کردیا اور قبول ہوگیا۔

حضرت تھانویؒ کے گھر قیام

آپؒ نے دوچار طلباء کو بھی جلال آباد سے اپنے ساتھ لے آئے تھے اور وہاں سبق پڑھنا شروع کردیا، درس گاہ کے طور پر وہ جگہ استعمال ہورہی تھی، جہاں حضرت تھانویؒ تشریف فرما ہوا کرتے تھے ان کی رہائش کے لئے حضرت تھانویؒ کا وہ مکان تجویز ہوا، جس میں مولانا خلیل احمد خان صاحب شیروانی عرف ‘‘پیارے میاں" رہا کرتے تھے۔ حکیم الامت فرمایا کرتے تھے کہ میری دو بیویاں ہیں، وہ علیحدہ علیحدہ دو گھروں میں رہتی ہیں۔ یہ تیسرا گھر میں نے اس لئے بنایا ہے کہ اگر کبھی ان سے ناموافقت کی وجہ سے ان کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ساتھ رہنا مشکل ہو تو میں اس گھر میں رہوں، یہ مصلحت ضرور پیش نظر رہی ہو گی، لیکن اس کی کبھی نوبت نہیں آئی۔ اس مکان میں ایک تہہ خانہ بھی تھا، جو گرمیوں کے زمانے میں بہت ٹھنڈا رہتا تھا۔ طلباء دوپہر کے وقت اس میں آرام کیا کرتے تھے۔ اکثر اس میں لحاف اوڑھنے کی ضرورت پیش آتی تھی۔ بہرحال حکیم الامت کی صحبت میں رہ کر بہت فائدہ ہوا۔[39]

شیخ صاحبؒ کے معمولات

آپؒ کی زندگی میں اہتمام اور ہمہ جہتی تھی۔ عبادت بندے اور رب کے درمیان تعلق کا نام ہے۔ اس کا بہت اہتمام تھا۔ طہارت کا بہت اہتمام تھا۔ سرسری یا جلدی جلدی وضو نہیں کرتے تھے بلکہ آداب اور مسنون چیزوں کا خیال فرماتے تھے۔ جب تک معذروی نہیں تھی۔ نماز کے لئے مسجد میں آمد جلدی اور واپسی تاخیر سے ہوتی تھی۔ فرائض کے علاوہ سنن اور نوافل کا اہتمام بھی فرماتے تھے۔ نماز کا اہتمام یہاں تک تھا کہ مسجد کے امام سے نماز کی اصلاح کی مستقل فکر اور تذکرہ فرمایا کرتے تھے۔ بار بار مل کر فرماتے کہ سجدہ رکوع میں یہ کمی ہے قعدہ اولی میں یہ کمی ہے اور قعدہ اخیرہ کے بارے میں تو یہ بات بار رہا فرمائی کہ ہم درود شریف بھی پورا نہیں کر پاتے اور سلام ہو جاتا ہے۔ مسجد کے تمام امور، نماز، صف بندی، سنن، نوافل جن کی پابندی کرنی چاہیئے سب پر ہی نظر تھی۔ نماز کے اہتمام اور توجہ کا یہ عالم تھا کہ مسجد کی مغربی کھڑکیوں کے بالائی بٹ بھی تھے اور زیریں بھی، چونکہ یہ کھڑکیاں بازار کی طرف کھلتی تھیں، جس سے دھیان بٹتا ہے تو کھڑکی کے زیریں بٹ بالکل بھی کھولنے نہیں دیتے تھے کہ اس سے خشوع متاثر ہوتا ہے۔

پھر تلاوت کلام پاک کا اہتمام بھی بہت تھا۔ کم از کم یومیہ پانچ پارے پڑھتے تھے، ورنہ دس بھی پڑھ لیتے تھے اور بارہ تک بھی پڑھ لیتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ ایسا کرنا مشکل نہیں ہے۔ کیونکہ میں نے ہر پارے کو نماز کے ساتھ جوڑا ہوا ہے کہ ہر نماز میں ایک پارہ پڑھنا ہے۔ یہ بھی فرماتے تھے کہ اسے اور آسان کیا جاسکتا ہے کہ ہر نماز سے پہلے آدھا پارہ پڑھ لیا جائے۔ رمضان المبارک میں یہ اہتمام بڑھ جاتا کہ یومیہ پورا قرآن مجید پڑھتے تھے اور ہم نے یہ بھی دیکھا کہ آپؒ بعض لوگوں کو ترغیب بھی دیا کرتے کہ میں بوڑھا ہونے کے باوجود بھی ہر روز پورا قرآن پڑھتا ہوں، تم تو جوان ہو اس لیے رمضان المبارک میں تو ہر روز پورا قرآن پورا کرو۔

آپؒ کے حفظ قرآن کا واقعہ بھی بہت عجیب ہے۔ آپؒ نے صرف ۲۷ دن میں حفظ قرآن مکمل کیا تھا۔ یہ عالم بننے سے پہلے کا واقعہ ہے کہ سالانہ چھٹیوں میں گھر تشریف لائے۔ پورے گاؤں میں کوئی حافظ نہیں تھا۔ گاؤں والے مدرسے پڑھنے والے ہر طالب علم کو ہی حافظ قاری سمجھتے ہیں تو لوگ آپ کے پاس آئے کہ آپ ہمیں تراویح پڑھا دیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں حافظ نہیں ہوں لیکن وہ نہ مانے اور انہوں نے کہا کہ آپ بس ہمیں تراویح پڑھا دیں تو آپ نے کسی دن کم اور کسی دن زیادہ یاد کر کے بہرحال ۲۷ دن میں پورا قرآن ختم کر لیا۔

---

[39] تذکرہ شیخ الکل، ص102۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذکر میں ایسی مشغولیت رہتی تھی کہ کوئی فرصت کا وقت ایسا نہیں تھا جس میں وہ ذکر میں مشغول نہ رہتے ہوں۔اس وقت میں ہم بھی خلل مناسب نہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ کئی کئی دن گزر جاتے اور حضرتؒ سے ملاقات نہ ہو پاتی۔جب کوئی اہم کام ہوتا تو پھر ہم ان کے پاس جا کر بیٹھ جاتے، پھر وہ ذکر سے فارغ ہو کر خود ہی توجہ فرماتے۔کوشش کرتے تھے کہ سونے میں تاخیر نہ ہو اور مقصد یہ ہوتا تھا کہ صبح جلدی بیداری ہو۔عام طور پر ساڑھے تین چار بجے اٹھتے اور نماز تہجد ،قرآن اور ذکر میں مشغول ہو جاتے۔[40]

آپؒ میں اخلاص وللہیت اور خشیت ایزدی بدرجہ اتم موجود تھی۔ معمولات میں استقامت تھی۔آپؒ جب دفتر وفاق میں تشریف لاتے تو اکثر ہم نے یہ مشاہدہ کیا کہ صبح تہجد کے وقت اٹھ جاتے۔یہاں تک کہ بالکل آخری عمر میں بھی خادم انہیں تہجد کے وقت اٹھا دیتا۔نوافل ادا فرماتے، تلاوت فرماتے۔نماز فجر کی ادائیگی کے بعد استراحت نہیں فرماتے تھے بلکہ اور اوراد واذکار اور تلاوت میں مصروف تھے۔ناشتے کا معمول صبح آٹھ بجے کا تھا۔اس ضعیف العمری میں معمولات پر استقامت کی توفیق ،اللہ تعالی کی خاص عنایت و توجہ کی دلیل ہے۔کے تقوی کا یہ عالم تھا کہ ایک مرتبہ پنجاب کے ایک مدرسے کے پروگرام میں ان کی دعوت پر آئے تو واپسی پر دفتر وفاق تشریف لے آئے۔یہاں انہوں نے مجھے کچھ رقم دی کہ یہ ان مدرسہ والوں کو واپس بھجوادو، کیوں کہ یہ رقم میرے آمدو رفت کے کرایہ سے زائد تھی۔چنانچہ آپؒ کے حکم پر وہ رقم ان مدرسہ والوں کو لوٹادی گئی۔یہ بھی ان کا مزاج تھا اگر ایک سفر میں کئی مدارس کے پروگرام میں جانا ہوتا تو سفر خرچ ان مدارس پر تقسیم کردیتے،تاکہ ایک مدرسہ پر زیادہ بوجھ نہ پڑے۔

نے ہمیشہ وفاق کی بے لوث خدمت کی ہے۔کبھی اپنی ذات یا جامعہ فاروقیہ کے لئے وفاق سے مالی منفعت حاصل نہیں کی۔بلکہ وفاق کے سوالیہ پرچہ جات کی طباعت وترسیل کے سلسلے میں جامعہ کے اندر ایک فلیٹ بلا معاوضہ مستقل طور پر وفاق کے لیے وقف کر رکھا تھا اور اس کے بجلی ودیگر اخراجات اپنی طرف سے ادا فرماتے تھے۔دفتر وفاق کی تعمیر اور خرید اراضی کے لیے وفاق کے ساتھ مالی تعاون بھی فرمایا۔نیز اگر جامعہ میں وفاق کے اجلاسات ہوتے تو اپنی جانب سے تمام اخراجات برداشت کرتے۔حضرت مولانا ولی خان المظفر کے جانے کے بعد 2010ء میں آپؒ نے اپنے لیے کوئی معاون خاص بھی وفاق کے کاموں کے لیے مقرر نہیں فرمایا اور بنفس نفیس یہ خدمات خود انجام دیتے رہے۔وفاق سے متعلق کوئی ڈاک آئی تو خود اپنے ہاتھ سے اس کا جواب تحریر فرماتے تھے اور آخر تک یہی معمول رہا۔

وفاق کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقد 16 ربیع الثانی 1435ھ/17 فروری 2014ء میں صدر وناظم اعلی کے لیے تنخواہ مقرر کرنے کی منظوری دی تھی۔اس وقت آپؒ اجلاس میں موجود نہیں تھے۔چناں چہ اگلے اجلاس میں جب یہ کاروائی توثیق کے لیے پیش ہوئی تو اس فیصلے کو مسترد کر دیا اور اس پر ناپسندیدگی کا اظہار بھی فرمایا۔اور اس موقع پر فرمایا کہ "روئیداد میں میرے حوالے سے

---

40 ماہنامہ فہم دین: جلد نمبر ۲ شمارہ نمبر ۷، مارچ ۲۰۱۷۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اعزازیہ کی جو بات لکھی گئی ہے اس میں میری رائے یا منشا کا کوئی دخل نہیں۔ بلکہ میرے مزاج کے بالکل برعکس۔ لهذا اکابرین وفاق کے طرز پر ان تمام عہدوں پر رہتے ہوئے خالص رضائے الہی کے جذبے سے خدمت کی جائے۔ میں مجلس عاملہ کے معزز اراکین سے یہی درخواست کروں گا کہ یہ وفاق کے مختلف عہدے اور حیثیتیں جو اس وقت ہمیں حاصل ہیں، یہ صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ ہیں اور ہمارے کڑے امتحان کی ایک شکل ہے۔ لہذا اپنے اپنے ذاتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر وفاق اور اس کے طے کردہ اغراض و مقاصد کو پیش نظر رکھ کر محض اللہ کی رضا کے لیے ان امور پر غور و فکر کیا جائے اور ایسے فیصلے کیے جائیں جو ہم سب کو آخرت کے مواخذے سے محفوظ رکھیں۔[41]

مجالس علم وذکر

حضرت شیخ فرماتے ہیں: "ہم نے اپنے شیخ حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ (خلیفہ مجاز حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ) کے حکم واجازت پر جامعہ فاروقیہ میں طلبہ اور عام لوگوں کے لیے ہفتہ میں ایک یا دو بار اصلاحی مجالس منعقد کرنے کا سلسلہ شروع کیا ، جو ایک طویل مدت سے جاری ہے، اگرچہ بیماری اور کثرت مشاغل کی وجہ سے اس میں انقطاع کی نوبت بھی آجاتی ہے، مجلس کے آخر میں ذکر خفی کا بھی اہتمام ہوتا ہے، جس میں کسی مخصوص ذکر کی پابندی نہیں ہوتی، حاضرین اپنی صوابدید کے مطابق کچھ دیر کے لیے مختلف ادوار اذکار میں مصروف رہتے ہیں اور پھر دعا سے مجلس کا اختتام ہوتا ہے۔

ان مجالس کو بعض حاضرین نے ضبط کیا اور ان کو ایک کتابی شکل دی ہے۔ یہ کتاب دو جلدوں میں حضرت شیخؒ کے مواعظ کا مجموعہ ہے قرآنی آیات اور احادیث نبویہ کی تخریج کا کام مولانا امین صاحب (استاذ جامعہ فاروقیہ) نے کیا اور پروفوں کی تصحیح کی ذمہ داری مولوی منظور یوسف اور مولوی حبیب الرحمن (اساتذہ جامعہ فاروقیہ) نے سنبھالی، مولانا ابن الحسن عباسی اور مولانا عبید اللہ صاحب نے بھی آخری پروف بالاستعیاب دیکھے۔"

پہلی جلد میں 26 بیانات ، ۱۔اہمیت عقائد اور صراط مستقیم، ۲۔اصلاح معاشرہ، ۳۔نماز کی اہمیت و فضیلت، ۴۔وحی الہی ہی تکمیل انسانیت کا ذریعہ ہے، ۵۔اتباع رسول ﷺ کی ضرورت، ۶۔ہر بدعت گمراہی ہے۔ ۷۔ محسن اعظم ﷺ سراپا ہدایت و کمالات، ۸۔ محسن اعظم ﷺ کی عظمت و محبت، ۹۔عدل و احسان، ۱۰۔رمضان المبارک کی فضیلت و آداب، ۱۱۔رمضان المبارک اور اس کی برکات، ۱۲۔اسلامی معاشرے کا احترام کیا جائے، ۱۳۔روح کی غذا، ۱۴۔اتحاد وقت کی ضرورت، ۱۵۔اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے، ۱۶۔ حقیقی کامیابی، ۱۷۔وقت کی قدر و قیمت، ۱۸معرفت محبت الهیہ ، ۱۹۔دعا کی اہمیت و ضرورت، ۲۰۔اخلاص کی اہمیت،

[41] تذکرہ، ص195۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

۲۱۔اصلاح اخلاق واعمال کی ضرورت پر مفصل خطاب،۲۲۔ محبت الہیہ ،۲۳۔تواضع وانکساری،۲۴۔پھر لوٹ کر جانا ہے،۲۵۔تقوی،۲۶۔دستار بندی کے موقع پر نصیحتیں)300صفحات پر محیط ہیں۔[42]

اور دوسری جلد میں 23 بیانات (۱۔تقوی کی اہمیت اور اس کی اقسام،۲۔توبہ،۳۔اصلاح نفس کے لیے مجاہدہ ضروری ہے،۴۔ادب کی اہمیت،۵۔تحصیل علم کے آداب،۶۔علم،علم آلات اور اہل علم کے آداب،۷۔طالب علم کے لیے یکسوئی کی ضرورت،۸۔ظاہر و باطن کی اصلاح کی ضرورت ۹۔مدارس دینیہ کا مقصد،۱۰۔اخلاق رذیلہ اور اخلاق فاضلہ،۱۱۔شرح صدر بھی ایک نعمت خداوندی ہے ،۱۲۔طلباء حدیث سے ایک خطاب ،۱۳۔رجوع الی اللہ کی اہمیت ،۱۴۔صرف قابلیت کافی نہیں ،۱۵۔وراثت انبیاء علیہم السلام،۱۶۔علمائے حق کی خدمات،۱۷۔دنیا سے بے رغبتی اور استغناء۱۸۔نیک لوگوں کی صحبت ضروری ہے،۱۹۔سورۃ فاتحہ ہدایت کی دعا،۲۰۔بعثت انبیاء علیہم السلام کا مقصد،۲۱۔دینی مدارس کے امتیازات،۲۲۔موت العالم موت العالم،۲۳۔بخاری شریف کی آخری حدیث کی تشریح)300صفحات پر محیط ہیں۔

شیخ رحمہ اللہ کی چند اہم وصایا

آپؒ اب اس دنیا میں نہیں رہے، مگر آپ کا تابناک کردار تاابد زندہ رہے گا اور آنے والی نسلوں کو رہنمائی دیتا رہے گا۔آپ محض لفظوں کے نہیں بلکہ عمل کے آدمی تھے۔پوری زندگی علم و عمل اور عزم و عزیمت کے ساتھ گزاری،دین پر تصلب،سنت پر مداومت،تمسک باالحدیث،اہل حق کی اتباع اور اکابر وقت کی صحبتوں نے آپ کو در مکنون بنادیا تھا۔

دور حاضر کے اکثر بڑے علماء،شیوخ حدیث اور مشائخ وقت آپ کے براہ راست یا بالواسطہ شاگرد تھے۔اللہ پاک نے آپ کی ذات کو مرجعت کا مرکز بنادیا تھا۔آپ حق گو تھے اور بلاخوف لومۃ لائم کلمہ حق ادا فرماتے۔آپ کی حق گوئی محض اغیار کے لیے نہ تھی بلکہ اگر اپنوں میں کوئی قابل اصلاح بات دیکھتے،کہیں کسی ہم مسلک فرد کو اکابر کی راہ سے برگشتہ پاتے تو نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے،اخیر عمر میں امت کے حوالے سے آپ کی فکر مندی بہت بڑھ گئی تھی،افراد اشخاص اور جماعتوں کو خطوط،زبانی پیغام یا فون کے ذریعے ضرور متوجہ فرماتے۔

آپ کی اہل حق کے مختلف طبقات پر گہری نگاہ تھی۔ان میں در آنے والی کمزوریوں اور خامیوں کا بھی ادراک رکھتے تھے۔آپ کا خیال تھا کہ حضرت مشائخ کرام کے تتبع میں عمومی خطوط کے ذریعے ایک تسلسل کے ساتھ بعض اہم دینی امور کی طرف متوجہ کیا جائے۔زیر نظر خط اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔آپ اس کے مندرجات کو ملاحظہ فرمائیے۔اب یہ محض ایک دل دردمند کی آواز نہیں بلکہ اہل حق سے وابستہ ہر فرد کے لیے وصیت تھی ہے اور آئندہ کا لائحہ عمل بھی۔

---

[42] تذکرہ، ص290۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم اعوذ با الله من الشیطان الرجیم بسم الله الرحمان الرحیم.قال الله تبارك وتعالی: كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ [43]وقال الله تبارك وتعالی: وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ.[44]

گرامی قدر۔۔۔۔۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

امید ہے مزاج گرامی بعافیت ہوں گے۔

ایک عرصے سے دل میں خیال پختہ ہو رہا تھا کہ آن جناب کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا جائے۔اس عریضہ کے ذریعے آپ کی خدمت میں اپنے دلی جذبات کا اور عمومی طور پر ہمارے دینی احوال پر اپنی فکر مندی کا اظہار کیا جائے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم نبوت کا وارث وامین بنایا ہے اور منبر و محراب کے ذریعے دین حق کے بیان اور تبلیغ واشاعت کے لیے منتخب فرمایا ہے۔یہ ایک بہت بڑا اعزاز ہے اور ذمہ داری بھی۔اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے پاس منبر و محراب اپنے مافی الضمیر کے اظہار کے لیے طاقتور ذریعہ ہے اور اس ذریعہ سے امت مسلمہ کے لیے دینی خدمات کا فریضہ کافی حد تک انجام دیا جارہا ہے۔لیکن اگر معاشرے میں پھیلے فساد و بگاڑ کے ساتھ اپنی سعی وکاوش کا موازنہ کیا جائے تو غالبا! ہمیں خود پر شرمندگی ہوگی۔

آج کے دور میں معاشرتی بگاڑ جس قدر بڑھ گیا ہے،اس کا احاطہ کرنا شاید ممکن نہ ہو۔پہلے یہ بگاڑ اپنے اثرات کے اعتبار سے محدود ہوتا تھا۔بعض مخصوص اذہان وافراد یا مخصوص طبقات ہی اس کا شکار ہوتے تھے،مگر اب ایسا نہیں ہے۔اس بگاڑ نے ہمارے ان طبقوں کو،افراد واشخاص کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے جو امت کے مقتدا اور پیشوا ہیں۔اخلاقیات کے باب میں وہ تمام برائیاں جن کا تصور کیا جا سکتا ہے ہمارے معاشرے میں پائی جارہی ہیں۔منکرات و محرمات کا شیوع بڑھ گیا ہے۔مسلمانوں کو بے دینی،اخلاقی بے راہ روی اور بدعقیدگی میں مبتلا کرنے کے لیے باطل ہر رنگ وروپ میں اپنی تمام سائنسی ایجادات اور آلات و وسائل کے ساتھ مصروف ہے۔

---

[43] "كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ " (مومنو!) جتنی امتیں (یعنی قومیں) لوگوں میں پیدا ہوئیں تم ان سب سے بہتر ہو کہ نیک کام کرنے کو کہتے ہو اور برے کاموں سے منع کرتے ہو اور خدا پر ایمان رکھتے ہو اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو ان کے لیے بہت اچھا ہوتا ان میں ایمان لانے والے بھی ہیں (لیکن تھوڑے) اور اکثر نافرمان ہیں"۔(سورۃ آل عمران 3:110)

[44]وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ "اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں کہ اچھے کام کرنے کو کہتے اور بری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور خدا اور اس کے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرتے ہیں۔یہی لوگ ہیں جن پر خدا رحم کرے گا۔بیشک خدا غالب حکمت والا ہے۔"(سورۃ التوبۃ 9:71)

toobaa-elibrary.blogspot.com

باطل کے پاس ٹیکنالوجی بھی ہے اور حکومت و قانون کی لاٹھی بھی۔ وہ اپنے نصاب تعلیم و تربیت اور ذرائع ابلاغ کے ذریعے دماغوں کو بدل رہا ہے اور ہمارے معاشرتی نظام میں پوری قوت کے ساتھ شگاف ڈال رہا ہے۔ اگر آپ اس سلسلے میں کچھ جاننا چاہیں تو صرف ایک دن کے اخبارات اٹھا کر دیکھ لیجئے۔ آپ کو اپنی قوم کے اخلاقی دیوالیہ پن اور باطل کی کامیاب محنتوں کا بخوبی اندازہ ہو جائے گا۔

ماہنامہ "وفاق المدارس" ربیع الاول 1438ء کے شمارے میں ہم نے متحدہ امریکا کے کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کے تعاون سے شائع ہونے والی رپورٹ "پاکستان میں عدم برداشت کی تدریس" کا جائزہ پیش کیا تھا۔ یہ رپورٹ ہم سب کی آنکھیں کھول دینے کے لیے کافی ہے۔ باطل نے نہایت مسرت کے ساتھ بتایا ہے کہ اس کا پیغام پورے اثرات کے ساتھ ہر ہر جگہ پہنچ رہا ہے۔ باطل اپنی محنت سے اس قدر پر امید ہے کہ اب وہ دیدہ دلیری اور دریدہ دہنی کے ساتھ ہمیں کہہ رہا ہے کہ خاکم بدہن العیاذ باللہ۔ ہم اسلام کو سچا دین سمجھنا چھوڑ دیں۔

اس کے بعد ذرا ہم اپنی ذمہ داریوں اور اپنی مساعی کا جائزہ لیں تو معاف فرمایئے گا بہت حاصلہ شکن صورت حال سامنے آئے گی۔ مجھے کہنے دیجئے کہ ہم میں سے اکثریت جس کا علوم نبوت پر دسترس کا دعویٰ ہے وہ محض جمعہ کے بے روح بیان پر قانع ہیں یا پانچ وقت کی نماز پڑھا کر خود کو اپنے فرائض سے سبکدوش خیال فرماتے ہیں۔ حالانکہ وارث علم بنوت ہونے کے ناطے علماء کی ذمہ داری ہے کہ وہ امت میں خیر و بھلائی کا حکم کریں اور منکرات کی نکیر کریں۔ دیکھیے حضور نبی کریم ﷺ کس جزم کے ساتھ اور کس وعید کے ساتھ خیر و بھلائی کا حکم ارشاد فرما رہے ہیں:

"**كَلَّا وَاللَّهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلَتَأْخُذُنَّ عَلَى يَدَيِ الظَّالِمِ، وَلَتَأْطُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا، وَلَتَقْصُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا**"[45] موجودہ دور میں پھیلے بے پناہ شر و فساد اور بگاڑ کے سیلاب کے سامنے بند باندھنے کے لیے کسی اور کو نہیں آپ علماء کو ہی آگے بڑھنا ہے، مگر ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس کے لیے جس تڑپ، دل سوزی، لگن اور محنت کی ضرورت ہے، وہ مفقود ہے۔ آج کا ماحول ہر ہر عالم سے حضرت مجدد الف ثانی، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی، حضرت مولانا

---

45 "حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ أَوَّلَ مَا دَخَلَ النَّقْصُ عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ، كَانَ الرَّجُلُ يَلْقَى الرَّجُلَ، فَيَقُولُ: يَا هَذَا، اتَّقِ اللَّهَ وَدَعْ مَا تَصْنَعُ، فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ لَكَ، ثُمَّ يَلْقَاهُ مِنَ الْغَدِ، فَلَا يَمْنَعُهُ ذَلِكَ أَنْ يَكُونَ أَكِيلَهُ وَشَرِيبَهُ وَقَعِيدَهُ، فَلَمَّا فَعَلُوا ذَلِكَ ضَرَبَ اللَّهُ قُلُوبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ "، ثُمَّ قَالَ: {لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ [ص:122] عَلَى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ} إِلَى قَوْلِهِ {فَاسِقُونَ} [المائدة: 81] ، ثُمَّ قَالَ: «كَلَّا وَاللَّهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلَتَأْخُذُنَّ عَلَى يَدَيِ الظَّالِمِ، وَلَتَأْطُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا، وَلَتَقْصُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا» " (ابوداؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابوداؤد، المکتبۃ العصریہ، بیروت (س۔ن) کتاب الملاحم (36) باب الامر والنہی حدیث (4336))

محقق ناصر الدین البانیؒ نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔ (نفس مصدر)

toobaa-elibrary.blogspot.com

رشید احمد گنگوہی، حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی، حضرت مولانا محمد الیاس دہلوی، حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہم اللہ جیسے کردار کا تقاضہ کرتا ہے۔

آپ ماشاءاللہ عالم دین ہیں۔ آٹھ دس سال لگا کر آپ نے جس مدرسہ یا دار العلوم میں دینی تعلیم کی تکمیل کی، اس کے بعد تو آپ پر خود بخود " بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً [46] " کے مصداق معاشرے کی صلاح واصلاح کی ذمہ داری عائد ہو جاتی ہے۔ آپ پر لازم ہو جاتا ہے کہ جس دین کو آپ نے آٹھ دس سال لگا کر پڑھا اور سیکھا وہ نہ صرف آپ کے کردار و عمل اور افکار و خیالات سے جھلکے بلکہ اہلیت و استعداد کے مطابق اپنے گھر، محلے اور مسجد و مدرسہ کے ماحول میں اس کے بیان و تبیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ پر بہت بڑا فضل فرمایا ہے۔ آپ مدرسہ کے مہتمم ہیں یا استاد! آپ کسی مسجد کے امام ہیں یا خطیب، آپ پر لازم ہے کہ تواصی بالحق کا فریضہ بہر صورت انجام دیتے رہیں۔ منبر و محراب آپ کے پاس بہت طاقتور ذریعہ ہے۔

الحمد للہ ہم دین کی تعلیم و تبلیغ اور نشر و اشاعت کے لیے سائنسی آلات یا ٹیکنالوجی کے محتاج نہیں۔ دینی تعلیمات میں معمولی غور و فکر سے بھی یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ جس طرح اسلام کا مقصد معلوم و متعین ہے اسی طرح حصول مقصد کے لیے وسائل و اسباب بھی معلوم و متعین ہیں۔ اسلام ٹیکنالوجی کے سہاروں کی بجائے براہ راست مخاطب کی باطنی و قلبی اور اخلاقی و روحانی تبدیلیوں کا داعی ہے۔ یوں بھی بسا اوقات ٹیکنالوجی کے ذریعے دین کی تبلیغ و اشاعت کے اثرات نہ صرف محدود ہوتے ہیں بلکہ منفی نتائج بھی دیتے ہیں۔

ہمارے پاس نبی کریم ﷺ کا اسوہ حسنہ اور دعوت کے باب میں آپ ﷺ کے مبارک طریقے متوارث چلے آرہے ہیں۔ یقین فرمایئے ان طریقوں کو ان کی روح کے مطابق عمل میں لایا جائے تو دیرپا اثرات کے حامل نظر آئیں گے۔

اور وہ حسب ذیل ہیں:

1. منبر و محراب کے ذریعے خطبہ و خطابات
2. انفرادی اور شخصی ملاقاتوں کے ذریعے دینی دعوت، دینی تعلیم اور تزکیہ نفس کی کوششیں۔
3. مکاتیب (خطوط) کے ذریعے تبلیغ دین کا اہتمام۔
4. صُفہ (یعنی مدرسہ) کے ذریعے اجتماعی تعلیم دین۔

---

[46] "حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، أَخْبَرَنَا الأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي كَبْشَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلاَ حَرَجَ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"(صحیح البخاری، کتاب احادیث الانبیاء، بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، حدیث (3461))

toobaa-elibrary.blogspot.com

الحمدللہ یہ تمام مسنون طریقے ہماری دسترس میں ہیں، مگر فرق یہ پڑ گیا ہے کہ بوجوہ ہم ان طریقوں کو اپنانے سے گریزاں ہیں۔ہاں ! ان طریقوں کو اپنانے کے لیے (لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ)[47] پر یقین واعتماد لازم ہے۔

ہماری آپ سے درخواست ہے کہ موجودہ معاشرتی بگاڑ کو ہلکا خیال نہ فرمائیں۔چاروں جانب باطل نے اپنے فتنہ وفساد کی آگ دہکار کھی ہے۔اس آگ کو فرو کرنے میں آپ سے جو بن پڑتا ہے کر گزریں۔یہ موجودہ آئندہ نسلوں پر آپ کا احسان ہوگا۔آپ مسجد کے امام ہیں یا خطیب، تو خود کو صرف نماز پڑھانے اور جمعہ کا بیان کرنے تک محدود نہ رکھیں۔ممکن ہو سکے تو مندرجہ ذیل امور کا اہتمام کرنے کی سعی فرمائیں۔

درس قرآن مجید

روزانہ، ورنہ ہفتے میں ایک دن ضرور مقرر کر کے اہل محلہ کے لیے عمومی درس قرآن مجید کا اہتمام فرمائیں۔اس سلسلے میں خاص طور پر تیاری بھی کریں۔کتب تفسیر و حدیث سے رجوع کریں، البتہ ایک بات کا خیال رکھیں کہ عمومی درس قرآن میں صرفی نحوی ترکیبوں اور خالص علمی اسلوب اختیار نہ کریں بلکہ "علی قدر عقولهم" کا پیرایہ گفتگو اختیار کریں۔رات کے اخیر پہر رب کریم سے اپنی اور اہل محلہ کی ہدایت کی مخلصانہ دعائیں آپ کی محنت کو ثمر آور کر دیں گی۔

درس حدیث

پانچ وقت نمازوں میں سے کسی ایک نماز کے بعد کم از کم پانچ منٹ کا درس حدیث ضرور دیں۔اس سلسلے میں کتاب الاخلاق، کتاب البر والصلہ، کتاب المعاشرۃ المعاملات، کتاب اشراط الساعۃ کو خاص طور پر مد نظر رکھیں۔حضرت مولانا محمد منظور نعمانیؒ کی "معارف الحدیث" آپ کی بہترین رفیق ہو سکتی ہے۔

فقہی مسائل کا بیان

کسی ایک نماز کے بعد دعاء سے قبل نمازیوں کو روزانہ صرف ایک مسئلہ بتانے کا اہتمام فرمائیں۔ایسے روزمرہ پیش آمدہ مسائل جن میں عوام مبتلا ہوتے ہیں مختصر اور عمومی انداز میں شرعی راہ نمائی کا فریضہ انجام دیں۔"بشروا ولا تنفروا" کی ہدایت کے ساتھ حکمت و دانائی کو پیش نظر رکھتے ہوئے الفاظ اور جملوں کے انتخاب میں احتیاط برتی جائے۔فرقوں یا افراد کے ناموں کے ساتھ تنقید کی بجائے صحیح مسائل کو سامنے رکھا جائے۔اس بات کا ضرور خیال رکھیے کہ آپ کی مسجد میں پہلے سے جو تعلیمی، تبلیغی اور خانقاہی سلسلے جاری ہیں وہ بالکل متاثر نہ ہوں۔دیگر دینی کاموں میں رفیق و حلیف تو بنیں فریق ہرگز نہ بنیں۔اگر کوئی شخص یا جماعت آپ کے کام میں مزاحم ہو

---

47 " تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ "وہ (جو) آخرت کا گھر (ہے) ہم نے اسے ان لوگوں کے لئے (تیار) کر رکھا ہے جو ملک میں ظلم اور فساد کا ارادہ نہیں کرتے اور انجام (نیک) تو پرہیزگاروں ہی کا ہے۔(سورۃ القصص 83:28)

toobaa-elibrary.blogspot.com

تو دل گرفتہ نہ ہوں۔ محبت اور شفقت سے سمجھائیں۔ دعوت دین کے سلسلے میں رسول اللہ ﷺ کا اسوہ آپ کے پیش نظر رہے گا۔ ہمدردی، دل سوزی، دین حق کے بیان کا جذبہ کارفرما ہے گا تو ان شاءاللہ کامیابی ملے گی۔

جمعہ کا بیان

جمعہ کا بیان بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ آپ اس حقیقت سے بخوبی واقف ہوں گے کہ جمعہ کے دن ہمارے ہاں لوگ عموماً بیان کے آخر میں مسجد میں پہنچتے ہیں لیکن جہاں کہیں کوئی خطیب بھرپور تیاری کے ساتھ جمعہ کا بیان کرتا ہے وہاں لوگ ذوق و شوق کے ساتھ آغاز خطاب میں پہنچنا شروع ہو جاتے ہیں۔ یہ رویہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ لوگ بھلائی کی بات سننا چاہتے ہیں۔ فرق صرف انداز بیان کا ہے۔ جتنا جاندار اسلوب بیان ہو گا، از دل خیز و بر دل ریزو کی کیفیت ہو گی اس قدر لوگوں کی حاضری زیادہ ہو گی، جمعہ کے دن لوگوں کی حاضری کو اللہ پاک کی عنایت سمجھیے۔ اس موقع کو سرسری بیان میں ضائع مت کیجئے۔ محض فضائل کے بیان پر اکتفانہ کیجیے بلکہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا حق ادا کیجیے۔ اسلامی اعتقادات، اسوہ رسول، اسلامی اخلاق و معاشرت، صحابہ کرام کے مقام و مرتبہ، صحابہ کے طرز معاشرت کا بیان، عصر حاضر میں پھیلے گمراہ کن جدید فتنوں سے آگاہی، خصوصاً جدیدیت کے طوفان سے امت کو بچانے کی فکر کریں۔ بدعات و رسومات کی بیخ کنی کے لیے بھی لسانی جدوجہد کریں۔ افسوس کی بات ہے کہ آج کے دیندار اور اکابر کے نام لیوا بھی بدعات کا ارتکاب کرتے نظر آتے ہیں۔ اس سلسلے میں کسی ملامت گر کی ملامت کی پرواہ نہ کریں۔ احقاق حق کا فریضہ ادا کرتے رہیں۔

ہماری درخواست اپنے تمام محبین کے لیے ہے، البتہ خصوصیت کے ساتھ ہمیں اپنے تلامذہ سے قوی امید ہے کہ وہ اپنے کہنہ سال استاذ کی عرض کی گئی باتوں کو ضرور قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ آخری بات یہ کہ آپ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے توفیق بھی چاہیں کہ وہ پروردگار آپ کو اس مبارک عمل کے لیے منتخب فرمالیں۔ تضرع، زاری، تبتل اور دعا اس راہ کا بہترین توشہ ہے۔ [48]

---

[48] ماہنامہ الحقانیہ، جامعہ حقانیہ ساہیوال سرگودھا، رجب 1438ھ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل پنجم

شیخ رحمہ اللہ کی معاشرتی وسیاسی خدمات

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیخ رحمہ اللہ کی معاشرتی وسیاسی خدمات

آپؒ تو ایک ہمہ جہت شخصیت تھے ، ہر میدان کے شہسوار تھے، چاہے وہ درس وتدریس کا میدان ہو، تصنیفی وتالیفی میدان ہو یا روحانی میدان ہو۔ سب میں اپنا لوہا منوا چکے ہیں۔ اب اس فصل میں ہم ان کے سیاسی اور اور معاشرتی خدمات کا تذکرہ کریں گے۔ آپؒ 1954ء میں پاکستان آئے تو دار لعلوم ٹنڈوالہ یار میں پڑھانا شروع کیا۔ یہ وہ دور تھا کہ جب یہاں بڑے بڑے نابغہ روزگار حضرات تدریس کے مناصب پر براجمان تھے، ان حضرات کے ہوتے ہوئے آپ نے اپنی تدریس کے مقام رفیع حاصل کیا، تین سال یہاں پڑھانے کے بعد آپ مفتی محمد شفیع دیوبندیؒ کی دعوت پر جامعہ دار لعلوم کراچی آ گئے۔ دس سال یہاں پر منتہی کتب کے فاضل اجل استاذ اور ماہر مدرس کے طور پر اپنا لوہا منوایا۔ 1976ء میں جامعہ فاروقیہ کی بنیاد رکھی۔ آج یہ ملک عزیز کے صف اول کے مدارس میں اپنا نمایاں مقام رکھتا ہے۔ اس کی کوہ قامت عمارتیں مولانا سلیم اللہ خانؒ کے بلند حوصلہ پر دلالت کرتی ہیں۔ عرصہ ہوا کہ جامعہ فاروقیہ کی تمام عمارتیں اپنی تمام تر وسعتوں کے باوجود تنگ دامنی کی شکایت کرنے لگیں تو آپ نے جب سائیڈ پر وسیع رقبہ حاصل کر کے تعمیرات کا آغاز کیا، جو آج حقیقت ثابتہ کا مظہر ہیں۔ وفاق المدارس کی سربراہی دینی حلقہ میں ایک وقیع ورفیع منصب ہے۔ حضرت مولانا شمس الحق افغانیؒ، حضرت علامہ سید یوسف بنوریؒ، حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ، حضرت مولانا مفتی محمودؒ، حضرت مولانا ادریس میرٹھیؒ ایسے حضرات اپنے اپنے عہد میں اس کی قیادت کرتے رہے۔ قریبا چالیس سال سے شیخؒ وفاق المدراس کے صدر چلے آ رہے تھے۔ اس عرصہ میں وفاق المدارس نے جو ترقی کی منازل طے کیں جس سرعت کے ساتھ کامیابیوں اور کامرانیوں کا چمکتا دمکتا نشان بنا، وہ تاریخ کا حصہ ہے۔

پرویز مشرف دور حکومت میں دینی حلقہ بالخصوص مدارس عربیہ پر جو سخت کڑا اور مشکل وقت آیا، یہ آپؒ کی قیادت باسعادت اور جرأت وہمت کا صدقہ ہے کہ نہ صرف وفاق المدارس بلکہ ملک کے تمام مکاتب فکر کے جملہ مدارس اور تنظیمات مدارس کو دباؤ کے ماحول سے نکال کر امن وسلامتی اور خود مختاری کی کشتی کو ساحل مراد پر لا کھڑا کیا۔ بلاشبہ آج بھی گھٹن کا ماحول یا آزمائش کی بھٹی کی تلخی موجود ہے۔ لیکن سابقہ دور کے مقابلے میں کچھ نہیں۔ تمام تر حکومتی کوششوں کے باوجود بھی وہی نصاب، وہی تعلیمی ماحول، وہی مدارس کی آزادی، تمام دینی قیادت کی بلند فکری اور بیدار مغزی کی دلیل ہے، جس کی زمام قیادت حضرت شیخؒ کے دست مبارک میں تھی۔ تمام تر آزمائشی دور میں آپ جس ثابت قدمی کے ساتھ میدان عمل میں ڈٹتے رہے، آپکی زندگی کا سنہری باب ہے۔

اس سے ہٹ کر صرف ختم نبوت کے تحفظ کے حوالے سے آپ کی خدمات جلیلہ کا جائزہ لیں تو وفاق المدارس کے درجہ سابعہ میں "آئینہ قادیانیت" کو داخل نصاب کیا۔ حضرت مولانا کی ذات گرامی کی کمال ذمہ داری کو ملاحظہ کریں کہ اس کتاب کے لیے پہلے

toobaa-elibrary.blogspot.com

سوالات مرتب کرنے کا حکم دیا، ان کو پڑھ کر پھر جوابات کے لیے کتاب کی تیاری کا ارشاد فرمایا، جب کتاب چھپ کر تیار ہو گئی تو کتاب کی ایک ایک سطر کو پڑھ کر اس میں نہ صرف ترامیم کیں بلکہ اس کی پروف ریڈنگ بھی کی۔ اس سے اندازہ فرمائیں کہ وہ کس قدر احساس ذمہ داری سے سرشار تھے کہ اس کی ایک ایک سطر کو بغیر نظر ثانی کے جانے نہیں دیا۔ ان مراحل کے بعد پھر نصاب کمیٹی میں اس کو منظور کرایا، پھر عاملہ میں لا کر حتمی منظوری سے سرفراز فرمایا۔ آپ کی صرف ایک یہ وہ نیکی ہے جو عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کی ذمہ داری کو نبھا رہی ہے۔ کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ کسی نے ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کے لیے درخواست کی ہو اور آپ نے عذر فرما دیا ہو۔ صحت کے زمانہ میں ہر حال میں شرکت فرماتے۔ بارہا چناب نگر ختم نبوت کانفرنسوں پر تشریف آوری فرمائی۔ لاہور بادشاہی مسجد، اسلام آباد آل پارٹیز تحفظ ناموس رسالت کانفرنس، ختم نبوت کانفرنس ایبٹ آباد، سب میں شرکت کی۔ حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحبؒ کے آخری عہد میں کئی روز تک خانقاہ شریف میں قیام فرمایا۔ کہاں کراچی؟ کہاں خانقاہ سراجیہ؟ لیکن آپ کی نسبت نوازیوں کو دیکھیے اور سر دھنیے! حضرت خواجہ خان محمد صاحبؒ کے جنازہ پر تشریف لائے۔ رش کی وجہ سے کئی میل وہیل چیئر پر سفر کیا، لیکن جنازہ میں شرکت فرمائی۔ حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ کے جنازہ پر تشریف لائے، جنازہ پڑھایا، تعزیتی مضمون لکھا اور پھر بھرپور شفقتوں سے نوازا۔

مدرسہ ختم نبوت چناب نگر ضلع چنیوٹ میں واقع ہے، ضلعی مسئول کے لیے، سنٹر بنانے کے لیے، حفظ کے مسئول کے لیے جو جائز درخواست کی وہ آپ نے پورا کرنے میں تاخیر نہ فرمائی۔ آپ نے ہمیشہ سچ کو اپنایا۔ خود حق و سچ پر چلے اوروں کو چلنے کا پابند بنایا۔ یہی وہ آپکی خوبیاں جو مدتوں آپ کی یاد دلاتی رہیں گی۔[49] آپؒ کی شخصیت کا ایک عظیم وصف سخاوت بھی تھا۔ مختلف مدارس کے ساتھ مالی تعاون فرمایا کرتے تھے۔ ایسے مدارس بھی ہیں جن کے ساتھ لاکھوں روپے کی امداد کرتے تھے۔ بعض اوقات کسی مدرسے کی رسید میں تاخیر ہو جاتی تو ذمہ داروں سے فون پر فرماتے کہ بھئی! اس مدرسہ والوں سے کہو ہمیں رسید بھجوا دیں۔ اپنا جامعہ فاروقیہ ہونے کے باوجود دوسرے مدارس کے ساتھ تعاون کرنا اور سرپرستی کرنا شاندار دینی جذبے کا عکاس ہے۔ جہاں اصولوں اور قواعد و ضوابط کی پابندی کے معاملے میں سختی فرمایا کرتے تھے، وہاں اپنے متعلقین کی مختلف مواقع پر حوصلہ افزائی بھی فرمایا کرتے تھے۔ متعدد بار دیکھا گیا کہ آپؒ نے اپنے خدام کی دل جوئی اور حوصلہ افزائی کے لیے انہیں نقد انعام سے نوازا۔

آپؒ کی حیات تو ہمہ جہت تھی اور مختلف پہلوؤں سے رقم تھی۔ لیکن وفاق کے ساتھ جو والہانہ لگاؤ اور محبت تھی وہ آپؒ کی حیات کا درخشاں باب ہے۔ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے دو ہی اہداف ہیں، جامعہ فاروقیہ اور وفاق المدارس۔ ایک مرتبہ نے فرمایا کہ ہم

---

[49] روزنامہ اسلام، 19 جنوری 2017ء۔ و تذکرہ، ص 222۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نے اپنی جان وفاق میں لگادی۔ پیرانہ سالی میں بھی وفاق کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے تشریف لاتے اوراسی طرح پرچہ جات کی مارکنگ کے دوران بھی دو تین ہفتے مستقل قیام فرماتے تھے۔انہوں نے وفاق کے لیے ایک طویل مدت تک انتھک محنت کی اور وفاق کو گمنامی سے نکال کر عالمی سطح پر پہنچادیا۔یہ وہ عظیم خدمت ہے کہ جس کی مثال پیش نہیں کی جاسکتی۔آپؒ نے 1980ء میں جب وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی نظامت علیاء کی ذمہ داری سنبھالی تو وفاق کے اغراض ومقاصد کی روشنی میں خالصتاً تعلیمی طرز پر کام کرنے پر زور دیااور وفاق کے قواعد وضوابط کی پاس داری کو مدارس اور وفاق کی ترقی کا مظہر قرار دیا،انہی مقاصد کے حصول کے لیے سعی فرمائی۔ وفاق کادائرہ کار وحجم اس قدر محدود تھاکہ اس وقت وفاق کے ساتھ صرف چند سو مدارس ملحق تھے۔1980ء میں وفاق کے تحت صرف دورہ حدیث کاامتحان ہوتاتھا،اس وقت شرکاء کی تعداد 386 تھی۔چانچہ حضرتؒ نے وفاق المدارس کے دائرہ میں وسعت کے لیے پورے ملک کے مدارس کے دورے کیے۔1403 ہجری میں سہ رکنی وفد نے پنجاب کے مدارس کا دس روزہ دورہ کیا،جس کے سربراہ حضرتؒ تھے،اس وفد کے ارکان میں حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب شامل تھے۔ان حضرات نے پنجاب کے 16 اضلاع کے 120 مدارس کامعائنہ کیااور مدارس کے معیار تعلیم و تربیت کا بنظر غائر جائزہ لے کر حسب ضرورت اصلاح ورہنمائی فرمائی۔جو مدارس وفاق سے ملحق نہیں تھے ان کو وفاق کے ساتھ الحاق کرنے اور وفاق کے نظم امتحان میں شمولیت پر آمادہ کیا۔اس طرح شیخؒ کی دلچسپی،محنت اور کاوش سے تدریجاً باقی درجات کے امتحان بھی وفاق کے تحت ہونے لگے۔1982ء سے وفاق کے تحت درجہ تحفیظ کے امتحانات کاآغاز کردیاگیا۔1983ء سے ثانویہ خاصہ،1984ء سے ثانویہ عامہ،1985 سے عالیہ کے امتحانات کاآغاز ہوا۔1989ء میں متوسطہ کاامتحان وفاق کے تحت شروع ہوا۔2004ء سے تعلیم بالغان کا سلسلہ شروع کیاگیا۔اسی طرح 1990ء سے طالبات کے امتحانات بھی وفاق کے تحت ہونے لگے۔اسوقت وفاق کے ساتھ 18837 مدارس ملحق ہیں اور امسال تین لاکھ سے زائد طلبہ وطالبات کاداخلہ موصول ہواہے۔[50]

آپؒ نے وفاق کی ترقی واستحکام کے لیے اسے غیر سیاسی رکھناضروری سمجھا۔چنانچہ اجلاس منعقدہ 21 جمادی الاخری 1406 ہجری/3 مارچ 1986ء کو دستور کے دفعہ نمبر4 ضابطہ کار میں یہ ترمیم کی گئی کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان ایک خالص تعلیمی و غیر سیاسی تنظیم ہوگی۔اس کی کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہ ہوگا۔ اور وفاق بحیثیت وفاق نہ کوئی سیاسی موقف اختیار کرے گا، نہ ملکی سیاست کے کسی مسئلے میں اظہار رائے کرے گااور نہ ہی اس بارے میں ملحق مدارس وجامعات کو کوئی ہدایت جاری کرے گا۔ آپؒ نے اپنے پورے عرصہ قیادت میں وفاق کے اغراض ومقاصد وقواعد کو مقدم رکھا اور اس کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کردیں اور ہر موقع پر پوری قوت کے ساتھ اس کا تحفظ کیا۔یہی وجہ ہے کہ آج وفاق عالمی سطح پر ایک امتیازی مقام رکھتاہے۔جملہ

---

50 تذکرہ، ص 197۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مدارس اس کے تحت یکجا ہیں اوراپنے لیے باعث افتخار سمجھتے ہیں۔ شیخؒ نے وفاق المدارس کی سند کے معادلہ کے لیے کلیدی کردارادا کیا۔ اگرچہ اس سلسلہ میں ابتداہی سے اکابرین نے کوشش فرمائیں، بالآخر آپؒ کی سربراہی میں یہ کوشش بارآور ثابت ہوئیں ۔ آپ نے اسلام آباد میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے ساتھ متعدد اجلاسوں میں وفاق کی نمائندگی فرمائی۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اجلاس منعقدہ 12، 13 ستمبر 1982ء میں معادلہ کے اصولی معاملات طے کر لیے گئے اور حتمی طور پر 17 نومبر 1982 کو وفاق کی فائنل ڈگری شہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کو ایم اے عربی واسلامیات کے مساوی تسلیم کرلیا گیا، جو کہ آپؒ کی شبانہ روز محنتوں کا ثمرہ تھا۔ ان کی یہ کاوش بجاطور پر وفاق کے لیے نقطہ عروج ثابت ہوئی۔ کیوں کہ وفاق کی سند تسلیم ہونے کے بعد وفاق کی طرف رجحان میں تیزی سے اضافہ ہوا۔ آج جتنے بھی علمائے کرامی، مختلف محکموں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں یہ شیخؒ کی اسی کاوش کی بدولت ممکن ہوا ۔ چنانچہ یہ کارنامہ موجودہ اور آنے والے علمائے کرام پر بلاشبہ ایک احسان عظیم ہے۔

آپؒ نے ایک طویل عرصہ تک وفاق کی قیادت فرمائی ہے۔ 21 محرم الحرام 1401ھ / 30 نومبر 1980ء سے 30 ذیقعدہ 1409ھ / 8 جون 1989 (آٹھ سال چھ ماہ) تک بطور ناظم اعلی خدمت انجام دی اور اس کے بعد 16 ربیع الثانی 1438ھ / 15 جنوری 2017ء تک (ستائیس سال سات ماہ) بطور صدر وفاق سرپرستی فرمائی۔ فرمایا کرتے تھے کہ میرے زندگی کے دو اہداف ہیں۔ جامعہ فاروقیہ اور وفاق المدارس۔ آپؒ نے ہمیشہ وفاق کے کاموں کو ترجیح دی ہے۔ اور وفاق کو مضبوط، مفید اور مؤثر بنانے پر زور دیا اور اس کے لیے کوشش فرمائیں۔ اس سلسلہ میں مجلس شوری کے اجلاس منعقدہ 11، 12، 13 شعبان المعظم 1401ھ / 14، 15، 16 جون 1981 میں شیخؒ نے فرمایا: کہ وفاق اور مدارس کے باہمی ربط کو مضبوط بنانا نہایت اہم ہے۔ اس ضمن میں وفاق کی تنظیم میں مدارس کی شمولیت پہلا ہدف ہے اور دوسرا ہدف وفاق کو مفید اور مؤثر بنانا ہے۔ پہلے مقصد میں ہم کامیاب ہو چکے ہیں۔ پہلے بہت تھوڑی تعداد میں مدارس وفاق میں شامل تھے، اب یہ تعداد کافی زیادہ ہو گئی ہے۔ بہر حال یہ بہت بڑی ترقی ہے اور اس میں وفاق کے عملے کی کارکردگی بھی لائق تحسین ہے جہاں تک دوسرا مقصد ہے، اس کی کامیابی وفاق کے قواعد وضوابط پر عملدرآمد اور وفاق کے نصاب تعلیم اور وفاق کے نظام امتحان کی پابندی میں پنہاں ہے۔

حضرات علمائے کرام جو مدارس کا اہتمام کرتے ہیں اور مدارس چلاتے ہیں، وہ دینی سمجھ بوجھ کے اعتبار سے اپنے علاقے میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ اس مقام کی وجہ سے ان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ان دینی اداروں کو بہتر سے بہتر شکل دیں۔ مدارس کے طلبہ، اساتذہ اور دیگر عملہ کو اپنے اخلاق و کردار، عمل، تقوی اور پرہیزگاری کے اعتبار سے دوسروں سے ممتاز ہونا چاہیئے۔ نصاب کی پابندی ہونی چاہیئے اور معیار تعلیم بلند ہونا چاہیئے۔ وفاق المدارس کی تنظیم میں جتنے مدارس شامل ہیں اگر ان کے ذمہ داران دلچسپی اور لگن کے ساتھ اپنی زندگی کا مقصد بنا کر اور اپنی زندگی مطمح نظر قرار دے کر اور اپنے مدارس کی فلاح و بہبود کے لیے، اپنے مدارس کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اصلاح وترقی کے لیے وہاں کے تعلیم اور معیار اخلاق کو بلند کریں تو یہ ہم سب کے لیے بہت بڑا کام ہوگا اور حقیقت میں وفاق المدارس العربیہ کی تنظیم کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔ نیز دفتر وفاق کی دفتری ضروریات کا بھی ادراک فرمایا۔ آپؒ کے دور میں دفتر وفاق کے لیے مستقل عمارت خریدی گئی۔ حضرت شیخؒ اور مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کی مشترکہ کاوشوں سے وفاق المدارس کے لیے خانیوال روڈ ملتان میں ساڑھے دس ایکڑ اراضی، دفتر وفاق سے متصل عالی شان کوٹھی اور اسلام آباد میں ذیلی دفتر کے لیے ایک کوٹھی خریدی گئی۔ آپؒ کی دیرینہ آرزو تھی کہ دفتر وفاق کی موجودہ جگہ پر ایک عالی شان دفتری بلاک تعمیر کیا جائے، جس کے لیے انہوں نے مولانا امداداللہ صاحب کی سربراہی میں ایک کمیٹی بھی تشکیل دی تھی، نقشہ بھی بن چکا ہے ۔ وفات سے چند دن قبل بھی اس بارے میں حکماً تاکید فرمائی کہ جلد از جلد تعمیر شروع کی جائے۔ جس میں یہ طے پایا گیا کہ شیخؒ کی ہدایت کے مطابق اس سلسلہ میں مورخہ 25ربیع الثانی 1438ھ/24جنوری 2017ء کو مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب سے اس سلسلہ میں میٹنگ ہوگی ،ان سے رہنمائی لینے کے بعد تعمیر کا عمل شروع کیا جائے گا۔

دفتر وفاق کے نظم کو بہتر بنانے کے لیے حضرتؒ نے 1997ء میں دستور میں ترمیم کے ذریعے ملازمین کے عزل ونصب کا اختیار صدر وفاق کے فرائض میں شامل کیا ۔ آپؒ کی سرپرستی مولانا حنیف جالندھری کی نگرانی میں دفتری نظم میں رفتہ رفتہ بہتری آئی اور بالآخر وفاق کا دفتری نظم مضبوط، مستحکم اور مثالی ہو گیا۔[51] آپؒ نے جب اپنے ایک شاگرد کا تقرر دفتر وفاق میں فرمایا تو باقاعدگی کے ساتھ دفتر وفاق سے متعلق خبرگیری فرماتے اور احوال معلوم کرتے رہتے تھے،اس حوالے سے شاگرد کی آپؒ کے ساتھ خط وکتابت ہوتی رہتی تھی۔ ابتدائی طور پر دفتری کام میں اس کا دل نہیں لگ رہا تھا مورخہ 7ذوالحجہ 1418ھ/5اپریل 1998ء کو اس نے شیخ کی خدمت میں تحریراً گزارش کی کہ '' وساوس بہت آتے ہیں کہ میں کس چیز میں لگ گیا ہوں اور اس کشمکش میں عبادات میں دل نہیں لگتا اور ذہنی پریشانی رہتی ہے ، بخدا آپ کے فیصلے پر دل و جان سے راضی ہوں ، مجھے اس میں کوئی تردد نہیں ، راہنمائی فرمائیں ۔آپؒ نے مورخہ 18ذوالحجہ 1418ھ / 12اپریل 1998ء کو جواباً ارشاد فرمایا کہ ''مقصود اللہ کی رضا بذریعہ خدمت دین ہے اور یہ اس کام کا حاصل ہے کہ نیت صحیح ہونی چاہیئے، کام درست ہونا چاہیئے۔ یہ سمجھنا کہ پڑھائیں گے ، امامت کریں گے ، تبلیغ کریں گے ، اور نیت و عمل میں فساد ہو ، بالکل بیکار ہے اور اگر نیت و کام صحیح ہیں تو بلاشبہ اس کام سے بھی اللہ تعالی کی رضا نصیب ہوگی، کام محنت سے کریں، یہ کوئی مشکل کام نہیں۔'' چناں چہ ان ارشادات سے اس کی ڈھارس بندھی اور وفاق کی خدمت انجام دینے کا حوصلہ پیدا ہوا۔ شروع میں وہ شاگرد جب دفتر آیا تو دفتر کی حالت بہت ناگفتہ بہ تھی۔ اس حوالے سے آپؒ نے ایک مرتبہ تحریر فرمایا کہ ہفتہ یا عشرہ میں ایک خط مجھے دیا کرو ، تاکہ دفتر کے حالات کا علم ہوتا رہے، مندرجہ ذیل امور کی اطلاع دیا کریں۔ دفتر میں کام یکسوئی

[51] تذکرہ شیخ الکل، ص200،199۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے باقاعدہ جاری ہے یا کچھ خلل ہے؟ عملے میں کام سے دلچسپی ہے یا نہیں؟ ناظم دفتر کا رویہ کیسا ہے؟ پرانے لوگ اگر پست ہمت کریں تو ہر گز اثر نہ لیں اور بالکل پرواہ نہ کریں۔ البتہ اپنے طرز عمل سے گروہ بندی کا تاثر پیدا نہ ہونے دیں (اس پر سختی سے کاربند رہیں)، حالات بدلتے رہتے ہیں، انشاءاللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔" اس سے حضرتؒ کا وفاق کے امور سے گہری دلچسپی اور شغف کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ آخر وقت تک بھی پوری تندہی کے ساتھ دفتری امور پر توجہ مرکوز رکھتے تھے۔ اگر کسی مدرسہ یا شخصیت کی طرف سے آپؒ کے پاس کوئی شکایت آجاتی تو اس کا فوری نوٹس لیتے، دفتر سے اس کی وضاحت طلب فرماتے اور متعلقہ فرد/ادارے کا مسئلہ حل کر کے اسے مطمئن کرنے کی ہدایت جاری فرماتے۔ حتی کہ ایک مرتبہ فرمایا کہ دفتری نظم کو بہتر کرنے کے لئے ہم کوشش نہیں کریں گے تو اس کے لیے آسمان سے فرشتے تو نہیں آئیں گے۔

بحیثیت امتحانی بورڈ وفاق کے شعبہ امتحانات کو تمام شعبوں میں کلیدی حیثیت حاصل ہے اور اس کی اہمیت کو آپؒ سے زیادہ کون جانتا ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ وفاق کے نظام امتحان پر بھی کڑی نظر رکھی اور نظام امتحان میں اصلاحات کیں۔ امتحانی نظم کو بہتر انداز میں کنٹرول کرنے کے لیے آپ نے ملک بھر میں مسئولین امتحان مقرر کیے۔ مدارس کی رجسٹریشن کے لیے کوآرڈی نیٹر مقرر فرمائے۔ امتحانات سے متعلق قواعد وضوابط بنائے، مدارس کے لیے نظام تعلیم مرتب فرمایا۔ ان سب امور کی نگرانی کے لیے صوبائی سطح پر ناظمین مقرر فرمائے۔ جس کی بدولت وفاق کے جملہ نظام میں ایسی مثبت و گراں قدر تبدیلی آئی کہ وفاق کا نظام قابل رشک ہو گیا۔ اس وجہ سے وفاق کے تحت پورے ملک کے اندر تمام درجات کا امتحان ایک ہی وقت انتہائی شفاف طریقے سے انعقاد پذیر ہوتا ہے۔ امتحانات کے اندر سوالیہ پرچہ جات کی ترتیب، ان کی طباعت اور ان کی ترسیل حساس ترین معاملہ ہے۔ چناں چہ آپؒ نے 1420ھ سے یہ سارا نظام نگرانی جامعہ فاروقیہ منتقل کر لیا۔ گزشتہ 17 سال کے دوران شیخؒ کی کڑی نگرانی میں یہ سارا عمل پوری رازداری، نہایت شفافیت اور مستعدی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچتا۔ اس عرصہ میں بعض علاقوں میں ایک دو جزوی واقعات پیش آئے، جس پر آپؒ نے سخت تادیبی کاروائی فرمائی، تاکہ آئندہ کوئی بھی فرد وفاق کی شاندار تاریخ کو داغ دار کرنے کی جرأت نہ کر سکے۔ وفاق کے پرچہ جات کی مارکنگ کے نظم کی بنفس نفیس نگرانی فرمایا کرتے تھے۔ مارکنگ کے نظم میں بہتری لانے کے لیے مارکنگ کے قواعد وضوابط بنائے اور ان پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جاتا۔ خود تمام درجات کے ممتحنین کے چیک شدہ پرچے ملاحظہ فرمایا کرتے تھے۔ حضرت کا ایک رعب ودبدبہ تھا۔ جب کسی درجے کے پرچے آپؒ کے پاس ملاحظہ کے لیے چلے جاتے تو پورے درجے کے ممتحنین پر خوف طاری رہتا۔ جب تک وہ پرچے واپس نہ آجاتے۔ اگر کسی ممتحن نے پرچے کے اندر درست اور غلط کی نشان دہی میں کوتاہی کی ہوتی یا کسی نے اپنا نام واضح نہ لکھا ہوتا تو اس پر گرفت فرماتے۔ حتی کہ اس معاملے میں اپنے جامعہ کے اساتذہ کا بھی سخت احتساب فرماتے۔ ایک مرتبہ جامعہ فاروقیہ کے ایک استاد کی مارکنگ میں نقص سامنے آیا تو اسے فوری طور پر مارکنگ سے فارغ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیااور اگلے سال جامعہ سے بھی فارغ کردیا۔ حضرت کی اصول پسندی اور رعب کے باعث ممتحنین نہایت محتاط ہو کر مارکنگ کرتے تھے اور اسی کی بدولت وفاق کو مارکنگ کا شفاف ترین نظام میسر ہوا۔[52] تحفظ مدارس کے سلسلے میں نے بیش بہا خدمات انجام دی ہیں ۔ مدارس دینیہ اور وفاق المدارس بیک وقت عالمی و ملکی استعماری ایجنڈے کا ہدف رہے ہیں ۔ تسلسل کے ساتھ حکومتی امتیازی پالیسیوں اور میڈیا کے بے بنیاد پروپیگنڈے کا سامنا وفاق کو رہا ہے۔ لیکن آآپؒ کی بے باک اور بے لوث قیادت میں وفاق ہمیشہ مدارس کے تحفظ کے لیے سینہ سپر رہااور کبھی کسی بھی انداز میں مداخلت کو قبول نہیں کیا۔اس کے علاوہ غامدیت، جدیدیت اور فکر ولی الہی وغیرہ جیسے متعدد باطل فتنے بھی چیلنج بن کر سامنے آئے۔ شیخؒ نے پوری قوت کے ساتھ ان فتنوں کی سرکوبی فرما کر اہل حق کی قیادت کا حق ادا کردیااور آنے والے قائدین کے لیے شان دار مثال قائم کردی۔ وفاق کے لئے آپؒ کی خصوصی دلچسپی اور کاوشوں کا یہ ثمرہ ہے کہ آج وفاق کا دفتری نظام، مالیاتی نظام، اور نظام امتحان انتہائی شفاف، مضبوط اور مستحکم ہو چکا ہے۔ آپ کی ولولہ انگیز قیادت میں وفاق ترقی کرتے ہوئے اس نہج پر پہنچ چکا ہے کہ عالمی سطح کے ادارے بھی وفاق کے نظام پر رشک کرتے ہیں۔ 2014ء میں وفاق کی شاندار خدمات کے اعتراف میں سعودی حکومت کی جانب سے وفاق المدارس کو "خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ" سے نوازا گیا۔

یہ آپؒ ہی کی طویل المدتی قیادت وراہ نمائی کے باعث ممکن ہوا کہ ملک کے کونے کونے میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق ادارے موجود ہیں۔ اندرون وبیرون ملک لاکھوں فضلاء مختلف شعبہ ہائے زندگی میں دین دار طبقہ کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس وقت وفاق کے ساتھ 18 ہزار 837 مدارس وجامعات ملحق ہیں۔ ملحق مدارس میں 22 لاکھ 2 ھزار 535 طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں اور ان مدارس میں 1 لاکھ 32 ہزار 116 تدریسی عملہ خدمات انجام دے رہا ہے۔ اب تک 10 لاکھ 54 ہزار 496 حفاظ و حافظات اور 3 لاکھ 11 ہزار 475 علماءو عالمات فارغ التحصیل ہو چکے ہیں۔ سالانہ 3 لاکھ سے زائد طلبہ وطالبات وفاق کے امتحان میں شرکت کرتے ہیں۔ آپؒ نے وفاق کی صورت میں ایک ایسی امانت چھوڑی ہے جس کی نظیر دنیا میں نہیں ملتی۔[53]

حضرت شیخؒ کی زندگی صرف درس تدریس تک ہی محدود نہیں رہی بلکہ جب بھی سرزمین پاکستان میں کسی فتنہ نے سر اٹھایا آپ نے اس کی سرکوبی اور تعاقب کی خاطر میدان عمل میں آئے چنانچہ 1983ء میں رافضیت کے فتنہ نے سر اٹھایا تو "سواد اعظم" کے نام سے تحریک چلا کر رافضیت کے ایوانوں میں زلزلہ بپا کردیا۔ اس کے علاوہ آپ نے غامدیت سے لے کر تک تمام باطل فرق اور جدیدیت کے فتنوں اور فتنہ پروروں کی سرکوبی کی۔ 2001ء میں نائن الیون کے بعد امریکا عالم اسلام پر ایک بپھرے ہوئے ریچھ کی

---

[52] مرجع سابق، ص200،202۔

[53] تذکرہ، ص202،203۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

طرح حملہ آور ہوا۔ اس نے یکے بعد دیگرے مسلم خطوں میں بالواسطہ اور بلاواسطہ حملوں کا آغاز کیا۔ افغانستان، عراق، لیبیا اور شام وغیرہ اس کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں۔ یہ عسکری حملے تھے اور ان کی وجہ سے عالم اسلام کا بہت بڑا خطہ متاثر ہوا۔ ایک طرف تو یہ ہوا، دوسری طرف امریکی پالیسی سازوں نے پاکستان جیسے ملکوں کے لیے بھی پلان تیار کیا۔ اس پلان کا مرکزی نکتہ مسلم دانش وروں، مذہبی راہ نماؤں اور مسلم معاشروں کے دل و دماغ کی تبدیلی کا کام تھا۔ اس نے براہِ راست لیکن ذرا محتاط انداز میں مسلمانوں کے عقائد و نظریات میں نقب لگانے کے لیے انٹر فیتھ ڈائیلاگ کا آغاز کیا۔ ہیومن رائٹس کو شوگر کوٹڈ گولی میں سمو کر پیش کیا۔ عدم تشدد، برداشت، رواداری، آزادی، مساوات اور ترقی جیسے بظاہر بے ضرر نظریات کو باقاعدہ ایک نصاب کے طور پر متعارف کرایا۔ پاکستانی جامعات میں مخصوص موضوعات پر پی ایچ ڈی مقالات لکھوائے گئے۔ پاکستان سے مرحلہ وار دانش وروں، اسکالروں، مذہبی راہ نماؤں کو امریکا، جرمنی اور ناروے بلا کر کانفرنسیں منعقد کی گئیں۔ ان کانفرنسوں کا مقصد غیر محسوس طریقہ سے اسلامی نظریات کی تبدیلی تھی۔ نیز اس ذریعہ سے اپنے مطلب کے افراد کی تلاش بھی تھی جو ان کے عزائم کی تکمیل میں معاون ثابت ہو سکیں۔ اس کے بعد اگلے مرحلے میں بیرونی فنڈنگ سے قائم ہونے والی این جی اوز پاکستان وارد ہوئیں۔ یہاں انہوں نے مقامی ایجنٹوں کے ذریعہ اسکولوں اور دینی مدارس کے ماحول، نصاب اور نظام تعلیم پر کام شروع کیا۔ اپنے ایجنٹ افراد کے ذریعے ایسی ورک شاپس منعقد کی گئیں جہاں اسلامی عقائد و نظریات پر شکوک و شبہات اور دینی مسلمات پر سوالات اٹھائے گئے، پاکستان کے آئین میں موجود اسلامی شقوں کو ایک تسلسل سے ہدفِ تنقید بنایا گیا۔ یوں پوری اسلامی عقائد و اقدار پر شک و شبے کی گرد بٹھانے کا بھرپور اہتمام کیا گیا۔

یہ حالات تقاضا کرتے ہیں کہ تمسک بالسنت، استقامت فی الدین کو اختیار کیا جائے۔ اپنے عقائد و نظریات، تشخص، انفرادیت اور اپنے اسلاف کے کردار و عمل پر غیر متزلزل یقین و اعتماد رکھتے ہوئے گرد و پیش پر کڑی نگاہ رکھی جائے۔ کسی بھی خیرہ کن نظریے کو محض اس وجہ سے قبول نہ کیا جائے کہ وہ چاندی کے ورق میں لپٹا ہوا ہے۔ حمیت دینی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مغربی این جی اوز کے ساتھ عدم تعاون کا رویہ اپنایا جائے۔ اس ارشادِ ربانی کو یاد رکھیے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ [54]" اے ایمان والو! جن لوگوں کو تم سے پہلے کتابیں دی گئی تھیں ان کو اور کافروں کو جنھوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے دوست نہ بناؤ اور مومن ہو تو خدا سے ڈرتے رہو[55]۔

شیخ رحمہ اللہ اور دعوت و تبلیغ

[54] سورۃ المائدہ 5:57

[55] ہفت روزہ القلم 20 تا 26 جنوری 2017ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپؒ جسمانی اعتبار سے ایک دبلے پتلے اور نحیف سے شخص تھے۔ لیکن ایمانی، عملی، روحانی اور صفاتی اعتبار سے محض ایک فرد ہی نہیں تھے بلکہ ایک جماعت، ایک ادارہ، ایک تحریک تھے۔ چنانچہ آپؒ کا تبلیغ اور اصحاب تبلیغ کے ساتھ ایک اچھا تعلق تھا۔ ایک بار یہ بات ارشاد فرمائی کہ اُن کی بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلویؒ سے ملاقات رہی ہے۔ مولانا محمد الیاس کاندھلویؒ کی وفات کے بعد اُن کے صاجزادے حضرت جی ثانی مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ اور ان کے بعد حضرت جی ثالث مولانا انعام الحسن کاندھلویؒ سے بھی ملاقاتیں رہیں۔ اور پاکستان کے موجودہ امیر جماعت محترم حاجی عبدالوہاب صاحب سے تو بارہا نشست و برخواست اور مکالمات ہوتے رہتے تھے۔ جب بھی پنجاب کا سفر درپیش ہوتا تو ترجیحی بنیادوں پر رائے ونڈ مرکز میں حاضری اور اکابرین سے ملاقات ضرور فرماتے تھے۔ اس موقع پر گاہے گاہے جماعت کے بڑوں سے مختلف امور پر تبادلہ خیال بھی ہوتا رہتا تھا۔

آپؒ قولاً و فعلاً اپنے درس، بیانات اور مجالس میں ہمیشہ طلبہ اور عوام الناس کو تبلیغی جماعت میں نکلنے کی بھرپور ترغیب دیا کرتے تھے۔ اپنی صحت کے زمانے میں تو آپ خود بھی طلبہ کو لے کر جماعت میں نکلتے اور اس خروج کے دوران اگر طلبہ سبق پڑھنا چاہتے تو اُن کو سبق بھی پڑھاتے رہتے۔ بہت پہلے علماء کرام کے خروج فی سبیل اللہ کی سات چلوں کی ترتیب ہوا کرتی تھی، تو اس وقت شیخؒ کی ترغیب سے کئی علماء کرام سات چلوں کے لیے نکلے۔ جن میں مولانا محمد یوسف افشانی۔ حضرت شیخؒ کے دونوں صاجزادے مولانا ڈاکٹر عادل خان، مولانا عبید اللہ خالد، جامعہ کے دیگر اساتذہ، مولانا امین الحق صاحب، (باغ آزاد کشمیر والے) اور مفتی محمد اقبال صاحب شہیدؒ و دیگر بہت سارے جید علماء کرام شامل ہیں۔ ان کے علاوہ حضرت شیخؒ کے پوتوں میں سے مفتی معاذ خالد صاحب نے بھی سال لگایا اور مفتی حماد خالد صاحب نے بھی ایک بار چلے کے لیے سفر کیا ہوا ہے۔

آپ علمائے کرام کو خروج فی سبیل اللہ کی ترغیب دیتے ہوئے یہ تلقین فرمایا کرتے تھے کہ آنکھیں کھول کر وقت لگایا کرو، جو غلط ہو اُسے حکمت و بصیرت کے ساتھ واضح کرتے ہوئے اصلاح کی کوشش کیا کرو۔ جامعہ فاروقیہ کراچی کے عمومی مزاج میں یہ بات از اول تا حال دیکھنے میں آئی کہ مزاجاً عملاً مجموعی طور پر تبلیغی نقل و حرکت کے ساتھ وابستگی یہاں کا امتیازی نشان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جامعہ کے اساتذہ میں اکثر اساتذہ جماعت کا ذہن رکھنے والے اور وقت لگائے ہوئے ہیں۔ حضرت شیخؒ طلبا، علماء، عوام الناس اور اپنے متعلقین سبھی کو تبلیغی جماعت کے ساتھ وقت لگانے کی خوب ترغیب دیتے تھے۔[56]

---

[56] تذکرہ شیخ الکل، ص 341، 342۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ششم

کشف الباری کا تعارف

toobaa-elibrary.blogspot.com

کشف الباری عمانی صحیح البخاری

حضرت شیخؒ ایک ہمہ جہت شخصیت تھے۔آپؒ نے تقریبادین کے ہر مجال میں کارنامہ ہائے انجام دیئے ہیں بالخصوص تصنیف وتالیف کے میدان میں "کشف الباری عمانی صحیح البخاری" بخاری شریف کی شرح ایک قیمتی اثاثہ ہے۔یہ آپؒ کے تقریری افادات پر مشتمل مرتب و محقق وہ بے مثال اور بے نظیر مجموعہ ہے۔نیز آپ کے ہم عصر علماء نے اس کی بڑی تعریف کی ہے اور اس کو خوب سراہا ہے۔

کشف الباری کے بارے میں معاصر علماء کی آراء

1. **مولانا مغفوراللہ صاحب کی رائے:** (شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)

دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث مولانا مغفوراللہ صاحب کا یہ قول معتمد ذرائع سے سننے میں آیا کہ صحیح البخاری کے لیے کشف الباری کے بعد کسی اور شرح کی دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی۔

2. **مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمۃاللہ علیہ کی رائے**

مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمۃاللہ علیہ اس شرح کے بارے میں فرماتے ہیں: "بندہ تقریبا تین سال سے جامعہ علوم اسلامیہ (کراچی) میں صحیح بخاری پڑھاتا ہے اورالحمدللہ صرف اللہ کے فضل وکرم سے کہتا ہوں کہ مجھے مطالعہ کا ذوق اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے عطافرمایا ہے، صحیح بخاری کی مطبوعہ ومتداول شروح ،حواشی،اور تقاریر اکابر میں سے شاید کوئی شرح ، حاشیہ، یا تقریر ایسی ہوگی جو بندہ کی نظر سے نہیں گذری،لیکن میں نے کشف الباری "جیسی رہر لحاظ سے جامع ،مرتب اور تحقیقی شرح نہیں دیکھی ،اگرچہ علماء کا مشہور مقولہ ہے " لایغنی کتاب عن کتاب" لیکن "مامن عام الاوقد خص عنہ البعض" کے قاعدے کے مطابق "کشف الباری"اس قاعدے سے مستثنی ہے۔بلا مبالغہ حقیقتاً وواقعۃً یہ ایسی شرح ہے کہ انسان کو دوسری شروح سے مستغنی کردیتی ہے۔

3. **شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کی رائے**

"اگر میں یہ کہوں تو شاید مبالغہ نہیں ہوگا۔ اکہ اس وقت صحیح بخاری کی جتنی بھی تقاریر اردو میں دستیاب ہیں ان میں یہ تقریر اپنی نافعیت اور جامعیت کے لحاظ سے سب پر فائق ہے۔ اور یہ صرف طلبہ ہی کے لیے نہیں،بلکہ صحیح بخاری کے اساتذہ کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔مباحث کے انتخاب،تطویل اور اختصار میں ہر اپڑھانے والے کا مذاق جدا ہو سکتا ہے۔لیکن اس میں صحیح بخاری کے طالب علم اور استاذ کے لیے تقریبا تمام ضروری مسائل کا احاطہ کرلیا گیا ہے"اس بے مثال شرح کے وجود میں آنے کا پس منظر یہ ہے کہ سنہ:1986ء ،1987ء میں جب موجودہ دور کے شیخ الحدیث ڈاکٹر منظور احمد مینگل نے جامعہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فاروقیہ کراچی میں دورہ حدیث کیاتواس سال حضرت شیخ کے درس بخاری کو مکمل ریکارڈ کیا گیا،جو تقریبا چار سو سے بھی زائد کیسٹوں پر مشتمل تھا،بعدازاں کیسٹوں سے مکمل تقریر قلم بند کرلی گئی ۔پھر اس تقریر پر تحقیق وترتیب اور تعلیق کا کام شروع ہوا،اس عظیم کام کے لیے مولانا ابن الحسن عباسی صاحب سے لے کر اب تک کئی اہل علم اس سعادت کو حاصل کرتے رہے، جس کے نتیجے میں تاحال چوبیس جلدیں منظرِ عام پر آکر مقبولیت عامہ وخاصہ حاصل کر چکی ہیں۔[57]

ان مطبوعہ بائیس جلدوں پر محققین کے کام کی تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے:

مولانا ابن الحسن عباسی صاحب کی تحقیق سے کل چھ جلدیں منظر عام پر آئی ہیں،جن میں تمام مباحث صحیح بخاری جلد ثانی کی ہیں، ان میں (ا) کتاب المغازی،(2) کتاب التفسیر (3) کتاب فضائل القرآن،کتاب ا لنکاح،کتاب الطلاق،(4) کتاب النفقات،کتاب الاطعمۃ،کتاب العقیقہ،کتاب الذبائح والصید،(5) کتاب الاستیذان،کتاب الرقاق، کتاب الدعوات (6) کتاب الطب، کتاب اللباس،کتاب الادب۔

مولانا نورالبشر صاحب کی تحقیق سے پانچ جلدیں منظر عام پر آئی ہیں،ان پانچ جلدوں کی تمام مباحث صحیح البخاری،جلد اول کی بالکل ابتدائی مباحث ہیں،ان میں (ا) کتاب بدءالوحی،کتاب الایمان، جلد اول،(2) کتاب الایمان،جلد دوم (3) کتاب العلم،جلد سوم (4) کتاب العلم،جلد چہارم (5) کتاب الوضوء۔جلد پنجم۔

مولانا عزیزالرحمٰن عظیمی صاحب کے قلم سے "کتاب فضائل الصحابہ" کے ابتدائی 23/ابواب پر کام ہوا۔

مفتی مزمل سلاوٹ صاحب کے قلم سے "کتاب البیوع" کی کتاب السلم،کتاب الشفعہ ،کتاب الاجارہ ،کتاب الحوالہ،کتاب الکفالہ،کتاب الحرث،کتاب المزارعۃ،کتاب المساقاۃ ،پر کام ہوا۔

مفتی حبیب حسین صاحب کے قلم سے "کتاب الجہاد" کی ایک جلد پر مکمل اور کتاب احادیث الانبیاء" پر نامکمل کام ہوا۔

مولانا حبیب اللہ زکریا صاحب کے قلم سے تین جلدیں منظر عام پر آچکی ہیں،جن میں کتاب الجہاد" کی دو جلدیں۔اور کتاب بدء الخلق ہے۔

مفتی عارف محمود صاحب نے "کتاب الغسل" جلد اول پر کام کیا۔

مفتی مبارک علی صاحب،نے "کتاب الحیض" پر کام مکمل کیا،اس کے بعد مفتی حبیب حسین صاحب والے کام "کتاب الانبیاء" کی تکمیل بھی کی۔

مفتی امان اللہ صاحب نے "کتاب التیمم" پر کام کیا ہے۔

---

[57] مقدمہ کشف الباری،ج1۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور مولانا راشد ڈسکوی صاحب نے "کتاب الصلاۃ" جلد اول پر کام کیا ہے۔

کشف الباری کی وہ جلدیں جو مولانا ابن الحسن عباسی صاحب کی تحقیق سے سامنے آئیں ان میں بنسبت دیگر تمام جلدوں کے قدرے اختصار ملتا ہے لیکن بقیہ تمام جلدوں میں تفصیل اور تقریبا تمام مباحث کا استیعاب ہے۔ سنہ:2009ء میں جب حضرت مولانا نور البشر صاحب نے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے حکم سے کام کا منہج مرتب کرکے محققین کے سپرد کیا۔کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تقریر کو بنیاد بناتے ہوئے اس منہج کے مطابق کام کرنا ہے،ذیل میں وہ منہج ذکر کیا جاتا ہے:

1. ترجمۃ الباب کے مقصد/مقاصد کی وضاحت اور تراجم ابواب پر سیر حاصل بحث۔
2. ربطِ ابواب،ذکرِ مناسبت
3. حدیث باب کا ترجمہ
4. حدیث باب کی امہات ستہ سے تخریج
5. رواۃ حدیث کا جامع تعارف،خاص طور پر ان کی توثیقات وتعدیلات کا ذکر، اسی طرح ان پر اگر ائمہ کا کلام ہو تو ان کا ذکر،اگر بلا تکلف وتصنع دفاع ہو سکے،تو دفاع، ورنہ کم از کم صحیح بخاری میں ایسے متکلم فیہ راوی کے مندرج ہونے کا عذر۔
6. سندِ حدیث پر محققانہ کلام۔
7. متنِ حدیث پر محدثانہ کلام۔
8. شرحِ حدیث میں ملحوظ امور:
   1. دیگر طرقِ حدیث میں وارد الفاظ مختلفہ کو لاکر تشریح۔
   2. نحوی،صرفی،بلاغی،لغوی،اور اعرابی،حیثیت سے تشریح وتحقیق
   3. فقہی مذاہب کی(اصحابِ مذاہب کی کتب سے) تنقیح وحوالہ۔
   4. دلائل فقہیہ کا التزام
   5. حنفی مذہب کو مدلل ومبرھن انداز سے پیش کرنا اور وجوہِ ترجیح مذہبِ حنفیہ کا التزام کرنا۔

9.حدیث شریف کی ترجمۃ الباب سے مطابقت

10.متابعات وشواہد بخاری کی تخریجات

11.حوالہ جات وتعلیقات میں درج ذیل امور کو خاص طور پر ملحوظ رکھا جائے:

toobaa-elibrary.blogspot.com

1. کتبِ حدیث کا حوالہ جہاں جلد، صفحات کے ساتھ دیا جائے وہاں "کتاب" اور "باب" اسی طرح "رقم الحدیث" ضرور ذکر کیے جائیں۔
2. حدیثِ باب کی تخریج امہات ستہ سے خاص طور پر کی جائے اگر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث میں متفرد ہوں تو کس متعمد مصنف کا حوالہ ضرور دیا جائے اور اس سلسلے میں فتح الباری اور عمدۃ القاری کے ساتھ ساتھ "تحفۃ الاشراف" سے مدد لی جائے۔
3. متن میں جس کتابِ حدیث کا حوالہ آئے اور وہ کتاب اگر دار التصنیف میں موجود ہو یا آسانی سے مل سکتی ہو تو اس کی مراجعت کر کے حوالہ ثبت کیا جائے، ورنہ بدرجہ مجبوری ثانوی مراجع مثلا: فتح الباری وغیرہ کا حوالہ دیا جائے۔
4. تعلیقات بخاری کے سلسلہ میں "تغلیق التعلیق" سے ضرور استفادہ کیا جائے۔
5. رواۃ کے سلسلہ میں عام شروح کا حوالہ دینے کے بجائے اسماء الرجال کی معتبر کتابوں کا حوالہ دیا جائے۔
6. لغوی تحقیقات کے لیے لغاتِ حدیث اور عام بڑی لغت کی کتابوں: مثلا: تاج العروس، لسان العرب، المصباح المنیر، المغرب وغیرہ کو ترجیح دی جائے۔
7. اعرابی ونحوی وصرفی تحقیقات کے لیے (کتب وونحو وصرف اور خاص طور سے) شروحِ حدیث سے استفادہ کیا جائے۔
8. فقہی مذاہب ودلائل کے لیے ہر مکتبہ فکر کی اپنی کتابوں کو ملحوظ رکھا جائے۔
9. حدیثی مباحث اور محدثانہ کلام کے لیے شروحات کئے ساتھ ساتھ عللِ حدیث پر لکھی گئی کتابوں کی طرف رجوع کیا جائے۔
10. معاصر تقاریر پر سرسری استفادہ کی حد تک تو اعتماد ہو لیکن حوالہ جاتی اعتماد ہرگز نہ کیا جائے۔
11. مایستفاد من الحدیث کا شراح حدیث کے کلام کی روشنی میں تذکرہ کیا جائے۔
12. اسی طرح کسی حدیث پر فقہی وکلامی مباحث کو بھی مکرر نہ لکھا جائے، الا یہ کہ کسی جگہ ناگزیر ہو تو پہلی جگہ کا حوالہ بھی ذکر کریں۔
13. حدیث شریف سے متعلق کون سے مباحث ذکر کرنے ہیں ان کی تعیین اکابرین کی شروحات وتقاریر کو سامنے رکھ کر کی جا سکتی ہے۔

فی الوقت پانچ علمائے کرام حضرت مولانا حبیب اللہ زکریا صاحب، مفتی امان اللہ صاحب، مفتی مبارک علی صاحب، مفتی ثناء اللہ صاحب اور مفتی راشد ڈسکوی صاحب کشف الباری پر کام کر رہے ہیں۔

اہم بات

toobaa-elibrary.blogspot.com

کشف الباری کا پشتو زبان کا ترجمہ بھی شروع ہوا ہے، جس کی ایک جلد کا ترجمہ مکمل ہو کر شائع ہو چکا ہے، پشتو ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کرنے والے جناب مولانا شاہ فیصل صاحب ہیں، جو پشاور کی جامع مسجد فرقان پنیور کے خطیب ہیں۔ کشف الباری سے متعلق دو عظیم شخصیات مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمۃ اللہ علیہ اور مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے بہترین تاثرات کشف الباری کی جلدوں کی ابتداء میں مطبوع ہیں۔ وہ بھی اس عظیم علمی خدمت کے مقام کو پہچاننے کے لیے خوب مؤثر ہو سکتے ہیں۔

مندرجہ بالا تمام خصوصیات کا کشف الباری میں مکمل رعایت رکھی گئی ہیں۔[58]

---

[58] (تذکرہ شیخ الکل، ص 271، 275۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاصہ باب

شیخ رحمہ اللہ دسمبر 1926ء کو ہندوستان کے ضلع مظفر نگر کے مشہور قصبہ حسن پور لوہاری کے ایک معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق آفریدی پٹھانوں کے ایک خاندان ملک دین خیل سے ہے۔ آپ کے آباء واجداد پاکستان کے جس علاقے سے ہندوستان منتقل ہوئے آج وہ علاقہ خیبر ایجنسی KPK میں تیراکے قریب چورا کہلاتا ہے۔ اردو فارسی کی تعلیم لوہاری میں حاصل کی۔ رابعہ تک شرح وقایہ، شرح جامی وغیرہ ڈھائی سال میں مدرسہ مفتاح العلوم جلال آباد میں مولانا مسیح اللہ خان صاحبؒ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ اس کے بعد 5 سال تک سلسلہ تعلیم دیوبند میں جاری رکھا، ۱۹۴۷ء میں آپؒ دیوبند سے فارغ ہوئے۔ آپؒ کے اساتذہ میں سے مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کا نام گرامی سرفہرست ہے، جن کے ساتھ عقیدت تو پہلے سے تھی، مگر جب آپ نے ان سے پڑھا تو اس عقیدت میں اور بہت اضافہ ہوا، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو دارالعلوم کے اس وقت کے شیخ الادب والفقہ تھے، حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا عبدالخالق ملتانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ (بانی جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک) وغیرہ ہیں۔ دارالعلوم دیوبند سے فراغت کے بعد 8 سال مدرسہ مفتاح العلوم جلال آباد میں مدرس اور ناظم تعلیمات کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے۔ اس کے بعد آپؒ پاکستان میں ٹنڈوالہ یار (سندھ) میں مولانا احتشام الحق مرحوم کے قائم کردہ دارالعلوم تشریف لائے۔ 3 سال یہاں تدریس فرماتے رہے۔ پھر دارالعلوم کراچی میں آپؒ نے 10 سال درس دیا۔ ایک سال تک جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن میں بھی درس دیا۔ پورے پاکستان میں اور پاکستان سے باہر ممالک میں آپ کے ہزاروں شاگرد اور مریدین موجود ہیں۔ آپؒ نے مختلف ممالک کے سفر بھی فرمائے جن میں تھائی لینڈ، برما کے ممالک شامل ہیں، نیز حرمین کی زیارت بھی فرمائی۔ تصوف کے میدان میں بھی گران قدر خدمات انجام دیے ہیں، شیخؒ کو بچپن ہی سے روحانیت اور تصوف سے عشق تھا۔ آپؒ حضرت مولانا فقیر محمد صاحبؒ پشاوری کے خلیفہ تھے۔ تصنیفی میدان میں بھی اپنا لوہا منوا چکے ہیں آپ کے تصنیفات میں سے اربعینات، کشف الباری عما فی صحیح البخاری، نفحات التنقیح فی شرح مشکاۃ المصابیح، اتحاف الذکی بشرح جامع الترمذی وغیرہ ہیں۔

شیخؒ نے 1967ء میں اپنے ادارے دارالعلوم فاروقیہ کراچی کی بنیاد رکھی، جو پاکستان کے بڑے تعلیمی اداروں میں سے ایک ہے اور بیرون ملک تک اس کی شہرت ہے۔ آپؒ نے ایک طویل عرصہ تک وفاق کی قیادت فرمائی ہے۔ 30 نومبر 1980ء سے 8 جون 1989 (آٹھ سال چھ ماہ) تک بطور ناظم اعلی خدمت انجام دی اور اس کے بعد 15 جنوری 2017ء تک (ستائیس سال سات ماہ) بطور صدر وفاق کی سرپرستی فرمائی۔ حضرت فرمایا کرتے تھے کہ میرے زندگی کے دو اہداف ہیں۔ جامعہ فاروقیہ اور وفاق المدارس۔ آپؒ نے اللہ تعالی کے فضل و کرم سے ملکی اور بیرونی تمام سازشوں کو ناکام بنا کر وفاق المدارس کے نظام اور نصاب دونوں کا مکمل

toobaa-elibrary.blogspot.com

دفاع کیا۔ 2014ء میں وفاق کی شاندار خدمات کے اعتراف میں سعودی حکومت کی جانب سے وفاق المدارس کو "خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ" سے نوازا گیا۔ جب بھی سرزمین پاکستان میں کسی فتنہ نے سر اٹھایا تو آپؒ نے تمام فرق باطلہ اور جدیدیت کے فتنوں اور فتنہ پروروں کی سرکوبی کی۔ شیخؒ قولاً و فعلاً اپنے درس، بیانات اور مجالس میں ہمیشہ طلبہ اور عوام الناس کو تبلیغی جماعت میں نکلنے کی بھرپور ترغیب دیا کرتے تھے۔ کشف الباری حضرت شیخؒ کے تقریری افادات پر مشتمل مرتب و محقق وہ بے مثال اور بے نظیر مجموعہ ہے۔ دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث مولانا مغفور اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ "صحیح البخاری کے لیے کشف الباری کے بعد کسی اور شرح کی دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی"۔ اسی طرح مفتی نظام الدین شامزئی صاحبؒ اور مفتی تقی عثمانی صاحبؒ نے بھی اس شرح کو خوب سراہا ہے۔ تاحال اس شرح کی چوبیس جلدیں منظر عام پر آچکے ہیں جو عام و خاص کے ہاں بڑی مقبول ہوئی۔

حضرت شیخؒ 15ربیع الثانی 1438ھ/ 14 جنوری 2017 بروز ہفتہ بعد نماز عشاء 96سال کی عمر میں اس دنیائے فانی کو چھوڑ کر عالم عقبی کی طرف روانہ ہو گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب چہارم

مفتی محمد فرید صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا حدیثی منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اول

عنوان ابواب میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا حدیثی منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث اول

ترجمۃ الباب کی تشریح میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

تراجم الباب کی تشریح میں دونوں شیوخ کا منہج

دونوں شیوخ کا تراجم الباب کی تشریح میں اسلوب جاننے سے پہلے مناسب یہ ہے کہ پہلے تراجم الباب کی وضاحت ہو جائے۔ اس کے بعد شیوخ کی تشریحات کو سمجھنا آسان ہو گا۔

تراجم کی تعریف

تراجم سے مراد وہ عناوین ہیں جو امام بخاری ؒ کوئی بھی حدیث یا چند احادیث جو ایک موضوع سے متعلق ہوں ان کو ذکر کرنے سے پہلے ذکر فرماتے ہیں، ان تراجم کی امام بخاریؒ کی کتاب میں بہت اہمیت ہے اور ان کی وجہ سے امام بخاری کی کتاب کو باقی حدیث کی کتابوں پر ایک خاص شرافت حاصل ہے۔

تراجم کی اہمیت

احادیث کی کتب میں عموما تراجم ذکر کیے جاتے ہیں جیسا کہ مولانا انور شاہ کشمیری فرماتے ہیں: کہ حافظ بدر الدین العینی الحنفی فرماتے ہیں احادیث لکھنے والے جس وقت ایک مقام میں احادیث کی مختلف اقسام ذکر کرتے ہیں تو اس کو کتاب کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں اور جب وہ ایک ہی قسم کی احادیث ذکر کریں تو اس کو باب کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں، اور محدث کی سمجھ کا علم اس کے تراجم سے ہی ہوتا ہے۔

سب سے آسان تراجم امام ترمذی کے ہیں اور امام ابوداؤد کے تراجم امام ترمذی سے اعلیٰ ہیں اور امام نسائی نے تراجم میں اپنے شیخ امام بخاری کی پیروی کی ہے اور ان کے کئی تراجم حرف بہ حرف ان کے مشابہ ہیں اور امام مسلم نے تراجم ذکر کیے ہی نہیں ہیں۔[1]

تراجم امام بخاریؒ

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں "فقه البخاری فی تراجمه"[2] کہ امام بخاری کی سمجھ ان کے تراجم سے واضح ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ مولانا انور شاہ کشمیری نے دو معانی ذکر کیے ہیں:

1. امام بخاری کے وہ مسائل جو فقہ میں ان کے نزدیک مختار ہیں وہ ان کے تراجم سے واضح ہوتے ہیں۔
2. امام بخاری کی ذہانت ان کے تراجم سے واضح ہے۔

---

1 محمد انور شاہ بن معظم شاہ الکشمیری الہندی، العرف الشذی، محقق محمود احمد شاکر، طبعۃ اولی، مؤسسۃ ضحی للنشر والتوزیع، ج1 ص10

2 فتح الباری، ج1 ص13

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ان تراجم کے لکھنے میں انتہائی درجہ کا کمال کیا ہے کہ اس سے عقول دھنگ رہ گئی ہیں۔[3]

اقسام تراجم امام بخاریؒ

حافظ ابن حجر نے اس کی دو اقسام ذکر کی ہیں:

1. تراجم ظاہرہ:
2. تراجم خفیہ:

تراجم ظاہرہ

اس سے مراد وہ تراجم ہیں جس کے تحت ذکر کی گئی حدیث پر واضح دلالت کرتے ہوں اور ان کا فائدہ یہ ہوتا ہے۔ کہ یہ اس باب کا ایک اعلان ہوتا ہے کہ اس میں فلاں فلاں مسئلہ ذکر کیا گیا ہے، یا اس میں فلاں مسئلہ کی دلیل ذکر کی گئی ہے اور یہ ترجمہ حدیث کے مکمل الفاظ یا بعض یا اس کے معانی سے ذکر کیا جاتا ہے۔

مثال : امام بخاری نے باب قائم کیا ہے:"باب التداوی بابوال الابل و البانها":

" یہ باب ہے اس بارے میں کہ اونٹوں کے دودھ اور پیشاب کو دوائی کے طور پر استعمال کیا جائے۔"

اس کے ضمن میں امام نے حدیث عرنیین لائی ہے۔

"حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: «أَنَّ نَاسًا اجْتَوَوْا فِي المَدِينَةِ، فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَلْحَقُوا بِرَاعِيهِ – يَعْنِي الإِبِلَ – فَيَشْرَبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، فَلَحِقُوا بِرَاعِيهِ، فَشَرِبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، حَتَّى صَلَحَتْ أَبْدَانُهُمْ، فَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَسَاقُوا الإِبِلَ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ فِي طَلَبِهِمْ فَجِيءَ بِهِمْ ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ» قَالَ قَتَادَةُ: فَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ: «أَنَّ ذَلِكَ كَانَ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ الحُدُودُ»[4]."

---

3 العرف الشذی ج1 ص10

4 صحیح البخاری، کتاب الطب، 76، باب الدواء بابوال، حدیث 5686

toobaa-elibrary.blogspot.com

"قتادہ[5]، انس ؓ [6] سے روایت کرتے ہیں کہ کچھ لوگوں کو مدینہ کی آب وہوا راس نہ آئی تو ان کو نبی ﷺ نے حکم دیا کہ اونٹ کے چرواہوں سے ملیں ان کا دودھ اور پیشاب پییں، چنانچہ وہ لوگ اونٹوں کے چرواہے سے ملے اور ان کا دودھ اور پیشاب پیا یہاں تک کہ وہ تندرست ہو گئے، تو چرواہے کو قتل کر ڈالا اور اونٹ لے بھاگے۔ جب نبی ﷺ کو یہ خبر پہنچی تو ان لوگوں کی تلاش میں آدمی بھیجے ان کو پکڑ کر لایا گیا اور ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے گئے اور ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں۔ قتادہ نے بیان کیا کہ مجھ سے محمد بن سیرین[7] نے بیان کیا یہ حدود کی آیات نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے۔"

تراجم خفیہ

کبھی ترجمہ سے حدیث کی تاویل کر کے فقیہ کے قول کے مطابق اس کو بیان کیا جاتا ہے مثلاً اس عام حدیث سے خاص مراد ہے یا خاص سے عام، اور اسی طرح مطلق کو مقید اور مقید کو مطلق اور ظاہر کی تاویل اور مجمل کی تفصیل کے لیے لائے جاتے ہیں یہ وہ مقامات ہیں جن کو سمجھنا دشوار ہوتا ہے اور یہی تراجم امام بخاری کا طرہ امتیاز ہیں۔[8]

مثال: امام بخاری نے باب قائم کیا ہے "باب تزویج العسر الذی معه القرآن والإسلام"

ترجمہ: یہ باب ہے اس بارے میں کہ تنگ دست مسلمان جو قرآن کریم جانتا ہو اس کا نکاح کرا دینے کا بیان۔ اس کے ضمن میں امام بخاریؒ نے ابن مسعودؓ کی حدیث لائی ہے:

---

5 ابو قتادہ انصاریؓ حارث بن ربعی انصاری، خزرجی، سلمی 18ق ھ/614ء کو پیدا ہوئے۔ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ابتدائی واقعات میں شریک تھے۔ جب خلافت علیؓ کو حوالہ کر دیا گیا تو آپؓ نے ابو قتادہؓ کو مکہ کا والی مقرر کیا۔ جنگ صفین میں علیؓ کے ساتھ تھے۔ 54ھ/674ء کو مدینہ منورہ میں فوت ہوئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب ج4، ص 1731، ترجمہ (3130))

6 انس بن مالکؓ بن نضر خزرجی خادم رسول ﷺ تھے۔ ہجرتِ مدینہ سے دس سال قبل پیدا ہوئے۔ ہجرت کے بعد آپ کی ماں نے آپ کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت کے لیے پیش کیا تو آپ ﷺ نے قبول فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ نے آپ کی کنیت ابو حمزہ رکھا۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات تک خدمت میں رہے۔ 91ھ کو 99 سال کی عمر میں بصرہ میں فوت ہوئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ج1، ص109، ترجمہ (84)۔۔۔الاصابۃ فی تمیز الصحابہ ج1، ص136، ترجمہ (277))

7 محمد بن سیرین الانصاری ابو بکر بن ابی عمر البصری۔ تابعی اور ثقہ راوی ہیں۔ انس بن مالک، خذیفہ بن الیمان اور حسین بن علی سے علم حاصل کیا۔ شاگردوں میں اسماء بن عبید الضبعی اور اشعث بن سوار شامل ہیں۔ صحاح ستہ سب نے آپ سے روایات نقل کیے ہیں۔ 110ھ/728 کو فوت ہوئے۔ (حلیۃ الاولیاء، ج2، ص263۔۔۔وفیات الاعیان ج1، ص453)

8 سعید بن علی بن وھب الصحطانی، فقہ الدعوۃ فی صحیح الامام البخاری، ریاض، الرئاسۃ العامۃ لادارت البحوث العلمیۃ والافتاء والدعوۃ والارشاد، 1421ھ الطبعۃ الاولی، ج1، ص45

toobaa-elibrary.blogspot.com

" حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ المُثَنَّى، حَدَّثَنَا يَحْيَى، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي قَيْسٌ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا نِسَاءٌ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلاَ نَسْتَخْصِي؟ «فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ» ".[9]

"محمد بن مثنی، یحیی، اسماعیل، قیس، ابن مسعود روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ جہاد کرتے تھے، اس وقت ہماری بیویاں نہ تھیں، تو ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ اجازت دیتے ہیں کہ ہم خصی ہو جائیں، تو آپ ﷺ نے اس سے ہمیں منع فرمایا[10]۔"

اس باب کے ترجمہ کی حدیث کے ساتھ مناسبت بہت مخفی ہے کیونکہ باب نکاح کے بارے میں ہے اور جبکہ حدیث میں خصی ہونے سے منع کیا گیا ہے۔

کتب تراجم بخاری

امام بخاری کے تراجم کی اہمیت کے پیش نظر ان تراجم پر علماء نے مستقل طور پر کتب لکھی ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں

1. التواری علی تراجم ابواب البخاری اس کے مصنف ابن المنیر (ت 683ھ) ہیں۔
2. ترجمان التراجم اس کے مصنف ابن رشید السبتی (ت 721ھ) ہیں
3. مناسبات تراجم البخاری اس کے مصنف بدر الدین جماعۃ (ت 733ھ) ہیں۔

اس کے علاوہ القسطلانی اور ابن حجر نے بھی امام بخاری پر اپنی کتاب میں بڑی تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے۔

مذکورہ بالا تفصیل کے بعد ہم دونوں شیوخ ؒ کے ترجمۃ الباب کی تشریح میں اسلوب ان کی شروحات کے تناظر میں پیش کرتے ہیں۔ دونوں شیوخ نے اپنی شروحات میں تراجم کو خصوصی اہمیت دی ہے اور ہر طرح سے ان کی وضاحت کی کوشش کی ہے جو آنے والی فصول میں واضح ہو جائے گی۔ شیوخ عموما اپنی کتابوں کی تشریحات میں متقدمین، متاخرین اور معاصرین سب کے اقوال ذکر کرتے ہیں اس بحث میں ان کے اقوال کو الگ الگ ذکر کریں گے۔

ہدایۃ القاری میں مفتی صاحب ؒ کا ترجمۃ الباب کی تشریح میں منہج کیا ہے وہ ہم ذیل میں ذکر کرتے ہیں۔

---

9 صحیح البخاری، کتاب النکاح (67) باب تزویج المعسر الذی معہ القرآن والاسلام، حدیث (5071)

10 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 65، باب کتاب النکاح، ج 3، ص 63۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اول: مفتی صاحبؒ،امام بخاری ؒ کی طرح سب سے پہلے ترجمۃالباب ذکر کرتے ہیں۔اس کے بعد ترجمۃالباب کی وضاحت کرتے ہیں۔اور یہ اس لیے کرتے ہیں تاکہ قاری کے لیے آسانی ہو۔ اور اکثر یہ الفاظ ذکر فرماتے ہیں: " المناسبة بالسابق "یعنی ما قبل کے ساتھ مناسبت یا ربط و تعلق۔

مثال:باب تطوع قيام رمضان من الايمان :

مفتی صاحبؒ نے ترجمہ الباب ذکر کیا ہے لیکن یہ ذکر نہیں فرماتے کہ یہ ترجمۃالباب میں نے کن کتب سے اخذ کر کے یہاں ذکر کیا ہے۔باب کو ذکر کرنے کے بعد اس کی تشریح کرنے سے پہلے فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ فرما رہے ہیں کہ قیامِ رمضان تطوع ہے اور وہ ایمان کا ایک شعبہ ہے) **ان المندوبات داخلة مفروضة فى الايمان كالواجبات من الجهاد وغيره فافهم**" مطلب یہ ہے کہ جس طرح طاعات مفروضہ ایمان میں داخل ہیں اسی طرح عبادات مندوبہ بھی ایمان کا حصہ ہے اور ایمان میں داخل ہے۔لہذا ما قبل یعنی کتاب الایمان کے تمام ابواب کے ساتھ مناسبت صحیح ہے۔نیز مفتی صاحب ؒ ایسا عنون وغیرہ ذکر نہیں کرتے جیسے شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ ذکر کرتے ہیں (مقصد ترجمہ) وغیرہ۔اسی طرح مفتی صاحبؒ مختصر الفاظ میں ترجمۃالباب کی تشریح فرماتے ہیں۔[11]

کشف الباری میں حضرت شیخؒ کا اسلوب ترجمۃالباب کی تشریح میں کیا ہے اس کو ہم آنے والے نکات میں ذکر کرتے ہیں۔ شیخؒ،امام بخاریؒ کی طرح سب سے پہلے ترجمۃالباب ذکر فرماتے ہیں۔اس کے بعد اس کی وضاحت کرنے سے پہلے واضح طور پر کہتے ہیں کہ اس کا مقصد یہ ہے اس سے قاری کے لیے بڑی آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ بڑی آسانی سے ہر چیز کو الگ الگ دیکھ کر اس سے استفادہ حاصل کر سکتا ہے۔

مثال:"باب تطوع قيام رمضان من الايمان."

اس باب میں شیخؒ نے ایک ہی ترجمہ ذکر کیا ہے اور وہ بھی شیخ الحدیث مولانا ناز کر مہاجر مدنی ؒ کی کتاب الابواب والتراجم سے لیا ہے جو شیخ کے معاصرین میں سے ہیں۔ اس باب کو ذکر کرنے کے بعد اس کی تشریح کرنے سے پہلے شیخ فرماتے ہیں:

مقصد ترجمہ: امام بخاری فرما رہے ہیں کہ قیامِ رمضان جو تطوع ہے وہ ایمان کا شعبہ ہے اس سے امام بخاری نے دو باتوں کی طرف اشارہ کیا ہے،ایک تو یہ کہ قیامِ رمضان سنت ہے واجب نہیں، دوسرے یہ کہ جس طرح طاعات مفروضہ ایمان میں داخل ہیں

---

11 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، باب تطوع قیام رمضان من الایمان۔ص170۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عبادات مندوبہ بھی داخل ہیں۔ عبادات مندوبہ ایمان میں داخل ہیں یا نہیں یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ اہل السنۃ والجماعۃ طاعات مفروضہ و مندوبہ سب کو ایمان میں داخل مانتے ہیں۔ جب کہ معتزلہ کی ایک جماعت کہتی ہے کہ فرائض تو ایمان میں ہیں نوافل و مندوبات داخل نہیں۔ امام بخاری نے اس ترجمہ میں تطوع کا لفظ بڑھا کر اس اختلاف کی طرف اشارہ کیا اور اہل سنت کی تائید فرمائی ہے۔[12]

دوم: بعض شارحین کا ایک طریقہ ہے کہ وہ تراجم ابواب کی تشریح میں بخاری شریف کی شروح یا تراجم پر لکھی گئی کتب سے استفادہ کرتے ہیں۔ اور ترجمۃ الباب کی تشریح میں ان کا حوالہ بھی دیتے ہیں، کہ فلاں نے یہ کہا، اور نے فلاں نے یہ کہا۔

مفتی صاحبؒ بخاری شریف کی شروحات اور تراجمِ بخاری سے استفادہ ضرور کرتے ہیں اور تراجم کا خوب مطالعہ رکھتے ہیں۔ لیکن تشریح کے دوران وہ کسی کا حوالہ نہیں دیتے اور نہ کسی کی تشریح کا ذکر کرتے ہیں۔ مفتی صاحبؒ ترجمۃ الباب کی تشریح میں انتہائی اختصار سے کام لیتے ہیں۔ لہذا وہ ترجمۃ الباب کی مختصراً تشریح کرکے آگے حدیث کی تشریح شروع کردیتے ہیں۔

مثال:"**باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم رب مبلغ اوعی من سامع** "

مفتی صاحبؒ حسبِ معمول "**المناسبة بالسابق**" کے عنوان سے سابقہ کتب اور ابواب کے ساتھ ربط کو بیان فرماتے ہیں۔ کہ پچھلے باب میں مبلغین کا ذکر ہے اور اس باب میں بھی مبلغ (فتحہ کے ساتھ) کا ذکر ہے۔ یعنی ماقبل اور مابعد کے ابواب میں دعوت اور ارشاد کی بابت بحث ہے لہذا ربط صحیح ہے۔ اور "**وغوضه**" سے مفتی صاحبؒ ترجمۃ الباب لانے کا مقصد بیان کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں: "**جواز الحمل علی من لیس بفقیہٍ، وھو السامع**" اور اسی طرح فرماتے ہیں کہ "**وکذا ترغیب الاخذ ولو من دونه**" یعنی اس بات کی طرف ترغیب ہے کہ اپنے سے کم تر سے بھی علم حاصل کرنا چاہیے۔ تو اس باب میں مفتی صاحب نے نہ کسی تشریح کو ذکر کیا ہے اور نہ کسی کا حوالہ دیا ہے۔[13]

جبکہ شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ عموماً تراجم ابواب کی تشریح سابقہ لکھی جانے والی شروحات بخاری اور خاص طور پر تراجم پر لکھی جانے والی کتب سے استفادہ کرکے کرتے ہیں۔ اور وہ اس میں کتاب کی تشریح کو ذکر کرتے ہوئے اس کا حوالہ بھی دیتے ہیں۔

مثال: "**باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم رب مبلغ اوعی من سامع**"

---

12 کشف الباری، کتاب الایمان، باب قیام تطوع رمضان من الایمان، ج2، ص315۔

13 ہدایۃ القاری، کتاب العلم، باب قول النبی ﷺ رب مبلغ اوعیٰ من السامع، ص229۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس باب کی تشریح میں علماء کے اقوال ذکر کیے ہیں اور ان میں سے قطب الدین حلبیؒ [14] اور حضرت گنگوہیؒ اور اپنے معاصرین میں سے شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ کا قول نقل کیا ہے جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں کہ حافظ قطب الدین حلبیؒ فرماتے ہیں کہ اس باب کا مقصد اس بات پر تنبیہ ہے کہ اگر حدیث پڑھانے والا غیر معروف اور غیر محقق ہو، لیکن جو کچھ وہ بیان کر رہا ہے وہ محفوظ ہے تو اس کی حدیث لی جاسکتی ہے۔اور حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ اس باب سے اس بات کا رد کرنا مقصود ہے جو مشہور ہے کہ شاگرد استاذ سے علم میں کم تر ہی ہوتا ہے۔حضرت شیخؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاری کی غرض اس باب سے اس بات کی ترغیب دینا ہے کہ اپنے سے کم تر سے بھی علم حاصل کرنے کا اہتمام کرنا چاہیے۔اس میں شیخ نے تین قول ذکر کیے ہیں اور وہ تینوں مختلف علماء کے ہیں اور شیخ نے ان کے ناموں کے ساتھ ان ہی کتابوں کے حوالے سے ذکر فرمائے ہیں اور ان پر کسی قسم کی کوئی بحث نہیں کی ہے۔[15]

سوم: بعض شارحین شرح حدیث کے دوران ترجمۃ الباب کو ذکر کرنے کے بعد اس کے مفردات کی بھی تشریح کرتے ہیں اور پوری وضاحت کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

مفتی صاحبؒ کی عادت ہے کہ وہ ترجمۃ الباب کو ذکر کرنے کے بعد اس کے مفردات کی بھی تشریح کرتے ہیں اور پوری وضاحت بیان کرتے ہیں۔

مثال اول: **"باب كيف كان بدء الوحي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"**

مفتی صاحبؒ لفظ کیف کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں **"اعلم ان البخارى ترجم فى صحيحه ب كيف كان "ثلثين ترجمة اصالة،اي سوى ما ترجم به تبعا فى ضمن الابواب"** حضرت شیخؒ فرماتے ہیں اصل میں لفظ **"كيف"** بخاری کے تراجم میں 30 مرتبہ آیا ہے اور یہ تعداد ان کے علاوہ جو یہ ابواب کے ضمن میں آیا ہے۔

پھر حضرت مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں: **ولا يثبت الكيفية فى اكثر هذه التراجم و اضطربت أ قوال الشراح فى اثبات الكيفية من احاديث هذه الابواب والاوجه ما قال الشيخ محمد زكريا الانصارى:ان الامام البخارى لم يرد فى هذه الابواب اثبات الكيفية بل اراد اثبات ما بعد لفظ " كيف" ونبه بلفظ "كيف" على الاختلاف الوارد فى كيفية هذه الامور ولا حاجة الى جعل لفظ "كيف حشوا"** ترجمہ: اور اکثر ان تراجم میں کیفیت ثابت نہیں ہوتی اور ان ابواب

14 عبدالکریم بن عبدالنور بن منیر، قطب الدین حلبی، حلب میں 664ھ/1266ء کو پیدا ہوئے۔آپ مصر مقیم رہے۔تصانیف میں "تاریخ مصر"، "شرح السیرۃ للحافظ عبدالغنی" اور "شرح صحیح البخری" شامل ہیں۔آپ مصر میں 735ھ/1335ء کو فوت ہوئے۔(الفوائد البہیہ، ص100۔۔۔الاعلام ج4، ص53)

15 کشف الباری، کتاب العلم، باب قول النبی ﷺ رب مبلغ اوعیٰ من السامع، ج1، ص221۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی احادیث میں کیفیت کی اثبات میں شارحین کے اقوال مختلف ہیں اور سب سے مناسب بات یہ ہے جو شیخ زکریا انصاری نے فرمائی ہے کہ امام بخاری کا مقصد صرف اثبات کیفیت نہیں بلکہ ان کا مقصد ما بعد لفظ کیف ہے اور لفظ کیف کے ساتھ تنبیہ فرمائی ہے اور اس ترجمہ میں لفظ کیف زائد نہیں ہے۔

مفتی صاحبؒ لفظِ "کیف" کی مزید وضاحت فرماتے ہوئے لکھتے ہیں کہ کبھی کبھی "کیف" میں فاء کو خذف کیا جاتا ہے جیسے "سو" سوف میں۔اور شاید اس کیف سے مراد وحی کی عظمت ہو ۔اور ممکن ہے کہ اس سے مراد "بیان کیفیة ابتداء الوحی "ہو۔مفتی صاحب مزید فرماتے ہیں کہ لفظ "کیف" لفظ باب کے بغیر یہ حال مقدم ہے اور لفظ باب کے ساتھ یہ منون ہے ۔ پھر فرماتے ہیں:
وقالوا : الجملة اذا کانت فی حکم المفرد جاز اضافة الباب الیها و قالوا ایضا ان لفظ "کیف" یقتضی الصدارة فی الجملة التی هو فیها فلاضیر فی اضافة الباب الیه۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ جب جملہ مفرد کے حکم میں ہو تو اس کی اضافت باب کی طرف صحیح ہے۔اور بعض کہتے ہیں کہ لفظ کیف جملے میں صدارت کو چاہتا ہے تو باب کی طرف اضافت کی ضرورت نہیں ہے۔

مفتی صاحب لفظ "بدء" کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔کہ لفظِ بدء دو طرح مروی ہے۔ باء کے فتحہ،دال کے سکون اور آخر میں ہمزہ کے ساتھ (بدء) بمعنی ابتداء اور باء اور دال کے ضمہ اور واؤ کے شد کے ساتھ ۔(بُدُوّ) بمعنی ظہور۔[16]

مثال دوم:" باب السمر بالعلم"
اس باب کی تشریح کرتے ہوئے مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ سمر سے مراد رات کے وقت سونے سے پہلے قصہ گوئی کرنا یا اس کا مطلب یہ ہے کہ رات کے وقت قصہ گوئی کرنا چاہے قبل النوم ہو یا بعد النوم ہو۔فرماتے ہیں: **"السمر هو الحدیث باالیل قبل النوم،او الحدیث بالیل سواء کان قبل النوم او بعده"**[17]. ترجمہ: سمر رات کی قصہ گوئی کو کہتے ہے چاہے نیند سے پہلے ہو یا بعد میں۔

اسی طرح شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ کی عادت یہ ہے کہ وہ ترجمۃ الباب کو ذکر کرنے کے بعد اس کے مفردات کی تشریح بھی کرتے ہیں اور ہر لفظ کے بارے میں وضاحت کرتے ہیں۔

---

16 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص45 ، 47 ۔

17 ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری، کتاب العلم، باب باب السمر بالعلم ص288۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مثال:"باب كيف كان بدء الوحي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"

بخاری شریف کے پہلے ہی باب میں شیخ نے اس پر اشکالات کے جوابات دینے کے بجائے اس کے مفردات کی تشریح ذکر کی ہے اور اس میں حافظ ابن حجرؒ، اور ملا علی قاریؒ اور قاضی عیاضؒ کے اقوال ذکر کیے ہیں جیسا کہ شیخؒ فرماتے ہیں۔

کیف: اس باب کے جو شروع میں کیف کا لفظ آیا ہے یہ اسم استفہام ہے اور صدارت کلام چاہتا ہے اور اگر اس سے پہلے لفظ باب نہ ہو تو پھر کوئی اشکال نہیں ہے اور اگر اس سے پہلے باب کا لفظ ہو جیسا کہ مشہور نسخوں میں ہے اور وہ مضاف بھی ہو تو اس پر اعتراض ہوتا ہے کہ یہ تو صدارت چاہتا ہے لیکن اس جگہ شروع میں کیوں نہیں آیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ کیف اور دوسرے ادوات استفہام کے صدرِ کلام میں آنے کے معنی یہ ہیں کہ جس کلام میں وہ مذکور ہیں اس کی ابتداء میں ہوں گے یہاں جملہ استفہامیہ کے شروع میں کیف ہے۔

بدء: اس طرح شیخ نے لفظ بدء کی تشریح ذکر کی ہے اور اس میں مختلف قراءات کو ذکر کیا ہے اسکے بعد وحی کے معنی کا ذکر کیا ہے جیسا کہ شیخ فرمارہے ہیں۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ یہ لفظ بدء دو طرح سے مروی ہے: ایک بدء: **بفتح الباء الموحدة وسكون الدال وآخره همزة۔ دوسرا بدء: بضم الباء والدال وتشديد الواو، بمعنى الظهور۔** علامہ عینیؒ نے بعض حضرات سے معنی اول کے رجحان کا قول نقل کیا ہے اور دوسرے بعض حضرات سے معنی ثانی کے رجحان کا۔ حافظ ابن حجرؒ نے بدء (مہموز) کو بدو پر راجح قرار دیا ہے اور فرمایا کہ بخاری کے طرز کے مناسب یہی ہے کیونکہ امام بخاریؒ نے آگے **بدء الحيض بدء الاذان بدء الخلق** کے تراجم منعقد کیے ہیں اور ہر جگہ بدء مہموز ہے ہم نے اپنے مشائخ سے بھی مہموز ہی سنا ہے، نیز اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ بعض نسخوں میں کیف کان ابتداء الوحی واقع ہے[18]۔

چہارم : اگر کہیں ترجمۃ الباب میں نسخوں کا اختلاف ہو تو شارحین بخاری اس کی نشاندہی اور وضاحت کرتے ہیں۔

مفتی صاحب بھی تشریح کرتے ہوئے نسخوں کا اختلاف ذکر کرتے ہیں اور وضاحت کرتے ہوئے مفتی صاحب بعض اوقات یہ نہیں بتاتے کہ یہ فلاں نے اس طرح ذکر کیا ہے یا فلاں نسخے میں اس طرح مذکور ہے بلکہ مختصر یہ فرماتے ہیں کہ یہ تنوین کے ساتھ بھی آیا اور غیر منون بھی آیا ہے۔

مثال اول: "باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده"

---

18 کشف الباری کتاب الایمان، باب کیف کان بدء الوحی، ج 1، ص 220۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں:"جاء منونا و جاء غیر منونا و بالاضافة الی الجملة." ترجمہ: بعض نسخوں میں تنوین کے ساتھ آیا ہے اور بعض نسخوں میں بغیر تنوین کے آیا ہے۔ اور بعض جگہ اضافت کے ساتھ آیا ہے۔[19]

مثال دوم:"باب اطعام الطعام من الإسلام"

مفتی صاحب تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "جاء منونا و بالاضافة الی الجملة".[20] ترجمہ: بعض نسخوں میں تنوین کے ساتھ آیا ہے اور بعض نسخوں میں بغیر تنوین کے آیا ہے۔ اور بعض جگہ اضافت کے ساتھ آیا ہے۔

اس کے برعکس شیخ صاحبؒ اگر کسی جگہ پر ترجمۃ الباب میں نسخوں کا اختلاف ہو تو اس کو ذکر کرتے ہیں اور ہر ایک کے اعتبار سے اس کی وضاحت بھی کرتے ہیں۔

مثال:" باب السمر فی العلم"

اس باب کی تشریح میں شیخؒ نے شروع ہی میں دو نسخوں کو بیان کیا ہے اور علامہ عینیؒ سے دونوں نسخوں کی تشریح ذکر فرمائی ہے۔ جیسا کہ شیخ رقم طراز ہیں۔ "باب کی اضافت "السمر" کی طرف کی گئی ہے یہی حضرت ابوذرؓ[21] کی روایت ہے اور معنی ہے "ھذا باب فی بیان السمر فی العلم " ابوذرؓ کے سوا باقی روایات میں باب کے لفظ پر تنوین ہے، گویا اضافت نہیں ہے، اور "السمر" مرفوع ہے، گویا تقدیر عبارت یوں ہے۔ "ھذا باب فیه السمر فی العلم "[22]

پنجم: شارحین بخاری کی عادت یہ ہے کہ عموماً ایک باب کا سابقہ باب کے ساتھ مناسبت ذکر کرتے ہیں اور اس بات کی بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ دونوں آپس میں مربوط ہوں اس ربط کو ثابت کرنے کے لئے کبھی ایک مناسبت ذکر کرتے ہیں اور کبھی ایک سے زائد مناسبت ذکر کرتے ہیں۔

---

19 ھدایۃ القاری الی صحیح البخاری، کتاب الایمان، "باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده" ص121۔

20 ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری، کتاب الایمان، "باب اطعام الطعام من الإسلام"، ص126۔

21 سیدنا جندب بن جنادۃ سفیان بن عبید رضی اللہ عنہ قبیلہ بنی غفار سے تعلق رکھتے تھے۔ ابوذر رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام اور کبار صحابہ میں سے ہیں۔ آپ صحابہ میں سے پانچویں نمبر پہ نبی ﷺ پر ایمان لائے تھے۔ آپ کی سچائی ضرب المثل تھی۔ مدینہ منورہ میں 32ھ/652ء کو فوت ہوئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب ج4، ص 1652، ترجمہ (2944)۔۔۔ أسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ ج6، ص96، ترجمہ (5869))

22 کشف الباری، کتاب العلم، "باب السمر فی العلم" ج4، ص43۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحبؒ بھی عموماً ایک باب کا سابقہ باب کے ساتھ مناسبت ذکر کرتے ہیں اور اس بات کی بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ دونوں اپس میں مربوط ہوں اس ربط کو ثابت کرنے کے لئے مفتی صاحبؒ کبھی ایک مناسبت ذکر کرتے ہیں اور کبھی ایک سے زائد مناسبت ذکر کرتے ہیں۔

مثال:"باب رب مبلغ أوعى من سامع "

مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں اس باب کا ما قبل باب کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ اس باب میں (مبلغ) لام کے فتحے کے ساتھ کا حال مذکور ہے اسی طرح باب سابق میں وہ لوگ جو حلقہ میں بیٹھے ہوئے ہیں وہ بھی مبلغین ہیں لہذا مناسبت صحیح ہے۔

مذکورہ صورت میں شیخؒ نے بھی ایک ہی مناسبت ما قبل کے ساتھ ذکر کی ہے اور وہ بھی علامہ عینیؒ سے نقل کی ہے جیسا کہ شیخؒ فرماتے ہیں۔ مذکورہ باب اور باب سابق کے درمیان مناسبت یہ ہے کہ اس باب میں (مبلغ) بفتح الام کا حال مذکور ہے جبکہ سابق میں حلقہ میں بیٹھنے والے کا، جو منجملہ مبلغین ہیں۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حلقات جہاں علوم اور ان کے سیکھنے کے امر پر مشتمل ہوتے تھے وہاں غائبین تک تبلیغ کا مکلف بھی بنایا جاتا تھا۔[23]

ششم: مفتی صاحبؒ بعض اوقات ایک باب کے مناسبت ما قبل کے دو یا دو سے زیادہ أبواب کے ساتھ قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مثال:"باب الدين يسر"

یہاں پہلے مفتی صاحبؒ کتاب الایمان کے ساتھ ربط کو ثابت کرتے ہیں کہ دین، ایمان، اور اسلام ایک ہی مترادفات ہیں، اور باب کا سابقہ ابواب کے ساتھ ربط بھی مظبوط ہے، اصل میں امام بخاریؒ نے قرآن مجید کا اتباع کرتے ہوئے ترجمۃ الباب کو قائم کیا ہے کہ اللہ تعالی نے قرآن مجید رمضان میں نازل فرمایا ہے اس قرآن مجید کی وجہ لوگ قیام رمضان فرماتے ہیں پھر لوگ روزہ بھی رکھتے ہیں اور اگر کوئی روزہ پر قادر نہ ہو یا کوئی مشکل ہو تو اس کے لئے (یسر) ہے اور وہ افطار ہے۔ جیسے ارشاد باری تعالی ہے:

---

23 کشف الباری، کتاب العلم، باب "رب مبلغ أوعى من سامع، ج3، ص230۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ".[24]

"ترجمہ: (روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے) جس میں قرآن (اول اول) نازل ہوا جو لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور جو (حق و باطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو چاہئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان کا شمار پورا کرلے۔ خدا تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا۔ اور (یہ آسانی کا حکم) اس لیے (دیا گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ خدا نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کو بزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو"۔

تو اس مثال میں مفتی صاحبؒ اس باب کا سابقہ ابواب کے ساتھ مناسبت ثابت کرتے ہیں نیز کتاب الایمان کے ساتھ بھی ربط ثابت کرتے ہیں۔[25]

مذکورہ بالا مثال میں شیخؒ نے بھی اس باب کی مناسبت سابقہ دو ابواب کے ساتھ ذکر کی ہے۔ پہلی مناسبت تین معاصرین سے لی ہے ان میں سے ایک علامہ شبیر احمد عثمانیؒ دوسرے انور شاہ کشمیریؒ اور تیسرے مولانا ادریس کاندھلویؒ[26] ہیں اس کے علاوہ علامہ عینیؒ اور حافظ ابن حجرؒ کے اقوال بھی ذکر کئے ہیں، جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں:

ماقبل سے ربط

امام بخاریؒ نے "باب قیام تطوع رمضان من الایمان" اور "باب صوم رمضان احتسابا من الایمان" کے بعد "الدین یسر" کا ترجمہ قائم کیا ہے اس میں قرآن مجید کے اسلوب کی اتباع کی ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

---

24 سورۃ البقرہ 185:2

25 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "باب الدین یسر"، ص 172۔

26 مولانا محمد ادریس کاندھلوی "کاندھلہ" میں 1317ھ/1899ء میں پیدا ہوئے۔ قرآن کریم حفظ کرنے کے بعد مولانا اشرف علی تھانویؒ کے مدرسہ اشرفیہ میں درس نظامی کی ابتدائی کتب پڑھیں۔ دورہ حدیث کے لیے دارالعلوم دیوبند تشریف لے گئے۔ 1939ء میں وہاں تدریس کی خدمت انجام دی۔ 24 شوال 1382ھ/1975ء میں وفات پائی۔ (بیس بڑے مسلمان، ص 197 ---۔ کاندھلوی، محمد ادریس، مقدمہ تفسیر معارف القرآن ج 1، ص 6، فرید بک ڈپو، دہلی، 2001ء)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ".[27]

چونکہ رمضان کے روزوں کو ذکر کرنے کے بعد آگے " يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ "ارشاد فرمایا ہے اس لئے امام بخاری نے اس کی رعایت فرماتے ہوئے یہ ترجمہ "صوم رمضان احتسابا من الایمان" کے بعد یہاں منعقد کیا ہے۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ ماقبل باب اور اس باب کے مابین مناسبت اس طرح ہے کہ صوم رمضان میں یسر کے معنی موجود ہے کیونکہ مسافر اور مریض کو صوم رمضان کو مؤخر کرنے کی اجازت ہوتی ہے برخلاف نماز کے، اسی طرح شیخ فانی کے حق میں تو روزہ بالکل ساقط ہو جاتا ہے اور اس کے بجائے اس پر فدیہ لازم ہو جاتا ہے، برخلاف نماز کے کہ وہ معاف نہیں ہوتی، ظاہر ہے کہ یہ یسر ہی ہے ، پھر صوم بارہ مہینوں میں سے ایک مہینہ ہے جبکہ نماز پنج وقتہ ہے یہ بھی یسر ہے، صوم کے اس یسر کو متوجہ کرنے کے لئے امام بخاری نے یہاں الدین یسر کا باب قائم کیا ہے۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ ماقبل میں امام بخاری نے جو حدیثیں ذکر کی ہیں ان میں قیام، صوم اور جہاد کا ذکر ہے یہ سب کام مشقت والے ہیں اور ظاہر ہے کہ مشقت والے اعمال کو نبھانا اور ان پر کاربند رہنا عموماً مشکل ہوتا ہے، ایسے اعمال کے مسلسل انجام دینے سے طبیعت میں سستی اور فتور پیدا ہو جاتا ہے اور آدمی عمل چھوڑ بیٹھتا ہے، پھر نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ دین مشکل ہے، امام بخاری نے الدین یسر ذکر فرما کر اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ شریعت نے ان اعمال کی ترغیب دی ہے اور ان اعمال کا حکم تو فرمایا ہے لیکن ان پر میانہ روی کے ساتھ عمل مطلوب ہے مشکل یا دشواری اس وقت ہوتی ہے جب آدمی میانہ روی اور اعتدال کو چھوڑ دے، شریعت نے تو اعتدال اور میانہ روی کرنے کا حکم دیا ہے لہذا آدمی کو اپنی قوت کا لحاظ کر کے کوشش کرنی چاہیے اتنا زیادہ مجاہدہ نہ کرے کہ جو کچھ تھوڑا بہت عمل کر سکتا ہے اس سے بھی رہ جائے دین میں یسر ہے عسر نہیں ہے۔[28]

---

27 سورۃ البقرہ 2:185

28 کشف الباری، کتاب الایمان، "باب الدین یسر"، ج 2، ص 326۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

اس مبحث کی اختتام پر ہم دونوں شیوخؒ کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخؒ کے منہج صحیح طور پر واضح ہو جائے ۔ ترجمۃ الباب کی تشریح میں دونوں شارحینؒ کا منہج مختلف ہے۔ دونوں شارحینؒ نے اپنے اپنے منہج کے مطابق ترجمۃ الباب کی تشریح کی ہے۔

مفتی صاحبؒ عام طور پر ترجمۃ الباب کی مختصر تشریح فرماتے ہیں ، ترجمۃ الباب کی تشریح کرتے ہوئے مفتی صاحبؒ اس بات کی وضاحت نہیں کرتے کہ اس ترجمۃ الباب کو میں نے فلاں کتاب سے اخذ کیا ہے۔ نیز مفتی صاحبؒ ترجمۃ الباب کی تشریح میں کوئی خاص عنوان نہیں لاتے صرف ترجمۃ الباب کے بعد یہ جملہ ذکر فرماتے ہیں (المناسبۃ بالسابق)۔ مفردات کی تشریح میں بعض اوقات وضاحت فرماتے ہیں نیز بعض اوقات اگر ترجمۃ الباب میں نسخوں کا اختلاف ہو تو اس کی نشاندہی فرماتے ہیں۔ مفتی صاحبؒ ترجمۃ الباب کی تشریح میں سابقہ شروح بخاری یا تراجم بخاری کا حوالہ کبھی کبھار دیتے ہیں۔ عموما سابقہ ابواب کے ساتھ ربط و مناسبت بیان کرتے ہیں لیکن مابعد کے ساتھ ربط بہت کم بیان کرتے ہیں۔

جبکہ شیخ صاحبؒ ترجمۃ الباب کی مکمل تفصیل ذکر فرماتے ہیں اور ایک مستقل عنوان (مقصد ترجمہ) ذکر کرتے ہیں۔ شیخؒ اس بات کی بھی نشاندہی فرماتے ہیں کہ اس ترجمۃ الباب کو میں نے فلاں کتاب سے اخذ کیا ہے۔ اگر کہیں ترجمۃ الباب کے نسخوں میں اختلاف ہو تو ان نسخوں کا حوالہ بھی دیتے ہیں مفردات کی تشریح خوب تفصیل کے ساتھ فرماتے ہیں۔ اگر کسی ترجمۃ الباب کے اس کی کتاب کے ساتھ مناسبت میں کوئی اشکال آجائے تو اس کو دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ عموما حضرت شیخؒ سابقہ ابواب کے ساتھ تراجم کی مناسبت تو ذکر کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ بعض اوقات ترجمۃ الباب کا ماقبل اور مابعد کے ساتھ مناسبت بھی ذکر ذکر فرماتے ہیں۔

مختصر یہ کہ اگر دونوں شروحات کا بنظر غائر جائزہ لیا جائے تو کشف الباری کا منہج نہایت جامع اور مدلل ہے، جبکہ ہدایۃ القاری کا منہج مختصر اور مدلل ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث دوم

ربط حدیث کے بارے میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

ربط حدیث کے بارے میں دونوں شیوخ کا منہج

امام بخاریؒ کے تراجم جس طرح اور کئی خصوصیات سے متصف ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ یہ تراجم اور احادیث بھی ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ ایک مستقل تعلق ہوتا ہے۔ جس کو شراح حدیث نے اپنی کُتب میں نقل کیا ہے اور ہر شارح کا ربط حدیث کے بیان میں الگ الگ منہج ہے۔

اول: مفتی صاحبؒ اکثر اوقات حدیث کا ترجمۃ الباب کے ساتھ مناسبت اور ربط ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں اور مفتی صاحبؒ عبارت کے سیاق وسباق کو دیکھ کر حدیث کو ترجمۃ الباب کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مثال اول: "باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم "رب مبلغ أوعی من سامع"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے،

"حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَعَدَ عَلَى بَعِيرِهِ، وَأَمْسَكَ إِنْسَانٌ بِخِطَامِهِ - أَوْ بِزِمَامِهِ - قَالَ: «أَيُّ يَوْمٍ هَذَا» ، فَسَكَتْنَا حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ سِوَى اسْمِهِ، قَالَ: «أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ» قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: «فَأَيُّ شَهْرٍ هَذَا» فَسَكَتْنَا حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، فَقَالَ: «أَلَيْسَ بِذِي الحِجَّةِ» قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: «فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَأَمْوَالَكُمْ، وَأَعْرَاضَكُمْ، بَيْنَكُمْ حَرَامٌ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي شَهْرِكُمْ هَذَا، فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الغَائِبَ، فَإِنَّ الشَّاهِدَ عَسَى أَنْ يُبَلِّغَ مَنْ هُوَ أَوْعَى لَهُ مِنْهُ»".[29]

"ترجمہ: عبدالرحمن بن ابی بکرہ[30] اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک مرتبہ نبی ﷺ کا ذکر کرنے لگے کہ آپ اپنے اونٹ پر بیٹھے تھے اور ایک شخص اس کی نکیل پکڑے ہوئے تھا، آپ نے صحابہ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ یہ کون سا دن ہے؟ ہم لوگ خاموش رہے، یہاں تک کہ ہم نے خیال کیا کہ عنقریب آپ اس کے (اصلی) نام کے سوا کچھ اور نام بتائیں گے، آپ نے فرمایا کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ ہاں، پھر پوچھا کہ یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے پھر سکوت کیا یہاں تک کہ ہم نے خیال کیا کہ شاید آپ اس کا نام دوسرا بتائیں گے، آپ نے فرمایا کہ کیا یہ ذی الحجہ نہیں ہے؟ ہم عرض کیا کہ ہاں، (اس کے بعد) آپ نے فرمایا کہ تمہارے خون اور تمہارے مال آپس میں تمہارے لئے حرام ہیں، جیسے تمہارے اس دن میں، تمہارے اس مہینے میں، تمہارے اس شہر میں حرام

29 بخاری شریف، کتاب العلم (3) باب رب مبلغ اوعی من السامع، حدیث (67)

30 ابو بحر عبدالرحمان بن ابی بکرۃ، نفیع بن الحارث ثقفی، بصرہ میں 14 ہجری کو پیدا ہوئے۔ کبار تابعین میں سے ہیں۔ آپ سے صحیحین اور سنن اربعہ میں روایت مروی ہیں ۔ آپ 96ھ کو فوت ہوئے۔ (سیر اعلام النبلاء، ج4، ص321)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(سمجھے) جاتے ہیں، چاہئے کہ حاضر غائب کو (یہ خبر) پہنچادے اس لئے کہ شاید حاضر ایسے شخص کو (یہ حدیث پہنچائے) جو اس سے زیادہ محفوظ رکھنے والا ہو"۔[31]

اس باب کی حدیث میں یہ الفاظ آئے ہیں۔"**لیبلغ الشاهد الغائب فإن الشاهد عسى أن يبلغ من هو أوعى له منه**" مفتی صاحب "کتاب العلم" اور سابقہ ابواب کے ساتھ مناسب ثابت کرنے کے بعد حدیث کا ترجمۃ الباب سے مناسبت ثابت کرنا چاہتے ہیں۔فرماتے ہیں:"**وغرضه جواز الحمل على من ليس بفقية ، وهو السامع . وكذا ترغيب الاخذ ولو من دونه.**" ترجمہ: اور اس کا مقصد یہ ہے کہ اس شخص کو بات پہنچانا جائز ہے جو لائق ہو اور وہ سامع ہے۔ اور اسی طرح اس میں اس بات کی طرف ترغیب ہے کہ اپنے سے کم تر سے بھی اخذ کر جائز ہے۔ اسی طرح مزید فرماتے ہیں۔ کہ ممکن ہے کہ شاہد پیغام ایسے غائب کو پہنچادے جو اس سے زیادہ یاد رکھنے والا اور سمجھ دار ہو اور تاریخ میں ایسے واقعات رونما ہوئے ہیں۔[32]

مثال دوم:" كيف كان بدءالوحى الى رسول صلى الله عليه وسلم "

اس باب کی حدیث میں یہ الفاظ آتے ہیں۔"**وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الوَحْيُ فِي اليَوْمِ الشَّدِيدِ البَرْدِ، فَيَفْصِمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِينَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا**"[33] ترجمہ: حضرت عائشہؓ فرماتی ہے کہ میں نے دیکھا جب آپ ﷺ پر سخت سردی میں بھی وحی نازل ہوتی تو آپ ﷺ کے جسم مبارک سے پسینہ نکلتا اور پیشانی مبارک سے پسینہ ٹپکتا تھا۔[34]

مفتی صاحبؒ" **أما تعلقه بالترجمة**" سے حدیث اور ترجمۃ الباب کی وضاحت فرماتے ہیں۔"**فبأن فيه اشارة الى أن الشدة كانت فى الابتداء أشد، لان النفوس جبلت على ذالك عند نزول الشدائد، او بأنه يدل على عظمة الوحى،وهى المقصود من عقد الباب**" ترجمہ: اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وحی کی ابتداء میں بہت شدت ہوتی تھی کیونکہ نفوس

---

31 بخاری شریف مترجم، ج1، ص132۔

32 ہدایۃ القاری، کتاب العلم،" باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم "رب مبلغ أوعی من سامع" ص229۔

33 " حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ المُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّ الحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ يَأْتِيكَ الوَحْيُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَحْيَانًا يَأْتِينِي مِثْلَ صَلْصَلَةِ الجَرَسِ، وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ، فَيُفْصَمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ مَا قَالَ، وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ المَلَكُ رَجُلًا فَيُكَلِّمُنِي فَأَعِي مَا يَقُولُ» [ص:7] قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الوَحْيُ فِي اليَوْمِ الشَّدِيدِ البَرْدِ، فَيَفْصِمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِينَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا " صحیح بخاری، کتاب الوحی(1)، باب کیف کان بدء الوحی، حدیث(2)

34 بخاری شریف مترجم، حدیث 3، ج1، ص90

toobaa-elibrary.blogspot.com

مقدسہ کو مشکل اوقات میں یہ عادت دی جاتی ہے اور یا یہ کہ اس سے عظمت وحی کی طرف اشارہ ہے اور یہی باب لانے کا مقصود بھی ہے۔ تو اس حدیث مبارک اور ترجمۃ الباب میں ربط و مناسبت بالکل واضح ہے۔[35]

مثال سوم: "كيف كان بدر الوحى الى رسول صلى الله عليه وسلم"

اس باب کے تحت یہ حدیث ذکر کی گئی ہے،

" عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ المُؤْمِنِينَ أَنَّهَا قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ فِي النَّوْمِ، فَكَانَ لاَ يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ، ثُمَّ حُبِّبَ إِلَيْهِ الخَلاَءُ، وَكَانَ يَخْلُو بِغَارِ حِرَاءٍ فَيَتَحَنَّثُ فِيهِ - وَهُوَ التَّعَبُّدُ - اللَّيَالِيَ ذَوَاتِ العَدَدِ قَبْلَ أَنْ يَنْزِعَ إِلَى أَهْلِهِ، وَيَتَزَوَّدُ لِذَلِكَ، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى خَدِيجَةَ فَيَتَزَوَّدُ لِمِثْلِهَا، حَتَّى جَاءَهُ الحَقُّ وَهُوَ فِي غَارِ حِرَاءٍ، فَجَاءَهُ المَلَكُ فَقَالَ: اقْرَأْ، قَالَ: «مَا أَنَا بِقَارِئٍ» قال: فأخذني فغطني حتى بلغ مني الجهد ثم أرسلني، فقال: اقرأ، قلت: ما أنا بقارئ، فأخذني فغطني الثانية حتى بلغ مني الجهد ثم أرسلني، فقال: اقرأ، فقلت: ما أنا بقارئ، فأخذني فغطني الثالثة ثم أرسلني، فقال: "اقرأ باسم ربك الذي خلق.خلق الإنسان من علق. اقرأ وربك الأكرم" (العلق: 2)" فرجع بها رسول الله صلى الله عليه وسلم يرجف فؤاده....الخ قال ابن شهاب: وأخبرني أبو سلمة بن عبد الرحمن، أن جابر بن عبد الله الأنصاري، قال: وهو يحدث عن فترة الوحي فقال في حديثه: " بينا أنا أمشي إذ سمعت صوتا من السماء، فرفعت بصري، فإذا الملك الذي جاءني بحراء جالس على كرسي بين السماء والأرض، فرعبت منه، فرجعت فقلت:زملوني زملوني"فأنزل الله تعالى:"يا أيها المدثر. قم فأنذر"(المدثر:2)و قوله "والرجز فاهجر"(المدثر:5).فحمي الوحي وتتابع تابعه عبد الله بن يوسف، وأبو صالح، وتابعه هلال بن رداد، عن الزهري، وقال يونس، ومعمر بوادره"[36]

"ترجمہ: ام المومنین حضرت عائشہؓ[37] سے روایت ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ سب سے پہلی وحی جو رسول اللہ ﷺ پر اتری شروع ہوئی وہ اچھے خواب تھے جو بحالت نیند آپ ﷺ دیکھتے تو وہ صبح کی روشنی کی طرح ظاہر ہو جاتا، پھر تنہائی سے آپ ﷺ کو محبت ہونے لگی اور غار حرا میں تنہا رہنے لگے اور قبل اس کے کہ گھر والوں کے پاس آنے کا شوق ہو وہاں تحنث کیا کرتے، تحنث سے مراد کئی

---

35 ہدایۃ القاری، "باب كيف كان بدرا لوحى"، ص59

36 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1)، باب کیف کان بدء الوحی، حدیث (3)

37 سیدۃ عائشہؓ بنت ابو بکر صدیقؓ، ام المؤمنین 9ق ھ/613ء کو پیدا ہوئیں۔ عالمہ اور فاضلہ تھیں علم وادب اور علوم دینیہ میں اپنی مثال آپ تھیں۔ دو ہجری کو رسول اللہ ﷺ سے ان کی شادی ہو گئی۔ اکابر صحابہ کرام آپ سے میراث کے مسائل پوچھا کرتے تھے۔ 58ھ/678ء کو مدینہ منورہ میں فوت ہوئیں۔ آپ سے (2210) احادیث روایت کی گئی ہے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب ج4، ص1881، ترجمہ (4029)۔۔۔ اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ ج7، ص106، ترجمہ (7093))

toobaa-elibrary.blogspot.com

راتیں عبادت کرنا ہے اور اس کے لئے توشہ ساتھ لے جاتے پھر حضرت خدیجہ ؓ [38] کے پاس واپس آتے اور اسی طرح توشہ لے جاتے، یہاں تک کہ جب وہ غار حرا میں تھے، حق آیا، چنانچہ ان کے پاس فرشتہ آیا اور کہا پڑھ، آپ نے فرمایا کہ میں نے کہا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، آپ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ مجھے فرشتے نے پکڑ کر زور سے دبایا، یہاں تک کہ مجھے تکلیف محسوس ہوئی، پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا پڑھ! میں نے کہا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، پھر دوسری بار مجھے پکڑا اور زور سے دبایا، یہاں تک کہ میری طاقت جواب دینے لگی پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا پڑھ! میں نے کہا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ تیسری بار پکڑ کر مجھے زور سے دبایا پھر چھوڑ دیا اور کہا پڑھ! اپنے رب کے نام سے جس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا، پڑھ اور تیرا رب سب سے بزرگ ہے، رسول اللہ ﷺ نے اسے دہرایا اس حال میں کہ آپ کا دل کانپ رہا تھا ،(اس حدیث کا آخری حصہ یہ ہے) ابن شہاب نے کہا کہ مجھ سے ابوسلمہ بن عبدالرحمن نے بیان کیا کہ جابر بن عبداللہ انصاری وحی کے رکنے کی حدیث بیان کر رہے تھے، تو اس حدیث میں بیان کیا کہ آنحضرت ﷺ بیان فرما رہے تھے کہ ایک بار میں جا رہا تھا تو آسمان سے ایک آواز سنی، نظر اٹھا کر دیکھا تو وہی فرشتہ تھا، جو میرے پاس حرا میں آیا تھا، آسمان و زمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہوا تھا، مجھ پر رعب طاری ہو گیا اور واپس لوٹ کر میں نے کہا مجھے کمبل اڑھا دو مجھے کمبل اڑھا دو، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی،(يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ) اے کمبل اوڑھنے والے اٹھ اور لوگوں کو ڈرا اور اپنے رب کی بڑائی بیان کر اور اپنے کپڑے کو پاک رکھ اور ناپاکی کو چھوڑ دے، پھر وحی کا سلسلہ گرم ہو گیا اور لگاتار آنے لگی۔ عبداللہ بن یوسف اور ابو صالح نے اس کی متابع حدیث بیان کی ہے ہلال بن رواد نے زہری سے متابعت کی ہے، یونس اور معمر نے فوادہ کی جگہ بوادرہ بیان کیا ہے"۔ [39]

اس حدیث میں یہ الفاظ آتے ہیں۔"فإذ الملك الذی جاءنی بحراء جالس علی کرسی بین السماء والارض--- فرعبت منه، فرجعت، فقلت: ذملونی ذملونی"-- الخ -

---

38 سیدہ خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی، قرشی، اسدی مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئیں۔ نہایت ہی پاکیزہ اور بردبار خاتون تھیں زمانہ جاہلیت میں لوگ آپ کو طاہرہ کے نام پکارتی تھیں۔ آپ نبی کریم ﷺ کی پہلی بیوی اور آپ ﷺ پر مرد و عورتوں میں سے سب سے پہلی ایمان لانے والی ہیں۔ 3ق ھ/620ء کو وفات پائی۔(اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ ج7، ص80، ترجمہ(6874))

39 بخاری شریف مترجم، حدیث 3، ج1، ص90۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحبؒ "اماتعلقۃ بالترجمۃ" سے حدیث اور ترجمۃ الباب کا آپس میں ربط اور مناسبت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: "فإذ الملك الذی جاءنی بحراء" یہ بدءالوحی پر دلالت کرتی ہے یالفظ "فرعبت" بھی بدءالوحی پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ رعب ابتداء وحی کے دوران چھاجاتا ہے۔[40]

شیخؒ بھی بسا اوقات حدیث کے ساتھ ترجمۃ الباب کی مناسبت کو بھی ذکر فرماتے ہیں اور حدیث کے ساتھ اس ترجمۃ الباب کو ثابت کرتے ہیں اور اس کے سیاق وسباق کو دیکھ کر اس کی وضاحت کرتے ہیں اور اس کو ترجمہ کے مطابق ڈالتے ہیں۔

مثال اول: "باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم رب مبلغ أوعی من سامع"

اس باب کی حدیث جو ماقبل میں مذکور ہے میں یہ الفاظ آتے ہیں۔ "لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الغَائِبَ، فَإِنَّ الشَّاهِدَ عَسَى أَنْ يُبَلِّغَ مَنْ هُوَ أَوْعَى لَهُ مِن هُوَ أَوْعَى لَهُ مِنْهُ "[41] اس کی تشریح میں شیخ فرماتے ہیں۔ "لیبلغ الشاھد الغائب" اس سے معلوم ہوا کہ جو کسی مسئلہ سے واقف ہو ان کو چاہیئے کہ وہ ناواقفین کو بتادیں۔ "فان الشاھد عسی أن یبلغ من ھو أو عی له منه". اس لئے ممکن ہے کہ حاضر شخص کسی ایسے آدمی کو پہنچادے جو اس بات کو پہنچانے والے سے زیادہ سمجھنے اور یاد رکھنے والا ہو۔ آگے شیخ صاحبؒ نے اس حدیث کو ترجمۃ الباب کے ساتھ مطابق کردیا اور فرمایا کہ "یہی ترجمۃ الباب" ہے یعنی ممکن ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آنکھوں سے دیکھنے والا ایسا شخص کو دین پہنچائے جو اس سے افہم واحفظ ہو اور ایسا ہوا ہے تابعین کے دور میں بعض ایسے علماء پیدا ہوئے ہیں۔ جو بہت سے صحابہ سے حفظ وفہم میں فائق تھے اس کے بعد یہی صورتِ حال ہے کہ تابعین کے دور میں بعض علماء ہوئے جو اپنے سے پہلے طبقہ پر فائق تھے۔[42]

مثال دوم: " باب وظللنا علیکم الغمام وانزلنا علبکم المن و السلوی کلوا من طیبات ما رزقناکم و ما ظلمونا و لکن کانوا أنفسهم یظلمون".[43]

---

40 ہدایۃ القاری، "باب کیف کان بدر الوحی" ص77۔

41 " حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَعَدَ عَلَى بَعِيرِهِ، وَأَمْسَكَ إِنْسَانٌ بِخِطَامِهِ – أَوْ بِزِمَامِهِ – قَالَ: «أَيُّ يَوْمٍ هَذَا» ، فَسَكَتْنَا حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ سِوَى اسْمِهِ، قَالَ: «أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ» قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: «فَأَيُّ شَهْرٍ هَذَا» فَسَكَتْنَا حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، فَقَالَ: «أَلَيْسَ بِذِي الحِجَّةِ» قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: «فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَأَمْوَالَكُمْ، وَأَعْرَاضَكُمْ، بَيْنَكُمْ حَرَامٌ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي شَهْرِكُمْ هَذَا، فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الغَائِبَ، فَإِنَّ الشَّاهِدَ عَسَى أَنْ يُبَلِّغَ مَنْ هُوَ أَوْعَى لَهُ مِنْهُ» ".(بخاری شریف، کتاب العلم(3) باب رب مبلغ اوعی من السامع، حدیث(67))

42 ملاحظہ فرمائیں کشف الباری، کتاب العلم، "باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم رب مبلغ أوعی من سامع" ج3، ص232۔

43 صحیح البخاری، کتاب تفسیر القرآن (65) باب و ظللنا علیکم الغمام---الخ(6) حدیث(4478)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے،

" قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «الكَمْأَةُ مِنَ المَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ[44] ".

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کھمبی یعنی ترنجبین ایک قسم کا گوند ہے جو درختوں سے نکالا جاتا ہے اور اس کا پانی آنکھوں کی بیماریوں کے لئے مفید ہے۔[45]

یہاں ترجمۃالباب کے ساتھ حدیث کی کوئی مناسبت نہیں تھی شیخ نے اس اعتراض کو ذکر کر کے اس کا جواب اور اعتراض دونوں علامہ عینیؒ سے ذکر کی ہیں۔اور ان کے درمیان مطابقت کو واضح کیا ہے، جیسا کہ شیخ صاحبؒ لکھتے ہیں: یہاں روایت میں "الکمأۃ من المن" کہا گیا ہے سوال یہ ہے کہ بنی اسرائیل کو تو یہ سانپ کی چھتری کھانے کو نہیں دی گئی اسی لئے علامہ خطابی[46] نے اعتراض کیا ہے کہ یہ روایت ترجمۃالباب کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتی۔کیونکہ ترجمۃالباب میں اس **من** کا ذکر کیا ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے بنی اسرائیل کے لئے آسمان سے نازل فرمایا تھا جبکہ سانپ کی چھتری کو آسمان سے نازل نہیں کیا گیا بلکہ زمین سے پیدا کیا ہے۔اس کا جواب یہ ہے کہ امام مسلمؒ نے کتاب الاشربہ میں یہ حدیث ذکر کی ہے اس کے الفاظ ہیں۔" الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ الَّذِي أَنْزَلَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ "[47] مسلم شریف کی اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث باب کا ترجمۃ الباب سے تعلق ہے چونکہ علامہ خطابی کی نظر مسلم شریف کی روایت کی طرف نہیں گئی اسی لئے انہوں نے ترجمۃالباب سے حدیث کے عدم مطابقت کا اشکال کیا ۔مگر سوال پھر بھی اپنی جگہ باقی ہے کہ سانپ کی چھتری تو بہر حال اس منزل من اللہ کا مصداق تو نہیں ہے۔

---

44 حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ المَلِكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «الكَمْأَةُ مِنَ المَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ»(صحیح البخاری، کتاب التفسیر القرآن، باب: وَقَوْلُهُ تَعَالَى:وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ المَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ، حدیث(4478))

45 بخاری شریف مترجم، کتاب التفسیر، حدیث 1595، ج2، ص772۔

46 ابو سلیمان حمد بن محمد بن ابراہیم بن خطاب بستی ، کابل کے علاقہ بست میں 319ھ/931ء کو پیدا ہوئے۔آپ کا نسل عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بھائی زید بن خطاب سے جاملتا ہیں۔آپ کے تصانیف میں "معالم السنن"، "شرح سنن ابوداؤد"، "اصلاح المحدثین" اور "تفسیر احادیث الجامع الصحیح للبخاری" مشہور ہیں۔آپ بست ہی میں 388ھ/998ء کو فوت ہوئے۔(وفیات الاعیان، ج1، ص166۔۔۔الاعلام، ج2، ص273)

47 صحیح مسلم، کتاب الاشربۃ(36)بابُ فَضْلِ الْكَمْأَةِ، وَمُدَاوَاةِ الْعَيْنِ بِهَا (28)حدیث159-(2049)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں اصل میں تشبیہ ہے کہ جس طرح سانپ کی چھتری برسات کے موسم میں بغیر کسی مشقت اور تدبیر کے اللہ جل شانہ پیدا فرمادیتے ہیں اس طرح وہ من جو اللہ تبارک وتعالیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو عطا فرمایا کرتے تھے اس کے لئے بھی انھیں کوئی محنت ومشقت برداشت نہیں کرنی پڑتی تھی اور بعض حضرات[48] نے کہا "الكماة من المن" يعني مما من الله على عباده بانعامه ذلك عليهم [49]

مثال سوم: "باب فضل الجهاد والسير"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے:

" قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ العَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: «الصَّلاَةُ عَلَى مِيقَاتِهَا» ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «ثُمَّ بِرُّ الوَالِدَيْنِ» ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «الجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ» فَسَكَتُّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي[50].

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ [51] سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول ﷺ سے پوچھا کہ یارسول اللہ کون سا عمل سب سے افضل ہے آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے وقت پر نماز پڑھنا میں نے عرض کیا پھر کون سا فرمایا اپنے والدین کی خدمت کرنا میں نے عرض کیا کہ پھر کون سا فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا اس کے بعد میں رسول اللہ ﷺ سے نہیں پوچھا اگر میں آپ ﷺ سے زیادہ پوچھتا تو آپ ﷺ اور زیادہ مجھے بتادیتے۔ [52]

---

48 اس سے مراد حافظ ابنِ حجر ہیں انھوں نے اپنی کتاب فتح الباری میں یہی ذکر فرمایا ہے۔

49 کشف الباری، کتاب التفسیر، باب وظللنا عليكم الغمام وانزلنا عليكم المن و السلوى كلوا من طيبات ما رزقناكم و ما ظلمونا و لكن كانوا أنفسهم يظلمون" ص24،23۔

50 حَدَّثَنَا الحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الوَلِيدَ بْنَ العَيْزَارِ، ذَكَرَ عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ العَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: «الصَّلاَةُ عَلَى مِيقَاتِهَا» ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «ثُمَّ بِرُّ الوَالِدَيْنِ» ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «الجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ» فَسَكَتُّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي (صحیح بخاری، کتاب الجهاد والسیر (56) باب فضل الجهاد والسير (1) حدیث (2782))

51 سیدنا عبداللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب بن ہذلی ابوعبدالرحمٰن، اکابر صحابہ میں سے تھے۔ فاضل وعاقل اور رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ قریب تھے۔ سابقون اولون میں سے تھے۔ آپ ہی نے سب سے پہلے حرم مکہ میں جہر سے قرآن سنایا۔ رسول اللہ ﷺ کے خادم خاص تھے۔ نبی کریم ﷺ کے وفات کے بعد کوفہ تشریف لے گئے جہاں سے عثمان کے دورِ خلافت میں واپس آگئے۔ مدینہ منورہ میں 32ھ/653ء کو تقریباً ٦٠ کی عمر میں فوت ہوئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ج3، ص987، ترجمہ (1659)۔۔۔ الجزری، شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد بن یوسف، غایۃ النہایۃ فی طبقات القراء، ج1، ص458، مکتبۃ ابن تیمیہ، 1351ھ)

52 بخاری شریف مترجم، کتاب الجہاد والسیر، حدیث 51، ج2، ص68۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس باب کی تشریح کرنے کے بعد شیخؒ اس کی حدیث کو بیان کرتے ہیں اور اس کی ترجمۃالباب کے ساتھ مناسبت کو ذکر کرتے ہیں اور اس میں علامہ عینیؒ کا قول ان الفاظ کے ساتھ بیان فرما رہے ہیں۔

حدیث کی ترجمۃالباب کے ساتھ مناسبت

مندرجہ بالا حدیث کی ترجمۃالباب کے ساتھ مناسبت بالکل واضح ہے اور ظاہر ہے کہ حدیث کے الفاظ میں سے الجہاد فی السبیل اللہ بھی ہے جسے نماز اور براالوالدین کے بعد افضل عمل قرار دیا گیا ہے۔[53]

دوم: جس مقام پر باب بلا ترجمہ آجائے اس کی توضیح میں مفتی صاحبؒ کا منہج کیا ہے اس کو ہم ذیل میں ذکر کرتے ہیں۔

صحیح بخاری میں کئی مقامات ایسے ہیں جہاں پر امام بخاریؒ نے لفظ باب تو ذکر کیا ہے لیکن اس کے ساتھ کوئی ترجمہ ذکر نہیں فرمایا ایسا کیوں کرتے ہیں اس کی توضیح میں اور اس معمہ کے حل کرنے کے لئے شراح حدیث نے اپنی اپنی آراء کا اظہار فرمایا ہے۔

باب بلا ترجمہ میں حضرت مفتی صاحبؒ کی رائے

مثال: "قوله باب"

اس باب کے ضمن میں امام بخاریؒ نے یہ حدیث ذکر فرمائی ہے۔

"أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ أَحَدُ النُّقَبَاءِ لَيْلَةَ العَقَبَةِ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: «بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لاَ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوا، وَلاَ تَزْنُوا، وَلاَ تَقْتُلُوا أَوْلاَدَكُمْ وَلاَ تَأْتُوا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُونَهُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلاَ تَعْصُوا فِي مَعْرُوفٍ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَعُوقِبَ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللَّهُ فَهُوَ إِلَى اللَّهِ، إِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ وَإِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ» فَبَايَعْنَاهُ عَلَى ذَلِكَ.[54]"

---

53 کشف الباری، کتاب الجہاد والسیر، باب فضل الجهاد والسير، ج5 ، ص53۔

54 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب علامۃ الایمان حب الانصار (10) حدیث (18)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ [55] جو جنگ بدر [56] میں شریک تھے اور شب عقبہ میں ایک نقیب تھے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت فرمایا جب کہ آپ ﷺ کے گرد صحابہ کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی، کہ تم لوگ مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اور چوری نہ کرنا اور زنا نہ کرنا اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا اور نہ ایسا بہتان (کسی پر) باندھنا جس کو تم (دیدہ و دانستہ) بناؤ اور کسی اچھی بات میں اللہ اور رسول کی نافرمانی نہ کرنا پس جو کوئی تم میں سے (اس عہد کو) پورا کرے گا، تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے اور جو کوئی ان (بری باتوں) میں سے کسی میں مبتلا ہو جائے گا اور دنیا میں اس کی سزا اسے مل جائے گی تو یہ سزا اس کا کفارہ ہو جائے گی اور جو ان (بری) باتوں میں سے کسی میں مبتلا ہو جائے گا اور اللہ اس کو دنیا میں پوشیدہ رکھے گا تو وہ اللہ کے حوالے ہے، اگر چاہے تو اس سے درگذر کردے اور چاہے تو اسے عذاب دے (عبادہ بن صامت کہتے ہیں کہ) سب لوگوں نے آپ ﷺ سے اس شرط پر (بیعت کرلی)۔ [57]

مفتی صاحبؒ نے اس کی تشریح میں سب سے پہلے ایک عنوان قائم کیا ہے اور لکھا ہے "**مقاصد ایراد الباب المجرد عن الترجمة**" اس کے بعد فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ باب بلا ترجمہ اس لئے ذکر کرتے ہیں کہ لوگوں کے اذہان تیز اور تازہ ہو جاتے اور وہ اس باب کے لئے ایک بہترین ترجمہ کی سعی کرلے۔ جو امام بخاریؒ کی شان کے مطابق ہو۔

پھر مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں۔ کہ "**وقد یذکرہ تکثیر للتراجم تنبیھًا علی أن یخرجوا منه تراجم کثیرة، مناسبة، أی:بغیر قصد التشحید**" ترجمہ: اور کبھی امام بخاری اس لئے باب بلا ترجمہ لاتے ہیں تکثیر تراجم کی غرض سے تا کہ اس سے بہت سارے مناسب تراجم بنے، مطلب تشحید اذہان مراد نہیں ہے۔ اور کبھی امام بخاریؒ باب بلا ترجمہ اس لئے ذکر کرتے ہیں۔ کثرۃ طرق سے بچنے کے لئے۔ اور آخر میں فرماتے ہیں کہ " **وقد یذکرہ رجوعا إلی أصل الباب من غیر أن یکون کالفصل**". ترجمہ: اور کبھی

---

55 ابو الولید عبادۃ بن الصامت بن قیس الانصاری الخزرجی۔ بدری صحابی ہیں۔ نبی کریم ﷺ سے علم حاصل کیا۔ شاگردوں میں ثابت بن الصامت مشہور ہیں۔ 34ھ کو بیت المقدس میں فوت ہوئے۔ (تہذیب التہذیب ج5، ص111۔۔۔ الاعلام ج3، ص258)

56 مکہ اور مدینہ کے درمیان حجاز کا مشہور چشمہ اور مقام جہاں عہد نبوی ﷺ کا پہلا غزوہ پیش آیا، مدینہ منورہ سے تقریباً 80 میل کے فاصلے پر ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں بھی اس کی یہ اہمیت تھی کہ یکم ذوالقعدہ سے آٹھ دن تک یہاں ہر سال ایک میلہ لگتا تھا۔ بدر بلند پہاڑیوں سے گھرا ہوا ایک دشوار گزار مقام ہے۔ لیکن محلِ وقوع اور پانی کی موجودگی کے باعث شام کو جانے والے قافلوں کی منزل رہا ہے۔ (الاندلسی، عبداللہ بن عبدالعزیز، معجم ما استعجم من اسماء البلاد والمواضع، عالم الکتب، بیروت، 1403ھ، ج1، ص223۔۔۔ البغدادی، عبدالمؤمن بن عبدالحق، مراصد الاطلاع علی أسماء الأمکنة والبقاع، دارالجیل، بیروت، 1412ھ، ج1، ص170)

57 بخاری شریف مترجم، کتاب الایمان، حدیث 17، ج1، ص104۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رجوع الی اصل الباب کی وجہ سے باب بلا ترجمہ لاتے ہیں غیر اس کے کہ یہ باب سابق کے لئے فصل ہے۔ مفتی صاحبؒ کی یہ آراء بڑی تفصیل کے ساتھ ہے لیکن میں نے مختصر ذکر کیے ہیں۔[58]

شیخ صاحبؒ نے بھی اپنی کتاب میں اس کو خاص اہمیت دی ہے اور اپنی کتاب کے مقدمہ میں بھی اس کے بارے میں بحث کی ہے اور اس کے بعد جب کوئی ایسا باب آجایا ہے تو اس کے مقدمہ پر اس کو تفصیل کے ساتھ ذکر کر دیتے ہیں۔ ہم یہاں پر کشف الباری میں جب کتاب الایمان میں ایسا باب پہلی دفعہ آیا تو اس کی تشریح ذکر کرتے ہوئے شیخؒ نے جو نقل کیا ہے اس کو تفصیل سے ذکر کرتے ہیں جس سے آپؒ کا منہج بھی عیاں ہو جائے گا اور جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہوا کہ شیخ کا طرز استدلال تقریباً سابقہ علماء کے اقوال سے ہوتا ہے اور زیادہ تر سابقہ علماء کے اقوال کو ہی جمع کرتے ہیں یہاں پر بھی آپؒ نے علماء کے سارے اقوال کو ہی جمع کیے ہیں۔ مذکورہ بالا مثال کی تشریح میں شیخؒ نے علامہ کرمانیؒ، حافظ ابن حجرؒ، علامہ عینیؒ، شیخ الاسلام ذکریا انصاریؒ، علامہ قسطلانیؒ، شیخ نورالحقؒ، شاہ ولی اللہؒ، شیخ الہند مولانا محمود الحسن کے اقوال نقل کیے ہیں۔ شیخؒ فرماتے ہیں کہ یہ باب بلا ترجمہ ہے اور یہ پہلا موقع ہے جہاں پر باب بلا ترجمہ آیا ہے اس لئے قدرے وضاحت کے ساتھ کچھ تفصیل سے بیان کرتا ہوں۔

1. بعض علماء فرماتے ہیں کہ مؤلف سے سہو ہو گیا ہے۔
2. بعض علماء فرماتے ہیں کہ مصنف کو سہو نہیں ہوا بلکہ کاتب کو سہو ہو گیا ہے۔ مصنف کا قائم کردہ ترجمہ کاتب سے سہوا چھوٹ گیا ہے۔
3. بعض علماء فرماتے ہیں کہ راوی کا تصرف ہے۔
4. حافظ ابن حجرؒ نے بعض مقامات پر یہ کہا ہے کہ مصنف نے قصداً بیاض چھوڑ دی تھی ترجمہ قائم کرنے کا ارادہ تھا لیکن بعد میں موقعہ نہیں ملا۔
5. عام شراح کرام ایسے مواقع پر یہ کہتے ہیں کہ یہ "باب کالفصل من الباب السابق" ہے یعنی باب سابق کی یہ فصل ہے اور اسی سے یہ مربوط ہے۔ چنانچہ علامہ کرمانیؒ۔ حافظ ابنِ حجرؒ، علامہ عینیؒ، شیخ الاسلام زکریا انصاریؒ، علامہ قسطلانیؒ، شیخ نورالحقؒ اور شاہ ولی اللہؒ نے اس قاعدہ کی تصریح کی ہے۔ حافظ ابنِ حجر تقریباً چالیس مواقع پر اس کی تصریح کی ہے۔ لیکن یہ قاعدہ ہر جگہ نہیں چلتا بعض جگہ یہ دشوار ہو جاتا ہے۔

58 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان ص136۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

6. شیخ الہندؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ بعض جگہ امام بخاریؒ تشحیذ الاذہان کے لئے ترجمہ حذف کر دیتے ہیں ناظرین کی طبیعت کو تیز کرتے ہیں۔ان کے ذہن میں جلاء پیدا کرتے ہیں انہیں متوجہ کرتے ہیں کہ غور کریں اور مقام کے مناسب کوئی ترجمہ وضع کرو۔لیکن شرط یہ ہے کہ ترجمہ مکرر نہ ہو اور مقام کے مناسب ہو۔ جیسے کتاب الطہارۃ میں ایک ترجمہ منعقد کیا ہے۔"**باب ما جاء فی غسل البول**"اس میں حضرت ابن عباس کی حدیث نقل کی ہے۔جس میں دو آدمیوں کے عذاب قبر میں مبتلاء ہونے کا ذکر ہے۔اس کے بعد امام بخاریؒ نے ایک دوسرا ترجمہ منعقد کیا ہے۔اس کے ذیل میں وہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث مطولاً بالسند لائے ہیں اب یہاں کالفصل من الباب السابق کا قاعدہ جاری نہیں ہو سکتا یہاں تو تشحیذ الاذہان ہی کو ماننا پڑے گا۔ مثلاً یہ کہا جائے گا"**باب کون البول موجبا لعذاب القبر**".اس پر اشکال ہوتا ہے کہ یہاں بحیثیت مسائل غسل، وضو اور طہارت کے ذکر کیا ہے۔اور وہاں بحیثیت مسائل جنائز کے ذکر فرمایا ہے یہ تکرار مضر نہیں۔ایک ہی معنی کے تحت مضر ہوا کرتا ہے۔

7. شیخ الہندؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ کبھی تکثیر فوائد کی غرض سے ترجمہ حذف کر دیتے ہیں۔ باب کے ذیل میں جو روایت مذکور ہوتی ہے اس کا ترجمہ گزشتہ سے مربوط بھی ہوتا ہے اور اس کے تحت دوسرے تراجم بھی منعقد کیے جا سکتے ہیں۔ مثلاً یہی باب دیکھیں کہ امام بخاریؒ نے پہلے ایک ترجمہ منعقد کیا ہے۔"**باب علامة الإيمان حب الأنصار**" اس کے بعد یہ باب بلا ترجمہ لائے ہیں اور اس کے تحت حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث نقل کی ہے۔ "**بايعونى على ان لا تشركوا بالله شيئا ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا اولادكم ولا تاتوا ببهتان تفترونه بين ايديكم وأرجلكم ولا تعصوا فى معروف ---الخ**[59] اب اس کے ماقبل کے ساتھ ربط بھی ہے اس لئے کہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ جب انصار کی محبت ایمان کی علامت ہے تو معاصی اور کبائر سے اجتناب کرنا بدرجہ اولی ایمان کی علامت ہوگا اور باب کے بعد مستقل ترجمہ بھی قائم کیا جا سکتا ہے مثلاً "**الاجتناب عن الكبائر من الايمان**" یا "**البيعة على ترك الكبائر من الايمان**" وغیرہ۔تو امام بخاریؒ نے تکثیر فوائد کی غرض سے یہاں ترجمہ حذف کر دیا ہے۔

8. ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ بعض اوقات ابواب سابقہ میں یا باب سابق میں کوئی اشکال پیدا ہوتا ہے امام بخاریؒ باب بلا ترجمہ لا کر کوئی ایسی روایت پیش کر دیتے ہیں جس سے اس اشکال کا خاتمہ ہو جاتا ہے جیسے یہیں دیکھ لیجیے حضرت امام بخاریؒ نے اب تک

---

59 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب علامۃ الایمان حب الانصار (10) حدیث (18)

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو تراجم قائم کیے ہیں۔ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعمال ایمان کے اندر داخل ہیں۔اس سے مرجئہ[60] کی تردید تو ہو گی لیکن ہو سکتا ہے کہ خوارج اور معتزلہ اس سے اپنا مسلک ثابت کرنے لگیں تو امام بخاریؒ نے ان کے خیال کو رد کرنے کے لئے باب بلا ترجمہ کے ذیل میں عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث پیش کر دی ہے کہ اس میں یہ ہے۔"**وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللَّهُ فَهُوَ إِلَى اللَّهِ، إِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ وَإِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ» فَبَايَعْنَاهُ عَلَى ذَلِكَ** "[61] اگر اللہ نے کسی کے معاصی اور جرائم کو پوشیدہ رکھا تو اللہ جل شانہ کے اختیار میں ہے چاہے معاف فرما دیں اور چاہیں عذاب دیں۔لہٰذا معتزلہ اور خوارج کا یہ کہنا کہ مرتکب معصیت دائرہ ایمان سے خارج ہے۔غلط ہے ان سے مسلک کی تردید فرما دی۔

9. شاہ ولی اللہؒ ارشاد فرماتے ہیں۔کہ امام بخاریؒ "باب" کا لفظ محدثین کے قول "ح" کی جگہ بعض اوقات استعمال کرتے ہیں اس کی کتاب بدء الخلق میں صرف ایک مثال ہے اور محض ایک باب کے لئے مستقل ایک قاعدہ وضع کر دینا بعید معلوم ہوتا ہے اور وہاں اس قاعدہ کے استعمال کے بغیر صحیح توجیہ ہو سکتی ہے لہٰذا اس کی کوئی ضرورت معلوم نہیں ہوتی۔

10. بعض علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ رجوع الی الاصل کے لئے باب بلا ترجمہ لاتے ہیں۔اور اس کی وضاحت یہ ہے کہ امام بخاریؒ ایک ترجمہ منعقد کرتے ہیں اور اس کے بعد کچھ تراجم ایک یا دو یا اس سے زاید ابواب ضمنی طور پر تبعاً ذکر کر دیتے ہیں۔پھر اصل ترجمہ کی طرف غور کرنے کے لئے امام بخاریؒ باب بلا ترجمہ لاتے ہیں۔"**باب فضل اللهم ربنا لك الحمد**" کے بعد جو باب آ رہا ہے ہو سکتا ہے اس میں یہی توجیہ کی جائے۔

11. ایک قول یہ ہے کہ حضرت امام بخاریؒ باب بلا ترجمہ بعض اوقات تکثیر طریق کے لئے ذکر کرتے ہیں جیسے ابھی "**باب ما جاء فی غسل البول**" میں ذکر ہو چکا ہے اس کے بعد جو باب بلا ترجمہ آیا ہے علامہ عینیؒ نے لکھا ہے کہ اصل باب تو پہلا ہی ہے اور اس کے ذیل میں جو روایت ہے اسی روایت کو دوسرے طریق کے یہاں درج فرمایا ہے۔ان توجیہات میں سے سہو مؤلف اور سہو کاتب اور سہو راوی کی جو توجیہات ہیں وہ بہت کمزور اور مہمل ہیں البتہ بیاض والا قول چل سکتا ہے۔کیونکہ اس کی دلیل

---

60 مُرجِئه کا لفظ مادہ رَجَاءٌ (باب اِفعال) سے ہے، جس کے معنی مؤخر اور ملتوی کرنے کے ہیں، یہ مسلمانوں کا ایک گروہ ہے جو کہتا ہے کہ ایمان کا تعلق محض قول اور زبان سے ہے، عمل کو اس میں دخل نہیں، گویا کہ انہوں نے قول: اقرارِ ایمان کو مقدم کر دیا اور عمل کو مؤخر رکھا یہ اس لیے کہ ان کا عقیدہ ہے کہ اگر وہ نماز نہ بھی پڑھیں اور روزہ نہ بھی رکھیں تو بھی اُن کا ایمان اُن کو نجات دلادے گا اُن کا یہ عقیدہ ہے کہ ایمان کے ہوتے ہوئے معصیت و گناہ کوئی نقصان نہیں پہنچاتا جس طرح کفر کے ہوتے ہوئے محض دعوئ اطاعت: محض نیکی بِلا عقیدہ راسخ کوئی فائدہ نہیں پہنچاتا، وہ مرجۂ اس عقیدے کی بِناپر کہلائے کہ اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرتے ہیں یا غفور و رحیم ہونے کی بناپر گناہوں کی سزا ملتوی کرتے ہیں: **والمرجئة طائفةٌ من المسلمين يقولون: الإيمانُ قولٌ بلاعملٍ ,كأنهم قَدَّمُوا القول, وأرجَؤُا العملَ أي: أَخَّروه, لأنهم يرون أنهم لولم يُصَلُّوا ولم يَصُوْمُوا لَنَجاهم إيمانهم.** (تاج العروس ج 1، ص 69۔۔۔لسان العرب ج 5، ص 138)

61 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب علامۃ الایمان حب الانصار (10) حدیث (18)

toobaa-elibrary.blogspot.com

موجود ہے کہ قاضی ابوالولید باجی مالکیؒ حافظ ابوذرؒ، عبدالرحیم بن احمد ھرویؒ، وہ ابواسحاق ابراہیم بن احمد مستملیؒ سے نقل کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں"انتسخت كتاب البخارى من أصله الذى كان عاد صاحبه محمد بن يوسف الفربرى فرأيت فيه أشياء لم تتم ، وأشياء مبيضة، منها تراجم لم يثبت بعدها شيئا ، ومنها احاديث لم يترجم لها،فأضفنا بعض ذلك إلى بعض" باقی توجیہات میں سب سے زیادہ رائج اور جاری "الباب کالفصل من الباب السابق" والی توجیہ ہے اس کے بعد تشحیذ اذہان والی ہے۔[62]

62 کشف الباری، کتاب الایمان، ج2ص44، 46۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

اس مبحث کے خاتمہ پر ہم دونوں شیوخ کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخ کا منہج ٹھیک طور پر سامنے آجائے اور اشکارا ہو جائے۔ ربط حدیث کی تشریح میں دونوں شارحین کا اسلوب مختلف ہے۔ دونوں شیوخ نے اپنے اپنے اسلوب کا لحاظ رکھتے ہوئے ربط حدیث کے حوالے سے تشریح کی ہے جس کا تقابلی جائزہ نیچے ذکر کیا جاتا ہے جس طرح امام بخاریؒ کے تراجم بہت ساری خصوصیات کے حامل ہیں ان میں سے ایک ربط حدیث بھی ہے کہ امام بخاریؒ نے جو تراجم ذکر کیے ہیں ان کا اور ان احادیث کا جو ان تراجم کے تحت ذکر کردہ ہیں میں گہرا تعلق ہے۔

مفتی صاحبؒ حدیث کا ترجمہ الباب کے ساتھ ربط و مناسبت ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں لیکن مفتی صاحبؒ کی یہ تشریح بہت مختصر ہوتی ہے ۔ نیز مفتی صاحبؒ "ربط حدیث کی تشریح میں جو اقوال ذکر کرتے ہیں اس میں بعضا وقات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ یہ فلاں کا قول ہے۔ شیخ صاحبؒ جب ربط حدیث کے متعلق تشریح کرتے ہیں تو نہایت تفصیلاً اپنا مدعا ثابت کرتے ہیں۔ اور وضاحت کے ساتھ مدلل بحث کرتے ہیں عموماً شیخ صاحبؒ جب تشریح میں اقوال ذکر کرتے ہیں تو اس کی نشاندہی بھی کرتے ہیں کہ یہ فلاں کا قول ہے

الغرض دونوں شروحات میں انتہائی اچھے انداز سے مباحث کا احاطہ کیا گیا ہے لیکن کشف الباری میں تفصیلاً اور ھدایۃ القاری میں مختصراً۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث سوم

متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں دونوں شیوخ کا منہج

متشابہ تراجم سے مراد وہ تراجم ہیں جو امام بخاری نے اپنی کتاب میں ذکر تو کیے ہیں لیکن ان کی حدیث یا کتاب کے ساتھ کوئی مناسبت واضح طور پر معلوم نہیں ہوتی جس کی ایک مثال ہم اسی باب کی پہلی فصل تراجم خفیہ کے ضمن میں ذکر کر چکے ہیں۔اور بخاری شریف کی شرح کرنے والے تمام علماء نے اپنی اپنی بساط کے مطابق ان کی وضاحت کرنے کی کوشش کی ہے۔ امام بخاری کے یہ تراجم جو متشابہ سمجھے جاتے ہیں ان میں کئی طرح سے اشتباہ آتا ہے اس کو ذکر کرنے کے بعد ہم ان میں شیوخؒ کا نقطہ نظر آخر میں سامنے رکھیں گے تاکہ آسانی سے شیوخؒ کا منہج اس میں معلوم ہو سکے۔امام بخاری کے جو تراجم مخفی اور متشابہ ہیں ان کی کئی وجوہات علماء نے لکھی ہیں۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس کا سبب یہ ہے کہ امام بخاری کو اپنی شرط کے مطابق کوئی صحیح حدیث نہیں ملتی اس لیے وہ ایسی روایت سے استدلال پر مجبور ہوتے ہیں جو ان کی شرط کے مطابق ہوا گرچہ اس استدلال میں اخفاء ہی کیوں نہ ہو۔اور چونکہ کتاب امام بخاری نے مختصر لکھی ہے اس لئے اس میں اس باب کی تشریح اور وضاحت نہیں کرتے۔اس کے علاوہ کئی مقامات پر امام بخاری نے کچھ ایسے تراجم ذکر فرمائے ہیں کہ قاری کو محسوس ہوتا ہے کہ یہ تکرار ہے حالانکہ وہاں بھی امام بخاری کا مطمح نظر کچھ اور ہوتا ہے۔

کبھی امام بخاری ترجمہ مطلق لے آتے ہیں اور اس کی روایت مقید ہوتی ہے اور کبھی اس کا عکس ہوتا ہے۔[63] کبھی ترجمہ عام ہوتا ہے اور اس میں حدیث خاص ہوتی ہے اور کبھی اس کا بھی عکس ہوتا ہے۔[64] کبھی امام بخاری ایک بات کے اثبات کے لئے ترجمہ ذکر کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ان کا مقصد اس بات کے خلاف کی نفی ہوتی ہے۔[65] اسی طرح امام بخاری کبھی ترجمہ قائم کر دیتے ہیں اور اس کو ثابت کرنے کے لئے کسی ایسی روایت پر اعتماد کرتے ہیں جو بخاری میں مذکور نہیں ہوتی۔اور کبھی امام بخاری روایت کے اجمال سے ترجمہ کو ثابت کرتے ہیں اور قاری کو اس کے سمجھنے میں دقت ہوتی ہے۔امام بخاری کبھی ایک ترجمہ تو قائم کر دیتے ہیں لیکن اس کو ثابت کرنے کے لیے باب کی روایت کے بجائے دوسری روایات کا سہارا لیتے ہیں، ان روایات تک پہنچنا عام آدمی کی طاقت میں نہیں ہوتا کہ وہ اس دوسری روایت کو تلاش کر سکے۔اسکے علاوہ اور کئی وجوہات سے امام بخاری کے تراجم کافی حد تک متشابہ نظر آتے ہیں اور اس کی وجہ سے ان ساری صورتوں میں قاری کا ذہن مشوش ہو جاتا ہے اور اس کے سمجھنے میں غلطی کر جاتا ہے۔ اس اس کے ذہن میں اس کے ظاہر کو دیکھ کر شبہات پیدا ہو جاتے ہیں ایسے تراجم کی صحیح تشریح کرنا اور امام بخاری کے مقصد کو سمجھنا اور زیب قرطاس کرنا اس کے شارح کے لئے ایک انتہائی اہم کام ہے جس کے بغیر بخاری کی شرح ناقص ہی سمجھی جائے گی اس لئے

---

63 صحیح البخاری، باب الصفرة والكدرة في غير ايام الحيض، جزء1، ص 124

64 صحیح البخاری، باب ماجاء في القصير وكم حتى يقصر، جزء1 ص366

65 صحیح البخاری، باب الصلاة بعد الجمعة وقبلها، جزء1۔ ص 316

toobaa-elibrary.blogspot.com

شارحین نے اس کا بڑا اہتمام کیا اور اپنی شروحات میں اس کام کو ایک بڑا حصہ دیا۔ مفتی صاحب اور شیخ سلیم اللہ خان صاحب نے بھی اپنی شروحات میں اس کا خاص اہتمام کیا ہے جو آئندہ آنے والی امثلہ سے واضح ہو جائے گا۔

مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں منہج

مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں منہج درج ذیل ہیں :

اول: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ بعض اوقات ایسے تراجم قائم کر دیتے ہیں جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان تراجم کا آپس میں تکرار ہے اور ترجمہ پہلے سے گزرا ہوا ہے۔ اگر اس طرح کا کوئی شبہ آ جائے تو مفتی صاحبؒ اس کی تشریح کرتے ہیں اور اس شبہ کا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

مثال اول: "باب تفاضل اهل الایمان فی الاعمال "

اس باب کے اندر شبہ یہ ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الایمان کی ابتداء جو سب سے پہلے منعقد کی ہے اس میں ہے "**باب قول النبی صلی الله علیه وسلم: بنی الإسلام علی خمس وهو قول وفعل ویزید وینقص**" جب امام بخاریؒ ایمان کی کمی اور زیادتی کا مسئلہ بیان کر چکے تو اب اس مسئلہ کو دوبارہ بیان کرنا تو تکرار ہے۔

مفتی صاحبؒ اس کا ایک جواب یہ دیتے ہیں کہ امام بخاری نے وہاں "یزید و ینقص" کو تبعاً ذکر کیا ہے اور یہاں مستقلاً ذکر کیا ہے وہاں بنی الاسلام علی خمس کا ذکر مقصود ہے۔ حدیث باب بھی اس لئے لائی گئی ہے جبکہ یہاں زیادت و نقصان کو بیان کرنا مقصود ہے۔ نیز مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے سترہ بابوں کے بعد ایک باب منعقد کیا ہے۔"**باب زیادة الایمان ونقصانه**" جس میں ایمان کی کمی زیادتی کو بیان کیا گیا ہے تو اس سے بھی تکرار معلوم ہوتا ہے۔ تو اس کے جواب میں مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ یہاں اعمال میں اہلِ ایمان کے تفاوت کو بیان کرنا مقصود ہے جبکہ وہاں امام بخاریؒ نے خود ایمان یعنی نفسِ تصدیق کے اندر کمی اور زیادتی بیان کی ہے۔[66]

مثال دوم: "باب فضل العلم"

مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اس باب کے بعد تقریباً بیس (20) ابواب بعد بھی اسی عنوان سے دوسرا ترجمۃ الباب قائم کر دیا گیا ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ تراجم کا تکرار ہے تو مفتی صاحبؒ جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ تراجم کا تکرار نہیں ہے۔ کیونکہ اصح بات یہ ہے کہ اصل نسخوں میں یہ باب مذکور نہیں ہے بلکہ کتاب العلم کے بعد متصل آیت ذکر کی گئی ہے۔ دوسرا جواب یہ دیتے

---

66 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "باب تفاضل اهل الایمان فی الاعمال" ص 148۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں:ان للفضل معنیین: زیادة وکثرة الثواب والمراد ھا ھنا المعنی الاول وفی الباب الآتی المعنی الثانی.یعنی فضل کے دو معنی ہیں ایک مطلق زیادتی اور ایک ثواب میں زیادتی، تو یہاں پر مراد اول ہے اور آنے والے باب میں دوسرا۔[67]

شیخ صاحبؒ کا متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں اسلوب

ہم صاحب کے اسلوب کو درج ذیل نقاط میں ذکر کرتے ہیں۔

اول: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کبھی کبھی ایسے الفاظ کے ساتھ ترجمہ قائم کردیتے ہیں جس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تراجم کا تکرار ہے اور یہ ترجمہ پہلے گزرا ہوا ہے اگر اسی طرح کوئی مقام آجائے تو شیخ اس کو وضاحت کے ساتھ ذکر کرتے ہیں اور اس پر ہونے والے شبہ کو ذکر کرکے اس کا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

مثال اول:"باب تالیف القرآن "

اس باب میں شک گزر سکتا تھا کہ اس سے پہلے باب جمع القرآن کا ترجمہ گزر چکا ہے اور تالیف اور جمع کا معنی ایک ہی ہوتا ہے اس لئے یہ تکرار ترجمہ ہے اس کا جواب شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے دیا ہے اور اس جواب کو شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ اور حافظ ابن حجرؒ سے نقل کیا ہے جیسا کہ اس باب میں شیخ رقمطراز ہیں: لفظوں کے اعتبار سے اس ترجمہ میں اور ماقبل کے باب جمع القرآن کے ترجمہ میں فرق ہے لیکن معنی کے اعتبار سے جمع اور تالیف میں کوئی فرق نہیں ہے،اس لئے بظاہر دونوں ترجموں میں تکرار ہے۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ ماقبل کے ترجمہ میں امام بخاری نے قرآن کی آیات اور سورتوں کا مطلقا مصحف میں جمع ہونا بیان فرمایا ہے اور اس ترجمہ میں امام بخاری سورتوں کی ترتیب کو بیان کرنا چاہتے ہیں اور یہ بتانا مقصود ہے کہ ترتیب وار سورتوں کو مصحف میں جمع کیا گیا ہے۔اس کو نقل کرنے کی وجہ یہ پیش آئی کہ اصل میں کئی مصاحف تھے اور سب کی ترتیب ایک دوسرے سے مختلف تھی حضرت علی رضی اللہ عنہ[68] کے مصحف کی ترتیب شانِ نزول کے مطابق تھی، چنانچہ اس میں مکی سورتیں پہلے اور مدنی سورتیں بعد میں تھیں۔

---

67 ہدایۃ القاری، کتاب العلم،"باب فضل العلم"ص211 – 212۔

68 علیؓ بن ابی طالب ، ہاشمی، قریشی نبی ﷺ کے چچازاد بھائی اور داماد تھے۔چوتھے خلیفہ راشد، سابقون اولون اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، مکہ معظمہ میں 23ق ھ/600ء کو پیدا ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کے سایۂ عاطفت میں پلے بڑھے۔35ھ کو خلیفہ منتخب ہوئے۔17 رمضان 40ھ/661ء کو شہادت پا گئے۔(الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ج3،ص1089، ترجمہ(1855)۔۔۔اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃ ج4،ص87، ترجمہ(3789))

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ[69] اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے مصاحف کی ترتیب دوسری تھی لیکن مصحف عثمانی کی ترتیب سب سے اکمل ہے۔[70]

مثال دوم: "باب فضل العلم"

اس باب پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ اس عنوان سے امام بخاری نے دو تراجم قائم فرمائے ہیں اس لئے یہ تکرارِ تراجم ہے، جو کہ بہتر نہیں اس کے شرّاح حدیث نے کئی جوابات دیئے ہیں شیخ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کے کئی جوابات نقل کیے ہیں، جن میں علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ کا جواب اور اسی طرح علامہ کرمانی اور شیخ الہند اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہم اللہ کا جواب بھی اس میں ذکر کر کے اس کا تفصیلی جواب ذکر کیا ہے جیسا کہ شیخ فرمارہے ہیں: یہاں یہ بات سمجھنے کی ہے کہ امام بخاری نے بعینہ یہی ترجمۃ الباب آگے "باب رفع العلم و ظهور الجهل" کے بعد قائم فرمایا ہے، سوال یہ ہے کہ یہ تکرار کس وجہ سے ہے۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ صحیح نسخوں میں یہاں کتاب العلم کے بعد باب فضل العلم کا وجود ہی نہیں ہے بلکہ براہ راست قول اللہ تعالیٰ ہے۔ اور اگر دوسرے نسخوں کے مطابق تسلیم کرلیا جائے کہ یہاں باب فضل العلم کا ترجمہ موجود ہے تو تفریق اس طرح کریں گے کہ یہاں فضیلت علماء کو بیان کرنا مقصود ہے جبکہ بعد میں آنے والے باب میں علم کی فضیلت کو بیان کرنا مقصود ہے، لہذا تکرار لازم نہیں آیا۔

علامہ کرمانی فرماتے ہیں کہ دونوں ابواب میں تکرار نہیں اس لیے کہ یہاں فضل العلم سے مراد فضیلت علم ہے جبکہ آنے والے باب میں فضل بمعنی فضلہ یعنی زائد ہے، گویا امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ اگر زائد ہو تو اس کو کیا کیا جائے انہوں نے روایت پیش کر دی یعنی **«بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ حَتَّى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِي أَظْفَارِي، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ» قَالُوا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: «العِلْمَ».**[71]

---

69 ابی بن کعب بن قیس بن عبید، نجاری، خزرجی، انصاری، ابوالمنذر رس۔ قبول اسلام سے قبل یہود کے احبار میں سے تھے۔ کتبِ سابقہ پر گہری نظر تھی۔ کاتبینِ وحی میں سے ہیں۔ غزوۂ احد، بدر، خندق اور دوسرے غزوات میں شریک رہے۔ جنگ جابیہ میں عمرؓ کے ہم رکاب تھے۔ بیت المقدس والوں کے لیے صلح نامہ آپ ہی نے تحریر کیا تھا۔ آپ کی مرویات (164) ہیں۔ مدینہ میں 21ھ/643ء کو فوت ہوئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب ج1، ص 65، ترجمہ (6)۔۔۔ الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ ج1، ص 189، ترجمہ (31))

70 کشف الباری، کتاب فضائل القرآن، "باب تاليف القرآن" ج10، ص60۔

71 حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ حَتَّى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِي أَظْفَارِي، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ» قَالُوا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: «العِلْمَ». صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب فی فضل العلم (22) حدیث (82)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن عمرؓ[72] فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا، آپ نے فرمایا کہ میں سو رہا تھا، میرے پاس دودھ کا ایک پیالہ لایا گیا۔ پس میں اسے خوب پیا حتی کہ میں سیرابی کو دیکھنے لگا کہ وہ میرے ناخنوں نکل رہی ہے۔ پھر میں نے اپنا بچاہوا عمر ابن الخطابؓ کو دے دیا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ آپ نے اس کی کیا تعبیر لی۔ فرمایا اس کی تعبیر علم ہے۔[73]

اس سے معلوم ہوا کہ دوسرے کو دینا جائز ہے[74] اور علم کے زائد ہونے کی مختلف صورتیں ہیں، ایک یہ کہ آدمی اپنی ضرورت سے زائد مسائل سیکھ لے، مثلاً ایک اپاہج آدمی ہے وہ خود جہاد کے قابل نہیں لیکن جہاد کے مسائل سیکھ لے تاکہ دوسروں کو سکھائے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اگر کسی استاذ سے اپنا مقصد حاصل ہو گیا ہو تو اس کا وقت فارغ کیا جائے تاکہ دوسرے اس سے علم حاصل کریں۔ تیسری صورت یہ ہے کہ آدمی کے پاس ضرورت سے زائد کتابیں ہوں تو وہ ان کو دوسروں کو دے۔ علامہ کرمانی نے یہاں تو یہی بیان کیا ہے لیکن جب وہ دوسرے مقام پر پہنچے تو وہاں فضل سے انہوں نے فضیلت ہی مراد لی ہے اور اس کی تقریر شروع کر دی ہے۔ حافظ ابن حجرؒ نے بھی یہی توجیہ اختیار کی ہے کہ یہاں فضل سے فضیلت مراد ہے جبکہ وہاں فضل سے فضلۃ یعنی زیادت مراد ہے۔ اس پوری تقریر سے ترجمۃ الباب کا مقصد بھی واضح ہو گیا ہے[75]۔

دوم: مفتی صاحب عموماً ایسے ابواب جن میں امام بخاریؒ نے ایک جیسی روایات ذکر کی ہوں جن کا بظاہر کوئی فائدہ نظر نہیں آرہا ہے۔ تو اس صورت حال میں مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ دونوں ترجموں کو ثابت کرنے کے لیے مختلف توجیہات کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ ان کے فائدے بھی بیان کرتے ہیں۔ تاکہ دونوں ترجمے ثابت ہو جائے۔

مثال: "باب افشاء السلام من الاسلام"

" عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الإِسْلاَمِ خَيْرٌ؟ قَالَ: «تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلاَمَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ» "[76]

---

72 عبداللہ بن عمرؓ بن خطابؓ، کنیت ابو عبدالرحمٰن مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ غزوۂ احد میں چھوٹے ہونے کی وجہ سے شریک نہ ہوئے۔ اس کے بعد تمام غزوات میں شریک ہوتے رہے۔ آپ ﷺ کی سنت کی بہت ہی زیادہ رعایت رکھنے والے صحابی ہیں۔ ان کے بے شمار مناقب ہیں اور ان سے (610) احادیث مروی ہیں۔ 73ھ/692ء میں فوت ہوئے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب ج3، ص950، ترجمہ (1612)۔۔۔ الإصابۃ فی تمییز الصحابۃ ج4، ص155، ترجمہ (4852))

73 کشف الباری، کتاب العلم، ج۳، ص49، 50۔

74 صحیح البخاری، جزء1، ص43

75 کشف الباری، کتاب العلم، "باب فضل العلم" ج3 ص49 – 50۔

76 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب افشاء السلام من الاسلام (18) حدیث (28)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: عبداللہ بن عمرو ؓ [77] سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کون سا اسلام بہتر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور جسے جانتے ہو اور جسے نہ جانتے ہو سب کو سلام کرو۔[78]

اس باب کی حدیث کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے انہی الفاظ کے ساتھ "باب اطعام الطعام من الاسلام" کے تحت بھی ذکر فرمایا ہے۔ تو اس پر اشکال یہ آتا ہے کہ امام بخاریؒ نے ان احادیث کو ایک ہی باب کے تحت ذکر کیوں نہیں کیا۔ مفتی صاحبؒ اس کی توجیہ اس طرح بیان فرماتے ہیں کہ "**انما لم یدخل هذا الباب فی باب اطعام الطعام من الاسلام ،لانه قصد تعدید شعب الایمان، فخص کل شعبة بباب تنویها بشانها**" مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ حقیقتاً یہ باب ابعام الطعام من الاسلام میں داخل نہیں ہے، کیونکہ یہاں امام بخاری کا ایمان کے مختلف شعبوں کو بیان کرنا مقصود ہے اس لئے ہر شعبے کے لئے الگ باب لانا چاہتے ہیں۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس پر کشف الباری میں کافی گفتگو فرمائی ہے۔ علماء کے اقوال ذکر کیے ہے۔ بہر حال امام بخاریؒ کے ظاہری صنیع سے یہی معلوم ہو رہا ہے وہ شعب ایمان کو شمار کرنا چاہتے ہیں اس لیے ہر شعبے کے لیے علیحدہ باب لاتے ہیں۔[79] شیخ صاحبؒ بھی عموماً ایسے ابواب جن میں امام بخاری نے ایک جیسی احادیث ذکر کی ہیں اور ان کے ذکر کرنے میں کوئی فائدہ نظر نہ آ رہا ہو تو اس صورت حال میں آپؒ دونوں ترجموں کو ثابت کرنے کے لئے مختلف توجیہات کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ ان کے فائدے بھی بیان کرتے ہیں تاکہ دونوں ترجمے ثابت ہو جائیں۔

مثال: "**باب افشاء السلام من الاسلام**"

اس باب میں شیخؒ نے باب کی حدیث کے ساتھ تطبیق کے لیے علامہ کرمانی اور حافظ ابن حجر رحمہم اللہ کے اقوال ذکر کیے ہیں اور ان کے ذریعے سے اس پر ہونے والے اشکالات کو دفع کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ اس باب کی حدیث کو جو ماقبل میں گزر چکی ہے امام بخاری نے اسی طرح "**باب اطعام الطعام من الاسلام**" میں ذکر کیا ہے اور یہاں پر صرف کثرت طرق کی وجہ سے دوبارہ ذکر کیا ہے۔ لیکن اسی پر اشکال ہوتا ہے کہ جب صرف کثرت طرق ہی مقصود تھا تو پھر اس کو ایک ہی ترجمہ بنا کر اس میں دونوں روایات ذکر کر دیتے لیکن ایسا نہیں کیا۔

---

77 عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ قریشی 7ق ھ/616ء کو پیدا ہوئے۔ کثرت سے عبادت کرنے والے ہیں آپ کے متعلق نبی کریم ﷺ نے فرمایا: **إن لجسدك عليك حقا،وإن لزوجك عليك حقا، وإن لعينيك عليك حقا.** جنگوں اور غزوات میں شرکت کرتے تھے۔ آپ سے 700 احادیث مروی ہیں۔ آپ 65ھ/684ء کو فوت ہوئے۔(الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، ترجمہ (4838)۔۔۔الاعلام ج4، ص111- 112)

78 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب الایمان، حدیث 27، ج1، ص109۔

79 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "**باب افشاء السلام من الاسلام**" ص156

toobaa-elibrary.blogspot.com

علامہ کرمانی رحمۃاللہ علیہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ ممکن ہے عمرو بن خالد نے اس حدیث کو **اطعام الطعام** کے ذیل میں ذکر کیا ہو اور قتیبہ نے سلام کے تحت اپنے استادوں کی مکمل اتباع کرتے ہوئے امام بخاری نے الگ الگ ترجمہ قائم کر دیا ہو۔ لیکن یہ جواب درست نہیں ہے کیونکہ اس سے اولا یہ لازم آئے گا کہ پہلے ثابت یہ ہو کہ ان دونوں استادوں کی مبوب کتابیں موجود ہیں جہاں انہوں نے ابعام بعام اور سلام کے ابواب قائم کیے ہو اور ان کے تحت اس حدیث کو ذکر کیا ہے جب ان کے حالات لکھنے والوں نے اس بات کا تذکرہ نہیں کیا۔ پھر اس سے یہ لازم آتا ہے کہ امام بخاری وضع تراجم میں دوسروں کی تقلید کرتے ہیں، حالانکہ یہ بات مشہور ہے کہ وہ وضع تراجم کے سلسلہ میں کسی کی تقلید نہیں کرتے بلکہ احادیث سے خود احکام مستنبط کرتے اور اجتہاد کر کے تراجم وضع کرتے ہیں پھر اگر کرمانی کی بات درست مان لیں اور یہ تسلیم کر لیں کہ واقعی دونوں استادوں نے اس کو ذکر کیا ہے تو بھی مصنف کے لیے ان کو جمع کرنا ممکن تھا، لہذا سوال برقرار رہتا ہے۔ بہر حال یوں کہا جا سکتا ہے کہ ظاہرا امام بخاری کی صیغ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ شعب ایمان کو شمار کرنا چاہتے ہیں اس لیے ہر شعبہ کے لیے الگ الگ باب قائم فرمایا ہے۔[80]

سوم: اگر کہیں روایت اور ترجمۃالباب میں مطابقت ظاہر نہ ہو اور علماء نے بھی ان دونوں کے درمیان مطابقت نہ ہونے کا فیصلہ دیا ہو تو وہاں مفتی صاحبؒ روایت اور ترجمۃالباب کو اپس میں جوڑنے کا بھرپور کوشش کرتے ہیں تاکہ دونوں اپس میں موافق ہو جائے

مثال: "**باب الفهم في العلم**"

" **عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلَى المَدِينَةِ فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ، فَقَالَ: «إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً، مَثَلُهَا كَمَثَلِ المُسْلِمِ» ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُولَ: هِيَ النَّخْلَةُ، فَإِذَا أَنَا أَصْغَرُ القَوْمِ، فَسَكَتُّ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «هِيَ النَّخْلَةُ»**"[81]

ترجمہ: مجاہدؒ[82] کہتے ہیں کہ میں مدینہ تک ابن عمر ؓ کے ساتھ رہا (اس عرصہ میں) ایک حدیث کے سوا میں نے ان کو رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا، انہوں نے کہا کہ ہم نبی ﷺ کے پاس تھے جبکہ آپ کے حضور میں جمار (ایک خاص درخت) لایا گیا، تو آپ نے فرمایا کہ درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے کہ اس کی کیفیت مسلمان کی کیفیت کے مثل ہے ابن

---

80 کشف الباری، کتاب الایمان، "باب افشاء السلام من الاسلام" ج 2، ص190 – 191۔

81 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب الفهم فی العلم (14) حدیث (72)

82 ابو حجاج، مجاہد بن جبر مکیؒ، مولی بنی مخزوم، تابعی، امام، مفسر، فقیہ اور کثیر الحدیث 21ھ کو پیدا ہوئے۔ ابن عباسؓ، عائشہؓ، ابو ہریرہؓ اور دوسرے صحابہ کرام سے علم حاصل کیا۔ آپ سے عکرمہؒ، طاؤسؒ، عطا بن ابی رباحؒ اور قتادہؒ سمیت ایک کثیر جماعت نے استفادہ کیا۔ قرآن کریم کی ہر آیت کا شانِ نزول جانتے تھے۔ کثرت سے اسفار کرتے تھے۔ کوفہ میں رہائش اختیار کی۔ 100ھ کو فوت ہوئے۔ (سیر أعلام النبلاء ج4، ص449، ترجمہ (275)۔۔۔ الأعلام ج5، ص278)

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمر کہتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ کہہ دوں کہ وہ کھجور کا درخت ہے، مگر میں سب سے چھوٹا تھا اس لئے چپ رہا جب کسی نے نہ بتایا تو نبی ﷺ نے خود فرمایا کہ وہ کھجور کا درخت ہے۔[83]

اس باب کی تشریح میں مفتی صاحبؒ حدیث کی باب سے مطابقت کو ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں **"باب الفهم في العلم" "أي باب مدح الذكاء في العلم"**۔یعنی علم میں ذہانت کی مدح، پھر سابقہ باب کے ساتھ مطابقت کو ذکر کرتے ہیں **"والمناسبة بالسابق أن الفهم في العلم وإن كان في الصغر داخل في قوله عليه السلام من يرد الله به خيرا يفقهه في الدين"** ماقبل کے ساتھ مطابقت یہ ہے کہ علم میں سمجھ اگرچہ چھوٹی عمر میں ہو یہ آپ علیہ السلام کے اس قول میں داخل ہے کہ اللہ تعالی جس کے ساتھ خیر کا ارادہ کرے تو ان کو دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے۔ اگے باب اور حدیث کے متعلق فرماتے ہیں **"والغرض منه أن من فاته الفقه فلا يقصر الطلب لئلا يفوته الأدنى أو المراد منه الترغيب في التدبر والنظر في القرائن"**۔یعنی اور اس سے غرض یہ ہے کہ جس کے علم میں کمی ہو تو وہ علم کی طلب میں کمی نہ کریں یا اس سے مراد فکر کی ترغیب ہے اور یا قرائن میں نظر کرنا ہے۔اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مفتی صاحبؒ روایت اور ترجمۃ الباب کے درمیان مطابقت کو ثابت کرنا چاہتے ہیں[84]۔

اسی طرح حضرت شیخؒ بھی اگر کسی مقام پر حدیث اور ترجمۃ الباب میں کوئی مطابقت نظر نہ آرہی ہو اور کئی علماء نے ان دونوں کے درمیان مطابقت نہ ہونے کا فیصلہ کر دیا ہو تو شیخ اس مقام پر بھی یہ کوشش کرتے ہیں کہ اس کوئی مناسب توجیہ کر کے حدیث اور ترجمۃ الباب کو ایک دوسرے کے موافق کر دیا جائے۔

مثال اول: "باب تفسير ترك الخطبة"

اس باب میں شیخؒ نے ترجمۃ الباب کے ساتھ حدیث کی مناسبت ذکر کرنے کے لیے مختلف علماء کے اقوال نقل کیے ہیں ان میں سے ابن بطال[85]، ابن منیر المالکی، حافظ ابن حجر، شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمہم اللہ وغیرہم کے اقوال نقل کر کے حدیث اور ترجمۃ کے ساتھ مطابق کرنے کی کوشش کی ہے جیسا کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرما رہے ہیں:

---

83 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 72، کتاب العلم، ج1، ص104۔

84 ہدایۃ القاری، کتاب العلم، "باب الفھم فی العلم" ص238۔

85 ابوالحسن علی بن خلف بن عبدالملک بن بطال قرطبہ میں پیدا ہوئے۔ حدیث کے عالم تھے جس نے صحیح البخاری کی شرح لکھی ہیں۔ آپ 449ھ/1057ء کو فوت ہوئے۔(شذرات الذہب ج3، ص283۔۔۔الاعلام ج4، ص285)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ترجمۃ الباب کا عنوان قائم کیا ہے خطبہ ترک کرنے کی تفسیر اور اس کے ذیل میں ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا[86] کا واقعہ ذکر کیا ہے۔ ابن بطالؒ نے فرمایا کہ بظاہر حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ کا اس ترجمۃ الباب کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے پھر فرمایا امام بخاریؒ نے یہ حدیث اس باب کے تحت ذکر کرکے ایک لطیف و دقیق استنباط کیا ہے ،اور وہ یہ کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو معلوم تھا کہ حضور ﷺ جب حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کا پیغام بھیجیں گے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو رد نہیں کریں گے امام بخاری ؒ نے یہ واقعہ ذکر کرکے بتادیا کہ خطبہ علی خطبہ کی صرف یہ ہی صورت نہیں کہ ایک جگہ کسی نے پیغام دیا ہے تو دوسرا اس کی جگہ اوپر سے پیغام نہ دے بلکہ اس میں یہ بھی داخل ہے کہ اگر کسی کو علم ہو کہ اس جگہ فلاں بھی یہ نکاح کا پیغام دے گا اور اس عورت کا ولی اس کو قبول کرلے گا تو اس جگہ بھی اس کو پیغام نہیں دینا چاہیے۔

ابن منیر مالکیؒ نے ایک اور بات بیان کی ہے کہ اس میں خطبہ علی خطبہ کی مطلقا ممانعت کو بیان کیا ہے اس طرح ابھی تک خاطب او ر ولی کے درمیان ابھی تک بات طے نہیں ہوئی تھی اس کے باجود صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے انکار کردیا تھا تو جب کسی نے پیغام دیا ہوا ہو تو اس میں بطریق اولی خطبہ نہیں دینا چاہیے۔ حافظ ابن حجر نے ابن بطال کے قول کو اولیٰ اور دقیق قرار دیا ہے۔ حضرت شیخ الحدیث نے بھی اسی کو راجح قرار دیا ہے۔[87]

مثال دوم: "باب الفهم في العلم"

اس باب کی تشریح میں شیخ نے حدیث کی باب سے مطابقت کو ذکر کرتے ہوئے علامہ سندھیؒ، شیخ الہندؒ، شیخ گنگوہیؒ، اور شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ کے اقوال کو تفصیل کے ساتھ ذکر کیے ہیں ،جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں:

حدیث کی ترجمۃ الباب سے مطابقت

علامہ سندھی رحمہ اللہ کے قول کے مطابق چونکہ باب کا مقصد افہام کے مختلف ہونے کا بیان کرنا ہے اس لیے یہاں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا صغیر السن ہونے کے باوجود سمجھ جانا اور دیگر حضرات کا نہ سمجھ پانا اس اختلاف افہام پر دلیل واضح ہے۔ حضرت شیخ

---

86 حفصہؓ بنت عمر بن خطابؓ، ۱۸ق ھ میں ۶۰۴ء کو مکہ معظمہ میں پیدا ہوئی، جلیل القدر صحابیہ اور ام المؤمنین تھی۔ ان کا پہلا نکاح حسین بن حذافہ السہمیؓ سے ہوتا، جو مسلمان ہوئے تھے۔ میاں بیوی دونوں نے مدینہ منورہ ہجرت کی، جہاں اس کے شوہر نے وفات پائی۔ 2یا3ھ کو رسول اللہ ﷺ کے نکاح میں آئی، صحیحین میں ان کی ساٹھ حدیثیں مروی ہیں۔ مدینہ منورہ میں 45ھ/665ء کو وفات پائی۔ (اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابہ ج5، ص405۔۔۔ الاعلام ج2، ص264)

87 کشف الباری، کتاب النکاح، "باب تفسیر ترک الخطبۃ"، ج10ص256۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الہند کے نزدیک چونکہ فضل فہم کو بیان کرنا مقصود ہے لہذا یہ حدیث فضل فہم پر اس طرح دال ہوگی کہ اسکے دوسرے طریق میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد ہے۔"لان تکون قلتها احب الی من ان تکون لی کذا وکذا."[88]

اسی طرح حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جو فرماتے ہیں کہ اس باب سے مقصود تفقہ کے اعلیٰ مراتب میں سے ہونے کو بیان کرنا ہے سو یہاں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما چونکہ سمجھ گئے ہیں اور اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خوشی کا اظہار مرتب ہو رہا ہے۔اس لیے اس سے فہم کی فضیلت ثابت ہوتی ہے،البتہ استنباط مسائل اور اطلاع بر دقائق شریعت جو تفقہ ہے وہ فہم سے اعلیٰ ہے، اس کا اثبات نہیں ہے ،اس کا ذکر گزشتہ باب میں آچکا۔حضرت شیخ کے بقول چونکہ مقصود باب طریق مطالعہ کی ترغیب دینا ہے اور یہ بات حضور اکرم ﷺ کے جمار (کھجور کی گٹھلی) کو ہاتھ میں لینے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے غور و فکر اور تدبر کے جواب سمجھ لینے سے واضح ہو جاتی ہے۔[89]

چہارم: بعض اوقات امام بخاریؒ ترجمۃ الباب کو حرف استفہام کے ساتھ ذکر فرماتے ہیں،حالانکہ مسئلہ حدیث سے بالکل واضح ثابت ہو رہا ہوتا ہے،اس پر اشکال ہوتا ہے کہ ترجمۃ الباب میں حرف استفہام ذکر کر کے اس میں شک کیوں پیدا کر دیا گیا ہے۔

مفتی صاحبؒ شرح حدیث کے دوران اس کے جوابات دیتے ہیں۔

مثال:"باب هل يجعل للنساء يوم على حده في العلم"

اس باب کے اندر اشکال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب روایت سے عورتوں کی مخصوص مجلس جائز ہے تو اس روایت کے ساتھ ھل لگانے کی کیا ضرورت ہے مفتی صاحبؒ اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں **"لأن الواقع في الرواية الجعل مرة واحدة على سؤالهن ويحتمل الإطراد وغيره فأشار الى عدم تخصصه بهذه النساء".**

مطلب یہ ہے کہ یہ موقع محل کے اعتبار سے ایک جزوی مسئلہ ہے ،اس کا تعلق تو ایک خاص وقت اور واقعہ سے تھا اس سے قاعدہ قانون اخذ نہیں ہو سکتا اس لئے امام بخاریؒ نے باب (ھل) کے ساتھ ذکر کیا۔

مذکورہ بالا مثال میں شیخ صاحب رحمہ اللہ نے بھی اس اعتراض کو ذکر کر کے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس ترجمہ کو حرف استفہام کے ساتھ کیوں ذکر کیا ہے،اس کا جواب دیا ہے جیسے شیخ صاحبؒ لکھ رہے ہیں یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب روایت سے عورتوں کی مخصوص، مجلس جائز ہے تو امام بخاری نے (ھل) کے ساتھ کیوں باب منعقد کیا ہے جو تردد پر دال ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ دراصل حدیث باب کا یہ واقعہ ایک جزئی واقعہ ہے، ہو سکتا ہے یہ کہا جائے کہ یہ واقعہ تو ایک وقت کی بات تھی،اس سے کوئی

---

88 صحیح بخاری،کتاب العلم (3) باب الحیاء فی العلم،حدیث (131)

89 کشف الباری۔کتاب العلم،"باب الفهم في العلم"،ج3،ص311-312۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمومی قاعدہ اخذ نہیں کیا جاسکتا۔اس لئے امام بخاری نےھل کے ساتھ باب قائم فرمایا ہے۔یایوں کہا جاسکتا ہے کہ امام بخاری نےھل کا لفظ ذکر کرکے تفصیل کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اگر واقعۃ عورتوں کے لیے مستقل دن مقرر کرنے کی ضرورت ہو اور مقرر کرنے میں کسی فتنہ کا خوف نہ ہو تو پھر کوئی حرج نہیں اور اگر ضرورت نہیں ہے یا فتنہ کا خطرہ ہے تو احتراز کرنا چاہیے۔ حضور ﷺ نے عورتوں کے لیے ان کی درخواست پر بضرورت ایک دن مقرر فرما دیا تھا، یہ کوئی دائمی چیز نہیں تھی، پھر آپ ﷺ کے حق میں کسی طرح کا خطرہ دور دور کا بھی نہیں تھا۔[90]

---

90 کشف الباری، کتاب العلم، "باب ھل یجعل للنساء یوم علی حدہ في العلم"، ج4، ص91۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

اس مبحث کی اختتام پر ہم دونوں شیوخؒ کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخؒ کے منہج صحیح طور پر واضح ہو جائے۔حدیث کی تشریح و توضیح میں دونوں شارحینؒ کا منہج مختلف ہے۔دونوں شارحینؒ نے اپنے اپنے منہج کے مطابق متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت کے حوالے سے تشریح کی ہے۔

مفتی صاحبؒ نے متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت کے حوالے سے بحث کی ہے اور متشابہ تراجم کے جتنے بھی اجزاء اور متعلقات ہیں سب پر مثالوں کے ساتھ بحث کی ہے لیکن بحث مختصر کی ہے۔جبکہ شیخؒ نے متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت کے حوالے سے تفصیلا بحث کی ہے،اور متشابہ تراجم کے جتنے بھی اجزاء اور متعلقات ہیں سب پر مثالوں کے ساتھ بحث کی ہے۔

مختصر یہ کہ دونوں شارحینؒ نے متشابہ تراجم کے حوالے سے خوب بحث کی ہے لیکن مفتی صاحبؒ مختصر بحث کرتے ہیں اور علماء کے اقوال اور دلائل بہت کم ذکر کرتے ہیں،جبکہ حضرت شیخؒ صاحبؒ تفصیل سے بحث کرتے ہیں نیز عموما علماء کے اقوال،آراء اور ان کے دلائل کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

شرح حدیث میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

شرح حدیث میں دونوں شیوخ کا منہج

ما قبل فصول میں ہم نے ترجمۃ الباب کے حوالے سے تفصیلا بحث کی ہے۔ ترجمۃ الباب کے جتنے بھی متعلقات اور جزئیات ہیں یعنی ترجمۃ الباب کا ما قبل اور مابعد کے ساتھ ربط، ابواب کا آپس میں ربط و تعلق، احادیث کا ترجمۃ الباب سے ربط و تعلق، اسی طرح تتابہ تراجم کے حوالے سے خوب تفصیلاً گفتگو ہوئی ہے۔ دونوں شیوخ کا اسلوب واضح کیا گیا اس میں علماء کے اقوال ودلائل بھی پیش کیے گئے۔ مختصر یہ کہ ترجمۃ الباب کے حوالے سے خوب سیر حاصل بحث کی گئی۔ اب ہم اس فصل میں شرح حدیث کے حوالے سے بحث کریں گے کہ شرح حدیث میں دونوں شیوخ کا منہج کیا ہے۔

مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا شرح حدیث میں منہج :

إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ [91]

ترجمہ: اعمال کے نتائج نیتوں پر موقوف ہیں اور ہر آدمی کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی، چنانچہ جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہو کہ وہ اسے پائے گا، یا کسی عورت کے لئے ہو، کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی چیز کی طرف شمار ہو گی جس کے لئے ہجرت کی ہو۔ [92]

مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ "لابد ھا ھنا من امورعشرۃ" [93]

الاول: طریق قراءۃ السند

چونکہ یہ بخاری شریف کی پہلی حدیث ہے اس لیے مفتی صاحبؒ سند کی قراءت کا طریقہ بھی بتاتے ہیں کہ سند کی ابتداء میں لفظ "بہ" کو لانا ضروری ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ہے کہ "اقول بہ" اور "قال" کے سات اس کا تعلق ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اس سے پھر کذب لازم آئے گا اور اس میں ضمیر سند متصل کی طرف راجح ہے اس کے بعد اپنی سند ذکر کرتے ہیں۔ اور اس سند حدیث کو علامہ شاہ محمد اسحاق تک پہنچاتے ہیں۔ عام طور پر مفتی صاحبؒ شرح حدیث کے دوران کسی بات کی مزید وضاحت کرنا چاہتے ہیں

---

91 حَدَّثَنَا الحُمَيْدِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى المِنْبَرِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ» (صحیح بخاری، کتاب الوحی(1) باب کیف کان بدء الوحی(1) حدیث(1))

92 بخاری شریف مترجم، ج1، ص89۔

93 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص48۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یا کوئی بات ان سے رہ جاتی ہے تو لفظ "اعلم" یا لفظ "فائدہ" سے اس کی وضاحت کرتے ہیں ۔اور پھر اس فائدہ کو نمبر وار ذکر کرتے ہیں۔اس سند کے متعلق جو فائدہ ذکر کیا ہے وہ فائدہ نمبر 12 ہے۔

فائدہ نمبر 12 :

مفتی صاحبؒ یہاں پر اپنی سند شاہ محمد اسحاقؒ تک ذکر کرتے ہیں اس کے بعد فائدہ میں فرماتے ہیں کہ **"والسند من الشاہ محمد اسحاق الی امام البخاری ،مسطور فی آخر المقدمۃ ومن المؤلف الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسطور فی اول کل حدیث** "آخر المقدمۃ" سے مراد ہدایۃ القاری کا آخر مراد ہے۔

الثانی: بیان الرجال

رواۃ کے تعارف بھی خوب وضاحت سے بیان فرماتے ہیں، فرماتے ہیں کہ " حدثنا الحمیدی "میں حمیدی[94] سے مراد ابو بکر عبد اللہ بن زبیر ہے جو اپنے جد امجد کی طرف منسوب ہے۔ مزید مفتی صاحب وضاحت کرتے ہیں کہ حمیدی مکی ہیں اور اسی طرح ان کے شیخ سفیان "(جو سند میں موجود ہیں)" افقہ قریش ہیں۔تو امام بخاریؒ نے اپنی کتاب کی ابتداء ان رجال سے کی ہے کیونکہ وحی کی ابتداء بھی مکہ سے ہوئی۔اور یہ آپ ﷺ کے قول کی وجہ سے " **قَدِّمُوا قُرَيْشًا** "[95] پھر مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ امام مالکؒ کی روایت کو باب میں دوسرے نمبر پر لائے (اس کے بعد میں آنے والی سند کے طرف اشارہ ہے) کیونکہ وہ اہلِ مدینہ کے شیخ ہیں اور مدینہ میں نزول وحی دوسرے نمبر پر ہے۔فرماتے ہیں کہ "وقیل" کہ حمیدی بطن من اسید بن عبد العزی سے ہے۔ راوی کی مزید وضاحت کرتے ہوئے مفتی صاحب فرماتے ہیں فائدہ نمبر 13: میں کہ حمیدی نام کی تین شخصیات ہیں ایک مذکورہ بالا ہے، دوم عبد اللہ بن زبیر، وہ صحابی ہیں۔ اور سوم محمد بن نصر صاحب الجمع بین الصحیحین ہیں۔اس کے بعد سند میں سفیان " ابن عیینہ المکی ہیں جن کی وفات 198ھ میں ہوئی۔

الثالث: بیان الفاظ الادا

---

94 ابو بکر عبد اللہ بن الزبیر بن عیسیٰ بن زہیر القرشی الحمیدی۔ ثقہ راوی ہیں۔ سفیان بن عیینہ، ابراہیم بن سعد اور امام شافعی سے علم حاصل کیا۔ شاگردوں میں امام بخاری، بشر بن موسیٰ اور سلمیٰ بن شبیب مشہور ہیں۔ تصنیفات میں المسند اور کتاب الدلائل مشہور ہیں۔219ھ کو فوت ہوئے۔(سیر اعلام النبلاء 10، ص 616)

95 وَعَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ – قَالَ فِيمَا أَعْلَمُ: «قَدِّمُوا قُرَيْشًا، وَلَا تَقَدَّمُوهَا، وَلَوْلَا أَنْ تَبْطَرَ قُرَيْشٌ لَأَخْبَرْتُهَا بِمَا لَهَا عِنْدَ اللَّهِ» أبو الحسن نور الدين علي بن أبي بكر بن سليمان الهيثمي، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، مكتبة القدسي، القاهرة، 1414ھ- 1994 م- کتاب المناقب 37 باب ماجاء فی فضل قریش، ج 10، ص 25، حدیث، 16450 رَوَاهُ الْبَزَّارُ، وَفِيهِ عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ؛ وَهُوَ مَتْرُوكٌ، وَلَيْسَ هُوَ عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ الَّذِي فِي ثِقَاتِ ابْنِ حِبَّانَ. أخرجه البيهقي "41/8– 42" وأبو نعيم في "الحلية" "64/9" وفي الباب عن أنس بن مالك رضي الله عنه: أخرجه أبو نعيم في "الحلية" "64/9" من طريق محمد بن يونس الكديمي ثنا أبي ثنا محمد بن سليمان المخزومي عن عبد العزيز بن أبي داود عن عمرو بن أبي عمر عن أنس قال: خطبنا رسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يوم الجمعة فقال: "يا أيها الناس قدموا قريشاً ولا تقدموها".

toobaa-elibrary.blogspot.com

فرماتے ہیں کہ سند میں الفاظ ادا میں "حدثنا" "اخبرنا" "انبانا" اور "سمعت" میں کوئی فرق نہیں ہے۔ لیکن جمہور فرماتے ہیں کہ الفاظ ادا میں سب سے اعلیٰ درجہ "سمعت" ہے پھر "حدثنا" اور پھر "اخبرنا" ہے اور عنعنة یہ سماع پر محمول ہے[96]۔

الرابع: شان ورود الحدیث

شرح حدیث کے دوران مفتی صاحب سببِ ورود الحدیث بھی بیان فرماتے ہیں۔ جیسے اس حدیث کے شانِ ورود میں قصه مہاجرام قیس تفصیلاً بیان کیا ہے۔ اور اس میں علماء کے اقوال، آراء اور دلائل ذکر کیے ہیں لیکن طول مبحث کی وجہ سے یہاں ذکر نہیں کر سکتے۔

الخامس: "وجه البداية بالحديث"

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب کی ابتداء اس حدیث سے کیوں فرمائی کے بارے میں مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ اصلاحِ نیت کی ترغیب دیتے ہوئے ابتداء کی گئی ہے اور امام بخاریؒ نے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ اس تالیف سے میری مراد اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔ اور معلم اور متعلم دونوں کی ترغیب بھی ہے۔

مزید مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ حدیث کا باب کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اس لیے تو بعض شارحین اور مستخرجین نے قبل الباب ذکر کیا ہے۔ اس پر بھی آپؒ نے تفصیلی بحث کی ہے علماء کے اقوال و دلائل ذکر کیے ہیں۔[97]

السادس: "وجه التعلق بالترجمة والآية"

مفتی صاحب فرماتے ہیں بعض نے اشکال کیا ہے کہ حدیث کا ترجمہ کے ساتھ تعلق مناسب نہیں ہے۔ تو بعض نے یہ جواب دیا ہے کہ حدیث کا تعلق مدلولِ التزامی کے ساتھ ہے اور وہ عظمتِ وحی ہے "اي الوحی أمر عظيم" اور وحی اس شخص پر نازل کی جاتی ہے جس میں کمال حسن النیۃ ہو۔ اس کے بعد اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے۔

السابع: نوع الحدیث

مفتی صاحبؒ حدیث کی صحت پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اور اس میں حافظ ابن حجرؒ کے قول کو بھی پیش کیا ہے۔ اور مشہور بھی ہے" بالنسبة الى آخر الحديث " اس میں بھی محدثین کے اقوال نقل کر کے حدیث کو مشہور ثابت کیا ہے اور آخر میں فرماتے ہیں کہ یہ حدیث شاذ نہیں ہے " فلا يدخل هذا الحديث فى الشواذ "

الثامن: تشریح الالفاظ

---

96 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی۔ ص 49 ، 50۔

97 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص 51 ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحبؒ الفاظِ حدیث کی تشریح فرماتے ہوئے: کہ لفظ "سمعت" یہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہے۔فرماتے ہیں کہ "**ولا بد أن یکون الثانی مما یسمع**"اور ضروری ہے کہ ثانی وہ ہو جس سے حدیث سنی جاتی ہے۔لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہے۔

قوله (رحمة الله علیه) اس سے مراد امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔مفتی صاحب لفظ"**المنبر** " کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں "**القیاس فتح المیم لکنه لم یسمع من العرب**"قیاسا تو فتح المیم ہے لیکن عرب سے ایسا نہیں سنا گیا اس کے بعد باقی الفاظ حدیث کی مکمل تشریح یعنی لغوی، صرفی، نحوی اور اصطلاحی تعریفات فرماتے ہیں۔لیکن طول مبحث کی وجہ سے چھوڑ دیتے ہیں۔بعض الفاظ جو تفصیل طلب ہے ان کی وضاحت فرماتے ہیں کہ نیت کی تین اقسام ہیں: "**ما تمیز العبادة عن العادة،و تمیز العبادة عن العبادة الأخری و تمیز المعبود عن المعبود**" ۔یعنی عادت اور عبادت میں فرق واضح ہو جائے، دو عبادات کے درمیان فرق واضح ہو جائے،اور معبود واضح ہو جائے۔

قوله (رحمة الله علیه) (هجرته) لفظِ ہجرت کی تحقیق کرتے ہیں اس کے بعد اس کی اقسام بیان کرتے ہیں کہ ہجرت کے آٹھ اقسام ہیں:

۱۔مکہ سے حبشہ [98] ۲۔مکہ سے مدینہ ۳۔اور قبائل سے آپ علیہ السلام کی طرف ۴۔فتح مکہ کے بعد ہجرت ۵۔ہجرۃ ما نہی اللہ عنہ ۶۔ہجرت ثانیہ الی الحبشۃ ۷۔دار الحرب میں مقیم کا دار الاسلام کی طرف ہجرت ۸۔اور آخری زمانہ شام کی طرف ہجرت۔اس کے بعد ہجرت اور نیت کے بارے میں تفصیلی بحث فرماتے ہیں۔

التاسع:"الاحکام المستنبطة"

مفتی صاحب احکامِ مستنبطہ کے نام سے ایک عنوان لاتے ہیں جس میں اکثر اوقات فقہی مسائل پر تفصیلاً بحث کرتے ہیں بعض اوقات اس میں عقائد سے متعلق مسائل بھی ذکر کرتے ہیں۔تو اس حدیث میں جو احکام مستنبطہ عنوان ذکر کیا ہے اس میں ایک فقہی مسئلہ نیت کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔فرماتے ہیں کہ حدیث سے متعلق استنباطی مسائل کا احصاء تو مشکل ہے لیکن ان میں سے بعض پر اکتفاء کرتے ہیں۔کہ حدیث اجماعی طور پر متروک الظاہر ہے۔اس لئے کہ نیت کے بغیر اعمال کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور یہ عقلاً ونقلاً باطل ہے۔ لہذا یہاں ایک لفظ "**حکم**" کو مقدر مانتے ہیں "**ای حکم الاعمال بالنیات**" پھر فرماتے ہیں کہ حکم

---

98 حبشہ ایک کشادہ شہر ہے جس کے شمال میں خلیج بربری، جنوب میں بر، مشرق میں زنج اور مغرب میں بجہ واقع ہے۔یہاں گرمی زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کے باشندے کالے رنگ کے ہوتے ہیں۔مسلمانوں کی تعداد کم ہیں۔نفر اور ملکیت کے اعتبار سے اہل حبشہ مالا مال ہیں۔اکثر علاقہ صحرائی ہیں اور پانی و بارش نہ ہونے کی وجہ سے زمینیں بنجر ہیں، کیلے،انگور اور آم حبشہ کے عام میوہ جات ہیں جبکہ لباس کے لیے کھال اور روئی استعمال کرتے ہیں۔(آثار البلاد و أخبار العباد ج1،ص20)

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی دو قسمیں ہیں یک قسم آخرت سے متعلق ہے جبکہ دوسری دنیا سے متعلق ہے پھر اس پر خوب بحث فرماتے ہیں۔فقہاء کے مذاہب ذکر کرتے ہیں جو راجح مذہب ہواس کو بھی ذکر کرتے ہیں۔عمدۃ القاری اور فتح الباری کا بھی حوالہ دیتے ہیں۔

العاشر: "بیان بعض اللطائف"

مفتی صاحبؒ شرح حدیث کے آخر میں بعض لطائف اور نکات کو ذکر کرتے ہیں تاکہ حدیث کا مفہوم اور مسائل کی خوب وضاحت ہو جائے۔ یہاں پر آپؒ جو نکات ذکر کررہے ہیں وہ بھی نیت کے بحث سے متعلق ہے۔ لہذا مزید اس کی وضاحت چاہتے ہیں فرماتے ہیں کہ **"فھو ان المراد من الاعمال غیر النیات لئلا یتسلسل. ثم بعد ذالک اختلفوا فی تعیین المراد الاعمال.فقیل المرادمنھا اعمال الجوارح. و قیل:ما یعم افعال الجوارح، والقلوب والاقوال، وقیل المراد منھاما سوی معرفة الله تعالیٰ، لانه غیر موقوفة علی النیة فیلزم الدور ای یلزم ان یکون عارفا قبل المعرفة وھو محال."**

ترجمہ: کہ اعمال سے مراد اعمال غیر النیات ہیں ورنہ تسلسل لازم آئے گا اس کے بعد علماء نے اس مراد کی تعیین میں اختلاف کیا ہے۔بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد صرف جواح کے اعمال ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ نہیں عام ہے اس سے جوارح، قلوب اور اقوال سب مراد ہیں۔بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد اللہ کی معرفت کے سوا سب مراد ہیں کیونکہ وہ نیت کی عمل پر موقوف نہیں ورنہ دور لازم آئے گا،اور وہ یہ کہ معرفت سے پہلے عارف ہونا لازم آئے گا اور یہ محال ہے یاد رہے کہ مفتی صاحب شرحِ حدیث میں اکثر یہ الفاظ ذکر کرتے ہیں جیسے لفظ "قیل"، "قلنا" قالوا۔وغیرہ،اور ان الفاظ کی بعض اوقات نشاندہی بھی کرتے ہیں[99]۔یہ ہم نے مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شرح حدیث سے متعلق تذکرہ کیا لیکن ہم نے اس میں نہایت اختصار سے کام لیا ہے تاکہ بحث طول نہ ہو جائے ۔

شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا شرحِ حدیث میں منہج

مذکورہ بالا حدیث کے تناظر میں ہم آپؒ کے شرحِ حدیث سے متعلق بحث کریں گے کہ شرحِ حدیث میں آپؒ کا منہج کیا ہے۔ چونکہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی شرح انتہائی تفصیلی ہے ہر پہلو پر آپ نے تفصیلاً بحث کی ہے لہذا ہم کوشش کریں گے کہ آپؒ کی تشریحات کو اختصار کے ساتھ ذکر کریں۔اور زیادہ تر صرف عنوانات پر اکتفا کریں۔

قولہ : "حدثنا":

حدثنا اور اخبرنا میں فرق

99ہدایۃ القاری۔باب کیف کان بدء الوحی،ص52تا58۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیخ فرماتے ہیں کہ "حدثنا" اور "اخبرنا" کے ساتھ "وبہ قال" پڑھا جاتا ہے جو "**بالسند المتصل منا الی الامام الھمام الحافظ الحجۃ امیر المؤمنین فی الحدیث محمد بن اسماعیل بن ابراھیم بن المغیرۃ الجعفی قال**" جب سبق شروع ہو تو ایک دفعہ اس عبارت کو پڑھا جائے اسکے بعد ہر حدیث کے ساتھ "**وبہ قال**" پر اکتفاء کیا جائے پھر "حدثنا" اور "اخبرنا" میں فرق بیان کرتے اور ان دونوں کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بھی کرتے ہیں۔

الحمیدیؒ

اس کے بعد رواۃ کا تعارف کرواتے ہیں کہ یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ ابو بکر عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ القریشی الاسدی الحمیدی المکی ہیں۔ یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے ہم عصر ہیں۔ آپ کی وفات 219ھ کو ہوئی۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ ان کی پوری تفصیل ذکر کرتے ہیں کہ حمیدی نام کی تین شخصیات ہیں وغیرہ وغیرہ لیکن طولِ بحث کی وجہ سے ان کلمات پر اکتفاء کرتے ہیں۔[100]

ایک نکتہ

شیخ رحمۃ اللہ شرحِ حدیث کے دوران بعض نکات بیان کرتے ہیں جن میں ایک اہم اور تحقیقی بات کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ یہاں پر نکتہ یہ بیان کرتے ہیں کہ حمیدیؒ مکی اور قریشی بھی ہیں۔ اور اس کے بعد والی روایت "عبداللہ بن یوسف اخبرنا مالک" کے طریق سے مروی ہے۔ امام مالکؒ مدنی ہیں۔ چونکہ وحی کی ابتداء مکہ سے ہوئی اور حمیدی مکی ہیں ساتھ قریشی بھی ہیں اور آپ علیہ السلام نے فرمایا "**قدموا قریشا**"[101] تو ان وجوہات کی بناء پر حمیدی کی روایت کو پہلے ذکر کیا اور وحی کو تقویت بعد میں مدنیہ میں ملی اس لیے بعد والی روایت میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کیا۔

حدثنا سفیان

یہ سفیان بن عیینہ بن میمون ابو محمد الکوفی ہیں ان کی وفات 198ھ میں ہوئی۔[102]

مختصر یہ کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ سند میں تمام رواۃ کا تفصیلی تعارف کرواتے ہیں۔ یہ دو راوی صرف بطور مثال ذکر کیے۔ مزید فرماتے ہیں کہ کیا امام بخاریؒ کے نزدیک صحت حدیث کے لیے ہر طبقہ میں دو راویوں کا ہونا ضروری ہے؟ تو فرماتے ہیں کہ امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ اپنی کتاب میں غریب حدیث نقل نہیں کرتے حالانکہ کتاب بخاری کے اول اور آخر دونوں میں احادیث

---

100 کشف الباری، باب کیف کان بدء الوحی، ج1، ص236۔

101 مجمع الزوائد و منبع الفوائد، کتاب المناقب 37 باب ما جاء فی فضل قریش، ج10 ص 25، حدیث 16450

102 کشف الباری، باب کیف کان بدء الوحی، ج1، ص236 – 238 ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

غریب ہیں۔اس سے یہ بھی پتہ چلتاہے کہ صحتِ حدیث میں غرابت کاپایاجانا مضر نہیں ہے۔ ایک غریب حدیث صحیح بھی ہوسکتی ہے تب امام بخاریؒ نےان کو کتاب میں ذکر کیاہے۔[103]

حدیث کا ترجمۃ الباب سے انطباق

اشکال یہ ہوتاہے کہ حدیث "**انما الاعمال بالنیات**"[104] ترجمۃ الباب کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتااس اشکال کورفع کرنے کے لیے شیخؒ نے تقریبا دس جوابات دیے ہیں۔اوراس پرایک مدلل گفتگو فرمائی ہے۔ان میں سے صرف ایک دواقوال ذکر کرتے ہیں ۔

1. بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ امام بخاریؒ یہاں یہ روایت بطورِ خطبہ درج کی ہے چونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس روایت کودورانِ خطبہ ارشاد فرمایاتھا اس لیےامام بخاری رحمۃاللہ علیہ نےاس کواپنی کتاب کاخطبہ بنادیا۔اس پر بھی اعتراض کیا گیاہے۔
2. بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس حدیث کوترجمۃ الباب کے پہلے جزءکے ساتھ مناسبت نہیں ہے لیکن دوسرے جزءیعنی آیت سے مناسبت ہے۔مناسبت اس طرح کہ امام بخاری رحمۃاللہ علیہ نےاس حدیث کے ذریعے ایک ایسی وحی کی مثال پیش کی ہے،جوتمام انبیاءکرام علیہم السلام کوکی گئی اوروہ ہے تصحیحِ نیت کی وحی،جس کی تمام انبیاءکرام علیہم السلام کو تلقین کی گئی ہے۔بہرحال ایک لمبی بحث ہے جواس وقت مراد نہیں ہے۔اس دوران بہت سارے سوالات اعتراضات،اشکالات ،جوابات ہیں اوردلائل ہیں۔جویہاں سمانامشکل ہیں۔[105]

حدیث:"انما الاعمال بالنیات" کی اہمیت

شیخؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاری رحمۃاللہ علیہ نے اس حدیث کوسب سے پہلے درج کیاہے کیونکہ علمائےاسلام کے ہاں اس روایت کی صحت اورعظمت وجلالت متفق علیہ ہے۔حضرات علمائے کرام نے فرمایاہے کہ یہ روایت ان روایات میں داخل ہے جن پراسلام کادارومدارہے۔فرماتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں"**ان هذا الحديث يدخل فيه نصف العلم**"[106]

---

103 کشف الباری،باب کیف کان بدءالوحی،ج1ص240۔

104 صحیح بخاری،کتاب الوحی(1) باب کیف کان بدءالوحی،حدیث(1)

105 کشف الباری،باب کیف کان بدءالوحی،ج1،ص244۔

106 کشف الباری،باب کیف کان بدءالوحی،ج1،ص47 ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت شیخ رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں امام ابوداؤدرحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسلام کادارومدار چاراحادیث پر ہے ان میں سے ایک " انما الاعمال بالنیات "[107] ہے۔[108]

شانِ ورود حدیث

شیخ رحمہ اللہ حدیث کا شانِ ورود بھی بیان کرتے ہیں۔اس حدیث میں آپ ؓ ،امِ قیس رضی اللہ عنہا کا واقعہ ذکر کرتے ہیں اس پر کچھ اشکالات ذکر کرتے ہیں پھران کے جوابات دیتے ہیں۔

فعل اور عمل میں فرق

شیخ رحمۃاللہ علیہ "انما الاعمال بالنیات" کی تشریح میں فعل اور عمل کی وضاحت بھی کرتے ہیں کہ "انما الافعال بالنیات" کیوں نہیں کہاتو فرماتے ہیں کہ دراصل عمل میں دوام اور استمرار کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور عمل کا معنی ساختن یعنی بنانے کے لیے جس میں امتداد ہوتا ہے جبکہ فعل کا معنی ' کردن یعنی کرنے کے معنی میں ہے جو دوام پر دلالت نہیں کرتا[109]۔

نیت کے لغوی اور شرعی معنی

دوسرا عنوان قائم کرتے ہیں ،نیت اور ارادہ میں فرق:

ان دونوں عنوانات پر خوب بحث کرتے ہیں اشکالات کے جوابات دیتے ہیں اور علماء کے اقوال ذکر کرتے ہیں۔[110] پھر شیخ ایک تفصیل طلب فقہی عنوان لاتے ہیں۔

وضو میں نیت کا مسئلہ

اس عنوان کے تحت حضرت شیخ مذاہب کی تفصیل بیان کرتے ہیں ۔فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃاللہ علیہ،امام شافعی رحمۃاللہ علیہ، امام احمد رحمہ اللہ، امام ابوثور رحمۃاللہ علیہ اور داؤد ظاہری رحمۃاللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ نیت کے بغیر وضو،درست نہیں ہے ۔ان کے نزدیک وضو میں نیت شرط ہے۔[111] اور امام ابوحنیفہ ،امام ابویوسف،امام محمد،امام زفر،امام سفیان ثوری،امام اوزاعی ، حسن

---

107 صحیح بخاری، کتاب الوحی(1) باب کیف کان بدء الوحی، حدیث(1)

108 کشف الباری، باب کیف کان بدءالوحی، ج1، ص248۔

109 کشف الباری، باب کیف کان بدءالوحی، ج1، ص52 ۔

110 کشف الباری، باب کیف کان بدءالوحی، ج1، ص253 – 254 ۔

111 کشف الباری، باب کیف کان بدءالوحی، ج1، ص254۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بن حی رحمہم اللہ کے نزدیک اور ایک روایت کے مطابق امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وضو میں نیت واجب نہیں ہے۔[112] اس کے بعد مختلف عنوانات لاتے ہیں۔

1. منشاء اختلاف

2. پانی نجاست حقیقیہ اور حکمیہ دونوں کے لیے مطہر ہے۔

حنفیہ پر اشکال اور اس کا جواب

اس عنوان کے تحت درج ذیل عنوانات پر بحث کرتے ہیں۔ صرف عنوانات کے ناموں پر اکتفا کرتے ہیں۔

1. کیا احناف قیاس کو حدیث پر ترجیح دیتے ہیں:؟
2. حدیث باب سے ائمہ ثلاثہ کا استدلال:
3. شیخ الاسلامؒ علامہ عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق:
4. ائمہ ثلاثہ کے استدلال کے جوابات:
5. کن کن چیزوں میں نیت ضروری ہوتی ہے:؟
6. کیا احناف کا وضو نیت سے مجرد ہوتا ہے:؟
7. امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس مقام پر حدیث نامکمل کیوں نقل کی؟
8. ہجرت اور اس کی قسمیں:
9. ایک اشکال اور اس کا جواب:
10. فائدہ:
11. نکاح ایک امرِ مباح ہے اس کی نیت سے ہجرت کیوں درست نہیں:؟
12. حدیث باب سے مستنبط چند احکام[113]

مذکورہ بالا تمام عنوانات میں نیت پر آپؒ نے خوب بحث کی ہے۔ ہر عنوان کے تحت بہت مدلل بحث کی ہے۔ اشکالات، سوالات، جوابات، لطائف، فائدے، تنبیہات وغیرہ ایک سلسلہ چلتا ہے تمام مذاہب کی آراء کو تفصیل کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔ علماء، فقہاء

112 کشف الباری، باب کیف کان بدء الوحی، ج 1، ص 254۔

113 کشف الباری، باب کیف کان بدء الوحی ج 1، ص 254، 289۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

،محدثین،وغیرہ کے اقوال اور دلائل کا خوب اہتمام کرتے ہیں۔اور مسئلے کے ہر پہلو کو خوب اشکارا کرتے ہیں۔ایک سہل انداز سے بحث کرتے ہیں۔طوالت سے بچنے کی وجہ سے ہم نے صرف عنوانات پر اکتفاء کیا ورنہ تفصیلات کو اس فصل میں سمانا مشکل تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

دونوں شارحین رحمہا اللہ نے اپنے اپنے اسلوب کے مطابق شرحِ حدیث فرمائی ہے۔ شرحِ حدیث میں دونوں شیوخ کا اسلوب بالکل مختلف ہے۔

مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے شرحِ حدیث میں تقریباً اکثر پہلوؤں پر بحث کی ہے۔ سندِ حدیث کے تمام متعلقات پر بحث کی ہے۔ اوراسی طرح متنِ حدیث پر بھی بحث کی ہے۔ شرحِ حدیث فرماتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء اور دلائل کم ذکر کرتے ہیں۔ دوران تشریح مزید وضاحت کے لئے قیل و قال وغیرہ کے صیغے بھی استعمال فرماتے ہیں۔ اس کے برعکس شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی شرحِ حدیث فرماتے ہوئے تمام پہلوؤں پر بحث کی ہے۔ سندِ حدیث اور متنِ حدیث کے تمام جوانب پر نہایت سہل انداز میں تفصیلا بحث فرمائی ہے۔ آپؒ کی خوبی یہ ہے کہ شرحِ حدیث فرماتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء، دلائل اور ان کے درمیان اشکالات و جوابات نہایت آسان اور سہل اسلوب کے ساتھ بیان کرنے کا اہتمام فرمایا ہے، نیز علماء کے علاوہ باقی عوام بھی اس شرح سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

مختصر یہ کہ مفتی صاحبؒ کا انداز اختصار کا ہے جبکہ شیخؒ کا انداز تفصیلاً ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

علم اصول حدیث میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خان رحمہ کی آراء کا تقابلی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث اول

رواۃ کے تعارف میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

رواۃ کے تعارف میں دونوں شیوخ رحمہما اللہ کی آراء کا تقابلی جائزہ

رواۃ حدیث کے باب میں رواۃ کی صداقت و ثقاہت اور حفظ وضبط کی ضرورت سے قرن اول سے کسی کو بھی انکار نہیں رہا۔اسی لیے علمِ حدیث کے ساتھ مطابقت رکھنے والے اور اس علم کو سیکھ کر اس کی نشر واشاعت میں جن لوگوں نے اپنا کردار پیش کیا وہ روز اول سے ہی اس چیز کو اپنے سامنے رکھ کر اس کے مطابق ہی کسی حدیث کو قبول کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرتے آرہے ہیں اور بے شک علم الجرح والتعدیل بڑے علوم حدیث میں سے ہے،اور سب سے زیادہ اہم بھی ہے اور خطرناک بھی ہے اور اس کی اہمیت حدیث کے طالب علم سے مخفی نہیں ہے،اس لیے کہ یہ وہ علم ہے جس کے ذریعے سے سنت کے صحیح اور ضعیف ہونے کو پہچانا جاتا ہے وگرنہ عادل اور غیر عادل کی تمیز ممکن نہیں رہ سکتی۔ اور یہ علم الجرح والتعدیل اور تاریخ الرجال والرواۃ مسلمانوں کا طرہ امتیاز ہے جو مسلمانوں کے علاوہ کسی کو بھی پوری دنیا میں حاصل نہیں ہے۔پس ہم شیوخؒ کے منہج کو ذکر کرنے سے پہلے اس مقام پر علم الجرح والتعدیل کی اہمیت اور اس کی تعریف اور حکم ذکر کرنا ضروری سمجھتے ہیں اس لئے کہ جب اس کی اہمیت سامنے ہو گی تو اس سے شیوخؒ کا منہج بھی آسانی سے سمجھ میں آئے گا۔

تعریف علم الجرح والتعدیل

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تعریف اس طرح سے کی ہے۔ **"هو علم يبحث فيه عن جرح الرواة وتعديلهم بالفاظ مخصوصة"**[1] یہ وہ علم ہے جس میں راویوں کی جرح اور تعدیل مخصوص الفاظ کے ساتھ کی جائے۔

حکم علم الجرح والتعدیل

اس علم کا حکم یہ ہے کہ اس میں اگرچہ رجال پر جرح اور تعدیل کی جاتی ہے لیکن یہ حضور ﷺ سے ثابت ہے اور اسی طرح کئی صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین رحمہم اللہ اور ان کے بعد آنے والوں سے بھی اس کا جواز معلوم ہوتا ہے،اس مقصد کے لئے کہ اس سے شریعت کو محفوظ کیا جائے نہ کہ اس لئے کہ اس سے لوگوں پر طعن مقصود ہو اور جس طرح سے گواہوں پر جرح و تعدیل جائز ہوتی ہے اسی طرح سے رواۃ میں بھی جائز ہے بلکہ یہ چھان پھٹک کرنا حقوق وغیرہ میں کرنے سے دین کے معاملے میں زیادہ ضروری ہے[2]۔اس کی اہمیت کے بارے میں امام نووی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں : **"اعلم ان جرح الرواة جائز بل واجب بالاتفاق للضرورة الداعية اليه لصيانة الشريعة المكرمة وليس هو من الغيبة المحرمة بل من النصيحة لله تعالى ورسوله صلى الله عليه وسلم والمسلمين."**[3] جان لو کہ رواۃ کی جرح جائز ہی نہیں بلکہ بالاتفاق واجب ہے اس

---

1 تہذیب التہذیب،ج 1 ص 20

2 کشف الظنون،ج 1 ص 390

3 ابوزکریا یحیی بن شرف بن مری النووی،المنہاج شرح صحیح مسلم بن الحجاج،بیروت،دار احیاء التراث العربی،الطبعۃ الثانیۃ،1392ء،ج 1 ص 124

toobaa-elibrary.blogspot.com

لئے کہ یہ شریعتِ مطہرہ کے تحفظ کے لئے ہے اور یہ غیبت نہیں ہے جو کہ حرام ہے بلکہ یہ نصیحت ہے اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کی طرف سے ۔

غرض علم الجرح والتعدیل

اس کی غرض یہ بیان کی گئی ہے: "صيانة الشريعة، وتمييز صحيح الحديث وضعفه"[4] شریعت کو بچانا اور صحیح حدیث کو ضعیف سے ممتاز کرنا۔

علماء جنہوں نے اس موضوع پر کام کیا

اس موضوع پر کام کرنے والے علماء کثیر ہیں یہاں ممکن ہے کہ ہم ان کو تین حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان کے تین طبقات بنائیں۔

طبقہ اولیٰ: وہ علماء ہیں جنہوں نے اس فن پر بڑی محنت کی اور ان کے اقوال سب سے زیادہ قوی اور اہمیت رکھنے والے ہیں علم جرح وتعدیل میں ان میں یہ علماء شامل ہیں ، شعبہ بن الحجاج بن الورد العتکی، ابو بسطام الواسطی، مالک بن انس بن مالک الاصبحی ، ابو عبد اللہ المدنی ۔

طبقہ دوم: وہ علماء جو ان کے بعد آتے ہیں اور ان کو درمیانہ طبقہ کہا جا سکتا ہے ان میں یہ علماء شامل ہیں اور ان کا مقام پہلے طبقہ سے کم ہے۔ یحیی بن سعید القطان ، ابو سعید البصری، ابو حفص عمر بن علی الفلاس۔

طبقہ سوم: یہ وہ لوگ ہیں جن کے زیادہ اقوال نہیں بلکہ چند ایک اقوال اس علم میں ملتے ہیں ان میں سے چند یہ ہیں ابو حاتم محمد بن ادریس الرازی ابو زرعۃ عبید اللہ بن عبد الکریم الرازی۔

کتب علم الجرح والتعدیل

اس موضوع پر علماء نے بڑی محنت کی ہے اور اس میں باقی علوم کی طرح کئی تصنیفات ہیں ان میں سے بعض یہ ہیں

1. تقريب التهذيب لاحمد بن علی بن حجر العسقلانی
2. كشف الظنون فی باب علم الجرح والتعديل لحاجی خليفة
3. الجرح والتعديل لابی حاتم بن حبان البستی
4. كتاب الجرح والتعديل، لابی الحسن احمد بن عبدالله العجلی الكوفی
5. الهداية والارشاد فی معرفة اهل الثقة والسداد لاحمد بن محمد بن الحسن الكلاباذی
6. التعديل والجرح لمن روى عنه البخاری فی الصحيح لابی الوليد سليمان بن خلف الباحی

---

4 المفصل فی الرد علی شبہات اعداء الاسلام ج، 13 ص، 244

toobaa-elibrary.blogspot.com

علم جرح وتعدیل میں راویوں کے ناموں میں اشتباہ اوران کے دور کرنے کے موضوع کو بھی خاص اہمیت دی گئی ہے اس وجہ سے اس پر بھی علماء نے مستقل کتب لکھی ہیں ان میں سے چند یہ ہیں:

1. توضیح المشتبة فی ضبط اسماء الرواة وانسابهم والقابهم وکناهم ،مؤلف: ابن ناصر الدین شمس الدین محمد بن عبد الله بن محمد القیسی الدمشقی۔
2. المعجم فی مشتبه اسامی المحدثین مؤلف: عبید الله بن عبدالله بن احمد الهروی ابو الفضل
3. تبصیر المنتبه بتحریر المشتبه مؤلف حافظ ابن حجر العسقلانی

مفتی صاحب ؒ کا منہج رواۃ کے تعارف بیان کرنے میں کیا ہے اس کو ہم ذیل میں بیان کرتے ہیں:

اول: مفتی صاحبؒ عام طور پر سندِ حدیث میں ہر آنے والے راوی کا مختصر تعارف ذکر کرتے ہیں اور بعض اوقات اس کو ترک بھی کرتے ہیں۔اس حوالے سے آپؒ بعض علماء اور کتب کا حوالہ بھی دیتے ہے۔

مثال اول:"باب کیف کان بدء الوحی الی رسول الله صلی الله علیه وسلم"

اس باب کی پانچویں حدیث امام بخاری رحمۃاللہ علیہ نے یہ ذکر فرمائی ہے۔

"عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: «كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ، وَكَانَ أَجْوَدُ مَا يَكُونُ فِي رَمَضَانَ حِينَ يَلْقَاهُ جِبْرِيلُ، وَكَانَ يَلْقَاهُ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ فَيُدَارِسُهُ القُرْآنَ، فَلَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدُ بِالخَيْرِ مِنَ الرِّيحِ المُرْسَلَةِ»".[5]

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں، فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور خاص طور پر رمضان میں جب جبرائیل آپ ﷺ سے ملتے تو آپ ﷺ سب لوگوں سے زیادہ سخی ہوتے تھے اور جبرائیل آپ سے رمضان کی ہر رات میں ملتے اور قرآن کا دور کرتے، نبی ﷺ بھلائی پہنچانے میں ٹھنڈی ہوا سے بھی زیادہ سخی تھے۔[6]

مفتی صاحبؒ اس حدیث کی شرح میں سب سے پہلے اس کے رواۃ پر بحث کرتے ہیں اور ہر ایک راوی پر اگر تفصیل طلب بحث ہو تو تفصیلاً بحث فرماتے ہیں ، جیسے اس حدیث کی سند میں ایک راوی "عبدان" کا تعارف فرماتے ہیں کہ عبدان یہ عبداللہ بن عثمان کا لقب ہے۔علامہ ابن طاہر فرماتے ہیں کہ اصل ،میں ان کا نام عبداللہ ہے اور کنیت عبدالرحمٰن ہے۔ تو دونوں اسموں کو جمع کرکے

---

5 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1) باب کیف کان بدء الوحی (6) حدیث (6)

6 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 5، باب الایمان، ج 1، ص 933۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"عبدان" کہلائے گئے خلاف القیاس۔ بعض لوگ کہتے ہیں۔ کہ یہ تغیرات عوام کی وجہ سے جیسے کہ لوگ "علی" کو علوان ،اور احمد کو حمدان وغیرہ کہتے ہیں۔[7]

مثال دوم: "باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم"

اس باب کی دوسری حدیث جس کو امام بخاریؒ نے ذکر فرمائی ہے ۔

"أَنَّ الحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ يَأْتِيكَ الوَحْيُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَحْيَانًا يَأْتِينِي مِثْلَ صَلْصَلَةِ الجَرَسِ، وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ، فَيُفْصَمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْهُ مَا قَالَ، وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ المَلَكُ رَجُلًا فَيُكَلِّمُنِي فَأَعِي مَا يَقُولُ» قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الوَحْيُ فِي اليَوْمِ الشَّدِيدِ البَرْدِ، فَيَفْصِمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِينَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا"[8]

ترجمہ: حارث بن ہشام[9] نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ کے پاس وحی کس طرح آتی ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کبھی میرے پاس گھنٹے کی آواز کی طرح آتی ہے اور وہ مجھ پر بہت سخت ہوتی ہے اور جب میں اسے یاد کر لیتا ہوں جو اس نے کہا تو وہ حالت مجھ سے دور ہو جاتی ہے اور کبھی فرشتہ آدمی کی صورت میں میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے کلام کرتا ہے اور جو وہ کہتا ہے اسے میں یاد کر لیتا ہوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے سخت سردی کے دنوں میں آپ ﷺ پر وحی نازل ہوتے ہوئے دیکھا پھر جب وحی موقوف ہو جاتی تو آپ کی پیشانی سے پسینہ بہنے لگتا[10]۔

اس حدیث کی سند میں ایک معروف شخصیت جو راوی ہے مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ مفتی صاحبؒ مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف کرواتے ہوئے فرماتے ہیں "ومالک نجم الثاقب" امام دار الہجرہ ہیں اور مناقب ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ میں ذکر ہے کہ حضرت امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ، امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مسائل کے متعلق دریافت فرماتے تھے۔ مزید فرماتے ہیں کہ "وذکر ایضا ان اباحنیفة سمع منه بعض الروایات" کہ امام ابو حنیفہؒ نے آپؒ سے بعض روایات بھی سماعت فرمائے ہیں۔ نیز امام مالک رحمۃ اللہ علیہ پرانے کپڑوں کو ناپسند فرماتے تھے ۔ مفتی صاحب فرماتے ہیں

---

7 ہدایۃ القاری، کیف کان بدء الوحی، ص 83 ۔

8 صحیح بخاری، کتاب الوحی، باب کیف کان بدء الوحی، حدیث (2)

9 آپ ابو عبد الرحمن الحارث بن ہشام بن المغیرہ القرشی ہیں۔ ابو جہل کے بھائی ہیں۔ صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر اسلام قبول کیا۔ شاگردوں میں بیٹا عبد الرحمن شامل ہیں۔ 18ھ/639 کو وفات پائی۔ (الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ ج1، ص697، ترجمہ (1509)۔۔۔ الاعلام ج2، ص158)

10 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 5، باب الایمان، ج1، ص933۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ ابن الجوزیؒ[11] فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کو سلطان نے ایک فتویٰ کی پاداش میں ستر کوڑے لگوائے جو فتویٰ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کو پسند نہیں تھا۔ آپ ؒ 93ھ کو پیدا ہوئے اور 179 ھ کو مدینہ منورہ میں وفات پا گئے ۔[12]

اسی طرح شیخ صاحبؒ کا منہج رواۃ کی بحث میں کیا ہے اس کو ہم آنے والے نکات میں بیان کرتے ہیں۔

شیخؒ سند میں آنے والے ہر راوی کے بارے میں مختصر تعارف ذکر کرتے ہیں اور شاذونادر ہی کسی راوی کو ترک کرتے ہیں تقریبا ہر راوی کے مختصر حالات ذکر فرمادیتے ہیں اور اس سلسلے میں شیخ نے مختلف علماء اور ان کی کتب سے استفادہ کیا ہے۔ وضاحت کے لئے کچھ مثالیں ذکر کی جاتی ہے:

مثال اول "باب كيف كان بدء الوحى الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"

اس باب کی پانچویں حدیث ،حدیث عبدان جو مذکورہ بالا ہے۔ اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد شیخ صاحبؒ سب سے پہلے اس کے رواۃ پر بحث کرتے ہیں اور ایک ایک راوی کے حالات تفصیل کے ساتھ ذکر فرماتے ہیں جیسا کہ آپؒ عبدان راوی کے تعارف میں رقم طراز ہیں اور اس سلسلے میں علامہ ابن طاہر کا قول ذکر کیا ہے۔

عبدان: یہ ان کا لقب ہے، نام عبداللہ بن عثمان بن جبلہ ہے بعض شارحین نے کہا ہے کہ یہ من باب تغییر الاسماء ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ جب مسمی معلوم ہوتا ہے تو بعض اوقات اس کا نام بگاڑ دیا جاتا ہے جیسے علی کو علان، احمد بن یوسف کو حمدان اور وہب بن بقیہ واسطی کو وہبان کہا جائے گا، اسی طرح عبداللہ بن عثمان کو عبدان کہا گیا۔

لیکن علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن طاہر رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ ان کا نام عبداللہ اور کنیت ابو عبدالرحمٰن ہے، نام اور کنیت کو ملا کر عبد ہو گئے اس لیے ان کو عبدان کہا جانے لگا، گویا یہ بگڑا ہوا نام نہیں ہے بلکہ علم اور کنیت میں موجود دو عبد کو ملا کر تثنیہ بنایا گیا ہے۔

علامہ عینی فرماتے ہیں یہی اوجہ صورت ہے اس لیے کہ جب صحیح توجیہ ممکن ہے تو خواہ مخواہ بگاڑ کا قائل ہونا مناسب نہیں۔ عبدان ثقہ اور حافظ ہیں 221ھ میں 76 سال کی عمر میں ان کی وفات ہوئی۔[13]

مثال دوم: "باب ما ذكر في ذهاب موسى عليه السلام في البحر الى الخضر"

---

11 أبوالفرج عبدالرحمان بن علی بن محمد الجوزی، قرشی، بغدادی 508ھ/1114ء کو پیدا ہوئے۔ اپنے دور کے مانے ہوئے عالم الحدیث اور تاریخ تھے۔ تین سو کے قریب کتابیں لکھیں جن میں "تلقيح فهوم أهل الأثر في عيون التاريخ والسير" سب سے زیادہ مشہور ہے۔ آپ بغداد ہی میں 597ھ/1201ء کو فوت ہوئے۔ (وفیات الأعیان وأنباء أبناء الزمان ج1، ص279۔۔۔ الاعلام ج3، ص216- 217)

12 ہدایۃ القاری، کیف کان بدء الوحی ص59 – 60۔

13 کشف الباری، کیف کان بدء الوحی، ج1، ص462۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس باب میں امام بخاری نے یہ حدیث ذکر فرمائی ہے:

"حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ غُرَيْرٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ تَمَارَى هُوَ وَالحُرُّ بْنُ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ الفَزَارِيُّ فِي صَاحِبِ مُوسَى، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هُوَ خَضِرٌ، فَمَرَّ بِهِمَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ: إِنِّي تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِي هَذَا فِي صَاحِبِ مُوسَى، الَّذِي سَأَلَ مُوسَى السَّبِيلَ إِلَى لُقِيِّهِ، هَلْ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ شَأْنَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " بَيْنَمَا مُوسَى فِي مَلَإٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ؟ " قَالَ مُوسَى: لاَ، فَأَوْحَى اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى مُوسَى: بَلَى، عَبْدُنَا خَضِرٌ، فَسَأَلَ مُوسَى السَّبِيلَ إِلَيْهِ، فَجَعَلَ اللَّهُ لَهُ الحُوتَ آيَةً، وَقِيلَ لَهُ: إِذَا فَقَدْتَ الحُوتَ فَارْجِعْ، فَإِنَّكَ سَتَلْقَاهُ، وَكَانَ يَتَّبِعُ أَثَرَ الحُوتِ فِي البَحْرِ، فَقَالَ لِمُوسَى فَتَاهُ: (أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهِ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ) ، قَالَ: (ذَلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِي فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا) ، فَوَجَدَا خَضِرًا، فَكَانَ مِنْ شَأْنِهِمَا الَّذِي قَصَّ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي كِتَابِهِ."[14]

ترجمہ: محمد بن عزیز زہری، یعقوب بن ابراہیم، صالح بن کیسان، ابن شہاب، عبید اللہ بن عبد اللہ، عبد اللہ بن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ابن عباسؓ اور حر بن قیس فزاریؓ نے موسیٰؑ کے ہم صحبت کے بارے میں اختلاف کیا، ابن عباس کہتے تھے کہ وہ خضر ہیں، اچانک ابی بن کعب کا ان دونوں کے پاس سے گذر ہوا تو ابن عباس نے ان کو بلایا اور کہا کہ بے شک میں نے اور میرے رفیق (یعنی حر بن قیس) نے موسیٰ علیہ السلام کے ہم نشین کے بارے میں، جن سے ملنے کا راستہ موسیٰ نے (اللہ تعالیٰ سے) پوچھا تھا، اختلاف کیا ہے، کیا تم نے نبی ﷺ کو ان کی کیفیت بیان فرماتے ہوسنا ہے؟ ابی بن کعب بولے کہ ہاں میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان کی کیفیت بیان فرماتے ہوئے سنا ہے کہ موسیٰ ایک مرتبہ بنی اسرائیل کی جماعت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ اتفاق سے ایک شخص ان کے پاس آیا اور اس نے (ان سے) کہا کہ آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو آپ سے بھی زیادہ عالم ہو؟ موسیٰ بولے کہ نہیں، پس اللہ تعالیٰ نے موسیٰ پر وحی بھیجی کہ ہاں ہمارا بندہ خضر (تم سے زیادہ جانتا ہے) لہذا موسیٰ نے اپنے پروردگار سے ان (خضر) سے ملنے کا راستہ معلوم کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے مچھلی کو نشانی قرار دیا اور ان سے کہہ دیا گیا کہ جب تم مچھلی کو نہ پاؤ (آگے بڑھ جانے) پر لوٹ آنا اس لئے کہ (اسی کے بعد تم) ان سے مل جاؤ گے۔ پس موسیٰ علیہ السلام ان کے ملنے کے لئے چلے اور راستہ بھر دریا میں مچھلی کی علامت کا انتظار کرتے رہے (ایک مقام پر پہنچ کر) موسیٰ علیہ السلام سے ان کے خادم نے کہا کہ آپ نے دیکھا ہے جب ہم پتھر کے پاس بیٹھے تھے تو (اس وقت) میں مچھلی کو بھول گیا اور مجھے اس کا یاد کرنا شیطان ہی نے بھلایا موسیٰ علیہ السلام بولے کہ وہ یہی مقام ہے جس کی ہم جستجو کرتے

14 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب ماذکر فی ذہاب موسیٰ علیہ السلام فی البحر الی الخضر (16) حدیث (74)

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھے لہذا وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات پر لوٹ پڑے تب انہوں نے خضر کو پایا پھر ان دونوں کی حالت وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بیان فرمائی ہے[15]۔اس سند میں راوی یعقوب بن ابراہیم کے تفصیلی ترجمہ شیخ نے ذکر کیا ہے اور اس میں اسماء الرجال کے ائمہ مذاہب ذکر کیے ہیں جن میں یحیی بن معین[16]، امام عجلی[17]، امام دار قطنی[18]، ابن حبان[19]، ابن سعد[20]، حافظ ذہبی[21] اور حافظ ابن حجر رحمہم اللہ شامل ہیں۔جیسا کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرمارہے ہیں:

یعقوب بن ابراہیم

یہ یعقوب بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمان بن عوف بن القرشی الزہری المدنی نزیل بغداد ہیں۔ یہ اپنے والد ابراہیم بن سعد، شعبۃ، عاصم بن محمد العمری، محمد بن اخی الزہری شریک۔اللیث، عبدالعزیز بن عبدالمطلب، سیف بن عمر، عبدالملک بن الربیع بن سبرۃ سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے والوں میں احمد، اسحاق، علی، یحییٰ، ابوخیثمہ، محمد بن یحییٰ، یعقوب بن شیبہ جیسے اساطین علم حدیث ہیں۔

---

15 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 74، کتاب العلم، ج1، ص136۔

16 ابوزکریا یحیی بن معین بن عون بن زیاد البغدادی 158ھ/775ء کو بغداد میں پیدا ہوئے۔ائمہ حدیث اور جرح وتعدیل کے امام ہیں۔تصانیف میں "التاریخ والعلل" اور "الکنی والاسماء" بہت مشہور ہیں۔مدینہ منورہ 233ھ/848ء کو فوت ہوئے۔(تذکرۃ الحفاظ ج2، ص16۔۔۔الاعلام ج8، ص172- 173)

17 ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن صالح عجلی 181ھ/797ء کو کوفہ میں پیدا ہوئے۔ مؤرخِ رجال تھے۔بصرہ اور بغداد منتقل ہوئے۔تصانیف میں "الثقات" مشہور ہیں۔آپ طرابلس میں 261ھ/875ء کو فوت ہوئے۔(شذرات الذہب ج2، ص141۔۔۔الاعلام ج1، ص156)

18 ابوالحسن علی بن عمر بن احمد بن مھدی بن دینار البغدادی۔بغداد کے ایک محلہ دار قطن میں پیدا ہونے کی وجہ سے الدار قطنی مشہور ہوئے۔ 306ھ کو پیدا ہوئے۔ محدث اور اسماء الرجال کے ماہر ہیں۔ابوالقاسم البغوی، یحییٰ بن محمد، ابی بکر النیسابوری سے علم حاصل کیا۔شاگردوں میں ابونعیم الاصبہانی اور حمزہ السہمی شامل ہیں۔تصنیفات میں السنن، الافراد والغرائب، الضعفاء والمتروکون، الالزامات علی صحیحی البخاری ومسلم شامل ہیں۔بغداد میں 385ھ کو فوت ہوئے۔(تاریخ بغداد ج12، ص344۔۔۔وفیات الاعیان ج1، ص 331)

19 ابُوحاتم محمد بن حبان بن أحمد بن حبان بن معاذ بن معبد، تمیمی، دارمی، بستی تاریخ، رجال جغرافیہ اور حدیث کے مانے ہوئے عالم تھے۔ تحصیلِ علم کے لیے مصر، خراسان، عراق، جزیرہ اور شام کے اسفار کیے اور آخر کار 354ھ/965ء کو وفات پائی۔(تذکرۃ الحفاظ 3ج، ص 125۔۔۔میزان الاعتدال ج3، ص39۔۔۔الاعلام ج6، ص77- 78)

20 ابوعبداللہ محمد بن سعد بن منیع زہری، بصرہ میں 168ھ/785ء کو پیدا ہوئے۔آپ ثقہ مؤرخ، حافظِ حدیث اور قاضی محمد بن عمرو واقدی کے سیکرٹری تھے۔تصانیف میں "الطبقات الکبریٰ" شہرت یافتہ ہے۔آپ 230ھ/ 845ء کو فوت ہوئے۔ (خطیب بغدادی، ابو بکر احمد بن علی بن ثابت، تاریخ بغداد ج5، 321، دارالغرب الاسلامی، بیروت، 1422ھ۔۔۔الاعلام ج6، ص137)

21 أبُوعبداللہ شمس الدین عثماصن بن قائماز 673ءھ/1274ء کو دمشق میں پیدا ہوئے۔آپ بیک وقت حافظ، علامہ، محقق اور مؤرخ تھے۔حافظ مزیؒ اور امام ابن تیمیہؒ جیسے بلند پایہ علماء کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کرنے کا شرف حاصل کیا۔تقریباً سو کے لگ بھگ کتابیں لکھیں۔آپ دمشق ہی میں 748ھ/1348ء کو فوت ہوئے۔(فوات الوفیات ج3، ص315، ترجمہ(436)۔۔۔الاعلام ج5، ص326)

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام یحیی بن معین فرماتے ہیں "ثقہ"، امام عجلی فرماتے ہیں "ثقہ"، امام ابو حاتم فرماتے ہیں "، صدوق "امام دار قطنی نے ان کو "ثقہ" قرار دیا ہے۔ ابن حبان نے ان کو کتاب الثقات میں ذکر کیا ہے۔ ابن سعد فرماتے ہیں "**كان ثقة مامونا يقدم على اخيه فى الفضل والورع والحديث**" حافظ ذہبی فرماتے ہیں، "**حجة ورع**" حافظ ابن حجر فرماتے ہیں "**ثقة فاضل**"۔ سن 208ھ میں ان کا انتقال ہوا۔[22]

دوم: اگر ایک سند کی شرح میں ایک راوی کا تعارف ہو چکا ہو اور دوبارہ اس راوی کا نام آجائے تو اس موقع پر ہر شارح کا اپنا اپنا اسلوب ہوتا ہے۔ مفتی صاحبؒ اس موقع پر جب کسی راوی کا تعارف پہلے ہو چکا ہو دوبارہ اس کا تفصیلی تعارف نہیں کرواتے اور نہ اس کی طرف کوئی اشارہ کرتے ہیں کہ اس کا ذکر فلاں باب کے اندر فلاں حدیث میں ہو چکا ہے۔ جیسا کہ شیخ صاحبؒ کا طریقہ ہے ۔بلکہ مختصر تعارف ذکر کرتے ہیں۔

مفتی صاحب کا طریقہ یہ ہے کہ جب وہ ایک دفعہ ایک راوی کا تعارف ذکر کرتے ہیں اور بعد میں جب سند میں ان کا نام آجاتا ہے تو صرف مختصر تعارف اس طرح کرتے ہیں کہ " **رجال كلهم مدنيون** " یا " **مصريون** " اور فرماتے ہیں "**بصريون**" وغیرہ ۔

مثال: "**باب من الدين الفرار من الفتن** "

اس باب کے تحت امام بخاریؒ نے یہ حدیث کو ذکر فرمائی ہے۔

" **حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «يُوشِكُ أَنْ يَكُونَ خَيْرَ مَالِ المُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الجِبَالِ وَمَوَاقِعَ القَطْرِ، يَفِرُّ بِدِينِهِ مِنَ الفِتَنِ»** ".[23]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قریب ہے کہ مسلمان کا اچھا مال بکریاں ہوں گی، جن کو لے کر وہ پہاڑ کی چوٹیوں اور چٹیل میدانوں میں چلا جائے تاکہ اپنے دین کو فتنوں سے بچالے۔[24]

اس حدیث کی سند کے متعلق مفتی صاحب فرماتے ہیں۔**قوله (رحمة الله تعالى)حدثنا عبد الله بن مسلمة عن مالك--- الخ رجال هذا السندكلهم مدينون.و عبد الله بن مسلمة كان مستجاب الدعوة.**

---

22 کشف الباری، کتاب العلم، "باب ما ذكر في ذهاب موسى عليه السلام في البحر الى الخضر" ج3، ص332

23 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب من الدین الفرار من الفتن (10) حدیث (19)

24 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 18، کتاب الایمان، ج1، ص104۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اصل میں مفتی صاحب نےؒان راویوں کا تعارف پہلے ذکر کیا ہے اس لئے مختصر تعارف کرایا۔[25] جبکہ حضرت شیخؒ کا اسلوب یہ ہے کہ اگرایک جگہ ایک راوی کا تعارف ہوچکا ہواور دوبارہ اس کی روایت امام بخاری نے ذکر کی ہو تو شیخؒ فرماتے ہیں کہ اس کا تعارف فلاں باب کے تحت گزر چکا ہے اس سے قاری کوئی بھی جلد اور کوئی بھی صفحہ پڑھ رہا ہوں اس کو کسی طرح کی کوئی تشویش نہیں ہوتی بلکہ آسانی سے اپنا مقصود دیکھ سکتا ہے۔

مثال اول:"باب الفهم في العلم"

اس باب کے تحت امام بخاری نے یہ حدیث ذکر فرمائی ہے۔

"حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ لِي ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلَى المَدِينَةِ فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ، فَقَالَ: «إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً، مَثَلُهَا كَمَثَلِ المُسْلِمِ» ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُولَ: هِيَ النَّخْلَةُ، فَإِذَا أَنَا أَصْغَرُ القَوْمِ، فَسَكَتُّ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «هِيَ النَّخْلَةُ» "[26]

ترجمہ: علی بن عبداللہ، سفیان ابن ابی نجیح، مجاہد کہتے ہیں کہ میں مدینہ تک ابن عمر ؓ کے ساتھ رہا(اس عرصہ میں)ایک حدیث کے سوامیں نے ان کو رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا، انہوں نے کہا کہ ہم نبی ﷺ کے پاس تھے جبکہ آپ کے حضور میں جمار(ایک خاص درخت)لایا گیا، تو آپ نے فرمایا کہ درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے کہ اس کی کیفیت مسلمان کی کیفیت کے مثل ہے ابن عمر کہتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ کہہ دوں کہ وہ کھجور کا درخت ہے، مگر میں سب سے چھوٹا تھا اس لئے چپ رہا جب کسی نے نہ بتایا تو نبی ﷺ نے خود فرمایا کہ وہ کھجور کا درخت ہے۔ [27]

اس حدیث کی تشریح میں شیخؒ نے تراجم رجال ذکر فرمائے ہیں اور ان میں سفیان کا ترجمہ ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

سفیان: یہ امام سفیان بن عیینہ ہیں، ان کے حالات "بدء الوحی" میں پہلی حدیث کے ضمن میں مختصر اور کتاب العلم، باب قول المحدث : حدثنا واخبرنا وانبانا کے ذیل میں تفصیلا گزر چکے ہیں۔[28]

مثال دوم: "باب رکوب الفرس العربی"

اس باب کے تحت امام بخاری نے یہ حدیث ذکر فرمائی ہے:

---

25 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان،"باب من الدین الفرار من الفتن "ص140۔

26 صحیح البخاری، کتاب العلم(3)باب الفہم فی العلم(14)حدیث(72)

27 بخاری شریف مترجم اردو، ج1، ص104۔

28 کشف الباری، کتاب العلم،" باب الفهم في العلم"ج 3ص302۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: «اسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَرَسٍ عُرْيٍ مَا عَلَيْهِ سَرْجٌ فِي عُنُقِهِ سَيْفٌ»".[29]

ترجمہ: عمرو بن عون، حماد، ثابت، انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کے سامنے ایک ننگی پیٹھ کے گھوڑے پر سوار ہو گئے، اس پر زین نہ تھی۔ آپ ﷺ کی گردن میں ایک تلوار لٹکی ہوئی تھی۔[30]

اس حدیث کی تشریح میں شیخؒ نے تراجم رجال ذکر فرمائے ہیں اور ان میں حماد کا ترجمہ ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں یہ حماد بن زید بن درہم ازدی بصری ہیں، ان کے حالات کتاب الایمان "باب وان طائفتان من المؤمنين اقتتلوا "[31] کے تحت گزر چکے ہیں۔[32]

سوم: اگر حدیث کی سند میں راویوں کی تعیین میں اشتباہ ہو مطلب ایک نام سے یا ایک لقب و کنیت سے مسمیٰ ہو وہاں پر شارحین اس کی نشاندہی کرتے ہیں کہ یہاں پر اس شخص سے فلاں راوی مراد ہے۔ اس موقع پر مفتی صاحب بھی اگر راویوں میں اشتباہ ہو تو اچھے انداز میں ان کا تعیین کرتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ اس سے فلاں راوی مراد ہے۔

مثال: "باب كيف كان بدء الوحى الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"

اس باب کے تحت امام بخاریؒ نے یہ حدیث ذکر کی ہے۔

" حَدَّثَنَا الحُمَيْدِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى المِنْبَرِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ»."[33]

---

29 صحیح البخاری، کتاب الجهاد والسیر (56) باب رکوب الفرس، حدیث (2866)

30 بخاری شریف مترجم اردو، ج2، ص98۔

31 "وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّى تَفِيءَ إِلَى أَمْرِ اللَّهِ فَإِنْ فَاءَتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ " ترجمہ: اور اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو اور اگر ایک فریق دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع لائے پس وہ رجوع لائے تو دونوں فریق میں مساوات کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو کہ خدا انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (سورۃ الحجرات 49:9)

32 کشف الباری، کتاب الجهاد، ج1، ص450۔

33 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1) باب کیف کان بدء الوحی، حدیث (1)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: حمیدی، سفیان، یحیی بن سعید انصاری، محمد بن ابراہیم تیمی، علقمہ بن وقاص لیثی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اعمال کے نتائج نیتوں پر موقوف ہیں اور ہر آدمی کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی، چنانچہ جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہو کہ وہ اسے پائے گا، یا کسی عورت کے لئے ہو، کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی چیز کی طرف شمار ہوگی جس کے لئے ہجرت کی ہو۔ [34]

مذکورہ حدیث کی سند کی تشریح کرتے ہوئے مفتی صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس سند میں ایک راوی حمیدی ہیں اس نام پر تین شخصیات ہیں ایک یہ ہے۔ دوم عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور وہ صحابی ہیں اور سوم محمد بن نصر صاحب الجمع بین الصحیحین ہیں۔ دوسرا راوی اس سند میں وہ یحیی بن سعید الانصاری ہیں۔ اس نام کے بھی تین شخصیات مشہور ہیں ایک تو یہ ہیں دوم یحیی بن سعید ابان الاموی ہیں سوم یحیی بن سعید التیمی ہیں اور چوتھے جو اس نام کے ساتھ متصف ہیں وہ یحیی بن سعید القطان ہیں۔ [35]

اسی طرح شیخ رحمۃ اللہ علیہ بھی اگر راویوں کے ناموں میں اشتباہ ہو اور ان میں سے کوئی ایک کسی روایت میں مذکور ہو تو شیخ ان کو متعین کر کے ذکر فرماتے ہیں کہ اس جگہ کون سے راوی مراد ہے جس کی روایت ذکر کی گئی ہے۔

مذکورہ بالا حدیث کی تشریح میں شیخ رحمہ اللہ نے تراجم رجال ذکر فرمائے ہیں اس حدیث میں پہلا راوی حمیدی ہے اس کے بارے میں شیخ نے حافظ ابن حجر رحمہ اللہ اور حاجی خلیفہ رحمہ اللہ کے اقوال ذکر کیے ہیں جیسا کہ شیخ رقم طراز ہیں:

حمیدی: یہ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاد ابو بکر بن زبیر بن عیسی القرشی الاسدی الحمیدی المکی ہیں۔ یہ امام شافعی کے ہم عصر ہونے کے ساتھ ساتھ طلبِ حدیث کے ساتھی ہیں۔ امام شافعی سے انہوں نے فقہ کا علم حاصل کیا، آپ کے ساتھ مصر کا سفر اختیار کیا، اور پھر جب آپ کا انتقال ہو گیا تو مکہ مکرمہ لوٹ آئے، ان کی وفات 219ھ میں ہوئی۔ ان کی تصنیف میں سے مسند الحمیدی بہت مشہور ہے، اور علامہ حبیب الرحمن اعظمی کی تحقیق کے ساتھ دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور حمیدی ہیں ان کا نام ابو عبداللہ محمد بن ابی نصر فتوح الحمیدی الاندلسی ہے، یہ پہلے والے حمیدی سے متاخر ہیں ان کی کتاب الجمع بین الصحیحین مشہور ہے جس میں انہوں نے صحیحین کی احادیث کو جمع کیا ہے ان کی وفات 488ھ میں ہوئی۔ [36] اور اس حدیث میں سفیان کا ترجمہ ذکر کرتے ہوئے شیخ علامہ عینی رحمہ اللہ اور صفی الدین احمد بن عبداللہ الخزرجی رحمہ اللہ کے اقوال ذکر کیے ہیں جیسے شیخ فرماتے ہیں:

حدثنا سفیان: یہ سفیان بن عیینہ بن میمون، ابو محمد الکوفی ہیں ان کی وفات 198ھ میں ہوئی۔ اسی نام کے دوسرے بزرگ سفیان بن سعید بن مسروق ثوری ہیں یہ ان سے متقدم اور ان کے استاذ ہیں ان کی وفات 141ھ میں ہوئی۔

---

34 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 1، کتاب الوحی، ج1، ص89۔

35 ھدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص50۔

36 کشف الباری، باب بدء الوحی، ج1،، ص237۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

مبحث کے اختتام پر ہم دونوں شیوخؒ کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ ذکر کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخؒ کے منہج صحیح طریقے سے واضح ہو جائے۔ حدیث کی شرح میں دونوں شارحین کا اسلوب مختلف ہے۔ دونوں شیوخ رحمہااللہ نے اپنے اپنے منہج کے مطابق رواۃ کا تعارف ذکر فرمایا ہے۔ مفتی صاحب حدیث کی سند میں رواۃ کا واضح انداز میں تعارف ذکر فرماتے ہیں اس تشریح میں آپؒ علماء کے اقوال اور ان کی کتابوں کا حوالہ بھی دیتے ہیں ۔

جبکہ شیخ صاحبؒ بھی سند میں رواۃ کا ایک تفصیلی انداز میں تعارف پیش کرتے ہیں۔ نیز علماء کے اقوال اور ان کی کتابوں کے حوالے تفصیلی طور ذکر کرنے کا خوب اہتمام کرتے ہیں۔ الغرض دونوں شیوخؒ نے رواۃ کے تعارف کے باب میں خوب تشریح کی ہے البتہ مفتی صاحبؒ کا اندازِ تشریح اختصار کا ہے جبکہ شیخ صاحبؒ کا اندازِ تشریح تفصیلی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث دوم

متکلم فیہ رواۃ کے بیان میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

متکلم فیہ رواۃ کے بیان میں دونوں شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ

امام بخاریؒ کی کتاب صحیح بخاری سے متعلق اگرچہ اس بات پر علماء کا اتفاق ہے کہ احادیث کے ذخیرہ کے اعتبار سے سب سے زیادہ صحیح کتاب ہے لیکن اس کے باوجود اس کتاب پر کئی طرح سے اعتراضات کیے گئے ہیں کہ اس میں امام بخاریؒ نے کئی ایسے رواۃ کی احادیث لائی ہیں جن پر جرح کی گئی ہے اور وہ صحیح راوی نہیں ہیں۔ اس لئے امام بخاریؒ پر اعتراضات کیے گئے ہیں کہ جس طرح انہوں نے فرمایا تھا کہ میں اس کتاب میں صرف صحیح احادیث ہی لاؤں گا انہوں نے اپنے اس دعویٰ کو کتاب میں پورا نہیں کیا۔ شراح بخاری نے اعتراضات کے مکمل جوابات دینے کی کوشش کی ہے اور ایک ایک راوی جس پر بھی اعتراض کیا گیا اس کا ذکر کر کے اس کے بارے میں جرح و تعدیل کے اقوال نقل کیے ہیں اور ان کے جوابات دیے ہیں جیسا کہ علامہ عینیؒ فرمارہے ہیں: **في الصحيح جماعة جرحهم بعض المتقدمين وهو محمول على أنه لم يثبت جرحهم بشرطه فان الجرح لا يثبت إلا مفسرا مبين السبب عند الجمهور**[37]

ترجمہ: صحیح بخاری کے بارے میں ایک جماعت نے جرح کی بعض متقدمین میں سے لیکن ان کی جرح کا جواب یہ ہے کہ ان پر جو جرح کی گئی ہے وہ امام بخاریؒ نے اس وجہ سے قبول نہیں کی کہ وہ جرح ان کی شرط کے مطابق ثابت نہیں تھی اس لئے کہ جو جرح بھی واضح نہ ہو اس کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔

اسی طرح جب صاحب دار قطنی نے بخاری کی احادیث پر اعتراضات کیے ان کے بارے میں حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: "**قد استدرك الدار قطني على البخارى ومسلم احاديث فطعن فى بعضعما و ذلك الطعن مبنى على قواعد لبعض المحدثين ضعيفة جدا مخالفة لما عليه الجمهور من أهن الفقه والأصول و غيرهم فلا تغتر بذلك**"[38] **ترجمہ:** فرماتے ہیں کہ دار قطنی نے بخاری اور مسلم کے کچھ احادیث پر جو اعتراضات کیے ہیں۔ یہ طعن در حقیقت مبنی ہیں ان قواعد پر جو بعض محدثین نے جمہور کی خلاف بنائے ہیں اس لئے ان کا قطعاً اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ نیز حافظؒ فرماتے ہیں کہ جن احادیث پر دار قطنی اور دوسرے اصحاب کی طرف سے اعتراضات کیے گئے ہیں وہ اس کتاب کا موضوع ہی نہیں ہیں اس لئے کہ وہ معلقات ہیں اور امام بخاریؒ نے اپنی کتاب کا موضوع مسند روایات کو بنایا ہے اور جو معلقات ذکر کیے ہیں وہ صرف استشہاد کے طور پر ذکر کیے ہیں وہ کتاب کے موضع سے خارج ہیں اس لئے ان کو بنیاد بنا کر اعتراض کرنا مناسب ہی نہیں ہے جیسا کہ حافظ لکھتے ہیں: "**لأن موضوع الكتابين إنما هو**

---

37 عمدۃ القاری، ج1، ص18

38 فتح الباری، ج1 ص346

toobaa-elibrary.blogspot.com

للمسندات و المعلق ليس بمسند ولهذا لم يتعرض الدار قطني فيما تتبعه على الصحيحين إلى الأحاديث المعلقة التي لم توصل في موضع أخر لعلمه بانها ليست من موضوع الكتاب و إنما ذكرت استئناسا و استشهادا."[39]

متکلم فیہ رواۃ کے بارے میں مفتی صاحبؒ کا اسلوب کیا ہے اس کو ہم ذیل میں ذکر کرتے ہیں۔

مفتی صاحبؒ حدیث ذکر کرنے کے بعد حدیث کی سند کی مکمل توضیح کرتے ہیں سند میں رواۃ کا تعارف کرواتے ہیں۔ ولادت سے لے کر وفات تک راوی کے احوال بیان کرتے ہیں لیکن متکلم فیہ رواۃ پر آپؒ نے بحث نہیں کی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آپؒ کی شرح ھدایۃالقاری کتاب العلم کے آخر تک ہے اور کتاب العلم تک آپؒ نے کہیں بھی متکلم فیہ راوی پر بحث نہیں کی ہے البتہ جس حدیث میں صاحبؒ نے متکلم فیہ راوی پر بحث کی ہے وہ علی بن المدینی ہیں جس کا ذکر اگلے صفحے پر آرہا ہے اور یہ حدیث کتاب العلم میں ہے لیکن اس کے باوجود مفتی صاحبؒ نے علی بن المدینی پر بحث نہیں کی ہے۔ اس بارے میں میں نے مفتی صاحبؒ کے شاگرد رشید مولانا میاں ایاز احمد حقانی صاحب جس نے آپؒ کی خدمت میں دس سال گزارے ہیں سے پوچھا کہ مفتی صاحبؒ درس کے دوران متکلم فیہ رواۃ پر بحث فرماتے تھے کہ نہیں کیونکہ ہدایۃالقاری میں متکلم فیہ راوی پر مفتی صاحبؒ کی بحث نظر نہیں آئی تو انہوں نے کہا کہ شاید ہدایۃالقاری میں نہ ہو لیکن دوران درس متکلم فیہ رواۃ پر بحث فرماتے تھے اور ساتھ دفاع میں اعتراضات کے جوابات بھی دیتے تھے۔

جبکہ شیخ صاحبؒ نے اپنی کتاب میں اس موضوع پر باقی شراح بخاری کی طرح کافی توجہ دی ہے اور جیسا کہ پہلے سابقہ فصول میں ذکر کر چکے ہیں کہ شیخ صاحبؒ نے اپنی کتاب میں اسماء الرجال پر خصوصی توجہ دی ہے۔ اور ہر راوی خواہ وہ متکلم فیہ ہو یا نہ ہو اس کی مکمل تفصیل ذکر کی ہے اس پر ہونے والے جرح و تعدیل کے اقوال اس کا نام نسب اور اساتذہ و تلامذہ وغیرہ سب ذکر کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس فصل میں بھی ہم بخاری کے کچھ متکلم فیہ راویوں کو مثال کے طور پر پیش کرتے ہیں تاکہ واضح ہو سکے کہ شیخ صاحبؒ کی شرح اس موضوع سے خالی نہیں ہے۔ شیخؒ کی یہ عادت ہے کہ جب وہ کسی بھی راوی پر بحث کرتے ہیں تو پہلے اس کا مکمل تعارف ذکر کرتے ہیں اس کے اساتذہ و تلامذہ ذکر کرنے کے بعد اگر اس راوی پر کسی نے کلام کیا ہے تو اس کے کلام کو بھی نقل کرتے ہیں اور اس کے بعد اس پر ہونے والے اعتراضات کا جواب مدلل انداز میں دیتے ہیں۔ جیسا کہ ان مثالوں سے واضح ہے۔

مثال: "باب الفهم فی العلم"

اس باب کے تحت امام بخاریؒ نے یہ روایت ذکر فرمائی ہے۔

---

39 مرجع سابق

toobaa-elibrary.blogspot.com

"حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قَالَ لِي ابْنُ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلَى المَدِينَةِ فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ، فَقَالَ: «إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً، مَثَلُهَا كَمَثَلِ المُسْلِمِ» ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُولَ: هِيَ النَّخْلَةُ، فَإِذَا أَنَا أَصْغَرُ القَوْمِ، فَسَكَتُّ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «هِيَ النَّخْلَةُ»."[40]

"ترجمہ: علی بن عبداللہ، سفیان ابن ابی نجیح، مجاہد کہتے ہیں کہ میں مدینہ تک ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا (اس عرصہ میں) ایک حدیث کے سوا میں نے ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا، انہوں نے کہا کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے جبکہ آپ کے حضور میں جمار (ایک خاص درخت) لایا گیا، تو آپ نے فرمایا کہ درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے کہ اس کی کیفیت مسلمان کی کیفیت کے مثل ہے ابن عمر کہتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ کہہ دوں کہ وہ کھجور کا درخت ہے، مگر میں سب سے چھوٹا تھا اس لئے چپ رہا جب کسی نے نہ بتایا تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا کہ وہ کھجور کا درخت ہے"۔ [41]

رواۃ پر بحث کرتے ہوئے شیخؒ فرماتے ہیں:

علی: یہ شیخ امام، حجة، أمیر المؤمنین فی الحدیث، أبو الحسن علی بن عبد الله بن جعفر بن نجیح سعیدی بصری ہیں جو ابن المدینی کے نام سے مشہور ہیں۔ انہوں نے اپنے والد کے علاوہ حماد بن زید هشیم بن بشیر ومعتمر بن سلیمان سفیان بن عیینة وجریر بن عبدالحمید محمد بن جعفر غندر یحی بن سعید قطان اور عبد الرزاق سے روایت کی ہے۔ ان سے روایات کرنے والوں میں امام احمد بن حنبل، ابو عبد الله البخاری و صالح بن محمد جزرة و أبو مسلم الکجی و أبو القاسم البغوی و عبد الله بن محمد بن أیوب الکاتب ہیں۔ ان سے ان کے شیوخ نے بھی روایتیں لی ہیں جن میں سفیان ابن عیینہ بھی ہیں۔ یہ اصلاً مدینہ کے ہیں، اسی نسبت سے ابن المدینی کے نام سے معروف ہیں۔۔ البتہ 161ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے۔

ابو حاتم الرازیؒ[42] فرماتے ہیں: " **کان ابن المدینی علما فی الناس فی معرفة الحدیث و العلل** "

سفیان بن عیینہ[43] فرماتے ہیں: "**تلو منی علی حب علی، والله لقد کنت أتعلم منه أکثرمما یتعلم منی**"

---

40 صحیح البخاری، کتاب العلم، باب الفہم فی العلم، حدیث (72)

41 صحیح البخاری مترجم، کتاب العلم، باب الفہم فی العلم، حدیث (72)

42 ابو حاتم احمد بن حمد بن احمد الورسامی اللیثی الرازی ایک کثیر التصانیف شخصیت ہیں جن میں "الاصلاح" اور "اعلام النبوۃ" مشہور ہیں۔ آپ 322ھ/934ء کو فوت ہوئے۔ (لسان المیزان ج1، ص164۔۔۔ الاعلام ج1، ص119)

43 ابو محمد سفیان بن عیینہ بن ابی عمران۔ محدث اور فقیہ ہیں۔ سفیان ثوری اور جابر بن یزید سے علم حاصل کیا۔ شاگردوں میں امام احمد اور امام شافعی مشہور ہیں۔ 198ھ/813ء کو فوت ہوئے۔ (تذکرۃ الحفاظ ج1، ص262)

toobaa-elibrary.blogspot.com

یحیی بن سعید[44] فرماتے ہیں:"**الناس یلوموننی فی قعودی مع علی، وأنا أتعلم منه أكثر مما یتعلم منی**"

امام النسائی[45] فرماتے ہیں:"**كان الله خلق علی بن المدینی لهذا الشان**"

امام البخاری فرماتے ہیں:"**ما استصغرت نفسيی عند أحد إلا عند علی ین المدینی**"

امام عبدالرحمان بن مہدی فرماتے ہیں:"**علی بن المدینی أعلم الناس بحدیث رسول الله صلی الله علیه وسلم و خاصة بحدیث ابن عیینة**". حافظ ذہبی فرماتے ہیں:"و أما علی بن المدینی : فالیه المنتهی فی معرفة علل الحدیث النبوی مع كمال المعرفة بنقد الرجال و سعة الحفظ والتبحر فی هذا الشان بل لعله فرد فی معناه".

البتہ ان کو عقیلی نے کتابِ الضعفاء میں ذکر کیا ہے اور لکھا ہے۔ "جنح إلی ابن أبی داؤد والجهمیة و حدیثه مستقم إن شاء الله". یعنی علی بن المدینی ابن ابی داؤد معتزلی اور جہمیہ کی طرف مائل تھے البتہ ان کی حدیثیں انشاءاللہ درست ہیں۔ چونکہ احمد بن ابی داؤد معتزلی خلق قرآن کا نہ صرف قائل تھا بلکہ اس کا داعی تھا اور اس نے خلیفہ کے ذریعے علماء کو مختلف آزمائشوں میں مبتلاء کیا تھا۔ امام علی بن المدینی سے اس موقع پر ان کی طرف کچھ میلان پایا گیا تھا جس کی بناء پر عقیلی نے ان پر کلام کیا اور اپنی کتاب الضعفاء میں ان کا ذکر کیا ہے حالانکہ وہ خلقِ قرآن کے قائل نہیں تھے اور جو کچھ میلان تھا اس سے بھی انہوں نے توبہ کرلی تھی۔ چنانچہ محمد بن ابی شیبہ فرماتے ہیں:"سمعت علی بن المدینی یقول: قبل موته بشهرین من قال القرآن مخلوق فهو كافر." اسی طرح علی بن المدینی منبر پر کھڑے ہو کر اعلان فرماتے ہیں:"من زعم أن القرآن مخلوق فهو كافر و من زعم أن الله لا یری فهو كافر، ومن زعم أن الله لم یكلم موسی علی الحقیقة فهو كافر". حافظ ذہبی نے عقیلی کی اس جسارت پر شدید تنقید کی ہے۔ اسی طرح عبداللہ بن احمد بن حنبل فرماتے ہیں:"كان ابی حدثنا عنه ثم امسك عن أسمه و كان یقول حدثنا رجل ثم ترك حدیثه بعد ذلك". لیکن یہ اعتراض بھی قابلِ التفات نہیں کیونکہ علی بن المدینی اور امام احمد کے درمیان زبردست مودت واُلفت کا تعلق تھا چنانچہ امام احمد ہمیشہ ان کو احتراماً کنیت سے یاد کرتے تھے اور کبھی اُن کا نام نہیں لیتے تھے۔ جب امام علی بن مدینی بغداد آئے تو حلقہ کی صدارت وہ سنبھالتے تھے اس موقعہ پر امام احمد بن حنبل اور یحی وغیرہ حضرات آتے آپس میں مذکرہ اور مناظرہ کرتے۔ جب ان میں

---

44 ابوزکریا یحیی بن احمد بن یحیی بن الحسن بن سعید نجیب الدین الحلی الہذلی 601ھ/1205ء کو کوفہ میں پیدا ہوئے۔ فقیہ، لغت اور ادب کے امام ہیں۔ تصانیف میں "جامع الشرائع"، "آداب السفر" اور "نزہۃ الناظر فی الجمع بین الاشباہ والنظائر" مشہور ہیں۔ آپ 689ھ/1290ء کو فوت ہوئے۔ (ہدیۃ العارفین ج2، ص525۔۔۔ الاعلام ج8، ص135)

45 ابوعبدالرحمان احمد بن علی بن شعیب النسائی خراسان میں 215ھ/ 830ء کو پیدا ہوئے۔ تصانیف میں "السنن الکبری"، "الضعفاء والمتروکون" اور "خصائص علی" مشہور ہیں۔ آپ 303ھ/915ء کو فوت ہوئے۔ (البدایۃ والنہایۃ ج2، ص241۔۔۔ الاعلام ج1، ص170- 171)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اختلاف ہوتا تو علی بن مدینی[46] کا قول قولِ فیصل ہوتا تھا۔ بہر حال حفاظ اور نقاد نے تصریح کی ہے کہ امام احمد بن حنبل نے علی بن مدینی پر جو کچھ کلام کیا ہے وہ صرف خلقِ قرآن کے مسئلہ میں کچھ نرمی کرنے کی بناء پر ہے اس سے بھی انہوں نے توبہ کر لی تھی چنانچہ حافظ ابنِ حجر فرماتے ہیں:"تكلم فيه أحمد ومن تابعه لاجل ما اجابته فى المحنة وقد عنذر الرجال عن ذلك و تاب واناب".

امام علی بن مدینی وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اصولِ حدیث کی مختلف انواع پر سب سے پہلے مستقل کتابیں لکھی۔ امام نووی نے لکھا ہے کہ ان کی دو سو کے قریب تصانیف ہیں امام حاکم نے چند کتابوں کے نام گنوائے ہیں۔ امام علی بن المدینی کا انتقال سر من رای (سامرا) میں 234ھ میں ہوا۔[47]

46 ابوالحسن علی بن عبداللہ بن جعفر البصری، المدینی کو بصرہ میں 161ھ / 777ء کو پیدا ہوئے۔ آپ بیک وقت محدث اور مورخ ہیں۔ تصانیف میں "الاسامی والکنی"، "الطبقات" اور "علل الحدیث ومعرفۃ الرجال" شامل ہیں۔ آپ 234ھ/849ء کو فوت ہوئے۔(تذکرۃ الحفاظ ج2، ص15 ۔۔۔ الاعلام ج4، ص303)

47 کشفُ الباری، کتاب العلم، ج3، ص302

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

اس مبحث کے اختتام پر ہم دونوں شیوخؒ کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخ ؒ کا اسلوب واضح ہو جائے۔ شرحِ حدیث اور خصوصاً متکلم فیہ رواۃ کے بیان میں دونوں شارحینؒ کا منہج بالکل مختلف ہے۔ میں نے مفتی صاحبؒ نے متکلم فیہ رواۃ پر بحث کی ہے۔ اس کے بر عکس شیخ صاحب رحمۃ اللہ علیہ رواۃ اور ان کے اساتذہ کا تعارف پیش کرتے ہیں اس کے بعد لوگوں نے جو کلام کیا ہے اس کو بھی نقل کرتے ہیں اور اس کے بعد اس پر ہونے والے تمام اعتراضات کا مدلل طریقے سے جواب دیتے ہیں جیسا کہ اس فصل میں تفصیل کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث سوم

تحویل، معلقات اور موقوفات کی وضاحت میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تحویل، معلقات اور موقوفات کی وضاحت میں دونوں شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ

اس فصل میں تحویل، معلقات اور موقوفات کی تفصیلی بحث میں جانے سے پہلے ہم ان کی تعریفات ذکر کریں گے سب سے پہلے تحویل کا مفہوم ذکر کرتے ہیں۔

تحویل کی لغوی تعریف

یہ حاء مہملۃ کے ساتھ ہے اور مختار مذہب یہ ہے کہ یہ تحول سے مشتق ہے یعنی ایک سند سے دوسری کی طرف منتقل ہونا اور قاری جب اس پر پہنچتا ہے تو "ح" پڑھتا ہے۔ اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ "حال الشیء یحول" سے مشتق ہے اس لئے کہ یہ دو سندوں کے درمیان حائل ہوتی ہے۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ یہ اشارہ ہے حدیث کے قول کی طرف کیونکہ اہلِ مغرب کو جب کوئی حدیث پہنچتی تھی تو وہ یہ لفظ کہتے تھے۔[48]

اصلاحی تعریف

اصطلاح میں اس کو تحویل کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ ایک شیخ نے ایک محدث سے ایک سند نقل کی اس کے بعد دوسری سند دوسرے شیخ سے ذکر کرتے ہیں تو درمیان میں یہ حرف تحویل ذکر کر دیتے ہیں۔ جس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اب نئی سند شروع ہو رہی ہے۔

مثال: امام مسلم نے اپنی کتاب کی پہلی سند یہ ذکر فرمائی ہے۔ اور اس میں تحویل ذکر کیا ہے۔ جیسا کہ امام مسلم فرماتے ہیں۔ **حدثنی أبوخیثمة زهیر بن حرب حدثنا وکیع، عن کهمس، عن ابن بریدة، عن یحیی بن یعمر.** اس کے بعد فرماتے ہیں (ح) **ثم قال: وحدثنا عبید الله بن معاذ العبری وهذا حدیثه، قال: حدثنا ابی، قال حدثنا کهمس عن عبد الله بن بریدة عن یحیی بن یعمر**[49]

ان کے پہلے شیخ زهیر بن حرب ابوخیثمۃ ہیں۔ اور دوسرے شیخ عبید اللہ بن معاذ العنبری ہیں۔ ان دونوں کی سند کے درمیان میں امام نے "ح" کا لفظ ذکر کر کے تحویل کی طرف اشارہ کیا ہے۔[50]

تحویل پڑھنے کا طریقہ

اس لفظ کو پڑھنے میں دو طریقے علماء سے رائج ہیں۔

1. اہل مشرق اس کو تحویل پڑھتے ہیں۔

---

48 تحفۃ الاحوذی بشرح جامع الترمذی، ج1 ص19۔

49 «الْإِسْلَامُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ، وَتَصُومَ رَمَضَانَ، وَتَحُجَّ الْبَيْتَ إِنِ اسْتَطَعْتَ إِلَيْهِ سَبِيلًا» (صحیح مسلم، کتاب الایمان (1) باب معرفۃ الایمان والاسلام والقدر وعلامۃ الساعۃ (1) حدیث 1-(9)

50 ابواسحاق الحوینی الاثری حجازی محمد شریف، شرح صحیح البخاری، مصدر الکتاب: دروس صوئیۃ قام بتفریغھا موقع الشبکۃ الاسلامیۃ، 7، 17

toobaa-elibrary.blogspot.com

2. اہل مغرب اس کو "ح" پڑھتے ہیں جو مد کے ساتھ یا بغیر مد کی ہوتی ہے۔

اور نحو کے مشہور امام سیبویہ فرماتے ہیں کہ حروف تہجی اگر کلام میں مرکب ہوں تو ان کو مد کے ساتھ پڑھا جائے گا جیسا کہ قصیدہ بردہ میں ہے۔ "لولا التشهد كانت لاءه نعم" ،اور اگر حروف تہجی کلام میں مفرد ہوں تو ان کو مقصور پڑھا جائے گا۔

تحویل کی اقسام

تحویل کی دو قسمیں ہیں، جیسا کہ علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے ذکر فرمائی ہیں۔

1. متعدد طریق کا نیچے سے جا کر کسی ایک راوی پر جمع ہو جانا اس راوی کو جس پر جا کر جمع ہوتے ہیں سارے رواۃ اس کو مدارِ سند کہا جاتا ہے اور یہ اسناد کافی زیادہ ہوتی ہیں۔
2. نیچے سے ایک ہی راوی ہو اور اوپر جا کر اس کے طرق متعدد ہو جائیں، لیکن یہ بہت کم ہوتا ہے[51]

صحاح ستہ میں تحویل کی دوسری قسم بہت شاذ اور نادر ہے البتہ پہلی قسم بکثرت آتی ہے۔ اس میں محدثین کی یہ عادت اور عام دستور ہے کہ تحویل کی صورت میں متن اس سند کا ذکر کرتے ہیں جو عالی ہو یعنی جس میں واسطے کم ہوں۔[52] اس کی مثال یہ ہے جو امام مسلم نے اپنی کتاب میں لائی ہے اور اس میں تحویل کو ذکر کیا ہے جیسا کہ امام مسلم فرماتے ہیں۔ **"حدثني محمد بن حا تم بن ميمون حدثنا عبدالرحمن بن مهدي حدثنا معاوية بن صالح عن ربيعة يعني ابن يزيد عن ابي ادريس انخولاني عن عقبة بن عامر ح وحدثني أبو عثمان عن جبير عن نفير عن عقبة بن عامر قال[53]."**

ترجمہ: محمد بن حاتم میمون، عبد الرحمان بن مہدی، معاویہ بن صالح، ربیعہ یعنی ابن یزید، ابو یزید خولانی، عققبہ بن نافع۔ تحویل۔ اور اسی طرح ابو عثمان، جبیر، نفیر، عقبہ بن نافع روایت کرتے ہیں۔

---

51 محمد انور شاہ ابن معظم شاہ کشمیری، العرف الشذی شرح سنن الترمذی ،طبعۃ اولی، مؤسسۃ ضحی للنشر والتواریخ، ج1، ص11۔

52 مولانا تقی عثمانی، درس ترمذی، کراچی، مکتبہ دارالعلوم کراچی، 2010، ج1، ص 193۔

53 " حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ يَعْنِي ابْنَ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ. ح، وَحَدَّثَنِي أَبُو عُثْمَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: كَانَتْ عَلَيْنَا رِعَايَةُ الْإِبِلِ فَجَاءَتْ نَوْبَتِي فَرَوَّحْتُهَا بِعَشِيٍّ فَأَدْرَكْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا يُحَدِّثُ النَّاسَ فَأَدْرَكْتُ مِنْ قَوْلِهِ: «مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوءَهُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، مُقْبِلٌ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهِ وَوَجْهِهِ، إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ» قَالَ فَقُلْتُ: مَا أَجْوَدَ هَذِهِ فَإِذَا قَائِلٌ بَيْنَ يَدَيَّ يَقُولُ: الَّتِي قَبْلَهَا أَجْوَدُ فَنَظَرْتُ فَإِذَا عُمَرُ قَالَ: إِنِّي قَدْ رَأَيْتُكَ جِئْتَ آنِفًا، قَالَ: " مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُبْلِغُ – أَوْ فَيُسْبِغُ – الْوَضُوءَ ثُمَّ يَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُ اللهِ وَرَسُولُهُ إِلَّا فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةُ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ "(صحیح مسلم، کتاب الطهارة(2) باب الذکر المستحب عقب الوضوء(6) حدیث 17-(234))

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس حدیث میں امام مسلم نے دو سندیں ذکر فرمائی ہیں۔ایک سند اپنے شیخ محمد بن حاتم بن میمون سے نقل کی ہے۔اور دوسری سند اپنے دوسرے شیخ اَبو عثمان سے نقل کی ہے۔اوراِن دونوں کے درمیان امام مسلم نے تحویل کے لئے لفظ "ح" کو ذکر کیا ہے۔ان دونوں سندوں کا مدارِ سند عقبہ بن عامر ہیں اِن پر دونوں سندیں اکھٹی ہو رہی ہیں۔

اوّل: مفتی صاحبؒ نے اپنی شرح ہدایۃالقاری میں دوسرے شارحین کی طرح تحویل پر بحث کی ہے۔ اس لئے آپؒ نے اس پر کسی حد تک ایک جامع بحث کی ہے۔تفصیل ذیل میں ذکر کی جاتی ہے۔

مثال: "باب كيف كان بدء الوحى الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"

اس باب کے تحت ایک حدیث میں مفتی صاحبؒ تحویل پر بحث کرتے ہیں۔

" حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح وحَدَّثَنِي أَبُو عِمْرَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ – وَاللَّفْظُ لَهُ – أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: «كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ، وَكَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُونُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَلْقَاهُ، فِي كُلِّ سَنَةٍ، فِي رَمَضَانَ حَتَّى يَنْسَلِخَ، فَيَعْرِضُ عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ، فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرِيلُ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيحِ الْمُرْسَلَةِ». "[54]

"ترجمہ: عبدان، عبداللہ، یونس، زہری، بشر بن محمد، عبداللہ یونس و معمر، زہری، عبیداللہ بن عبداللہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہمار وایت کرتے ہیں، فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور خاص طور پر رمضان میں جب جبرائیل آپ ﷺ سے ملتے تو آپ ﷺ سب لوگوں سے زیادہ سخی ہوتے تھے اور جبرائیل آپ سے رمضان کی ہر رات میں ملتے اور قرآن کا دور کرتے، نبی ﷺ بھلائی پہنچانے میں ٹھنڈی ہوا سے بھی زیادہ سخی تھے۔" [55]

حدیث بالا میں مفتی صاحبؒ نے ایک جامع انداز میں تحویل پر بحث کی ہے فرماتے ہیں۔"قوله (رحمه الله تعالى): (ح) فيه اقوال ستة:مرجعها الى القو لين انه خاء معجمة معناه سند آخر، والثانى:حاء مهملة معناه اللشاره الى الصلة لئلا يتوهم انه سقط متن الاسناد الاول، او معناه التحويل الى سند آخراو معناه الحائل أو معناه الحديث و فى عصرنا يقرا مسمى الحرف لا اسمه". پھر مفتی صاحبؒ ایک جامع اسلوب میں تحویل کے اقسام کی طرف بھی اشارہ فرماتے ہیں۔

---

54 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1) باب کیف کان بدء الوحی (6) حدیث (6)

55 بخاری شریف مترجم اردو، ج1، ص93۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فائدہ: **اقسام التحویل:اعلم أن التحویل قد یکون فی أول السند ثم یجتمع السندان فی الاخر وقد یکون فی أخر السند، فیفترقان فی أخر السند والتفارق قد یکون فی ذات الرواۃ، وقد یکون فی أسماءھم دون ذواتھم، وقد یکون فی الفاظ الروایۃ.** ہم نے حضرت مفتی صاحبؒ کی عربی عبارات کو ذکر کیا تاکہ آپ کا جامع انداز واضح ہو جائے۔[56]

شیخ صاحبؒ نے بھی اپنی کتاب میں اس پر دوسرے محدثین کی طرح بحث کی ہے۔ہم یہاں آپؒ کے منہج کو درج ذیل نقاط میں بیان کرتے ہیں۔آپؒ نے اپنی کتاب میں جہاں بھی تحویل آئی ہے اس کی وضاحت کی ہے اور متقدمین، متاخرین کے تمام اقوال نقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔جیسا کہ شیخؒ نے کتاب کی ابتداء میں پہلے باب میں ہی پانچویں حدیث میں امام بخاریؒ نے تحویل کو ذکر کیا تو اس کی تشریح میں شیخ صاحبؒ نے تحویل کی مکمل بحث ذکر فرمادی اور اس میں آپؒ نے حافظ ابن صلاحؒ، علامہ قسطلانیؒ، علامہ عینیؒ، حافظ ابن حجرؒ، مولانا زکریاؒ، علامہ کرمانیؒ، امام رازیؒ وغیرہ کے اقوال ذکر فرماتے ہیں جیسا کہ فرمارہے ہیں:

"ح" وحدثنا:

یہ پہلا موقعہ ہے کہ جہاں امام بخاریؒ نے اپنی کتاب میں "حاء" لائی ہے۔یہ صحاح ستہ میں واضح ہے اسی طرح مسند احمد میں بھی واقع ہے البتہ مسلم اور ابوداؤد میں کثرت سے واقع ہوئی ہے۔ قدماء نے اس لفظ کے متعلق کلام نہیں کیا سب سے پہلے اس سلسلہ میں اختلافات حافظ ابن الصلاح نے جمع کیے ہیں۔ بہرحال اس لفظ کے بارے میں اختلاف ہے۔اور اس میں علماء کی دو رائیں ہیں بعض حضرات اسے حاء مہملہ قرار دیتے ہیں۔جبکہ دوسری رائے یہ ہے کہ یہ خاء معجمہ ہے۔

"حاء مہملہ" کے قائلین کے پانچ اقوال

1. سب سے زیادہ مشہور قول یہ ہے کہ یہ تحویل سے ماخوذ ہے "تحویل" کہتے ہیں پھیر دینے کو مصنف لکھتے لکھتے اپنا رخ دوسری سند کی طرف پھیر دیتا ہے۔اس طرف اشارہ کرنے کے لئے یہ حاء مفرد لکھ دیتا ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ ایک حدیث کی کئی سندیں ہوتی ہیں ان کو اگر علیٰحدہ علیٰحدہ بیان کریں تو تطویل بھی ہے اور مشکل بھی اس لئے یہ حضرات ایسا کرتے ہیں کہ شیخ مشترک تک ہر سند علیٰحدہ علیٰحدہ بیان کرتے ہیں اور شیخ مشترک کے بعد جب سند ایک ہو جاتی ہے تو سب کے لیے وہ ایک ہی سند ذکر کر دیتے ہیں، شروع سے ایک سند مشترک شیخ تک ہوتی ہے اور اس کے بعد دوسری سند اس شیخ مشترک تک ذکر کی جاتی ہے اور ان دونوں سندوں کے درمیان فصل کے لئے حاء لکھ دیتے ہیں تاکہ علیٰحدہ علیٰحدہ سندوں کے بارے میں ایک سند ہونے کا گمان نہ ہو۔ مثلاً یہاں امام بخاریؒ کے استاذ عبدانؒ ہیں اور ان کی سند کو زہری تک لے جا کر چھوڑ دیا۔اب اس کے بعد امام بخاریؒ کے دوسرے استاذ ہیں بشر بن محمد، ان کی دوسری سند ہے۔وہ ہے۔"**حدثنا بشر بن محمد قال اخبرناعبد اللہ قال اخبرنا یونس ومعمر**

56 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص83۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عن زھری"توبشر بن محمد کی یہ سند بھی شیخ زہری مشترک یعنی امام زہریؒ تک پہنچی، زہری کے بعد دونوں کی سند ایک ہے۔امام بخاریؒ نے دونوں سندوں کو الگ الگ ذکر کیا ہے۔اور درمیان میں فصل کے لئے تحویل کی "حاء" لکھ دی ہے۔

2. دوسرا قول یہ ہے کہ یہ "حاء" حائل سے ماخوذ ہے لیکن یہاں قاری پہنچ کر کچھ پڑھے گا نہیں بلکہ سند اوّل پڑھنے کے بعد قاری اندپڑھے گا۔

3. تیسرا قول یہ ہے کہ یہ تو" حائل "ہی سے ماخوذ ہے لیکن یہاں قاری حائل کا تلفظ بھی کردے۔

4. چوتھا قول یہ ہے کہ یہ "الحدیث کا مخفف ہے چنانچہ عام طور سے مغاربہ جب پڑھتے ہیں تو"حاء" کی جگہ "الحدیث "پڑھ کر اگلی سند شروع کردیتے ہیں۔

5. پانچواں قول یہ ہے کہ یہ "صح "کا مخفف ہے اور یہ اس لئے لکھ دیا جاتا ہے تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ مؤلف کو یا کاتب کو وہم ہو گیا ہے سند کا کچھ حصہ چھوٹ گیا ہے یا سند کا متن ساقط ہو گیا ہے حافظ ابو عثمانی صابونیؒ، حافظ ابو مسلمؒ، عمر بن علی لیثی اور محدث ابو سعد خلیلی کے قلم سے ایسے مقامات پر"ح" کے بجائے "صح" کی کتابت پائی گئی ہے۔یہ کل پانچ اقوال ہو گئے ان میں سے پہلا قول راجح ہے۔

اس کے بعد شیخ فرماتے ہیں کہ جو حضرات "خاء معجمہ "ہونے کے قائل ہیں ان میں بھی دو قول معروف ہیں۔ ایک یہ کہ یہ "آخر الحدیث "کی طرف اشارہ ہے۔دوسرا قول یہ ہے کہ "بسند آخر" کی طرف اشارہ ہے۔[57]

اس طرح حضرت شیخؒ تحویل کی بحث میں اس بات کی تصریح بھی ذکر کرتے ہیں۔کہ یہ مذکورہ روایت کس سند کی ہے اور اس کو الگ سے ذکر بھی کردیتے ہیں۔

مثال:"باب تفسیر سورة اقراباسم ربك الذی خلق"

اس باب میں امام بخاریؒ نے یہ روایت ذکر کی ہے اور اس میں تحویل ذکر کی ہے:

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، ح وَحَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ مَرْوَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ العَزِيزِ بْنِ أَبِي رِزْمَةَ، أَخْبَرَنَا أَبُو صَالِحٍ سَلْمَوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: كَانَ أَوَّلَ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ فِي النَّوْمِ، فَكَانَ لاَ يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ، ثُمَّ حُبِّبَ إِلَيْهِ الخَلاَءُ... الخ[58]

---

57 کشف الباری، کتاب البدء الوحی، ص463-465۔

58 صحیح بخاری، کتاب تفسیر القرآن(65)باب تفسیر سورۃ اقرء باسم ربک الذی خلق، حدیث(4953)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"ترجمہ :یحیی، لیث، عقیل، ابن شہاب، (دوسری سند) سعید بن مروان، محمد بن عبد العزیز بن ابی رزمہ، ابو صالح، سلمویہ، عبداللہ، یونس بن یزید، ابن شہاب، عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالی عنہ، حضرت عائشہ زوجہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ پر سب سے پہلے رویائے صادقہ کے ذریعہ ابتدا کی گئی چنانچہ جو خواب بھی آپ ﷺ دیکھتے صبح کے نمودار ہونے کی طرح وہ ظہور میں آتا پھر خلوت گزینی کی رغبت آپ کے دل میں ڈال دی گئی"۔[59]

اس میں شیخ فرمارہے ہیں: یہاں سند میں تحویل ہے اور دو سندیں ہیں سند اوّل کے الفاظ امام بخاریؒ نے "بدءالوحی" میں ذکر کیے ہیں تحویل کے بعد جو سند ثانی ہے وہ سعید بن مروان بغدادی سے شروع ہوتی ہے اس کے الفاظ یہاں بیان کیے گئے پہلی سند امام بخاریؒ اور ابن شہاب زہریؒ کے درمیان تین واسطے ہیں۔(1) یحیٰ بن بکیر (2) لیث بن سعد (3) اور عقیل، جبکہ دوسری سند میں امام بخاریؒ اور ابن شہاب زہریؒ کے درمیان پانچ واسطے ہیں۔(1) سعید بن مروان (2) محمد بن عبدالعزیز (3) ابو صالح (4) عبداللہ بن مبارک (5) یونس بن یزید۔ اس کے بعد پھر زہری، حضرت عروہ اور حضرت عائشہ سے روایت ہے اس طرح امام بخاریؒ سے نبی کریم ﷺ تک آٹھ واسطے ہیں اس لئے یہ روایت ثمانی الاسناد کہلاتی ہے۔ پہلی سند کے رجال کا تعارف "بدءالوحی" میں ہو چکا ہے۔ دوسری سند میں امام بخاریؒ کے شیخ سعید بن مروانؒ ہیں[60]۔

معلقات کی وضاحت میں دونوں شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ

اس بحث میں سب سے پہلے تعلیق کی تعریف اور اس کا مفہوم ذکر کرنے کے بعد ہم شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ پیش کریں گے۔

تعلیق کی لغوی تعریف

یہ علق سے مشتق ہے اس کا معنی ہے خون کا لو تھڑا اور ٹکڑا اور اسی طرح علقة اس کپڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو پانی میں گرا ہوا ہو۔ **علق الشیء تعلیقا و اعتلقه أحبه و المعلقة من النساء التی فقد زوجها قال الله تعالی:فتذروها کالمعلقة.** علق کہا جاتا ہے کسی چیز کو لٹکا ہوا چھوڑ دینا اور معلقہ اس عورت کو کہا جاتا ہے جس کا خاوند گم ہو چکا ہو جیسا کہ قرآن میں آیا ہے" **فتذروها کالمعلقة** "[61]

تعلیق کی اصطلاحی تعریف

---

59 بخاری شریف مترجم اردو، باب التفسیر، ج۳، ص ۹۳۔

60 کشف الباری، کتاب التفسیر، "باب تفسیر سورۃ اقرا باسم ربک الذی خلق" ج 1، ص 747

61 محمد بن ابی بکر بن عبدالقادر الرازی، مختار الصحاح، بیروت، مکتبۃ ابنان ناشرون، 1989ء ص 467۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"وهو ما حذف من مبتداء اسناده واحد فاکثر" وہ ہوتی ہے کہ سند کی ابتداء سے ایک یا زیادہ راویوں کو حذف کر دیا جائے[62] ۔

جیسا کہ امام شافعیؒ کا قول ہے کہ "قال نافع، یا قال ابن عمر، یا قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم". محمد ابراہیم بن جماعۃ فرماتے ہیں کہ جب سند کے درمیان سے راوی چھوڑ دیئے جائیں تو اس کو تعلیق نہیں کہا جاتا اس لئے کہ وہ منقطع یا مرسل ہوتی ہے۔[63]

اقسام تعلیق

امام بخاریؒ نے اپنی کتاب میں جو تعلیقات ذکر فرمائی ہیں ان کی دو اقسام ہیں۔

1. بعض وہ ہیں جو امام بخاریؒ نے دوسری جگہ ذکر فرمادی ہیں۔
2. بعض وہ ہیں جو صرف تعلیقات ہی ہیں ان کو دوسری جگہ ذکر نہیں کیا گیا۔

ان میں سے پہلی قسم جو امام بخاریؒ نے ذکر کی ہے۔ چونکہ امام بخاریؒ کی عادت ہے کہ وہ اپنی کتاب میں کسی چیز کو بھی تکرار کے ساتھ بغیر فائدہ کے ذکر نہیں کرتے۔ اور متن کی احکامات پر مشتمل ہو تو اس کو امام بخاریؒ مختلف ابواب کے تحت ذکر کرتے ہیں اور اس سے اپنا دعویٰ ثابت کرتے ہیں اور اسناد کے تکرار کے بغیر ذکر کرتے ہیں۔ ان میں سے دوسری قسم جو صرف تعلیقات ہی ہیں۔ ان کی بھی دو اقسام ہیں۔

1. وہ ہیں جو امام بخاریؒ نے یقین کے صیغے کے ساتھ بیان کی ہیں۔
2. وہ ہیں جو صیغہ تمریض کے ساتھ امام بخاریؒ نے ذکر کی ہیں۔

ان میں سے پہلی قسم وہ ہے جن کی نسبت صحیح ہے اور امام بخاریؒ نے ان کو تعلیق کے طور پر اس لئے ذکر فرمایا ہے۔ کہ انہوں نے اس کو بغیر واسطہ کے سنا ہی نہیں بلکہ مذاکرہ یا اجازت کے طور پر سنا ہے۔

دوسری قسم جن کو صیغۂ تمریض کے ساتھ ذکر کیا ہے ان میں سے زیادہ تر تو وہ ہیں جن کو امام بخاریؒ نے اپنی شرط کے مطابق ہی نہیں پایا ان میں سے بعض صحیح ہیں اور بعض حسن ہیں اور بعض ضعیف بھی ہیں۔[64] علامہ عراقی فرماتے ہیں کہ جن تعلیقات کو امام بخاریؒ نے اپنے شیوخؒ کی طرف نسبت کر کے ذکر کیا ہے جیسے قال فلان وزاد فلان وغیرہ تو ان کا حکم تعلیق والا ہے ہی نہیں ہے بلکہ وہ حدیث

---

62 فتح الباری، ج 1 ص 17۔

63 محمد بن ابراھیم بن جماعۃ، المنہل الروی فی مختصر علوم الحدیث النبوی، دمشق، دار الفکر، طبعۃ الثانیۃ، 1406ء ص 49۔

64 ماہر یاسن فحل الھیتی، اثر علل الحدیث فی اختلاف الفقہاء، عمان، دار عمار للنشر، 2000ء، ص 38۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

معنعن کے حکم میں ہیں اور ان کا حکم متصل والا ہی ہے اس شرط کے ساتھ کہ اس راوی کی ملاقات ثابت ہو جائے اور یہ بھی ثابت ہو جائے کہ وہ تدلیس نہیں کرتا۔[65]

اس مختصر تمہید کے بعد ہم مفتی صاحبؒ کا اسلوب تعلیقاتِ بخاری میں وضاحت کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

اوّل: مفتی صاحبؒ اگر کسی باب کے تحت کوئی حدیث ذکر فرماتے ہیں تو اس حدیث کی نشاندہی کرتے ہیں کہ یہ حدیث معلق ہے یا مرفوع ہے وغیرہ۔ نیز مفتی صاحبؒ اگر کسی سند کی متصل ہونے یا معلق ہونے میں کوئی اختلاف ہو تو اس اختلاف کو بھی ذکر فرماتے ہیں۔

مثال: "کتاب الایمان:"باب افشاء السلام من الإسلام"

اس باب کے تحت مفتی صاحبؒ ایک حدیث نقل کرتے ہیں پھر اس کی تشریح کرتے ہیں۔

"وقال عمار: "ثلاث من جمعهن فقد جمع الإيمان: الإنصاف من نفسك، وبذل السلام للعالم، والإنفاق من الإقتار

"حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الإِسْلاَمِ خَيْرٌ؟ قَالَ: «تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلاَمَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ"[66]

ترجمہ: قتیبہ، لیث، یزید بن ابی حبیب، ابوالخیر، عبداللہ بن عمرو ؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کون سا اسلام بہتر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور جسے جانتے ہو اور جسے نہ جانتے ہو سب کو سلام کرو۔[67]

اس حدیث کی سند کے متعلق مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ یہ سند معلق ہے مزید فرماتے ہیں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سند مرفوع ہے۔ مفتی صاحبؒ اپنی شرح میں اس انداز سے وضاحت فرماتے ہیں کہ قوله(رحمه الله تعالى):(قال عمار الخ) تعليق، وروى مرفوعا ايضاً بسند ضعيف- لكن له شواهد تدل على دفعه وكذا الذوق السليم يؤيد لكونه من جوامع الكلم" یہ وہ عربی عبارت ہے جو حضرت مفتی صاحبؒ نے اس حدیث کے متعلق فرمائی ہے۔[68]

اس کے بعد ہم یہاں شیخ ؒ کا منہج امام بخاریؒ کی تعلیقات میں وضاحت کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔

65ابوالفضل زین الدین عبدالرحیم بن الحسین بن عبدالرحمان الحافظ العراقی، شرح التبصرۃ والتذکرۃ، الفیۃ العراقی، بیروت، لبنان، 2002ء، ج1ص75

66 صحیح بخاری، کتاب الایمان(2)باب افشاء السلام من الاسلام(18)حدیث(28)

67 بخاری شریف مترجم، کتاب الایمان، حدیث27، ج1، ص109۔

68 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان،"باب افشاء السلام من الإسلام"ص15۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر کسی جگہ کسی سند کے معلق ہونے یا متصل ہونے میں کوئی اختلاف ہو تو اس کو بھی شیخ صاحبؒ ذکر کرتے ہیں اور اس میں علماء کے اقوال کو ذکر کرتے ہیں۔

مثال: "باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم"

اس باب میں امام بخاریؒ نے ایک روایت ذکر فرمائی ہے جو ابن شہابؒ سے نقل کی ہے جیسا کہ امام بخاریؒ فرمارہے ہیں۔" قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ: فَأَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ: أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ الأَنْصَارِيَّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الوَحْيِ، قَالَ فِي حَدِيثِهِ: " بَيْنَا أَنَا أَمْشِي سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ بَصَرِي، فَإِذَا المَلَكُ الَّذِي جَاءَنِي بِحِرَاءٍ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، فَفَرِقْتُ مِنْهُ، فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ: زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي "، فَدَثَّرُوهُ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى: (يَا أَيُّهَا المُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ وَالرِّجْزَ فَاهْجُرْ) – قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: وَهِيَ الأَوْثَانُ الَّتِي كَانَ أَهْلُ الجَاهِلِيَّةِ يَعْبُدُونَ – قَالَ: «ثُمَّ تَتَابَعَ الوَحْيُ» ".[69]

"ترجمہ: محمد بن شہاب نے بواسطہ ابو سلمہ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری بیان کیا کہ ایک بار رسول اللہ ﷺ وحی کے رکنے کا ذکر فرمارہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں ایک بار چلا جارہا تھا تو میں نے آسمان سے ایک آواز سنی میں نے نگاہ اٹھائی تو اسی فرشتہ کو دیکھا جو میرے پاس حراء میں آیا تھا وہ آسمان اور زمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہوا تھا میں اس سے ڈرا اور گھر واپس ہو کر میں نے کہا کہ مجھے کمبل اڑھاؤ مجھے کمبل اڑھاؤ تو لوگوں نے مجھے کمبل اڑھادیا اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت "یا أیها المدثر قم فأنذر وربک فکبر وثیابک فطهر والرجز فاهجر "نازل فرمائی یعنی اے کمبل اوڑھنے والے! کھڑے ہو جایئے! لوگوں کو ڈرایئے اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجئے الخ اور ابو سلمہ نے کہا کہ رجز سے مراد وہ بت ہیں جن کی جاہلیت کے لوگ پرستش کرتے تھے پھر اس کے بعد وحی برابر اترنے لگی"۔[70]

اس تعلیق میں شیخؒ نے علماء کا اختلاف ذکر فرمایا ہے اور اس میں علامہ کرمانیؒ اور حافظ ابن حجرؒ اور علامہ انور شاہ کشمیریؒ کے اقوال ذکر فرمائے ہیں جیسا کہ شیخ فرمارہے ہیں۔ امام بخاریؒ یہاں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت بیان کر رہے ہیں پہلے ابن شہاب زہری ہی کی سند سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت بیان کی تھی۔

---

69 صحیح بخاری، کتاب تفسیر القرآن الکریم (65) باب ماودعک ربک وما قلی (الضحیٰ) حدیث (4954)

70 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب الوحی، حدیث 3، ج 1، ص 91۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

علامہ کرمانیؒ نے اس کو تعلیق قرار دیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ یہاں سند کا ابتدائی حصہ مذکور نہیں ہے اور جب سند کی ابتداء میں حذف ہو تو اسے تعلیق کہتے ہیں، یہ اور بات ہے کہ امام بخاریؒ جہاں جزم کے صیغے استعمال کرتے ہیں وہ معلقات عموماً مسند ہوا کرتی ہیں خواہ سند متقدم سے ہوں یا کسی اور سند سے بہر حال ان کے نزدیک یہ تعلیق ہے۔

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ یہ موصول بالاسناد السابق ہے "**حدثنا يحى بن بكر قال:حدثنا الليث عن عقيل عن ابن شهاب أخبرني أبو مسلمة**" گویا یہاں سند محذوف نہیں ہے، لہٰذا یہ تعلیق نہیں بلکہ تحویل ہے۔[71]

دوم: مفتی صاحبؒ بعض اوقات سند میں تعلیق کو ذکر کرنے کے بعد تعلیق کو لانے کی غرض اور فوائد بھی بیان کرتے ہیں۔

مثال: "**باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ،ويده**"

"**حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ، وَإِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللَّهُ عَنْهُ» قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ: وَقَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ هُوَ ابْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عَبْدُ الأَعْلَى، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ**".[72]

"ترجمہ: آدم بن ابی ایاس، شعبہ، عبداللہ بن ابی السفر و اسمعیل شعبی، عبداللہ بن عمرو نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا (پکا) مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان ایذا نہ پائیں اور (پورا) مہاجر وہ ہے جو ان چیزوں کو چھوڑ دے، جن کی اللہ نے ممانعت فرمائی ہے، بخاری نے کہا کہ ابو معاویہ نے بروایت داؤد، عامر، عبداللہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کیا اور عبدالاعلی نے بروایت داؤد، عامر، عبداللہ، نبی ﷺ سے روایت کیا"۔[73]

حدیث ذکر کرنے کے بعد آپؒ تعلیقات کو ثابت کرتے ہیں ان تعلیقات لانے کے اغراض اور فوائد بھی ذکر کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں:

"**قوله (رحمه الله تعالى):(قال أبو عبد الله ، وقال ابو معاوية الخ) التعليق الاول: أرادبه سماع الشعبى عن عبد بن عمرو فيكون السند الأول متصلاً. وكذا أراء تعين اسم شعبى ، أى ، هو عامر. والتعليق الثانى: لمجرد التقوية، أو لمتابعة عبد الأ على أبا معاوية. أو لتعين عبد الله بأنه عبد الله بن عمرو ، دون عبد الله بن**

71 کشف الباری، باب بدء الوحی، ج1، ص422۔

72 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ (3) حدیث (10)

73 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب الایمان، حدیث 9، ج1، ص101۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مسعود". تعلیقات کا اثبات اور تعلیقات لانے کے اغراض اور فوائد عربی عبارت کے ساتھ ذکر کئے تاکہ حضرت مفتی صاحبؒ کا جامع انداز سامنے آجائے۔[74]

نیز شیخ صاحبؒ بھی تعلیق کو ذکر کرنے کے بعد تعلیق لانے کی غرض اور اس کے فوائد ذکر کرتے ہیں اگر اس کے فوائد ایک سے زیادہ ہوں تو ان کو بھی ذکر کر دیتے ہیں۔

مذکورہ بالا مثال میں امام بخاریؒ نے تعلیق ذکر فرمائی ہے جو ابو معاویہ سے نقل کی ہے۔ شیخ نے اس کو ذکر کر کے اس میں حافظ ابن حجرؒ، ابن مندہؒ کے اقوال ذکر کیے ہیں۔ جیسا کہ امام بخاریؒ فرمارہے ہیں "**قال أبو عبد الله وقال معاوية حدثنا داؤد**[75] **عن عامر قال سمعت عبد الله عن النبی صلی الله وسلم**".

شیخ فرماتے ہیں " یہ تعلیق ہے اور اس کا مقصد یہ ہے کہ پہلے جو روایت عبداللہ بن ابی سفر اور اسماعیل کے طریق سے ذکر کی گئی ہے اس میں "شعبی" کا ذکر تھا، لیکن وہاں شعبی کا نام نہیں بتایا تھا یہاں بتادیا کہ ان کا نام عامر ہے۔ پھر وہاں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے حضرت شعبی جو روایت کر رہے ہیں وہ عن کے لفظ کے ساتھ تھی اور عن میں اتصال اور انقطاع دونوں کا احتمال ہوتا ہے یہاں "قال: **سمعت عبد الله بن عمرو**" فرما کر سماع کی تصریح کر دی ہے۔ گویا اس تعلیق سے دو فائدے ہوئے ایک تو راوی امام شعبی کا نام معلوم ہو گیا اور دوسرے سماع کی تصریح ہو گئی جبکہ پہلی روایت منعن تھی جس میں سماع و عدم دونوں کا احتمال تھا۔ اس تعلیق سے احتمال عدم سماع ختم ہو گیا۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ ابن مندہؒ نے نقل کیا ہے کہ یہ حدیث "**وهیب بن خالد عن داؤد عن شعبی عن رجل عن عبد الله**" کے طریق سے بھی مروی ہے گویا شعبی اور صحابی کے درمیان ایک مجہول شخص ہے۔ اس صورت میں تعلیق کا فائدہ یہ ہو گا کہ گویا شعبی کو جب بیک واسطہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے یہ روایت ملی تو انہوں نے براہِ راست حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے ملاقات کر کے سماع کر لیا۔ جس سماع کا تذکرہ اس تعلیق میں صراحۃً موجود ہے۔ ابو معاویہ کی اس تعلیق کو اسحاق بن راہویہ نے اپنی مسند میں موصولاً ذکر کیا ہے اور ابن حبان نے بھی اپنی صحیح میں اس کی تخریج کی ہے ان کے الفاظ ہیں۔ "**سمعت عبد الله بن**

---

74 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ،ویده" ص 123۔

75 یہ داؤد بن أبی الفرات عمرو بن الفرات الکندی المروزی ہیں۔ اور یہ ثقہ راوی ہیں۔ (تقریب التہذیب ص 199)

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمرو يقول:ورب هذه البنية لسمعت رسول الله صلى الله وسلم يقول : المهاجر من هجر السيئات والمسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده.[76]، [77]

شیخؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے دوسری تعلیق بھی ذکر فرمائی ہے جو عبدالاعلی سے نقل کی ہے شیخ نے اس کو ذکر کر کے اس میں مولانا عبدالجبار اعظمی کے قول کو ذکر کیا ہے۔ جیسا کہ امام بخاری فرمارہے ہیں۔ **"وقال عبد الأعلى عن داؤد عن عامر عن عبد اله عن النبی صلى الله وسلم".**[78]

شیخ صاحبؒ فرمارہے ہیں کہ یہ دوسری تعلیق ہے اس کو نقل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہاں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کو مطلق "عبداللہ" کے ساتھ ذکر کیا ہے اور محدثین کی یہاں طبقہ صحابہ میں جب عبداللہ مطلق ذکر کیا جاتا ہے تو اس سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مراد ہوتے ہیں اس واسطے شبہ ہو سکتا تھا کہ شاید امام شعبی کی کوئی دوسری سند ہے جس کو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے بجائے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کر رہے ہیں اس پر تنبیہ کر دی کہ پہلے تصریح کر چکے کہ یہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما ہیں باب کی اصل روایت میں بھی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما مراد ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مراد ہیں۔[79]

موقوفات کی وضاحت میں دونوں شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ

اس بحث میں سب سے پہلے موقوف کی تعریف اور اس کا مفہوم ذکر کرنے کے بعد ہم شیوخؒ کا منہج ذکر کریں گے۔

موقوف کی لغوی تعریف

76"أخبرنا أحمد بن يحيى بن زهير الحافظ بتستر قال حدثنا محمد بن العلاء بن كريب قال حدثنا أبو معاوية قال حدثنا داود بن أبي هند عن الشعبي قال: سمعت عبد الله بن عمرو يقول: ورب هذه البنية سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "المهاجر من هجر السيئات والمسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده" يعني الكعبة ذكر إثبات الإسلام لمن سلم المسلمون من لسانه ويده".(محمد بن حبان بن أحمد بن حبان بن معاذ بن مَعْبدَ، التميمي، أبو حاتم، الدارمي، البُستي، الإحسان في تقريب صحيح ابن حبان، بيروت، مؤسسة الرسالة، الطبعة: الأولى، 1408 ه - 1988 م، كتاب الايمان(4) باب فرض الايمان(4) حديث(196) (إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير. وأخرجه ابن منده "**313**" من طريق يحيى بن يحيى، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. لكن عنده أن عبارة "ورب هذه البنية" من قول عبد الله بن عمرو، وهو ما نقله الحافظ أيضا عن ابن حبان، كما في الفتح **54/1**. وأخرجه البخاري تعليقا بصيغة الجزم "**10**" في: باب "المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده"قال: وقال أبو معاوية: حدثنا داود عن عامر [الشعبي] قال: سمعت عبد الله، عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم. وقال عبد الأعلى: عن داود، عن عامر، عن عبد الله، عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم. ولفظ رواية البخاري: "المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده، والمهاجر من هجر ما نهى الله عنه"

77 کشف الباری، باب بدء الوحی، ج1، ص288۔

78 صحیح البخاری جزء 1۔ ص13۔

79 کشف الباری باب بدء الوحی، ج1، ص288۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لغت میں اس کا معنی "الشیء المحبوس "یعنی وہ چیز جو روک لی گئی ہے جیسا کہ وہ مال جو اللہ کے راستے میں وقف کر دیا گیا ہو۔اس حدیث کو بھی موقوف اسی لئے کہتے ہیں اس میں راوی صحابی پر حدیث کو روک لیتا ہے اور اس کو پے در پے آخر تک بیان نہیں کرتا[80]۔

موقوف کی اصطلاحی تعریف

الموقوف من الأحاديث هو ما يقصره الراوى على الصحابى، وينسبه اليه قولا او فعلا أو نحوهما ، يقف به عنده، فلا يتجاوز الراوى الصحابى فى نسبته ذلك المروى، إلى النبى صلى الله وسلم[81]۔وہ احادیث ہوتی ہیں جس میں راوی صحابی پر سند کو روک دے اور وہ حدیث کو صحابی کے قول، فعل وغیرہ کی طرف منسوب کر دے اور اس کو صحابی راوی حضور صلی اللہ وسلم کی طرف منسوب نہ کرے۔

اقسام موقوف

1. الموقوف القولی: جیسا کہ راوی کا قول ہے: "**قال على بن أبى طالب:حدثوا الناس بما يعرفون أتريدون أن يكذب الله و رسوله**" اس کو امام بخاری نے نقل کیا ہے۔
2. الموقوف الفعلی: جیسے امام بخاریؒ کا قول ہے: "**وام ابن عباس وهو متيمم**"
3. الموقوف التقریری: جیسے تابعی کا قول ہے: **فعلت كذا بحضرة الصحابى**[82]

امام بخاریؒ نے اپنی کتاب میں موقوف روایات بھی ذکر کی ہیں اور ان میں سے کئی روایات تو مرفوع بھی ہیں۔اگرچہ امام بخاریؒ ایک جگہ ان کی سند ذکر نہیں کرتے لیکن کبھی کبھار دوسرے مقامات پر اس کی سند ذکر کر دیتے ہیں۔

مفتی صاحبؒ اور شیخ صاحبؒ نے اپنی شروحات میں ان روایات کی تشریح کی ہیں ذیل میں دونوں کے منہج کو ذکر کرتے ہیں۔

اوّل: مفتی صاحبؒ جب بھی کسی موقوف روایت کو ذکر کرتے ہیں تو اگر وہ کسی دوسری کتاب میں موجود ہو تو اس دوسری کتاب سے نقل کر دیتے ہیں۔لیکن اس کا حوالہ نہیں دیتے کہ یہ عبارت انھوں نے فلاں کتاب سے اخذ کی ہے جیسے حضرت شیخؒ کرتے ہیں جس کی تفصیل بعد میں آئے گی۔

مثال:"باب وقول النبى صلى الله وسلم بنى الاسلام على خمس"

---

80 الامۃ الفقیرۃ ام اللیث، الاسئلۃ السنیۃ علی المنظومۃ البیقونیۃ، ص17

81 محمد خلف سلامۃ ، لسان المحدثین (معجم مصطلحات المحدثین)، 2007، ج 5، ص 217

82 الامۃ الفقیرۃ ام اللیث، الاسئلۃ السنیۃ علی المنظومۃ البیقونیۃ، ص17

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس باب میں امام بخاریؒ نے یہ روایت ذکر کی ہے۔

"حدثنا عبيد الله بن موسى قال أخبرنا حنظلة بن أبي سفيان عن عكرمة بن خالد عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بني الإسلام على خمس شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله وإقام الصلاة وإيتائ الزكاة والحج وصوم رمضان"....وقال ابن مسعود االيقين الايمان كله...."الخ[83]

"ترجمہ: عبیداللہ بن موسی، حنظلہ بن ابی سفیان، عکرمہ بن خالد، ابن عمر نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسلام (کا قصر پانچ ستونوں) پر بنایا گیا ہے، اس بات کی شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور یہ کہ محمد اللہ کے رسول ہیں، نماز پڑھنا، زکوۃ دینا، حج کرنا، رمضان کے روزے رکھنا"۔[84]

مفتی صاحبؒ حدیث کی تشریح اس انداز میں فرماتے ہیں: **قوله(رحمه الله تعالى): (وقال ابن مسعود رضى الله عنه) أسلم قديما بمكة هاجر الههجرتين:** ترجمہ: کہ ابن مسعودؓ مکہ میں ایمان لائے تھے اور آپؓ نے دو ہجرتیں کیں۔ پھر فرماتے ہیں

83"وهو قول وفعل، ويزيد وينقص، قال الله تعالى {ليزدادوا إيمانا مع إيمانهم} [الفتح: 4] {وزدناهم هدى} [الكهف: 13] {ويزيد الله الذين اهتدوا هدى} [مريم: 76] {والذين اهتدوا زادهم هدى وآتاهم تقواهم} [محمد: 17] وقوله: {ويزداد الذين آمنوا إيمانا} [المدثر: 31] وقوله: {أيكم زادته هذه إيمانا فأما [ص:11] الذين آمنوا فزادتهم إيمانا} [التوبة: 124] وقوله جل ذكره: {فاخشوهم فزادهم إيمانا} [آل عمران: 173] وقوله تعالى: {وما زادهم إلا إيمانا وتسليما} [الأحزاب: 22] والحب في الله والبغض في الله من الإيمان " وكتب عمر بن عبد العزيز إلى عدي بن عدي: «إن للإيمان فرائض، وشرائع، وحدودا، وسننا، فمن استكملها استكمل الإيمان، ومن لم يستكملها لم يستكمل الإيمان، فإن أعش فسأبينها لكم حتى تعملوا بها، وإن أمت فما أنا على صحبتكم بحريص» وقال إبراهيم صلى الله عليه وسلم: «ولكن ليطمئن قلبي» وقال معاذ بن جبل: «اجلس بنا نؤمن ساعة» وقال ابن مسعود: «اليقين الإيمان كله» وقال ابن عمر: «لا يبلغ العبد حقيقة التقوى حتى يدع ما حاك في الصدر» وقال مجاهد: «شرع لكم من الدين أوصيناك يا محمد وإياه دينا واحدا» وقال ابن عباس: «شرعة ومنهاجا» سبيلا وسنة باب دعاؤكم إيمانكم لقوله عز وجل: {قل ما يعبأ بكم ربي لولا دعاؤكم} [الفرقان: 77] ومعنى الدعاء في اللغة الإيمان." صحیح بخاری کتاب الایمان(2) باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم(1) حدیث(1)

84 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب الایمان، حدیث 2، ج 1، ص 100

toobaa-elibrary.blogspot.com

"وتمام الأثر الصبر نصف الایمان، والیقین الایمان کله"[85] اصل میں طبرانی کی روایت ہے لیکن مفتی صاحبؒ نے اس کا حوالہ نہیں دیا [86]۔

اسی طرح شیخ صاحبؒ جب بھی کسی موقوف روایت کو ذکر کرتے ہیں تو اگر وہ کسی دوسری جگہ مذکور ہو تو اس کا حوالہ بھی ذکر کر دیتے ہیں اور اس دوسری کتاب سے اس کو نقل کر دیتے ہیں۔

مثال اوّل: "باب الایمان وقول النبی صلی اللہ وسلم بنی الاسلام علی خمس"

اس میں امام بخاریؒ نے یہ روایت ذکر کی ہے: "وقال ابن مسعود الیقین الإ یمان کله"[87] اس میں شیخ نے اس روایت کا حوالہ طبرانی سے نقل کیا ہے۔ جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں "حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یقین کل ایمان ہے"۔ یہ اثر طبرانی نے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے، پورا اثر ہے "الصبر نصف الایمان والیقین الأ یمان کله". [88]، [89]

85 حدثنا محمد بن علي الصائغ، ثنا سعيد بن منصور، ثنا أبو معاوية، ثنا الأعمش، عن أبي ظبيان، عن علقمة، قال: قال عبد الله: " الصبر نصف الإيمان: واليقين الإيمان " سليمان بن أحمد بن أيوب، أبو القاسم الطبراني، المعجم الكبير، القاهرة،مكتبة ابن تيمية، الطبعة: الثانية،حديث 8544-اخرجه أحمد بن الحسين بن علي أبو بكر البيهقي في شعب الإيمان عن طريق أبي وائل، عن عبد الله، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " الصبر نصف الإيمان، واليقين الإيمان كله " " تفرد به يعقوب، عن المخزومي، والمحفوظ عن ابن مسعود من قوله غير مرفوع كما " شعب الإيمان ج1ص150. واخرجه أبو عبد الله الحاكم محمد بن عبد الله المعروف بابن البيع في المستدرك على الصحيحين عن طريق الأعمش، عن أبي ظبيان، قال: كنا نعرض المصاحف عند علقمة فقرأ هذه الآية: «إن في ذلك لآيات للموقنين» فقال: قال عبد الله: اليقين الإيمان كله وقرأ هذه الآية: {إن في ذلك لآيات لكل صبار شكور} [إبراهيم: 5] قال: فقال عبد الله: «الصبر نصف الإيمان» هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه "[التعليق – من تلخيص الذهبي] 3666 – صحيح. المستدرك على الصحيحين ج2،ص484

86 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "باب الایمان وقول النبی صلی اللہ وسلم بنی الاسلام علی خمس" ص113۔

87 صحیح البخاری جزء 1 ص 7

88 حدثنا محمد بن علي الصائغ، ثنا سعيد بن منصور، ثنا أبو معاوية، ثنا الأعمش، عن أبي ظبيان، عن علقمة، قال: قال عبد الله: " الصبر نصف الإيمان: واليقين الإيمان " سليمان بن أحمد بن أيوب، أبو القاسم الطبراني، المعجم الكبير، القاهرة،مكتبة ابن تيمية، الطبعة: الثانية،حديث 8544-اخرجه أحمد بن الحسين بن علي أبو بكر البيهقي في شعب الإيمان عن طريق أبي وائل، عن عبد الله، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " الصبر نصف الإيمان، واليقين الإيمان كله " " تفرد به يعقوب، عن المخزومي، والمحفوظ عن ابن مسعود من قوله غير مرفوع كما " شعب الإيمان ج1ص150. واخرجه أبو عبد الله الحاكم محمد بن عبد الله المعروف بابن البيع في المستدرك على الصحيحين عن طريق الأعمش، عن أبي ظبيان، قال: كنا نعرض المصاحف عند علقمة فقرأ هذه الآية: «إن في ذلك لآيات للموقنين» فقال: قال عبد الله: اليقين الإيمان كله وقرأ هذه الآية: {إن في ذلك لآيات لكل صبار شكور} [إبراهيم: 5] قال: فقال عبد الله: «الصبر نصف الإيمان» هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه "[التعليق – من تلخيص الذهبي] 3666 – صحيح. المستدرك على الصحيحين ج2،ص484

89 کشف الباری، کتاب الایمان، "باب الایمان وقول النبی صلی اللہ وسلم بنی الاسلام علی خمس" ج1، ص630

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوم: مفتی صاحبؒ اپنی شرح میں جب بھی کوئی اثر ذکر کرتے ہیں تو اگر علماء کا اس میں اختلاف ہو تو اس کو ذکر کرتے ہیں لیکن اثر کی تخریج نہیں کرتے جیسے حضرت شیخؒ تخریج کا اہتمام کرتے ہیں جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

مثال: "باب افشاء الاسلام من الإسلام"

وقال عمار:ثلاث من جمعهن فقد جمع الايمان الانصاف من نفسك وبذل السلام للعالم والانفاق من الاقتار

" حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الإِسْلاَمِ خَيْرٌ؟ قَالَ: «تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلاَمَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ"[90] "ترجمہ: قتیبہ،لیث،یزید بن ابی حبیب،ابوالخیر،عبداللہ بن عمرو ؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کونسا اسلام بہتر ہے؟آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور جسے جانتے ہو اور جسے نہ جانتے ہو سب کو سلام کرو"۔[91]

اس اثر کے تحت مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں۔"**قوله (رحمه الله تعالى): (قال عمار) تعليق ، وروى مرفوعاً أيضاً بسند ضعيف: لكن له شواهد تدل على دفعه: وكذا الذوق السليم يؤيد لكونه من جوامع الكلم**".

اس حدیث کی تشریح میں مفتی صاحبؒ اختلاف کی طرف اشارہ فرماتے ہیں لیکن تخریج نہیں کی ہے۔ [92]

لیکن حضرت شیخؒ کی شرح میں جب بھی کوئی اثر آتا ہے تو اس کی تخریج بھی کرتے ہیں اور اگر علماء کا اس میں کوئی اختلاف ہو تو اس کو بھی ذکر کرتے ہیں۔مذکورہ بالا مثال میں شیخؒ نے پہلے تو اس اثر کی تخریج کی ہے اس کے بعد ائمہ کا اس میں اختلاف بھی ذکر کیا ہے جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں۔

اثر عمار کی تخریج

حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا یہ اثر امام احمد بن حنبل نے کتاب الایمان میں امام عبدالرزاق صنعانی نے اپنی مصنف میں،ابن حبان نے "روضة العقلاء" میں اور یعقوب بن شیبہ نے اپنی مسند میں موصولاً ذکر کیا ہے۔پھر یہ اثر مسند بزار،کتاب العلل لابن حاتم اور شرح السنة للبغوی میں عبدالرزاق کے حوالہ سے مرعاً روایت کیا ہے۔امام بزارؒ نے اس طریق کو غریب کہا ہے،امام ابوزرعہؒ فرماتے ہیں کہ اس کو مرفوع روایت کرنا درست نہیں ہے۔حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ "فنِ حدیث کے اعتبار سے دیکھا جائے تو مرفوع روایت معلول ہے ،کیونکہ امام عبدالرزاق آخر میں متغیر ہو گئے تھے اور مسند بزار اور کتاب العلل کے راوی حسن بن عبداللہ کوئی نے،اسی طرح شرح

---

90 صحیح بخاری،کتاب الایمان(2)باب افشاءالسلام من الاسلام(18)حدیث(28)

91 صحیح بخاری شریف مترجم،کتاب الایمان،حدیث 27،ج1،ص109۔

92 هدایۃالقاری،کتاب الایمان،"باب افشاء الاسلام من الإسلام" ص156۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

السنہ کے راوی احمد بن کعب واسطی نے امام عبدالرزاق سے آخر عمر میں ہی استفادہ کیا ہے۔ البتہ یہ بات کہ حضرت عمار کا یہ قول اگرچہ ان پر موقوف ہے لیکن یہ مرفوع کے حکم میں ہے کیونکہ یہ بات ایسی ہے جو رائے سے نہیں کہی جاسکتی۔[93]

مثال دوم: "باب الاغتباط فی العلم و الحکم"

اس باب میں امام بخاریؒ نے یہ روایت ذکر کی ہے: " وقال عمر تفقهوا قبل أن تسودوا وقال أبو عبدالله وبعد ان تسودوا وقد تعلم أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم بعد كبر سنهم.....الخ"[94] ترجمہ: اور عمرؓ نے فرمایا کہ سردار بنائے جائے سے قبل علم حاصل کرلو، اُبو عبداللہ کہتے ہیں کہ سردار بنائے جانے کے بعد بھی علم حاصل کرلو، نبی علیہ السلام کے اُصحابؓ نے بوڑھے ہوجانے کے بعد علم حاصل کرلیا تھا۔[95]

یہاں تشریح میں شیخ صاحبؒ نے اس اثر کی تخریج کی ہے جیسا کہ فرمارہے ہیں:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اثر کی تخریج

یہ اثر عبدالبر نے "**جامع بیان العلم و فضله**" میں، ابن ابی شیبہ نے مصنف میں، بیہقی نے المدخل اور "**شعب الایمان**" میں، دارمی نے اپنی سنن میں، اور ابن ابی خیثمہ نے کتاب العلم میں موصولاً تخریج کیا ہے۔[96]

سوم: مفتی صاحبؒ روایات موقوفہ کی تشریح کرتے ہیں جس طرح باقی احادیث کی تشریح کرتے ہیں۔

مثال: "باب الحیاء فی العلم"

"**وقال مجاهد: لا يتعلم العلم مستحى، ولا مستكبر ، وقالت عائشة: نعم النساء نساء الانصار، لم يمنعهن الحياء أن يتفقهن في الدين" ....الخ**[97]۔ ترجمہ: اور مجاہد کہتے ہیں کہ نہ تو شرمانے والا علم حاصل کرسکتا ہے اور نہ غرور کرنے والا، اور عائشہؓ نے فرمایا ہے کہ انصار کی عورتیں کیا اچھی عورتیں ہیں انہیں دین میں سمجھ حاصل کرنے سے حیامانع نہیں ہوتی۔[98]

---

93 کشفُ الباری، کتاب الایمان، "باب افشاء الاسلام من الإسلام" ج2 ص189۔

94 "**باب الاغتباط في العلم والحكمة وقال عمر: «تفقهوا قبل أن تسودوا» قال أبو عبد الله: وبعد أن تسودوا وقد تعلم أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم في كبر سنهم**" صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب الاغتباط في العلم والحكمة (15) جزء 1 ص 25

95 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب العلم، باب الاغتباط فی العلم والحکم، ج1، ص135۔

96 کشفُ الباری، کتاب العلم، باب الاغتباط فی العلم والحکم، ج2، ص315۔

97 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب الحیاء فی العلم (50) جزء (1) ص (510)

98 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب العلم، باب الحیاء فی العلم، ج1، ص162۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحبؒ اس اثر کی تشریح فرماتے ہیں کہ اس اثر کا مقصد یہ ہے کہ حیاء کرنا بعض مواقع پر مطلوب ہے اور بعض مواقع پر متروک ہے۔مزید فرماتے ہیں: **قوله (رحمه الله تعالى): (وقال مجاهد لا يتعلم الخ) كأنه آراد تحريض المتعلمين على ترك العجز، والتكبر سئل الامام أبو حنيفه بما حصلت العلم العظيم ؟ فقال ما بخلت بالاءفادة ، ولا استنكفت عن الاءستفاده:** یعنی گویا مجاہدؒ کا مقصد شرم اور تکبر کو ترک کرنے کی طرف توجہ دلانی ہے۔اور امام اعظمؒ سے کسی نے پوچھا کہ علم کیسے حاصل کیا فرماتے ہیں کہ میں نے دوسروں کو علم پہنچانے میں بخل سے کام نہیں لیا اور نہ ہی میں نے دوسروں سے استفادہ لینے میں عار سمجھا۔[99]

حضرت شیخؒ بھی ان روایات موقوفہ کو ذکر کرتے ہیں اور ان کی تخریج کرنے کے علاوہ ان کی باقی احادیث کی طرح تشریح بھی فرما دیتے ہیں۔مذکورہ باب میں آپؒ نے پہلے اس اثر کی تخریج کی ہے۔جیسا کہ فرما رہے ہیں۔

امام مجاہد کے اثر کی تخریج

امام مجاہد کے مذکورہ اثر کو ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں امام دارمیؒ نے اپنی سنن میں، عبد الغنی بن سعید نے: ادب المحدث" میں اور امام بیہقی نے "المدخل" میں موصولاً تخریج کیا ہے۔اس کے بعد شیخ نے اس اثر کی مکمل تشریح کو ذکر کیا ہے جیسا کہ شیخ فرما رہے ہیں۔

امام مجاہد کے مذکورہ اثر کا مطلب واضح ہے کہ جس شخص میں حیاء ہو یا تکبر ہو وہ علم حاصل نہیں کر سکتا۔"حیا" کا مطلب یہ ہے کہ طالب علم اپنے دل میں یہ سمجھے کہ اگر میں نے یہ سوال کر لیا تو لوگ کیا کہیں گے کہ اس کو تو کچھ بھی معلوم نہیں اس کو تو اتنی سی بات بھی معلوم نہیں۔اور "متکبر آدمی سوچتا ہے اوہو! اگر میں سوال کروں گا تو لوگوں کے سامنے میری سبکی ہو گئی اور میں چھوٹا سمجھا جاؤں گا حالانکہ میرے سامنے دیگر لوگوں کی کیا حیثیت ہے۔

علامہ عینیؒ فرماتے ہیں۔"**والعلم افات، فاعظمها: الأ ستنكاف، وثمرته، الجهل والذلة فى الدنيا والاخرة**"یعنی علم کے ساتھ بڑی آفتیں لگی ہوئی ہیں۔ان میں سب سے بڑی آفت تکبر ہے۔اور اس کا نتیجہ جہالت کے ساتھ ساتھ دنیا و آخرت میں ذلت سے ظاہر ہوتا ہے۔

امام ابو حنیفہؒ سے کسی نے پوچھا کہ عظیم علم آپ کو کس طرح سے حاصل ہوا فرمایا۔"**ما بخلت بالافادة ولا استنكفت عن الاستفاده**"یعنی میں نے دوسروں کو علمی فائدہ پہنچانے میں بخل سے کام نہیں لیا اور نہ ہی میں نے دوسروں سے استفادہ کرنے میں عار سمجھا[100]۔

---

99 ھدایۃ القاری کتاب العلم، "باب الحیاء فی العلم" ص303۔

100 کشف الباری کتاب العلم ج3، ص315۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

مبحث کے اختتام پر ہم دونوں شیوخؒ کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخؒ کے منہج صحیح طریقے سے واضح ہو جائے۔ حدیث کی شرح میں دونوں شارحین کا اسلوب مختلف ہے۔ بالخصوص تحویل، معلقات، اور موقوفات کی وضاحت میں الگ الگ اسلوب اختیار کرتے ہیں۔

مفتی صاحبؒ نے اپنی شرح ہدایۃ القاری میں تحویل، معلقات اور موقوفات پر ایک جامع اور مختصر انداز میں بحث کی ہے بعض مقامات پر علماء کے اقوال ذکر کیے ہیں اور کتابوں کے حوالے بھی دیئے ہیں۔

لیکن اس کے برعکس حضرت شیخؒ نے ان تین اجزاء پر بالاستعیاب بحث کی ہے علماء کے اقوال، آراء اور ان کی کتابوں کے حوالوں کا اہتمام کیا ہے۔ایک تفصیلی اور جامع انداز میں بحث کی ہے۔

المختصر دونوں شیوخؒ نے تحویل، معلقات اور موقوفات پر بحث کی ہے۔ مفتی صاحبؒ اختصار سے کام لیتے ہیں جبکہ حضرت شیخؒ کی تشریح تفصیلی انداز میں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مبحث چہارم

براعت اختتام کے بیان میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

براعت اختتام کے بیان میں دونوں شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ

حافظ ابنِ حجرؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ اپنی جامع کی کتابوں میں ہر کتاب کے آخر میں عام طور براعت اختتام فرماتے ہیں کہ حدیث میں یا اس پر کلام میں ایسا کلمہ ہو جس سے اس کتاب کے ختم کی طرف اشارہ ہو جیسے مجلس کے اختتام پر تسبیح مشروع ہے چنانچہ حدیث پاک میں ہے مَنْ جَلَسَ فِي مَجْلِسٍ فَكَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ، فَقَالَ قَبْلَ أَنْ يَقُومَ مِنْ مَجْلِسِهِ ذَلِكَ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِي مَجْلِسِهِ ذَلِكَ"[101] جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا ہو جس میں اس سے بہت سی قابل مواخذہ باتیں سرزد ہوئیں پس اس نے مجلس سے اٹھتے وقت مذکورہ بالا کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام قابل مواخذہ فضول باتیں جو اس نے مجلس میں کہی تھیں سب معاف فرمادیں گے اصل میں یہاں پر بخاری شریف کی آخری حدیث "كَلِمَتَانِ حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمَنِ، خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَتَانِ فِي المِيزَانِ: سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللَّهِ العَظِيمِ[102] کی طرف اشارہ ہے کہ امام بخاریؒ نے تسبیح پر کتاب التوحید کو ختم فرمایا تو اس کو براعت اختتام کہتے ہیں۔

نیز شیخ زکریا صاحبؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ ہر کتاب کے اختتام پر قاری کو اس کی موت یاد دلاتے ہیں اور یہ اس آخری حدیث سے بالکل ظاہر ہے اس لئے کہ اس سے مقصود وزنِ اعمال کا اثبات ہے اور وزن مرنے کے بعد قیامت کے دن ہوگا۔[103]

مفتی صاحبؒ نے کتاب العلم میں براعت اختتام پر بحث کی ہے۔

مثال: "باب من أجاب السائل بأكثر مما سال"

اس باب کے تحت امام بخاریؒ نے جو آخری حدیث ذکر کی ہے وہ درجہ ذیل ہے۔

"حَدَّثَنَا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ: مَا يَلْبَسُ المُحْرِمُ؟ فَقَالَ: «لاَ يَلْبَسُ

101حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ أَبِي السَّفَرِ الكُوفِيُّ وَاسْمُهُ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الهَمْدَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا الحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ جَلَسَ فِي مَجْلِسٍ فَكَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ، فَقَالَ قَبْلَ أَنْ يَقُومَ مِنْ مَجْلِسِهِ ذَلِكَ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِي مَجْلِسِهِ ذَلِكَ " وَفِي البَابِ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، وَعَائِشَةَ: «هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ مِنْ هَذَا الوَجْهِ، لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ سُهَيْلٍ إِلَّا مِنْ هَذَا الوَجْهِ».(سنن الترمذی، ابواب الدعوات(45) باب مایقول اذا قام من مجلسہ(39) حدیث(3433))

ناصر الدین البانیؒ نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔(نفس مصدر)

102"حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِشْكَابَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ [ص:163] القَعْقَاعِ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "كَلِمَتَانِ حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمَنِ، خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَتَانِ فِي المِيزَانِ: سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللَّهِ العَظِيمِ" (صحیح بخاری، کتاب التوحید(97) باب قول اللہ تعالیٰ ونضع موازین القسط یوم القیامۃ، الانبیاء 47۔ الخ، حدیث(7563))

103 ماہنامہ دارُالعلوم دیوبند، شمارہ 9- 10، جلد 93 رمضان، شوال 1430ھ مطابق ستمبر-اکتوبر 2009ء۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْقَمِيصَ، وَلاَ العِمَامَةَ، وَلاَ السَّرَاوِيلَ، وَلاَ البُرْنُسَ، وَلاَ ثَوْبًا مَسَّهُ الوَرْسُ أَوِ الزَّعْفَرَانُ، فَإِنْ لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الخُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا حَتَّى يَكُونَا تَحْتَ الكَعْبَيْنِ». [104]

"ترجمہ: آدم، ابن ابی ذئب، نافع، ابن عمر، ح، زہری، سالم، ابن عمر ؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ سے پوچھا کہ محرم کیا پہنے؟ آپ نے فرمایا نہ کرتہ پہنے اور نہ عمامہ اور نہ پائجامہ اور نہ برقع اور نہ کوئی ایسا کپڑا جس میں ورس یا زعفران لگ گئی ہو، پھر اگر نعلین نہ ملیں تو موزے پہن لے اور انہیں کاٹ دے، تاکہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں"۔ [105]

مفتی صاحبؒ اس حدیث کے تحت براعت الاختتام سے متعلق بحث فرماتے ہیں مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں "وبرا عة الاختتام فی (ولیقطعهما) لأنه یدل علی معنی الختم"، یعنی براعت الاختتام لفظ "ولیقطعها" ہے کیونکہ یہ ختم کے معنی پر دلالت کرتا ہے ۔مزید فرماتے ہیں کہ "وقال الشیخ مولانا زکریا: أنه یشیر فی الآخر إلی خاتمة الانسان وقال: فلبراعة عندی فی لباس المحرم، فانه یذکر الموت ویشبه أکفان الموتی"

فرماتے ہیں کہ شیخ زکریاؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک براعت اختتام محرم کے لباس میں ہے کیونکہ لباس محرم یہ موت یاد دلاتا ہے اور یہ میتوں کے کفنوں کے مشابہ ہے۔ [106]

حضرت شیخؒ بھی براعت اختتام پر بحث فرماتے ہیں کہ حافظ ابنِ حجرؒ نے فرمایا ہے کہ امام بخاریؒ نے کتاب العلم کے آخر میں یہ حدیث ذکر کی ہے جس میں ہے۔ "ولیقطعهما حتی یکون تحت الکعبین" ہے یہ قطع اختتام کتاب اور نہایت پر دال ہے۔

مزید فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ زکریاؒ فرماتے ہیں۔ کہ امام بخاریؒ ہر کتاب کے آخر میں انسان کی زندگی کے اختتام یعنی موت کی طرف اشارہ فرماتے ہیں۔ یہاں بھی محرم کے لباس کا ذکر ہے جو میت کے کفن کے مشابہ ہے [107]۔

---

104 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب من اجاب السائل باکثر مما سالہ (53) حدیث (134)

105 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب العلم، حدیث 134، ج1 ص164۔

106 ہدایۃ القاری، کتاب العلم، "باب من أجاب السائل بأکثر مما سال" ص306۔

107 کشف الباری، کتاب العلم، باب من أجاب السائل بأکثر مما سال" ج4 ص668۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

مبحث کے اختتام پر دونوں شیوخؒ کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں کا منہج صحیح طریقے سے واضح ہو جائے۔

دونوں شیوخؒ کا منہج بالکل مختلف ہے دونوں شیوخؒ نے اپنے اپنے منہج کے مطابق تشریح فرمائی ہیں۔

براعت اختتام پر حضرت مفتی صاحبؒ نے بحث کی ہے اور اس تفصیل میں ایک قول حافظ ابن حجرؒ کی نقل فرمایا ہے جس کی نشاندہی حضرت مفتی صاحبؒ نے کی ہے کہ یہ فلاں کا قول ہے دوسرا قول شیخ زکریاؒ کا نقل فرمایا ہے جس کی نشاندہی بھی فرمائی ہے ۔

اس بر عکس حضرت شیخؒ نے براعت اختتام پر مختصر بحث کی ہے جس میں حافظ ابن حجرؒ اور شیخ زکریا صاحبؒ کے اقوال نقل کر کے نشاندہی کی ہے کہ یہ ان کے اقوال ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاصہ باب

زیر تحقیق بحث کا چوتھا باب بعنوان مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا حدیثی منہج تین فصول پر مشتمل ہیں۔ فصل اول تین مباحث پر مشتمل ہے جن میں مبحث اول دونوں شیوخؒ کے ترجمۃ الباب کی تشریح میں منہج کے حوالے سے ہے۔ دوسرا مبحث دونوں شیوخؒ کا ربط حدیث میں منہج کے بارے میں ہے۔ تیسرا مبحث تشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت میں دونوں شیوخؒ کے منہج کے حوالے سے ہے۔ فصل دوم میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ شرح حدیث میں دونوں شیوخؒ کا منہج کیا ہے۔ اسی طرح فصل سوم بعنوان علم اصول حدیث میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کی آراء کا تقابلی جائزہ بھی چار مباحث پر مشتمل ہے جن میں مبحث اول رواۃ کے تعارف، مبحث دوم متکلم فیہ رواۃ کے بیان میں، مبحث سوم میں تحویل، معلقات اور موقوفات کی وضاحت اور مبحث چہارم براعت اختتام کے بیان میں دونوں شیوخ کی آراء کا تقابلی جائزہ کے حوالے سے تذکرہ ہے۔

مفتی صاحبؒ نے عام طور پر ترجمۃ الباب کی مختصر تشریح فرمائی ہے، ترجمۃ الباب کی تشریح کرتے ہوئے اس بات کی وضاحت نہیں فرمائی کہ اس ترجمۃ الباب کو میں نے فلاں کتاب سے اخذ کیا ہے۔ نیز ترجمۃ الباب کے بعد یہ جملہ ذکر فرمایا ہے (المناسبۃ بالسابق)۔ مفردات کی تشریح میں بعض اوقات وضاحت فرمائی ہے، بعض اوقات اگر ترجمۃ الباب میں نسخوں کا اختلاف ہو تو اس کی نشاندہی فرمائی ہے۔ مفتی صاحبؒ ترجمۃ الباب کی تشریح میں سابقہ شروح بخاری یا تراجم بخاری کا حوالہ کبھی کبھار دیا ہے۔ عموما سابقہ ابواب کے ساتھ ربط و مناسبت بیان کیا ہے لیکن مابعد کے ساتھ ربط بہت کم بیان کیا ہے۔

جبکہ شیخ صاحبؒ نے ترجمۃ الباب کی مکمل تفصیل ذکر فرمائی ہے اور ایک مستقل عنوان (مقصد ترجمہ) ذکر کرتے ہیں۔ شیخؒ نے اس بات کی بھی نشاندہی فرمائی ہے کہ اس ترجمۃ الباب کو میں نے فلاں کتاب سے اخذ کیا ہے۔ اگر کہیں ترجمۃ الباب کے نسخوں میں اختلاف ہو تو ان نسخوں کا حوالہ بھی دیا ہے مفردات کی تشریح خوب تفصیل کے ساتھ فرمائی ہے۔ اگر کسی ترجمۃ الباب کے اس کی کتاب کے ساتھ مناسبت میں کوئی اشکال آجائے تو اس کو دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ عموما حضرت شیخؒ سابقہ ابواب کے ساتھ تراجم کی مناسبت تو ذکر کی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ بعض اوقات ترجمۃ الباب کا ماقبل اور مابعد دونوں کے ساتھ مناسبت بھی ذکر ذکر فرمائی ہے۔

مفتی صاحبؒ نے حدیث کا ترجمہ الباب کے ساتھ ربط و مناسبت ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے لیکن یہ تشریح مختصر ہوتی ہے، نیز مفتی صاحبؒ "ربط حدیث کی تشریح میں جو اقوال ذکر کرتے ہیں اس میں بعض اوقات اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ یہ فلاں کا قول ہے۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے جب ربط حدیث کے متعلق تشریح کی ہے تو نہایت تفصیلاً اپنا مدعا ثابت کیا ہے۔ اور وضاحت کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ساتھ مدلل بحث کی ہے عموماً شیخ صاحبؒ نے جب تشریح میں اقوال ذکر فرمائی ہے تو اس کی نشاندہی بھی کی ہے کہ یہ فلاں کا قول ہے ۔مفتی صاحبؒ نے متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت کے حوالے سے بحث کی ہے اور متشابہ تراجم کے جتنے بھی اجزاء اور متعلقات ہیں سب پر مثالوں کے ساتھ بحث کی ہے ۔ جبکہ شیخؒ نے بھی متشابہ تراجم میں فرق کی وضاحت کے حوالے سے تفصیلا بحث کی ہے، اور متشابہ تراجم کے جتنے بھی اجزاء اور متعلقات ہیں سب پر مثالوں کے ساتھ بحث کی ہے۔

مفتی صاحبؒ نے شرحِ حدیث میں تقریباً اکثر پہلوؤں پر بحث کی ہے۔سندِ حدیث کے تمام متعلقات پر بحث کی ہے۔اور اسی طرح متنِ حدیث پر بھی بحث کی ہے۔شرحِ حدیث فرماتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء اور دلائل کم ذکر کی ہے۔دوران تشریح قیل وقال وغیرہ کے صیغے بھی استعمال فرمائے ہے۔اس کے برعکس شیخ صاحبؒ نے بھی شرحِ حدیث فرماتے ہوئے تمام پہلوؤں پر بحث کی ہے۔سندِ حدیث اور متنِ حدیث کے تمام جوانب پر نہایت سہل انداز میں تفصیلا بحث فرمائی ہے۔ آپؒ کی خوبی یہ ہے کہ شرحِ حدیث فرماتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء، دلائل اور ان کے درمیان اشکالات وجوابات نہایت آسان اور سہل اسلوب کے ساتھ بیان کرنے کا اہتمام فرماتے ہیں، نیز علماء کے علاوہ باقی عوام بھی اس شرح سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

مفتی صاحب نے حدیث کی سند میں رواۃ کا واضح انداز میں تعارف ذکر فرمایا ہے ۔تشریح میں آپؒ نے علماء کے اقوال اور ان کی کتابوں کے حوالے بھی دیئے ہیں ۔ جبکہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی سند میں رواۃ کا ایک تفصیلی انداز میں تعارف پیش فرمایا ہے ۔ نیز علماء کے اقوال اور ان کی کتابوں کے حوالے تفصیلی طور ذکر کرنے کا خوب اہتمام کیا ہے۔مفتی صاحبؒ نے تحویل، معلقات اور موقوفات پر ایک جامع اور مختصر انداز میں بحث کی ہے بعض مقامات پر علماء کے اقوال ذکر کیے ہیں اور کتابوں کے حوالے بھی دیے ہیں۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے ان تینوں پر بالاستیعاب بحث کی ہے علماء کے اقوال، آراء اور ان کی کتابوں کے حوالوں کا اہتمام کیا ہے۔ایک تفصیلی اور جامع انداز میں بحث کی ہے۔براعت اختتام پر مفتی صاحبؒ نے بحث کی ہے اور اس تفصیل میں ایک قول حافظ ابن حجرؒ کی نقل فرمایا ہے جس کی نشاندہی حضرت مفتی صاحبؒ نے کی ہے کہ یہ فلاں کا قول ہے دوسرا قول شیخ زکریاؒ کا نقل فرمایا ہے جس کی نشاندہی بھی فرمائی ہے ۔اس کے برعکس شیخ صاحبؒ نے براعت اختتام پر مختصر بحث کی ہے جس میں حافظ ابن حجرؒ اور شیخ زکریا صاحبؒ کے اقوال نقل کر کے نشاندہی کی ہے کہ یہ ان کے اقوال ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب پنجم

فقہ الحدیث کے حوالے سے مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل اول

احکام کے استنباط میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

احکام کے استنباط میں دونوں شیوخ رحمہا اللہ کا منہج

اس بحث میں چونکہ سارا کلام فقہ سے متعلق ہے اس لئے اس کو شروع کرنے سے پہلے فقہ کا جاننا ضروری ہے۔اس لیے ابتداء میں فقہ سے متعلق تھوڑی سی تفصیل ذکر کی جاتی ہے اس کے بعد اس کے تناظر میں شیوخ کی شروح کا موازنہ پیش کیا جائے گا۔ علم فقہ افضل علوم میں سے ہے جیسا کہ قرآن کریم میں آیا ہے۔"وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ "[1] اس آیت کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اس میں حکمة سے مراد فقہ ہے۔اس طرح حضور ﷺ نے فرمایا:"مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ "[2] اور دوسری حدیث میں آیا ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں " اما عبد اللہ بشئ افضل من الفقہ فی الدین و الفقیہ واحد اشد علی الشیطان من الف عابد"[3]

فقہ کی لغوی تعریف

صاحبِ لسان المحدثین نے اس کی تعریف اس طرح ذکر کی ہے۔

الفهم مطلقا سواء ما ظهر او خفي، و هذا ظاهر عبارة "القاموس" والمصباح المنير"[4] **ترجمہ:** اس کا معنی مطلقا سمجھ ہے خواہ وہ ظاہر سے ہو یا باطن سے۔اور فرماتے ہیں کہ قاموس اور مصباح المنیر میں بھی یہی آیا ہے۔

اصطلاحی تعریف

علماء نے فقہ کی متعدد تعریفات کی ہیں ان میں سے چند مشہور یہ ہیں:

---

1 "يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ "" ترجمہ:وہ جس کو چاہتا ہے دانائی بخشتا ہے اور جس کو دانائی ملی بیشک اس کو بڑی نعمت ملی اور نصیحت تو وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہیں"۔(سورة البقرة2:269)

2 حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، خَطِيبًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللَّهُ يُعْطِي، وَلَنْ تَزَالَ هَذِهِ الأُمَّةُ قَائِمَةً عَلَى أَمْرِ اللَّهِ، لاَ يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللَّهِ» (صحیح بخاری، کتاب العلم(3) باب من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین(13) حدیث (71))

3 " ثنا أحمد بن محمد بن إسماعيل السوطي, نا محمد بن سعيد بن غالب , نا يزيد بن هارون , أنا يزيد بن عياض , عن صفوان بن سليم, عن سليمان بن يسار عن أبي هريرة, عن النبي صلى الله عليه وسلم , قال: ما عبد الله بشيء أفضل من فقه في دين ولفقيه أشد على الشيطان من ألف عابد ولكل شيء عماد, وعماد هذا الدين الفقه"فقال أبو هريرة: لأن أجلس ساعة فأفقه أحب إلي من أن أحيي ليلة إلى الغداة"(أبوالحسن علی بن عمر بن أحمد، سنن الدار قطنی، بیروت لبنان، الطبعة: الأولى، 1424ھ-2004م، کتاب البیوع(13) حدیث(3085) وسنن ترمذی، ابواب العلم(39) باب ماجاء فی فضل الفقہ علی العبادة(19) حدیث(2681) وسليمان بن أحمد بن أيوب أبوالقاسم الطبراني, المعجم الأوسطا لمعجم الأوسط, دار الحرمين, القاهرة , باب الميم 23. باب من اسمہ محمد. حدیث 6166۔

4 محمد خلف سلامة، لسان المحدثین، (معجم مصطلحات المحدثین)2007ء، ج 4 ص 118۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

1. تعریف امام ابو حنیفہؒ: "معرفة النفس ما لها وما عليها"[5] ترجمہ: فقہ نفس کے حقوق اور فرائض وواجبات جاننے کا نام ہے۔

2. "هو عبارة عن العلم بالاحكام الشرعية العملية المستدل على اعيانها و بحيث لا يعلم كونها من الدين ضرورة"[6] ترجمہ: وہ عبارت ہے احکامِ شرعیہ عملیہ سے جن سے استدلال کیا جاسکے ان احکام میں جن کا حکم ظاہری طور پر معلوم نہ ہو۔

3. تعریف امام شافعیؒ: اور یہ تعریف علماء اصول کے نزدیک زیادہ مشہور ہے ۔"العلم بالاحكام الشرعية العلمية المكتسب من ادلتها التفصيلية [7] ترجمہ: احکام فرعیہ شرعیہ عملیہ کو تفصیلی دلائل سے جاننے کا نام فقہ ہے۔

موضوع فقہ: "موضوع علم الفقه هو افعال المكلفين من العباد، فيبحث فيه عما يعرض لافعالهم من حل و حرمة، ووجوب و ندب و كراهة "[8] ترجمہ: علم فقہ کا موضوع مکلّف بندوں کے افعال ہیں جس کے احکام سے اس علم میں بحث ہوتی ہے، مثلاً انسان کے کسی واجب، سنت و مستحب، مکروہ یا حلال و حرام ہونا وغیرہ۔

اہمیت علم فقہ

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل فرمائی ہے۔ اور ان کو احکام مستنبط کرنا سیکھایا تاکہ انسان کی عقل جو اس پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے اس کو استعمال میں لا سکے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی آیات کے اندر سمجھ اور تدبر کو ذکر فرمایا ہے اور اس طرح کرنے والوں کی تحسین کی ہے اور اسی طرح حضور ﷺ نے بھی احادیث میں اس کی فضیلت کو بیان کیا ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

1. "وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ".[9]

---

5 دکتور وھبۃ الزحیلی، اصول الفقہ الاسلامی، دمشق، دار احسان باذن من دار الفکر، ط: الاولیٰ فی ایران سنۃ 1375ھ، ج 1 ص 19۔

6 امام فخر الدین محمد بن عمر الرازی، المحصول فی علم اصول الفقہ، تحقیق: عادل احمد عبدالموجود علی محمد معوض، مکۃ مکرمۃ، مکتبہ نزار مصطفی الباز، ط: الاولیٰ، 1417ھ بمطابق 1997ء، ج 1، ص 5، 6۔

7 دکتور وھبۃ الزحیلی، اصول الفقہ الاسلامی، ج 1، ص 19 ۔۔۔ دکتور یوسف القرضاوی، مدخل لدراسۃ الشریعۃ الاسلامیۃ، قاھرۃ، مکتبۃ وھبۃ القاھرۃ، ط: الرابعۃ۔ 1421ھ / 2001م ص 21۔۔۔ مناع خلیل القطان، تاریخ التشریع الاسلامی (التشریع والفقہ)، بیروت، مؤسسۃ الرسالۃ، ط: السادسۃ والعشرون م 1419ھ 1998م، ص 221۔

8 طبع وزارۃ الاوقاف والشؤن الاسلامیۃ الکویت، الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیہ، الطبعۃ الثانیۃ من 1404 – 1427ھ، ج 32، ص 195

9 سورۃ التوبۃ 9:122۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن سب کے سب نکل آئیں۔ تو یوں کیوں نہ کیا کہ ہر ایک جماعت میں سے چند اشخاص نکل جاتے تاکہ دین (کا علم سیکھتے اور اس) میں سمجھ پیدا کرتے اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آتے تو ان کو ڈر سناتے تاکہ وہ حذر کرتے۔

2. "أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ وَإِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هَذِهِ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا هَذِهِ مِنْ عِنْدِكَ قُلْ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ فَمَالِ هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثًا"[10].

ترجمہ: (اے جہاد سے ڈرنے والو!) تم کہیں رہو موت تو تمہیں آکر رہیں گی خواہ بڑے بڑے محلوں میں رہو اور اگر ان کو کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو (اے محمد تم سے) کہتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے اور اگر کوئی گزند پہنچتا ہے تو (اے محمد تم سے) کہتے ہیں کہ یہ (گزند) آپ کی وجہ سے (ہمیں پہنچا) ہے کہہ دو کہ (رنج وراحت) سب اللہ ہی کی طرف سے ہے ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ بات بھی نہیں سمجھ سکتے؟۔ (ایضا)

3. "قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ وَمَا أَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ"[11]

ترجمہ: انہوں نے کہا کہ شعیب! تمہاری بہت سی باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تم ہم میں کمزور بھی ہو۔ اور اگر تمہارے بھائی نہ ہوتے تو ہم تم کو سنگسار کر دیتے۔ اور تم ہم پر (کسی طرح بھی) غالب نہیں ہو۔ (ایضا ان تینوں آیات میں اللہ تعالی نے فقہ کی طرف رغبت دلائی ہے اور تدبر کی ترغیب دی ہے اور جو ایسا نہیں ان پر تنبیہ کی گئی ہے۔

احادیث مبارکہ

"حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، خَطِيبًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللَّهُ يُعْطِي، وَلَنْ تَزَالَ هَذِهِ الأُمَّةُ قَائِمَةً عَلَى أَمْرِ اللَّهِ، لاَ يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ، حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللَّهِ»".[12]

ترجمہ: سعید بن عفیر، ابن وہب، یونس، ابن شہاب، حمید بن عبدالرحمن کہتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اس کو دین کی سمجھ عنایت فرماتا ہے اور میں تو تقسیم کرنے والا ہوں اور دیتا تو اللہ ہی ہے (یاد رکھو کہ) یہ امت ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گی، جو شخص ان کا مخالف

---

10 سورۃ نساء:4:78۔

11 سورۃ ھود11:91۔

12 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب من یرد اللہ بہ خیرا یفقہ فی الدین (13) حدیث (71)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہو گا ان کو نقصان پہنچا سکے گا، یہاں تک کہ قیامت آجائے۔ مذکورہ تمہید کے بعد ہم دونوں شیوخ کے احکام کے استنباط میں اسلوب ذکر کرتے ہیں۔

اول: مفتی صاحب ؒ اپنی شرح میں فقہی مسائل بیان کرنے کا خاص اہتمام کرتے ہیں۔ جہاں پر حدیث سے کوئی مسئلہ مستنبط ہو رہا ہو، وہاں پر مفتی صاحب ؒ مختصر انداز میں بحث کرتے ہیں، فقہاء اور علماء کے اقوال اور دلائل بھی اختصار کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔ مفتی صاحب ؒ فقہی مسائل کی وضاحت کے لیے ایک عنوان قائم فرماتے ہیں۔

"الاحکام المستنبطة" کے نام سے جس میں وہ حدیث سے مستنبط مسائل پر بحث فرماتے ہیں۔ حضرت مفتی صاحب ؒ نے اپنی دوسری شرح منہاج السنن شرح جامع السنن میں فقہی مسائل پر خوب بحث کی ہے ہر فقہی مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے یعنی جامع السنن میں خالص فقہی انداز اپنایا ہوا ہے۔ جبکہ ہدایۃ القاری میں مفتی صاحب ؒ نے خالص حدیثی منہج اختیا کیا ہوا ہے اور فقہی مسائل پر مختصر انداز میں بحث فرمائی ہے۔ اس کے برعکس شیخ صاحب ؒ نے کشف الباری میں ہر پہلو پر تفصیلی گفتگو فرمائی ہے جن کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

مثال: "باب كيف كان بدء الوحي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"

"حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان قال حدثنا يحيى بن سعيد الأنصاري قال أخبرني محمد بن إبراهيم التيمي أنه سمع علقمة بن وقاص الليثي يقول سمعت عمر بن الخطاب رضي الله عنه على المنبر يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إنما الأعمال بالنيات وإنما لامرئ ما نوى فمن كانت هجرته إلى دنيا يصيبها أو إلى امرأة ينكحها فهجرته إلى ما هاجر إليه."[13]

ترجمہ: حمیدی، سفیان، یحیی بن سعید انصاری، محمد بن ابراہیم تیمی، علقمہ بن وقاص لیثی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب ؓ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اعمال کے نتائج نیتوں پر موقوف ہیں اور ہر آدمی کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی، چنانچہ جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہو کہ وہ اسے پائے گا، یا کسی عورت کے لئے ہو، کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی چیز کی طرف شمار ہو گی جس کے لئے ہجرت کی ہو۔[14]

اس باب کی پہلی حدیث میں مفتی صاحب ؒ نے وضو کی نیت کے مسئلہ پر بحث فرمائی ہے۔ سب سے پہلے آپ ؒ "الاحکام المستنبطہ" کے نام سے ایک عنوان ذکر فرماتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ احکام مستنبطہ اس کا احصاء کرنا بہت مشکل ہے پس ان میں سے چند مسائل پر

---

13 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1) باب کیف کان بدء الوحی، حدیث (1)

14 بخاری شریف مترجم اردو، حدیث 1، کتاب الوحی، ج 1، ص 89۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اکتفاء کرتے ہیں۔فرماتے ہیں کہ یہ حدیث متروک الظاہر ہے اجماعاً کیونکہ ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اعمال بدون نیت کے ثابت نہیں ہو سکتے اور نقلاً وعقلاً یہ باطل بھی ہے۔لہذا ایک تقدیری لفظ مانتے ہیں یعنی "الحکم" **اي حكم الاعمال بالنيات۔**

پھر فرماتے ہیں والحکم نوعان: ایک نوع وہ ہے جو آخرت سے متعلق ہے اور وہ نیک اعمال میں ثواب ہے جو نیت کے محتاج ہیں اور اسی طرح محرمات میں گناہ کا ہونا۔اور دوسری قسم متعلق بالدنیا ہے اور اس سے مراد جواز، فساد، کراہت اور ایساءۃ وغیرہ ہیں اور یہ دونوں اقسام مختلف ہیں کیونکہ ان میں سے پہلا صدق العزیمۃ اور خلوص النیۃ پر مبنی ہے جبکہ دوسری قسم وہ ارکان وشرائط جو شریعت میں معتبر ہیں ان پر مبنی ہے اگرچہ ان میں خلوص النیۃ نہیں پایا جاتا۔

فرماتے ہیں:"**وهذا اللفظ مجاز عن النوعين، مشترك بينهما بحسب الوضع النوعي، فلا يجوز إرادتهما جميعا لأن المشترك لا عموم له عندنا وكذا لا يجوز إرادتهما جميعا عند الشافعي**". ترجمہ: اور یہ لفظ دو طریقوں سے مجاز ہے وضعی نوعی کے اعتبار سے دونوں کے درمیان مشترک ہے، پس دونوں کا قصد جائز نہیں ہیں کیونکہ ہمارے ہاں عموم مشترک نہیں ہے اور اس طرح امام شافعیؒ کے ہاں بھی دونوں کا قصد جائز نہیں ہے۔ کیونکہ امام شافعیؒ عمومِ مجاز کے قائل نہیں ہیں۔پس امام شافعیؒ نے اس کو دوسری قسم پر محمول کیا ہے کیونکہ انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا مقصد تو حلت و حرمت، امن وفساد بیان کرنا ہے۔" **فمعنى الحديث صحة الاعمال بالنيات**" پس بغیر نیت کے وضو، غسل اور طلاق وغیرہ صحیح نہیں ہے۔حضرت مفتی صاحب ؒ فرماتے ہیں کہ امام اعظم ابو حنیفہؒ نے اس کو پہلی قسم پر محمول کیا ہے " **اى ثواب الاعمال بالنيات**"، اور یہ راجح ہے، کیونکہ ثواب کے مراد ہونے پر سب کا اتفاق ہے کیونکہ اگر اس سے صحت مراد لی جائے تو پھر عموم مشترک اور عموم مجاز لازم آئے گا۔اس لئے اگر اس کو ثواب پر محمول کرتے ہیں پھر حدیث اپنے عموم پر باقی رہے گی۔اور اصل میں بغیر نیت کے ثواب حاصل نہیں ہوتا۔ برخلاف صحیح ہونے کے اس لیے کہ یہ بعض اوقات بغیر نیت کے بھی ہوتا ہے۔جیسے قتل، ڈاکہ وغیرہ۔مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ اس بحث کو میں نے عمدۃ القاری سے اخذ کیا ہے۔

مفتی صاحبؒ علامہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کے قول کو بھی نقل فرماتے ہیں: کہ:"**وقال ابن حجر: استدل بهذا الحديث على انه لايجوز الإقدام على العمل قبل معرفة حكمة وعلى ان الغافل لا تكليف عليه.**" ترجمہ: اور حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے استدلال کی گئی ہے کہ کسی کام کی حکمت جاننے سے قبل اقدام جائز نہیں ہے اور اسوجہ سے غافل مکلف نہیں ہے۔

علامہ ابن منیر کے قول کو بھی نقل فرماتے ہیں کہ:

toobaa-elibrary.blogspot.com

"وقال ابن منیر: کل عمل لا تظهر له فائدة عاجلة بل المقصود به طلب الثواب، فالنية مشترطة فيه، وكل عمل ظهرت فائدته ناجزة وتعاطته الطبيعة قبل الشريعة لملائمة بينهما، فلا تشترط النية فيه،إلامن قصد بفعله معنى آخر يترتب عليه الثواب."[15] ترجمہ: اور ابن منیر فرماتے ہیں کہ ہر عمل کا فائدہ اتنا جلدی ظاہر نہیں ہوتا بلکہ اس سے مقصود ثواب ہوتا ہے اور نیت اس میں مشروط ہوتی ہے۔اور ہر وہ عمل جس کا ایک اچھا فائدہ ظاہر ہو جائے اور طبیعت کے موافق بھی ہو دونوں کے اپس میں مناسبت کی وجہ سے اور شریعت کے نزول سے قبل ہو، تو اس میں نیت مشروط نہیں ہوتی مگر جس نے اپنے فعل سے کسی دوسرے معنی کا قصد کیا تو اس پر ثواب مرتب ہوگا۔اسی طرح حضرت شیخؒ نے اپنی شرح میں مسائل فقہیہ کے بیان کرنے میں خاص اہتمام فرمایا ہے اور جو مسئلہ بھی کسی مقام پر آیا اس کو بڑی وضاحت کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔اور ہر طرح سے اس کی جزئیات کو بیان کرتے ہیں۔تاکہ قاری کے ذہن میں کسی قسم کی کوئی اشکال باقی نہ رہے۔

یہاں شیخؒ مسائل فقہیہ کی توضیح کے اسلوب کو درج ذیل نکات میں بیان کرتے ہیں۔

آپؒ کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی حدیث کے تحت کوئی فقہی مسئلہ ضمناً آجائے تو اس کی تفصیل ذکر فرماتے ہیں، پھر وہ مسئلہ اگر اپنے متعلقہ مقام پر آجائے تو اس کی طرف صرف اشارہ فرمادیتے ہیں۔

مثال اول : مذکورہ بالا باب اور اس کے تحت مذکورہ حدیث ہے۔اس باب کی پہلی حدیث میں شیخ نے وضو کی نیت کا مسئلہ ذکر کرنا شروع فرمایا ہے حالانکہ اس کا اصل مقام کتاب الوضوء میں ہے لیکن چونکہ یہاں پر بھی نیت کی بحث ہے اسلئے اس کو اسی مقام پر ذکر کردیا گیا اور اس میں ائمہ کے مذاہب بھی ذکر کیے ہیں جن میں امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ، ابو ثورؒ، داؤد ظاہریؒ، امام ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ، امام زفرؒ، امام سفیان ثوریؒ، امام اوزاعیؒ، حسن بن حیؒ شامل ہیں۔اور ہر ایک مذہب کو تفصیل کے ساتھ ذکر کرکے مسئلہ کی وضاحت کرتے ہیں۔جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں۔

وضو میں نیت کا مسئلہ

اس مقام پر شارحین نے وضو کی نیت کی حیثیت سے بحث کی ہے سو اس سلسلے میں پہلے مذاہب کی تفصیل سمجھ لیجیے اس کے بعد مزید بات ہوگی۔

تفصیل مذاہب

امام مالکؒ، مام شافعیؒ، امام احمدؒ، ابو ثورؒ، اور داؤد ظاہریؒ کا مذہب یہ ہے کہ نیت کے بغیر وضو درست نہیں ہے ان کے نزدیک وضو میں نیت شرط ہے۔

---

15 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص56، 57 ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ، امام زفرؒ، امام سفیان ثوریؒ، امام اوزاعیؒ حسن بن حیؒ اور ایک روایت کے مطابق امام مالکؒ کے نزدیک وضو میں نیت واجب نہیں۔

منشا اختلاف

علامہ ابن رشد مالکیؒ نے ان حضرات کے اختلاف کا منشا یہ بیان کیا ہے کہ اس بات میں تو سب کا اتفاق ہے کہ عبادات میں نیت شرط ہے جیسے روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ ہیں کہ ان میں سب کے نزدیک نیت شرط ہے۔ البتہ وضو کے بارے میں تردد ہے کہ آیا یہ عبادت محضہ یعنی مدرک بالعقل عبادت ہے جس سے مقصود صرف قربت ہوتی ہے جیسے نماز کی عبادت ہے یا وہ غیر مدرک بالعقل ہے جیسے غسل جنابت وغیرہ سوائمہ ثلاثہ اور ان کے ہم نوا اس کو عبادت محضہ قرار دیتے ہیں چونکہ عبادت محضہ میں نیت شرط ہوتی ہے۔ اس لیے نیت وضو میں ضروری ہے۔ جبکہ حنفیہ اور ان کے موافقین اس کو عبادت محضہ قرار نہیں دیتے بلکہ عبادت محضہ کا ایک وسیلہ اور ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ لہذا ان کے نزدیک وضو میں نیت ضروری نہیں ہوگی۔

دوم: شارحین بخاری کی عادت یہ ہے کہ جب وہ کسی مسئلے پہ بحث کرتے ہیں تو اس موقع پر اس مسئلہ کے تمام متعلقات کو ذکر فرماتے ہیں تاکہ قاری کو تمام جزئیات ایک ہی مقام پر مل جائے۔

مفتی صاحبؒ کی شرح چونکہ عربی زبان میں ہے اس لیے جب وہ کسی مسئلہ کے متعلق بحث فرماتے ہیں تو اس پر مختصر انداز میں بحث فرماتے ہیں اس وجہ سے اس مسئلہ کے تمام متعلقات زیر بحث نہیں آسکتے۔

مثال: "باب كيف كان بدء الوحي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم"

اس باب کے تحت ایک حدیث امام بخاری نے ذکر فرمائی ہے۔

"حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ المُؤْمِنِينَ أَنَّهَا قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ فِي النَّوْمِ، فَكَانَ لاَ يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ، ثُمَّ حُبِّبَ إِلَيْهِ الخَلاَءُ، وَكَانَ يَخْلُو بِغَارِ حِرَاءٍ فَيَتَحَنَّثُ فِيهِ – وَهُوَ التَّعَبُّدُ – اللَّيَالِيَ ذَوَاتِ العَدَدِ قَبْلَ أَنْ يَنْزِعَ إِلَى أَهْلِهِ، وَيَتَزَوَّدُ لِذَلِكَ، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى خَدِيجَةَ فَيَتَزَوَّدُ لِمِثْلِهَا، حَتَّى جَاءَهُ الحَقُّ وَهُوَ فِي غَارِ حِرَاءٍ، فَجَاءَهُ المَلَكُ فَقَالَ: اقْرَأْ، قَالَ: «مَا أَنَا بِقَارِئٍ» ، قَالَ: " فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي حَتَّى بَلَغَ مِنِّي الجَهْدَ ثُمَّ أَرْسَلَنِي، فَقَالَ: اقْرَأْ، قُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِئٍ، فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي الثَّانِيَةَ حَتَّى بَلَغَ مِنِّي الجَهْدَ ثُمَّ أَرْسَلَنِي، فَقَالَ: اقْرَأْ، فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِقَارِئٍ، فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي الثَّالِثَةَ ثُمَّ أَرْسَلَنِي، فَقَالَ: {اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ. خَلَقَ الإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ. اقْرَأْ وَرَبُّكَ الأَكْرَمُ} [العلق: 2] " فَرَجَعَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْجُفُ فُؤَادُهُ،

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَدَخَلَ عَلَى خَدِيجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، فَقَالَ: «زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي» فَزَمَّلُوهُ حَتَّى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ.....الخ"[16]

"ترجمہ: یحیی بن بکیر، لیث، عقیل، ابن شہاب، عروہ بن زبیر ام المومنین حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ سب سے پہلی وحی جو رسول اللہ ﷺ پر اترنی شروع ہوئی وہ اچھے خواب تھے جو بحالت نیند آپ ﷺ دیکھتے تو وہ صبح کی روشنی کی طرح ظاہر ہو جاتا، پھر تنہائی سے آپ ﷺ کو محبت ہونے لگی اور غار حرا میں تنہا رہنے لگے اور قبل اس کے کہ گھر والوں کے پاس آنے کا شوق ہو وہاں تحنث کیا کرتے، تحنث سے مراد کئی راتیں عبادت کرنا ہے اور اس کے لئے توشہ ساتھ لے جاتے پھر حضرت خدیجہ ؓ کے پاس واپس آتے اور اسی طرح توشہ لے جاتے، یہاں تک کہ جب وہ غار حرا میں تھے، حق آیا، چنانچہ ان کے پاس فرشتہ آیا اور کہا پڑھ، آپ نے فرمایا کہ میں نے کہا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، آپ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ مجھے فرشتے نے پکڑ کر زور سے دبایا، یہاں تک کہ مجھے تکلیف محسوس ہوئی، پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا پڑھ! میں نے کہا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، پھر دوسری بار مجھے پکڑا اور زور سے دبایا، یہاں تک کہ میری طاقت جواب دینے لگی پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا پڑھ! میں نے کہا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ تیسری بار پکڑ کر مجھے زور سے دبایا پھر چھوڑ دیا اور کہا پڑھ! اپنے رب کے نام سے جس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا، پڑھ اور تیرا رب سب سے بزرگ ہے، رسول اللہ ﷺ نے اسے دہرایا اس حال میں کہ آپ کا دل کانپ رہا تھا چنانچہ آپ حضرت خدیجہ بنت خویلد کے پاس آئے اور فرمایا کہ مجھے کمبل اڑھا دو، مجھے کمبل اڑھا دو، تو لوگوں نے کمبل اڑھا دیا، یہاں تک کہ آپ کا ڈر جاتا رہا۔ [17]

یہ ایک لمبی حدیث ہے جس میں ابتداء وحی کی مکمل تفصیل ذکر ہے اس حدیث میں حضرت جبریلؑ آپ علیہ السلام سے فرماتے ہیں "اقرء" جواب میں آپ ﷺ فرماتے ہیں" ما انا بقاریٔ" ان دو الفاظ پر مفتی صاحب تفصیل سے بحث فرماتے ہیں ۔ پھر اس پر بحث کرتے ہیں کہ سورۃ الفاتحہ سب سے پہلی نازل ہوئی یا سورۃ العلق کی پہلی آیات نازل ہوئی۔ پھر آپ مختصرا فرماتے ہیں کہ "واستدل بهذا الحديث ان البسملة ليست من السورة فافهم"یعنی اس حدیث سے ان لوگوں نے استدلال کیا ہے جن کے ہاں بسم اللہ سورت کا جزء نہیں ہے۔ [18]

اسی طرح حضرت شیخؒ ایک جگہ پر جب کسی مسئلہ کی تشریح کو ذکر کرتے ہیں تو اسی مقام پر اس کے تمام متعلقات کو ذکر کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ایک مسئلہ کی تمام جزئیات ایک ہی مقام پر مل جاتی ہیں۔

---

16 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1)، باب کیف کان بدء الوحی، حدیث (3)۔

17 صحیح بخاری شریف مترجم، کتاب الوحی، حدیث 3، ج 1، ص 90۔

18 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص 71۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جیسے مذکورہ بالا مثال میں جب بسم اللہ کا ذکر آیا تو اس کے بارے میں تمام ابحاث کو اسی جگہ ذکر کردیئے مثلا یہ کہ بسم اللہ قرآن کا جزء ہے یا نہیں اور اس میں امام مالکؒ، مام شافعیؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، داؤد ظاہریؒ کے اقوال ذکر کیے ہیں۔اور اسی طرح سورۃ فاتحہ کا جزء ہونے کا حکم اور نماز میں اس کی قراءت کا حکم اور اس کا جہر ہوگا یا سرا ہوگا تمام ابحاث اسی جگہ ذکر کیے ہیں جیساکہ شیخ فرماتے ہیں۔

بسم اللہ قرآن کا جزء ہے یا نہیں

اس میں علماء کے تین مذاہب ہیں۔

1. امام مالکؒ اور بعض حنفیہؒ کا قول یہ ہے کہ سورۃ نمل میں جو بسم اللہ وارد ہے "إِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ "[19] ترجمہ: وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور مضمون یہ ہے شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔وہ تو بالاتفاق قرآن کریم کا جزء ہے اور کہیں جزء نہیں ہے،امام احمد کے بعض اصحاب نے اسے امام احمد کا مذہب قرار دیا ہے یا ان سے ایک روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔
2. امام شافعی اور ان کی موافقت کرنے والوں کا قول اسکے بالمقابل ہے کہ بسم اللہ ہر سورت کی یا تو آیتِ تامہ ہے یا بعض آیت ہے۔
3. تیسرا قول یہ ہے کہ بسم اللہ قرآن کریم کا جزء ہے لیکن کسی سورت کا جزء نہیں ،قرآن کریم کا جزء ہونے کی حیثیت سے اس کو پڑھا جائے گا نبی کریم ﷺ نے اسے پڑھا ہے چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں۔

" حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، أَخْبَرَنَا الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، - وَاللَّفْظُ لَهُ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ بَيْنَ أَظْهُرِنَا إِذْ أَغْفَى إِغْفَاءَةً ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ مُتَبَسِّمًا، فَقُلْنَا: مَا أَضْحَكَكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ: «أُنْزِلَتْ عَلَيَّ آنِفًا سُورَةٌ» فَقَرَأَ: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ {إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ. فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ. إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ} ثُمَّ قَالَ: «أَتَدْرُونَ مَا الْكَوْثَرُ؟» فَقُلْنَا اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: " فَإِنَّهُ نَهْرٌ وَعَدَنِيهِ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، عَلَيْهِ خَيْرٌ كَثِيرٌ، هُوَ حَوْضٌ تَرِدُ عَلَيْهِ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، آنِيَتُهُ عَدَدُ النُّجُومِ، فَيُخْتَلَجُ الْعَبْدُ مِنْهُمْ، فَأَقُولُ: رَبِّ، إِنَّهُ مِنْ أُمَّتِي فَيَقُولُ: مَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَتْ بَعْدَكَ " زَادَ ابْنُ حُجْرٍ، فِي حَدِيثِهِ: بَيْنَ أَظْهُرِنَا فِي الْمَسْجِدِ. وَقَالَ: «مَا أَحْدَثَ بَعْدَكَ» ".[20]

---

19 سورۃ النمل 30:27۔

20 صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ (4) باب حجۃ من قال: البسملۃ آیۃ من اول کل سورۃ سوی سورۃ براءۃ (14) حدیث 53-(400)

toobaa-elibrary.blogspot.com

"ترجمہ: علی بن حجر سعدی، علی بن مسہر، مختار بن فلفل، انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان تشریف فرماتھے کہ آپ ﷺ پر غفلت سی طاری ہوئی پھر آپ ﷺ نے مسکراتے ہوئے اپنا سر مبارک اٹھایا ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کو کس بات سے ہنسی آرہی تھی تو آپ ﷺ نے فرمایا مجھ پر ابھی ایک سورت نازل ہوئی پھر إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ. فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ. إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ[21] پڑھا پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ کوثر کیا ہے ہم نے کہا اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں فرمایا وہ ایک نہر ہے مجھ سے میرے رب نے اس کا وعدہ کیا ہے اس میں بہت سی خوبیاں ہیں وہ ایک حوض ہے جس پر قیامت کے دن میری امت کے لوگ پانی پینے کے لئے آئیں گے اور اس کے برتنوں کی تعداد ستاروں کی تعداد کے برابر ہے ایک شخص کو وہاں سے ہٹا دیا جائے گا میں عرض کروں گا یا اللہ یہ میرا امتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا آپ (ﷺ) جانتے ہو کہ اس نے آپ (ﷺ) کے بعد نئی باتیں گھڑی تھیں، ابن حجر رحمہ اللہ نے اس میں یہ اضافہ کیا کہ آپ ﷺ ہمارے درمیان مسجد میں تشریف فرماتھے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ وہ ہے جس نے آپ ﷺ کے بعد نئی باتیں نکال لی تھیں۔" [22]

یہ عبداللہ بن مبارک، داؤد ظاہری، اور ان کے متبعین کا قول ہے، حنفیہ میں سے ایک جماعت اسی کی قائل ہے۔

تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جزء ہے یا نہیں

اس میں بھی شیخ نے امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام ابو حنیفہؒ، امام احمدؒ، کے اقوال ذکر کیے ہیں۔ اس میں اختلاف ہے کہ تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جزء ہے یا نہیں، امام شافعیؒ کے نزدیک تو تسمیہ اس کا جزء ہے جبکہ امام مالکؒ امام ابو حنیفہؒ اور راجح قول کے مطابق امام احمدؒ کے نزدیک اس کا جزء نہیں ہے۔ امام احمد سے ایک روایت جو مرجوح ہے یہ منقول ہے کہ تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جزء ہے کسی اور سورت کا نہیں۔

نماز میں تسمیہ کا حکم

اس میں بھی تین قول ہیں۔

1. واجب ہے یہ امام شافعیؒ کا مذہب ہے، امام احمدؒ کی ایک روایت اور محدثین کی ایک جماعت کا قول ہے۔
2. دوسرا قول یہ ہے کہ نماز میں تسمیہ مکروہ ہے سراً ہو یا جہراً یہ امام مالک کا مذہب ہے۔

---

21 سورۃ الکوثر 1:74، 2، 3۔

22 مولانا عزیز الرحمان، صحیح مسلم مترجم، لاہور، مکتبہ رحمانیہ لٹل سٹار پرنٹر، ج 1، ص 362، حدیث 894۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

3. تیسرا قول یہ ہے کہ یہ جائز ہے بلکہ صرف جائز ہی نہیں مستحب ہے، یہ امام ابو حنیفہؒ کا مذہب ہے، امام احمدؒ اور اکثر محدثین کا مشہور قول ہے۔

تسمیہ کا جہر مسنون ہے یا نہیں

اس میں بھی تین اقوال ہیں۔

1. امام شافعی اور ان کے موافقین کا مذہب یہ ہے کہ جہر مسنون ہے۔
2. امام ابو حنیفہ جمہور فقہاء و محدثین، اور امام شافعیؒ کے بعض اصحاب کے نزدیک جہر مسنون نہیں ہے۔
3. اسحاق بن راہویہؒ اور ابن حزمؒ کے نزدیک جہر اور سر برابر ہے جس کو چاہے اختیار کرے۔[23]

سوم: مفتی صاحبؒ بعض اوقات مسائلِ فقہیہ میں احناف کے نقطہ نظر کو بیان کرتے ہیں اور اس کے مطابق تشریح فرماتے ہیں اگر کسی آیت یا حدیث سے احناف کے مسلک کی تائید ہوتی ہو تو آپؒ اس کو ذکر فرماتے ہیں۔ لیکن یہ تائید اور یہ تشریح انتہائی مختصر انداز میں فرماتے ہیں اور اپنے مدعا کی طرف صرف اشارہ فرماتے ہیں۔

مثال: " باب: کیف کان بدء الوحی الی رسول الله صلی الله علیه وسلم"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے،

"حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَبِي عَائِشَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: لاَ تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَالِجُ مِنَ التَّنْزِيلِ شِدَّةً، وَكَانَ مِمَّا يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ – فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَأَنَا أُحَرِّكُهُمَا لَكُمْ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَرِّكُهُمَا، وَقَالَ سَعِيدٌ: أَنَا أُحَرِّكُهُمَا كَمَا رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَرِّكُهُمَا، فَحَرَّكَ شَفَتَيْهِ – فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى: لاَ تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ قَالَ: جَمْعُهُ لَكَ فِي صَدْرِكَ وَتَقْرَأَهُ: فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَه قَالَ: فَاسْتَمِعْ لَهُ وَأَنْصِتْ: ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا أَنْ تَقْرَأَهُ، فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ إِذَا أَتَاهُ جِبْرِيلُ اسْتَمَعَ فَإِذَا انْطَلَقَ جِبْرِيلُ قَرَأَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَرَأَهُ".[24]

ترجمہ: موسی بن اسماعیل، ابو عوانہ، موسیٰ بن ابی عائشہ، سعید بن جبیر اللہ تعالی کے قول لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ (جلد یاد کر لینے کے لئے اپنی زبان کو نہ ہلائیے) کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ قرآن اترتے وقت آنحضرت ﷺ سخت محنت اٹھاتے تھے منجملہ ان کے ایک یہ تھا کہ آپ اپنے دونوں ہونٹ ہلاتے تھے، حضرت ابن

---

23 کشف الباری، باب کیف کان بدء الوحی، ج 1، ص 369۔

24 صحیح بخاری، کتاب الوحی (1) باب کیف کان بدء الوحی (1) حدیث (5)

toobaa-elibrary.blogspot.com

عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں ان دونوں کو ہلاتا ہوں، جس طرح آپ ﷺ ہلاتے تھے اور سعید نے بیان کیا کہ میں (دونوں ہونٹ) ہلاتا ہوں جس طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو جنبش دیتے ہوئے دیکھا، چنانچہ اپنے دونوں ہونٹ ہلا کر دکھائے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت لاَ تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ [25] نازل فرمائی کہ اے محمد ﷺ قرآن کو جلد (یاد) کرنے کیلئے اپنی زبان کو نہ ہلاؤ، اس کا جمع کرنا اور پڑھانا ہمارے ذمہ ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں کہ قرآن کا تمہارے سینہ میں جمع کر دینا اور اس کو تمہارا پڑھنا، پھر جب ہم اس کو پڑھ لیں تو اس کے پڑھنے کی پیروی کرو، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں یعنی اس کو سنو اور چپ رہو، پھر یقیناً اس کا مطلب سمجھا دینا ہمارے ذمہ ہے، پھر بلاشبہ میرے ذمہ ہے کہ تم اس کو پڑھو، اس کے بعد جب جبرائیل آپ کے پاس آتے تو آپ ﷺ غور سے سنتے، پھر جب جبرائیل علیہ السلام چلے جاتے، تو اس کو رسول اللہ ﷺ پڑھتے تھے جس طرح جبرائیل نے پڑھا تھا۔[26]

اس حدیث میں ایک آیت مذکور ہے: " فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ "[27]. ماقبل آیات پر مفتی صاحبؒ نے بحث فرمائی ہے۔ پھر فرماتے ہیں:(قوله تعالى)"فاتبع قرآنه" اي استمع له، وانصت، ولا تقرأ معه ولا فى السكتات، وهذا هو معنى حديث" إذا قرأ فانصتوا "كما فى فيض البارى. ترجمہ: یعنی اس کو سن لو اور خاموش رہو، اور اس کے ساتھ نہ پڑھو اور نہ سکتات میں پڑھو، اور یہی حدیث کا معنی بھی ہے کہ جب وہ پڑھے تو تم خاموش رہو جیسا کہ فیض الباری میں مذکور ہے۔ یہاں پر آپؒ احناف کی تائید فرماتے ہیں اور احناف کی دلیل کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔[28]

اسی طرح حضرت شیخؒ بھی مسائل فقہیہ میں عموماً احناف کے نقطہ نظر کی تائید کرتے ہیں اس لیے ان کی تشریح زیادہ تر احناف کے مسلک کے مطابق ہوتی ہے اور مسائل کی تشریح انہی کے طرز عمل پر کرتے ہیں۔ اور اس میں اگر کسی جگہ بھی کسی آیت یا حدیث سے احناف کے مذہب کے مطابق کسی مسئلہ کی تائید ہو رہی ہے ہو تو اس کو ذکر کر رہے ہیں اور احناف کی بھرپور تائید کرتے ہیں۔ مذکورہ بالا مثال (فاذا قرآناه فاتبع قرآنه) [29] اس آیت میں شیخؒ نے مسئلہ قراءت خلف الامام کو بیان فرمایا اور اس آیت سے احناف کے مذہب پر دلیل قائم فرمایا ہے۔ اور اس میں حضرت ابن عباسؓ، حافظ ابن حجرؒ، اور احناف کی تشریحات ذکر فرمائی ہیں اور اس کے بعد احناف کے مسلک کی ترجیح کو ذکر فرمایا ہے جیسا کہ شیخ فرماتے ہیں۔

---

25 سورۃ القیامۃ 75: 18۔

26 صحیح بخاری مترجم، کتاب العلم، حدیث 4، ج1، ص92۔

27 سورۃ القیامۃ 75:18۔

28 ہدایۃ القاری، باب کیف کان بدء الوحی، ص82۔

29 سورۃ القیامۃ 75:18۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قراءت خلف الامام کے مسئلہ میں مسلک حنفیہ کی تائید

حضرت ابن عباسؓ نے فاتبع کی تفسیر "فاستمع له وانصت "کے ساتھ کی ہے،ادھر حدیث پاک میں" إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا "[30] فرمایا گیا ہے"ليؤتم" کے بارے میں حافظ ابن حجر نے تسلیم کیا ہے کہ ائتام کے معنی اتباع کے ہیں۔ اور اتباع کی تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما " فاستمع له وانصت "سے کی ہے ،تو نتیجہ یہ نکلا کہ اتباع امام کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اس کو سنیں اور خاموش رہیں۔

مسلم شریف میں حضرت ابو موسیٰ اشعری کی روایت ہے۔"واذا قرأ فانصتوا"[31] کہ جب امام قراءت کرے تو تم خاموش ہو کر سنو، یہ روایت اپنی جگہ درست اور صحیح ہے، لیکن بہر حال مخالفین اس میں کلام کرتے ہیں۔لیکن "إنما جعل الامام ليؤتم به" میں تو کوئی اشکال نہیں ہے اس کو توسب تسلیم کرتے ہیں اور ائتام کے معنی بھی اتباع کی ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اتباع کا مطلب بھی "فاستمع له وانصت"بیان فرماتے ہیں، لہذا معلوم ہوا کہ امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ جب وہ قراءت کرے تو مقتدیوں کو چاہیے کہ وہ سنا کریں اور اس کی قراءت کے وقت خاموش رہا کریں۔

حنفیہ کا مسلک"واذا قرأ فانصتوا" سے تو ثابت ہوتا ہی ہے"إنما جعل الامام ليؤتم به"سے بھی انکا مسلک ثابت ہوتا ہے۔اور حضرت ابن عباسؓ کی یہ تفسیر" فاستمع له وانصت"حنفیہ کی پوری پوری تائید کرتی ہے۔[32]

اسی طرح شیخ رحمہ اللہ علیہ کی یہ بھی عادت ہے کہ وہ مسائل فقہیہ کی توضیح میں اگر ائمہ کا اختلاف ہو تو اس میں اگر کسی امام سے مختلف روایات ہوں تو اس کی تمام روایات کو ذکر کر دیتے ہیں۔

مثال: "باب من استحياء غيره بالسؤال"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے۔

---

30 حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَقَطَ عَنْ فَرَسِهِ فَجُحِشَتْ سَاقُهُ – أَوْ كَتِفُهُ – وَآلَى مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، فَجَلَسَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ دَرَجَتُهَا مِنْ جُذُوعٍ، فَأَتَاهُ أَصْحَابُهُ يَعُودُونَهُ، فَصَلَّى بِهِمْ جَالِسًا وَهُمْ قِيَامٌ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ: «إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَإِنْ صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا» وَنَزَلَ لِتِسْعٍ وَعِشْرِينَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّكَ آلَيْتَ شَهْرًا، فَقَالَ: «إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ» " صحیح بخاری، کتاب الصلاۃ(8) باب الصلاۃ فی السطوح والمنبر والخشب(18)حدیث(378)

31اس حدیث کو امام مسلم نے کتاب الصلاۃ میں باب التشہد فی الصلاۃ کے تحت نقل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو، صحیح مسلم، جزء1، ص303)

32 کشف الباری، باب بدء الوحی، ج1، ص443۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا مَذَّاءً فَأَمَرْتُ المِقْدَادَ بْنَ الأَسْوَدِ أَنْ يَسْأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: «فِيهِ الوُضُوءُ»."[33]

ترجمہ: مسدد، عبداللہ بن داؤد، اعمش، منذر، ثوری، محمد بن حنفیہ، علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے جریان کا مرض تھا، جس سے مذی نکلا کرتی تھی، میں نے مقداد سے کہا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے (اس کا حکم) پوچھیں، چنانچہ انہوں نے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ اس (کے نکلنے) میں وضو (فرض ہوتا) ہے۔[34]

یہاں پر شیخؒ نے امام مالکؒ، اور امام احمدؒ کے مسئلہ اسی میں دو دوروایات ذکر کی ہیں جیسے کہ شیخ فرمارہے ہیں علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ خروج مذی فقط موجبِ وضو ہے۔ البتہ اختلاف اس بات میں ہے کہ خروجِ مذی کی وجہ سے صرف موضع اصابت کو دھویا جائے گا یا ذکر کے ساتھ انثیین کو بھی دھویا جائے گا۔

امام زھریؒ فرماتے ہیں کہ خروج مذی کی صورت میں جمیع ذکر کا دھونا واجب ہے۔ صرف موضع اصابت دھونا کافی نہیں ہے۔

امام مالکؒ اور امام احمدؒ کی بھی ایک ایک روایت یہی ہے۔ امام مالک اور امام احمد کی بھی ایک دوسری روایت یہ ہے کہ ذکر کے ساتھ ساتھ انثیین کا دھونا بھی واجب ہے یہی امام اوزاعی کی رائے ہے۔

امام ابو حنیفہؒ، امام شافعیؒ اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ خروج مذی کی صورت میں صرف موضع اصابت مذی ہی کو دھویا جائے گا، انثیین وذکر میں سے کسی کو عدم اصابت کی صورت میں دھونے کی ضرورت نہیں۔ ذکر وانثیین کے غسل کے قائلین کا استدلال حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: " أَنَّ عَلِيًّا أَمَرَ عَمَّارًا أَنْ يَسْأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ: «يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّأُ[35] مطلب یہ ہے کہ ذکر اور اس کے ارد گرد کے تمام مقامات کو دھولے اور وضو کرے۔[36]

---

33 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب من استحیا فامر غیرہ بالسوال (51) حدیث (132)

34 صحیح بخاری مترجم، کتاب العلم، حدیث 32، ج 1، ص 163۔

35 " أَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا أُمَيَّةُ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، أَنَّ عَلِيًّا أَمَرَ عَمَّارًا أَنْ يَسْأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ: «يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّأُ» "(امام نسائی، أبو عبد الرحمن أحمد بن شعیب، سنن النسائی، المجتبی من السنن، حلب، مکتب المطبوعات الإسلامیة، 1986، کتاب الطہارۃ (1) باب ماینقض الوضوء وما لاینقض الوضوء من المذی، حدیث (155))

36 کشف الباری کتاب العلم ج 4، ص 643۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

فصل کے اختتام پر ہم دونوں شیوخ رحمہما اللہ کے منہج کا تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شیوخ کا منہج واضح ہو جائے۔ دونوں شارحین کا منہج مختلف ہے۔ دونوں شارحین اپنے اپنے منہج کے مطابق شرح حدیث فرماتے ہیں خاص طور پر احکام کے استنباط اور فقہی مسائل کی وضاحت میں دونوں شیوخ رحمہما اللہ کا اسلوب بالکل مختلف ہے۔

دراصل مفتی صاحب رحمہ اللہ کی ایک شرح منہاج السنن علی جامع السنن جامع ترمذی کی شرح ہے عربی زبان میں ہے اور تین جلدوں میں ہے۔ آپ رحمہ اللہ نے اس شرح میں مکمل فقہی انداز اپنایا ہے۔ تمام فقہی احکام و مسائل پر بڑی تفصیل کے ساتھ بحث فرمائی ہے۔ دوسری شرح ہدایۃ القاری جو زیرِ تحقیق ہے اس میں بھی فقہی احکام و مسائل پر خوب بحث فرماتے ہیں بعض اوقات فقہاء کے اقوال اور دلائل بھی ذکر فرماتے ہیں۔ اسکے برعکس حضرت شیخ رحمہ اللہ ہر پہلو پر مفصل بحث فرماتے ہیں خصوصاً فقہی مسائل پر بڑی تفصیل سے گفتگو فرماتے ہیں نیز فقہاء کے اقوال اور دلائل بھی ذکر فرماتے ہیں

وعلی کل حال دونوں شارحین رحمہما اللہ فقہی مسائل پر بحث فرماتے ہیں لیکن مفتی صاحب رحمہ اللہ اختصار کے ساتھ جبکہ شیخ صاحب رحمہ اللہ تفصیل کے ساتھ شرح فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل دوم

فقہی مذاہب بیان کرنے میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

فقہی مذاہب بیان کرنے میں دونوں شیوخ کا منہج

اس فصل میں فقہی مذاہب کے بیان کرنے میں دونوں شیوخ کا اسلوب ذکر کیا جائے گا۔ لیکن ان کے اسلوب سمجھنے سے پہلے ضروری ہے کہ یہ وضاحت کی جائے کہ فقہی مذاہب سے مراد کون سے مذاہب ہیں اور ان کی تعداد کتنی ہے۔ چونکہ شریعت محمدی میں اجتہاد کی گنجائش رکھی گئی ہے اس لیے یہاں پر کئی لوگوں نے اجتہاد کر کے دین کے مسائل کا استخراج کرنے کی کوشش کی ہے اور کئی ائمہ مشہور ہیں جنہوں نے اپنا اپنا مسلک پیش کیا لیکن ان میں سے مشہور چار امام ہیں جن کا مسلک دنیا میں پھیلا اور ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں ان کی تقلید کرنے والے آج تک دنیا میں موجود ہیں وہ چار امام ہیں۔

المذہب الاول: امام ابو حنیفہؒ

المذہب الثانی: امام الشافعیؒ

المذہب الثالث: امام مالکؒ

المذہب الرابع: امام احمد بن حنبلؒ

امام ابو حنفیہؒ

ان کا نام نعمان بن ثابت التیمی ہے اور یہ کوفہ کے رہنے والے تھے اور ان کے ماننے والوں کو احناف کہا جاتا ہے۔ یہ اصلا تو فارس کے رہنے والے تھے لیکن ان کی پیدائش اور پرورش سب کوفہ میں ہی ہوئی اور یہ سن 80ھ میں پیدا ہوئے اور ان کی وفات 150ھ میں ہوئی۔[37]

اسماعیل ابن حماد بن ابی حنیفہ فرماتے ہیں کہ جب میرے دادا پیدا ہوئے تو ان کو ان کے والد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے اور کہا کہ ان کے لیے دعا کر دیں تو علی رضی اللہ عنہ نے ان کے لیے اور ان کی اولاد کے لئے برکت کی دعا کی اور اللہ تعالٰی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دعا ہمارے لئے قبول فرمائی۔[38] امام ابو حنیفہ جس وقت پیدا ہوئے اس وقت کئی صحابہ کرام زندہ تھے اس لئے امام صاحب نے بھی کئی صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے ملاقات کی اور ان سے احادیث سنی اور ان کو بیان کیا کرتے تھے۔ جن صحابہ سے امام صاحبؒ کا سماع ثابت ہے۔ ان میں سے چند یہ ہیں:

1. عبداللہ بن الحارث بن جزء رضی اللہ عنہ
2. انس بن مالک رضی اللہ عنہ

---

37 الاعلام، ج8، ص36۔

38 قاضی ابو عبداللہ حسین بن علی الصیمری، اخبار ابی حنیفہ واصحابہ، بیروت، دار عالم الکتب، 1405ھ۔1985ء، ص16۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

3. عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ

4. اباالطفیل عامر بن وثلۃ رضی اللہ عنہ [39]

امام شافعیؒ

ان کا نام محمد بن ادریس بن العباس بن عثمان بن شافع بن السائب بن عبید بن عبد یزید بن ھاشم بن المطلب المطلبی ابو عبداللہ الشافعی المکی ہے۔یہ مصر کے رہنے والے تھے اور ان کو اس زمانے کا مجدد کہا جاتا ہے ان کی پیدائش سن 150ھ کو ہوئی اور ان کی کل عمر 54 سال تھی۔اور وفات 204ھ کو ہوئی۔[40] یہ وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے فقہ کے اصول مدون کیے۔اور اس موضوع میں ان کی کتاب الرسالۃ مشہور تصنیف ہے اور ان سے یہ کتاب کئی علماء نے سنی اور اس کو لکھا۔[41] اسکے علاوہ بھی ان کی کئی کتب ہیں ان میں سے زیادہ مشہور کتاب الام ہے جو فقہ کی ہے سات جلدوں پر مشتمل ہے۔اس کے علاوہ حدیث میں المسند ہے اور اسی طرح احکام القرآن اور فضائل قریش ،ادب القاضی ،السبق والراوی وغیرہ ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ربیع بن سلیمان فرماتے ہیں کہ جس دن امام ابو حنیفہ کی وفات ہوئی اسی دن امام شافعیؒ کی ولادت ہوئی ہے۔[42]

امام مالکؒ

یہ مالک بن انس بن مالک بن ابی عامر بن عمرو الصبحی ابو عبداللہ المدنی ہیں۔یہ بھی اپنی شہرت واسعہ کی وجہ سے کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ان کو امام دار الہجرۃ کہا جاتا ہے۔اور یہ متقین کے امام اور پیشوا کہلائے جاتے ہیں۔حتی کہ امام بخاری فرماتے ہیں " **اصح الاسانید کلها مالك عن نافع عن ابن عمرو** " ان کی پیدائش سن 93ھ میں ہوئی اور واقدی فرماتے ہیں ان کی کل عمر 90 سال تھی اور ان کی وفات 179ھ کو ہوئی۔[43] یہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے صرف صحیح احادیث کو جمع کیا اور صحیح اور ضعیف حدیث میں فرق کیا اور یہ صرف اپنی کتاب میں صحیح احادیث ہی لایا کرتے تھے اور صرف ثقہ راوی سے روایت نقل کرتے اور اس کے ساتھ خود بھی فقہ اور عبادت میں شہرت کے حامل تھے۔[44]

امام احمد بن حنبلؒ

---

39 مرجع سابق۔

40 تقریب التہذیب ص 824۔

41 راشد بن عثمان بن احمد الزھرانی، اتحاف النبلاء بسیر العلماء، الجزء الثانی، بسیرۃ عبدالرزاق عفیف، ریاض، دار الصمیعی، 1997ء، ص 36۔

42 الاعلام، ج 6، ص 26۔

43 تقریب التہذیب، ص 913۔

44 عبدالکریم بن محمد بن منصور التیمی السمعانی، الانساب، حیدر آباد، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، 1962ء، ج 1، ص 174۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ امام احمد بن محمد بن حنبل بن ہلال بن اسد الشیبانی المروزی ہیں [45] ان کی پیدائش سن 164 ھ میں ہوئی اور ان کی وفات جمعہ والے دن 12 ربیع الاول کو سن 241ھ کو ہوئی۔ان کی کل عمر 77 سال تھی۔[46]

یہ اصلا مرو کے تھے لیکن یہ ابھی اپنی ماں کے پیٹ میں ہی تھے کہ ان کے والدین مرو سے نکل آئے اور بغداد آگئے اور وہاں امام احمد کی پیدائش ہوئی۔اوراس کے بعد ادھر ہی ان کی پرورش شروع ہوگئی اور ان کی وفات بھی بغداد میں ہی ہوئی۔انہوں نے علم کی طلب کے لیے کئی شہروں کے سفر کیے ان میں سے کوفہ ،بصرہ مکہ ،مدینہ یمن،شام،اور تبریز قابل ذکر ہیں۔[47] امام احمد کو اللہ تعالی نے بڑی شان عطافرمائی اور اللہ تعالیٰ کے دین کے لیے انکو سخت آزمائشوں میں بھی بڑا مبتلا ہونا پڑا لیکن سب تکالیف برداشت کرکے انہوں نے دین کا تحفظ کیا اوراس کے لیے اپنی جان تک نچھاور کردی اس لیے ان کی علماء نے بڑی تعریف کی ہے۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں: **خرجت من بغداد فما خلفت بها رجلا افضل ولا اعلم ولا افقه من احمد بن حنبل-** میں بغداد سے نکلا اور میں نے زیادہ علم،فضیلت اور سمجھ والا آدمی احمد بن حنبل سے وہاں نہیں چھوڑا ۔علی بن المدینی فرماتے ہیں: **"إن الله أيد هذا الدين بابى بكر الصديق يوم الروة وباحمد بن حنبل يوم المحنة"**.کہ اللہ تعالی نے احمد بن حنبل کو آزما کر اس دین کی مدد کروائی۔[48] اس کے علاوہ ائمہ بھی ہیں جن میں سے زیادہ مشہور ابراہیم نخعیؒ،سعید بن مسیبؒ،داؤد ظاہریؒ وغیرہ ائمہ شامل ہیں لیکن ان کے مذاہب زیادہ شہرت حاصل نہ کرسکے اور زیادہ لوگ پہلے چار مسالک پر ہی چلتے آرہے ہیں۔

مذکورہ بالا تمہید کے بعد ہم مفتی صاحبؒ کے فقہی مذاہب کے بیان میں منہج ذکر کریں گے۔آپؒ کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی روایت میں کوئی فقہی مسئلہ مستنبط ہورہا ہواوراس میں فقہاء کا اختلاف ہو تو اس کو ذکر کرتے ہیں۔

مثال:"كتاب الايمان"

" حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ المُسْنَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو رَوْحٍ الحَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَيُقِيمُوا الصَّلاَةَ، وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ، فَإِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّ الإِسْلاَمِ، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ» ".[49]

---

45 تقریب التتذیب ص98۔

46 تذکرۃ الحفاظ،ج2،ص16۔

47 تہذیب الکمال،ج1،ص437۔

48 تذکرۃ الحفاظ،ج2،ص16۔

49 صحیح بخاری، کتاب الصلاۃ(2) باب فإن تابوا أقاموا الصلاۃ وآتوا الزکاۃ فخلوا سبیلھم، سورۃ التوبۃ 5:15،حدیث(25)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: عبداللہ بن محمد مسندی، ابوروح حرمی بن عمارہ، شعبہ، واقد بن محمد، ابن عمر ؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک جنگ کروں جب تک کہ وہ اس بات کی گواہی نہ دینے لگیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور نماز پڑھنے لگیں اور زکوۃ دیں، پس جب یہ کام کرنے لگیں تو مجھ سے ان کے جان و مال محفوظ ہو جائیں گے، علاوہ اس سزا کے جو اسلام نے کسی جرم میں ان پر مقرر کر دی ہے اور ان کا حساب (وکتاب) اللہ کے ذمے ہے۔[50]

مفتی صاحب ؒ کتاب الایمان کے تحت حدیث میں "حکم تارک الصلوۃ والصوم" کی وضاحت فرماتے ہیں کہ امام محمد ؒ کے ہاں اگر علی طریق الاجتماع شعائر اسلام میں سے کوئی چیز ترک کی جائے تو اس کے خلاف قتال کیا جائے گا۔ امام احمد بن حنبل ؒ کے ہاں اگر کوئی شخص قصداً نماز ترک کردے تو اس کو ارتداداً قتل کیا جائے گا۔ اور امام مالک ؒ کے ہاں اگر کوئی قصداً نماز چھوڑ دے تو اس کے لیے حد ہے۔ اسی طرح امام شافعی ؒ اور ایک روایت امام احمد بن حنبل ؒ کے ہاں بھی "تارک الصلوۃ" کے لئے حد ہے۔

احناف ؒ کے ہاں قصدا تارک الصلوٰۃ کو قید کیا جائے گا۔ اور تمام ائمہ کے ہاں تارک الصوم کو قید کیا جائے گا۔ نیز اگر بلا عذر بطور شہرت روزہ افطار کرے تو اس کو قتل کیا جائے گا۔[51]

اسی طرح حضرت شیخ ؒ کی عادت بھی ہے کہ جس مقام پر کسی بھی حدیث سے کوئی مسئلہ مستنبط ہو رہا ہو اور اس میں ائمہ کا اختلاف ہو تو اس کو ذکر کرتے ہیں۔

مثال اول: "کتاب الطلاق"

اس کتاب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے۔

"حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَذَكَرَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: «لِيُرَاجِعْهَا» قُلْتُ: تُحْتَسَبُ؟ قَالَ: فَمَهْ؟ وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: «مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا» قُلْتُ: تُحْتَسَبُ؟ قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ ."[52]

ترجمہ: سلیمان بن حرب، شعبہ، انس بن سیرین، ابن عمر ؓ کہتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دے دی، حضرت عمر ؓ نے نبی ﷺ کا تذکرہ کیا، آپ ﷺ نے فرمایا وہ اپنی بیوی سے رجوع کرلے، میں نے کہا کیا وہ طلاق شمار ہوگی؟ آپ

---

50 صحیح بخاری مترجم، کتاب الایمان، حدیث 23، ج 1، ص 106۔

51 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، ص 151۔

52 صحیح بخاری، کتاب الطلاق (68) باب اذا طلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق (2) (5252)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ﷺ نے فرمایا کیوں نہیں اور قتادہ نے بواسطہ یونس، ابن جبیر، ابن عمر ؓ روایت کی، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کو اس سے رجوع کا حکم دو، میں نے کہا وہ طلاق شمار کی جائے گی، آپ ﷺ نے فرمایا اگر کوئی شخص عاجز ہو اور احمق ہو گیا ہو (تو کیا طلاق نہ ہو گی)۔[53]

شیخ ؒ یہاں ائمہ کے مذاہب کو بیان کرتے ہیں اور امام مالک، داؤد ظاہری، امام احمد، امام شافعی اور احناف کا مسلک ذکر کیا ہے جیسا کہ شیخ فرمارہے ہیں کہ اگر کسی نے حیض میں بیوی کو طلاق دی تو اس طلاق سے رجوع کے متعلق ائمہ کا اختلاف ہے۔ امام مالک ؒ اور داؤد ظاہری ؒ کے نزدیک رجوع کرنا واجب ہے، امام احمد ؒ کی بھی ایک روایت اسی کے مطابق ہے اور حنفیہ ؒ کے نزدیک بھی مختار یہی ہے، امام شافعی ؒ کے نزدیک رجوع کرنا مستحب ہے اور حنابلہ ؒ کا بھی مختار مسلک یہی ہے۔[54]

مثال دوم: "باب افضل الناس مؤمن یجاھد بنفسه وماله فی سبیل الله"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے،

" حَدَّثَنَا أَبُو اليَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الخُدْرِيَّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، حَدَّثَهُ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مُؤْمِنٌ يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ» ، قَالُوا: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: «مُؤْمِنٌ فِي شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ يَتَّقِي اللَّهَ، وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ»".[55]

ترجمہ: ابوالیمان، شعیب، زہری، عطا بن یزید لیثی، حضرت ابوسعید خدری روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ دربار رسول اللہ میں عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ ﷺ سب لوگوں میں افضل کون ہے؟ فرمایا وہ مومن جو اپنی جان سے اور اپنے مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہو، پھر صحابہ نے عرض کیا، اس کے بعد کون؟ فرمایا وہ مومن جو پہاڑ کے کسی درے میں رہتا ہو اور وہیں اللہ کی عبادت کرتا ہو اور لوگوں کو اپنے ضرر سے محفوظ رکھتا ہو۔[56]

اس باب میں حدیث کے تحت شیخ ؒ نے ائمہ کا اختلاف ذکر کیا ہے کہ کیا لوگوں کے ساتھ اختلاط افضل ہے یا خلوت نشینی، اس میں جمہور امت اور ان کے مقابلے میں بعض علماء کا مسلک ذکر کیا ہے، اور اس میں حافظ ابن حجر ؒ اور علامہ نووی ؒ کے اقوال نقل کیے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ حدیث باب میں آپ ﷺ نے مجاہد کے بعد سب سے افضل اس آدمی کو قرار دیا ہے جو کسی گھاٹی میں لوگوں سے الگ تھلگ ہو کر جا بیٹھے اور وہاں اللہ کی عبادت کرتا ہے اور اس سے ڈرتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ خلوت نشینی جلوت سے افضل

---

53 صحیح بخاری مترجم، کتاب الطلاق، حدیث 236، ج3، ص136۔

54 کشف الباری، کتاب الطلاق، "باب افضل الناس مؤمن یجاھد بنفسه وماله فی سبیل الله" ج10، ص405۔

55 صحیح بخاری، کتاب الجہاد، والسیر، باب افضل الناس مومن یجاھد بنفسہ ومالہ فی سبیل اللہ (2) حدیث (2786)

56 صحیح بخاری مترجم، کتاب الجہاد والسیر، حدیث 55، ج2، ص69۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہے۔لیکن یہ افضیلت علی الاطلاق نہیں ہے بلکہ یہ اس وقت ہے جبکہ فتن کا دور دورہ ہو آدمی کے لیے اپنا ایمان بچانا مشکل ہو جائے تو خلوت نشینی ہی افضل ہے۔البتہ اگر کوئی آدمی جلوت اور لوگوں کے ساتھ رہتے ہوئے اپنے ایمان کی حفاظت کر سکتا ہو، اسے فتنوں میں پڑنے کا اندیشہ نہ ہو، ایمان کی حفاظت کے لئے بھی معاون ثابت ہو رہا ہو تو اس کے لیے پھر یہ خلوت نشینی صحیح اور درست نہیں ہو گی۔ چنانچہ حافظ ابن حجر اور علامہ نووی نے جمہو علماء امت کا مذہب یہی نقل کیا ہے کہ لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہنا افضل ہے بشرطیکہ فتنے میں پڑنے کا اندیشہ نہ ہو، ورنہ نہیں۔

اسکے بر خلاف ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ خلوت نشینی افضل ہے اور وہ حدیث باب اور ان احادیث جن میں یہی مضمون وارد ہوا ہے سے استدلال کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے یہاں مجاہد کے بعد سب سے افضل خلوت نشینی کو قرار دیا ہے۔جمہور کی طرف سے جواب: علامہ نووی نے اس حدیث کے جمہور کی طرف سے دو جواب دیئے ہیں۔

ایک جواب یہ دیا ہے کہ یہ حدیث شدید فتنوں اور جنگوں کے زمانہ پر محمول ہے جب آدمی کا اپنا ایمان بھی محفوظ نہ رہے۔ دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ اس حدیث کا محمل وہ شخص ہے جس کی اذیتوں سے لوگ محفوظ نہ رہتے ہوں اور وہ لوگوں کی ایذارسانی سے صبر نہ کر سکتا ہو۔[57]

دوم: بعض اوقات شارحین بخاریؒ بیان مذاہب میں اگر کہیں کسی مسئلہ میں اختلاف ہو تو وہاں پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اقوال بھی ذکر کرتے ہیں اور صحابی کے مسلک کی نشاندہی فرماتے ہیں۔

مفتی صاحب ؒ بعض اوقات تو فقہاء محدثین اور محققین کے اقوال نقل فرماتے ہیں لیکن صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال پیش کرنے کا اہتمام نہیں فرماتے۔اور نہ ان کے مسلک واضح فرماتے ہیں۔

ہاں البتہ حضرت شیخؒ اس طریقۂ تشریح کا اہتمام فرماتے ہیں جو آئندہ آنے والی تفصیل میں مذکور ہے۔آپؒ مذاہب کے بیان میں اگر صحابہ کا کسی مسئلہ میں اختلاف ہو تو وہاں پر صحابہ کے اقوال کو بھی ذکر کرتے ہیں اور وہ صحابی کے مسلک کو بھی واضح کرتے ہیں۔

مثال اول: "باب حافظوا على الصلوات والصلاة الوسطى"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے۔

" حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبِيدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ح وحَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا

---

57 کشف الباری، کتاب الجہاد، ج6، ص66

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُحَمَّدٌ، عَنْ عَبِيدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَوْمَ الخَنْدَقِ «حَبَسُونَا عَنْ صَلاَةِ الوُسْطَى حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ، مَلَأَ اللَّهُ قُبُورَهُمْ وَبُيُوتَهُمْ، أَوْ أَجْوَافَهُمْ - شَكَّ يَحْيَى - نَارًا» ".[58]

ترجمہ: عبداللہ بن محمد، یزید بن ہارون، ہشام، محمد، عبیدہ، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (دوسری سند) عبدالرحمن، یحیی، ہشام، ابن سیرین، عبیدہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ خندق کے دن فرمایا ان کافروں نے ہم کو درمیانی نماز سے روک دیا یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا اللہ تعالیٰ ان کی قبروں کو اور ان کے گھروں کو یا ان کے پیٹوں کو (یحیی راوی کو شک ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کونسا لفظ بولا) آگ سے بھر دے۔[59]

اس باب میں حدیث کے تحت شیخؒ نے صلوۃ وسطی میں اختلاف نقل کیا ہے اور اس میں علماء کے مذاہب ذکر کیے ہیں اور ساتھ ہی چونکہ اس میں صحابہ کا بھی اختلاف تھا اس لئے ان کے مذاہب بھی ذکر کیے ہیں جس میں حضرت انسؓ، حضرت جابرؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے اقوال ذکر کیے ہیں۔ جیسا کہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

صلوۃ وسطی کے متعلق علماء کے اقوال

آپؒ نے اس میں چند اقوال ذکر کیے ہیں جو مختلف صحابہؓ اور علماء کی طرف منسوب ہیں۔[60]

1. حضرت انسؓ، حضرت جابرؓ، عکرمہؒ اور مجاہدؒ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ صلوۃ وسطی سے صلاۃ فجر مراد ہے۔ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔
2. حضرت عائشہؓ، حضرت زید بن ثابتؓ اور حضرت ابوسعیدؓ سے منقول ہے کہ اس سے ظہر کی نماز مراد ہے۔ امام ابوحنیفہ ؒ کی ایک روایت بھی یہی ہے۔
3. حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ اس سے مغرب کی نماز مراد ہے۔
4. حضرت معاذ بن جبلؓ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ اس سے تمام نمازیں مراد ہیں۔
5. ابن حبیب مالکیؒ اور ابوشامہؒ کی رائے ہے کہ اس سے نماز جمعہ مراد ہے۔
6. ابن التینؒ اور علامہ قرطبیؒ نے نقل کیا ہے کہ اس سے عشاء کی نماز مراد ہے۔
7. علم الدین سخاویؒ اور تقی الدین اخنائیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے صلاۃ وتر مراد ہے۔
8. سعید ابن جبیرؒ اور امام الحرمینؒ کی رائے یہ ہے کہ اس سے لا علی التعیین پانچ نمازوں میں سے کوئی مراد ہے۔

---

58 صحیح بخاری، کتاب تفسیر القرآن باب حافظوا علی الصلوات والصلاۃ الوسطیٰ سورۃ البقرۃ 1:238،(43) حدیث (4533)

59 صحیح بخاری مترجم، کتاب کتاب التفسیر، حدیث 1647، ج2، ص769۔

60 کشف الباری، کتاب التفسیر، "باب حافظوا علی الصلوات والصلاۃ الوسطی" ص86۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

9. لیکن اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ اس سے نماز عصر مراد ہے، یہی قول حنفیہ اور حنابلہ کا ہے امام ترمذی فرماتے ہیں "هو قول اكثر علماء الصحابة [61].

سوم: مفتی صاحبؒ باقی شارحین کی طرح صرف مذاہب اربعہ کے جوائمہ ہیں ان کے اختلافات بیان کرنے پر اکتفانہیں کرتے بلکہ جوفقہاء غیر معروف اور غیر مشہور ہیں ان کے اقوال اور آراء کو بھی نقل فرماتے ہیں۔

مثال:"باب علامة الايمان حب الأنصار"

اس باب کے تحت امام بخاری نے ایک حدیث ذکر فرمائی ہے،

" حَدَّثَنَا أَبُو اليَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو إِدْرِيسَ عَائِذُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ أَحَدُ النُّقَبَاءِ لَيْلَةَ العَقَبَةِ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: «بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لاَ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوا، وَلاَ تَزْنُوا، وَلاَ تَقْتُلُوا أَوْلاَدَكُمْ وَلاَ تَأْتُوا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُونَهُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلاَ تَعْصُوا فِي مَعْرُوفٍ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَعُوقِبَ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللَّهُ فَهُوَ إِلَى اللَّهِ، إِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ وَإِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ» فَبَايَعْنَاهُ عَلَى ذَلِكَ "[62]

ترجمہ: ابوالیمان، شعیب، زہری، ابوادریس، عائذ اللہ بن عبد اللہ نے بیان کیا کہ عبادہ بن صامت جو جنگ بدر میں شریک تھے اور شب عقبہ میں ایک نقیب تھے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت فرمایا جب کہ آپ ﷺ کے گرد صحابہ کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی، کہ تم لوگ مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اور چوری نہ کرنا اور زنا نہ کرنا اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا اور نہ ایسا بہتان (کسی پر) باندھنا جس کو تم (دیدہ ودانستہ) بناؤ اور کسی اچھی بات میں اللہ اور رسول کی نافرمانی نہ کرنا پس جو کوئی تم میں سے (اس عہد کو) پورا کرے گا، تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے اور جو کوئی ان (بری باتوں) میں سے کسی میں مبتلا ہو جائے گا اور دنیا میں اس کی سزا اسے مل جائے گی تو یہ سزا اس کا کفارہ ہو جائے گی اور جو ان (بری) باتوں میں سے کسی میں مبتلا ہو جائے گا اور اللہ اس کو دنیا میں پوشیدہ رکھے گا تو وہ اللہ کے حوالے ہے، اگر چاہے تو اس سے درگذر کردے اور چاہے تو اسے عذاب دے (عبادہ بن صامت کہتے ہیں کہ) سب لوگوں نے آپ ﷺ سے اس شرط پر (بیعت کرلی)۔ [63]

اس حدیث کے تحت مفتی صاحب نے عنوان ذکر فرمایا ہے۔

---

61 کشف الباری، کتاب التفسیر، "باب حافظوا على الصلوات والصلاة الوسطى" ص88۔

62 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب علامۃ الایمان حب الانصار (9) حدیث (18)

63 صحیح بخاری مترجم، کتاب الایمان، حدیث 16، ج1، ص103۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تحقیق کون الحدود کفارات

اس عنوان کے تحت آپؒ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ آیا حدود کفارات کے زمرے میں آتے ہیں کہ نہیں تو فرماتے ہیں: **قال الشافعی: ان الحدود کفارات ، لظاهر الحديث ، ولم یرد عن ائتمنا فی هذا الشئ واختلف مشائخنا فيه فقال صاحب الملتقط :إنها كفارات وقال بعضهم انها تكفر بعض الذنب وقال اكثرهم : ان المكفر هی التوبة دون الحد قوله تعالى فی حکم قطاع الطريق(ذالك لهم خزي فی الدنيا ولهم فی الآخرة عذاب عظيم**[64] ترجمہ: امام شافعیؒ ظاہر حدیث پر اکتفا کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حدود کفارات کے زمرے میں آتے ہیں اور ہمارے آئمہ سے اس کے متعلق کوئی قول منقول نہیں ہے جبکہ ہمارے بعض مشائخ نے اس میں اختلاف کیا ہے چنانچہ صاحب ملتقط فرماتے ہیں کہ یہ کفارات کے زمرے میں آتے ہیں اور بعض فرماتے ہیں کہ اس سے بعض گناہ معاف ہوتے ہیں اور اکثر علماء فرماتے ہیں کہ مکفرات میں سے صرف توبہ ہے حد نہیں ہے جیسے کہ قطاع الطریق کے حکم میں یہ آیت نازل ہوئی ہے۔ ترجمہ: جو لوگ خدا اور اس کے رسول سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کو دوڑتے پھریں انکی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا ان کے ایک ایک طرف کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیے جائیں یا ملک سے نکال دیے جائیں یہ تو دنیا میں ان کی رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لئے بڑا (بھاری) عذاب (تیار) ہے۔ تو اس تفصیل میں حضرت مفتی صاحبؒ نے مشہور فقہاء کے اقوال ذکر کیے ہیں اور ساتھ غیر معروف فقہاء کے اقوال بھی ذکر فرمائے ہیں۔[65]

شیخ صاحبؒ نے بھی بعض شارحین کی طرح صرف مشہور ائمہ اربعہ کے مذاہب بیان کرنے پر ہی اکتفاء نہیں کرتے بلکہ جو علماء فقہ کے اختلافات میں مشہور نہیں ہیں اور جو غیر مشہور امام ہیں جن کا مذہب پھیل نہیں سکا۔ ان کے اقوال کو بھی ذکر کرتے ہیں۔

مثال اول:" باب لبن الفحل"

امام بخاری نے اس حدیث کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے،

"حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَفْلَحَ، أَخَا أَبِي القُعَيْسِ جَاءَ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْهَا، وَهُوَ عَمُّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ، بَعْدَ أَنْ نَزَلَ الحِجَابُ، فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ، فَلَمَّا جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي صَنَعْتُ «فَأَمَرَنِي أَنْ آذَنَ لَهُ» ".[66]

---

64 سورۃ المائدہ 5: 33۔

65 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "باب علامة الايمان حب الأنصار" ص 139۔

66 صحیح بخاری، کتاب النکاح (67) باب لبن الفحل (23) حدیث (5103)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: عبداللہ بن یوسف، مالک، ابن شہاب، عروہ بن زبیر، حضرت عائشہ ؓ کہتی ہیں کہ میرے رضاعی چچا پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد میرے پاس آئے میں نے انہیں اندر آنے کی اجازت نہ دی، پھر جب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو میں نے آپ سے یہ واقعہ بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا تم نے اسے بلالیا ہوتا کیونکہ وہ تمہارے رضاعی چچا ہیں[67]۔

اس باب میں حدیث کے تحت شیخؒ نے علماء کے مذاہب ذکر کیے ہیں لیکن صرف مشہور مذاہب پر اکتفا نہیں کیا بلکہ غیر مشہور مذاہب بھی ذکر کیے ہیں۔ جن میں حضرت سعید بن مسیبؒ، ربیعہ الرائیؒ، ابراہیم نخعیؒ، ابراہیم بن علیہؒ، حضرت قاسم بن محمد سالمؒ اور داود ظاہریؒ شامل ہیں۔ جیساکہ شیخ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ مرضعہ کا شوہر بھی رضیع کے لیے حرام ہوگا یا نہیں حضرت سعید بن مسیبؒ، ربیعہ الراویؒ، ابراہیم نخعیؒ، ابراہیم بن علیہؒ، حضرت قاسم بن محمدؒ، سالمؒ اور داود ظاہریؒ فرماتے ہیں کہ رضیع کے لیے مرضعہ کا شوہر حرام نہیں ہوتا۔ لیکن ائمہ اربعہ اور جمہور فرماتے ہیں کہ جس طرح رضیع کے لیے مرضعہ حرام ہے اسی طرح اس کا شوہر بھی حرام ہو جاتا ہے۔[68]

مثال دوم: "باب من قال لا رضاع بعدحولین"

امام بخاری نے اس حدیث کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے،

" حَدَّثَنَا أَبُو الوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَشْعَثِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا رَجُلٌ، فَكَأَنَّهُ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، كَأَنَّهُ كَرِهَ ذَلِكَ، فَقَالَتْ: إِنَّهُ أَخِي، فَقَالَ: «انْظُرْنَ مَنْ إِخْوَانُكُنَّ، فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ المَجَاعَةِ» ".[69]

ترجمہ: ابوولید، شعبہ، اشعث، مسروق، حضرت عائشہ ؓ کہتی ہیں کہ آپ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور ایک شخص میرے پاس بیٹھا تھا، آپ کا چہرہ متغیر ہوگیا گویا آپ کو یہ بات ناگوار گذری، میں نے کہا (یارسول اللہ) یہ میرا (رضاعی) بھائی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا غور کرو تمہارا بھائی کون کون ہے اس لئے کہ دودھ کا رشتہ اس وقت ثابت ہوتا ہے جب کہ بچہ کی غذا ہی دودھ ہو۔[70]

یہاں بھی شیخؒ اختلاف نقل کررہے ہیں اور اس میں ائمہ کے اقوال نقل کیے ہیں جس میں ائمہ اربعہ کے اقوال کے علاوہ سفیان ثوریؒ، امام اوزاعیؒ، سعید بن مسیبؒ اور حضرت حسن بصریؒ، داؤد ظاہریؒ، ابن منذرؒ، اسحاق بن راہویہؒ کے اقوال شامل ہیں جیساکہ شیخ

67 صحیح بخاری مترجم، کتاب کتاب النکاح، حدیث 94، ج 3، ص 75۔

68 کشف الباری، کتاب النکاح،" باب لبن الفحل" ج 10 ص 199۔

69 صحیح بخاری، کتاب النکاح (67) باب من قال لارضاع بعد حولین (22) حدیث (5102)

70 صحیح بخاری مترجم، کتاب کتاب النکاح، حدیث 93، ج 3، ص 75۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فرمارہے ہیں۔ یہاں امام بخاری دوسرا مسئلہ بیان فرمارہے ہیں اور وہ یہ کہ حرمت رضاعت کتنی مقدار میں دودھ پینے سے ثابت ہوتی ہے۔اس سلسلہ میں چار مشہور مذہب ہیں۔

1. پہلا مذہب یہ ہے کہ رضاعت چاہے قلیل ہو یا کثیر اس سے حرمت رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔ حضرات حنفیہؒ، امام مالکؒ، سفیان ثوریؒ، امام اوزاعیؒ ، سعید بن مسیب ؒ اور حضرت حسن بصریؒ کا یہی مسلک ہے، امام احمدؒ کی مشہور روایت بھی اسی کے مطابق ہے۔
2. دوسرا مسلک یہ ہے کہ حرمت رضاعت کم از کم تین رضعات سے ثابت ہوتی ہے اس سے کم میں نہیں ہوتی، داؤد ظاہریؒ، ابن منذر، اسحاق بن راہویہؒ کا یہی مذہب ہے اور امام ابو حنیفہؒ کی بھی ایک روایت اسی کے مطابق ہے۔
3. تیسرا مذہب یہ ہے کہ پانچ رضاعات سے حرمت رضاعت ثابت ہو گی اس سے اقل میں حرمت رضاعت ثابت نہیں ہو گی، یہ پانچ رضاعات بھی متفرق اوقات میں ہونی چاہیے، امام شافعیؒ کا یہی مسلک ہے اور امام احمدؒ سے ایک روایت بھی اسی کے مطابق ہے۔
4. چوتھا مسلک یہ ہے کہ دس رضاعات سے کم میں حرمت رضاعت ثابت نہیں ہو گی، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا یہی مسلک ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی یہی مروی ہے۔[71]

چہارم: بعض اوقات مفتی صاحب ؒ ائمہ کے مذاہب بیان فرماتے ہیں لیکن ائمہ کے اقوال بیان کرتے ہوئے یہ واضح نہیں فرماتے کہ یہ کس کا قول ہے بلکہ قال البعض وغیرہ کے الفاظ ذکر کرتے ہیں کہ بعض لوگوں کا قول یہ ہے۔

مثال:"باب علامة الايمان حب الانصار "

امام بخاریؒ نے اس حدیث کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے،

" حَدَّثَنَا أَبُو اليَمَانِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو إِدْرِيسَ عَائِذُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ أَحَدُ النُّقَبَاءِ لَيْلَةَ العَقَبَةِ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: «بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لاَ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوا، وَلاَ تَزْنُوا، وَلاَ تَقْتُلُوا أَوْلاَدَكُمْ وَلاَ تَأْتُوا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُونَهُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ، وَلاَ تَعْصُوا فِي مَعْرُوفٍ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَعُوقِبَ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللَّهُ فَهُوَ إِلَى اللَّهِ، إِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ وَإِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ» فَبَايَعْنَاهُ عَلَى ذَلِكَ."[72]

---

71 کشف الباری، کتاب النکاح، "باب من قال لارضاع بعد حولین" ج10، ص196۔

72 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب علامة الایمان حب الانصار (9) حدیث (18)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: ابوالیمان، شعیب، زہری، ابوادریس، عائذ اللہ بن عبداللہ نے بیان کیا کہ عبادہ بن صامت جو جنگ بدر میں شریک تھے اور شب عقبہ میں ایک نقیب تھے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت فرمایا جب کہ آپ ﷺ کے گرد صحابہ کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی، کہ تم لوگ مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اور چوری نہ کرنا اور زنا نہ کرنا اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا اور نہ ایسا بہتان (کسی پر) باندھنا جس کو تم (دیدہ ودانستہ) بناؤ اور کسی اچھی بات میں اللہ اور رسول کی نافرمانی نہ کرنا پس جو کوئی تم میں سے (اس عہد کو) پورا کرے گا، تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے اور جو کوئی ان (بری باتوں) میں سے کسی میں مبتلا ہو جائے گا اور دنیا میں اس کی سزا اسے مل جائے گی تو یہ سزا اس کا کفارہ ہو جائے گی اور جو ان (بری) باتوں میں سے کسی میں مبتلا ہو جائے گا اور اللہ اس کو دنیا میں پوشیدہ رکھے گا تو وہ اللہ کے حوالے ہے، اگر چاہے تو اس سے درگذر کردے اور چاہے تو اسے عذاب دے (عبادہ بن صامت کہتے ہیں کہ) سب لوگوں نے آپ ﷺ سے اس شرط پر (بیعت کرلی)۔[73]

اس باب کے تحت ایک حدیث کی تشریح فرماتے ہوئے مفتی صاحب حدود اور کفارات کو ذکر کرتے ہیں پھر اس میں قال البعض کے الفاظ ذکر فرماتے ہیں۔ جیسے کہ سابقہ مثال میں گزرا ہے کہ **"وقال الشافعي رحمة الله إن الحدود كفارات لظاهر الحديث"...الخ** پھر آخر میں فرماتے ہیں" **وقال بعضهم انها تكفر بعض الذنب وقال اكثرهم:ان المكفر هي التوبة دون الحد** "........ الخ ترجمہ پہلے گزرا ہے۔

تو اس مثال میں مفتی صاحبؒ نے" وقال بعضهم "اور اسی طرح" وقال اكثرهم "کے الفاظ فرمائے ہیں اور ان کی وضاحت نہیں فرمائی ہے[74]۔

اسی طرح شیخ رحمۃ اللہ علیہ بھی جب اپنی کتاب میں ائمہ مذاہب بیان کرتے ہیں تو یہ وضاحت نہیں کرتے کہ یہ اقوال کن کے ہیں بلکہ ان کو مہمل چھوڑ دیتے ہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ بعض لوگوں کا یہ قول ہے۔

مثال: "باب ما يتقى من شوم المراة"

امام بخاریؒ نے اس باب کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے۔

"حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَمْزَةَ، وَسَالِمٍ، ابْنَيْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «الشُّؤْمُ فِي المَرْأَةِ، وَالدَّارِ، وَالفَرَسِ»"[75].

---

73 صحیح بخاری مترجم، کتاب کتاب الایمان، حدیث (16) ج1، ص103۔

74 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان، "باب علامة الايمان حب الأنصار" ص139۔

75 صحیح بخاری، کتاب النکاح (67) باب ما یتقی من شوم المرءۃ (18) حدیث (5093)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترجمہ: اسماعیل، مالک، ابن شہاب، حمزہ اور سالم، عبداللہ بن عمر کے بیٹے، عبداللہ بن عمر ؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے نحوست تین چیزوں میں ہے (اور وہ یہ ہیں) عورت، گھر، گھوڑا۔[76]

اس باب میں حدیث کے تحت شیخؒ نے ائمہ کے اقوال بیان کیے ہیں کہ "لاعدوی" اور "لاطیرۃ" کی روایت سے کیا مراد ہے۔ اس میں اقوال علماء نقل کیے ہیں لیکن وضاحت نہیں کی کہ یہ کن کے اقول ہیں جیسا کہ شیخؒ فرمارہے ہیں امام مالک نے ان احادیث کو ان کے ظاہر پر محمول کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیثیں اس عام قانون سے مستثنی ہیں۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ حدیثیں قرآن کریم کی آیت "مَا أَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ "[77] ترجمہ: کوئی مصیبت نازل نہیں ہوتی مگر خدا کے حکم سے۔ اور جو شخص خدا پر ایمان لاتا ہے وہ اسکے دل کو ہدایت دیتا ہے اور خدا ہر چیز سے باخبر ہے سے منسوخ ہیں۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ کلام حرف شرط کے ساتھ ہے جیسا کہ یہاں باب کی دوسری روایت میں "ان کان شوم" حرف شرط کے ساتھ ہے۔ بعض نے کہا کہ در حقیقت شوم کی دو قسمیں ہیں ایک شوم بمعنی عدم موافقت اور دوم شوم بمعنی نحوست اور حدیث میں اس سے عدم موافقت والا معنی مراد ہے[78]۔

---

76 کشف الباری، کتاب النکاح، ج10، ص181۔

77 سورۃ التغابن 11:64۔

78 کشف الباری، کتاب النکاح، ج10، ص181۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

فصل کے اختتام پر ہم دونوں شارحین کے منہج کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں۔ دونوں شارحینؒ کا منہج مختلف ہے۔ دونوں شارحین نے اپنے اپنے منہج کے مطابق فقہی مذاہب کی تفصیل بیان فرمائی ہے۔

مفتی صاحبؒ فقہی مذاہب بیان کرتے ہیں آپؒ مختلف مذاہب کا ذکر فرماتے ہے علماء کے اقوال اور دلائل ذکر فرماتے ہیں۔ اسی طرح حضرت شیخؒ بھی فقہی مذاہب بیان کرتے ہیں ۔ فقہاء معروف وغیر معروف تمام کے اقوال اور دلائل ذکر فرماتے ہیں۔ مختصر یہ کہ دونوں شارحینؒ فقہی مذاہب وضاحت کے ساتھ بیان فرماتے ہیں۔ فقہاء معروف وغیر معروف سب کے اقوال و دلائل وغیرہ ذکر فرماتے ہیں لیکن شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا طرز تفصیل کا ہے جبکہ مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا طرز اختصار کا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل سوم

فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل کے تجزیہ میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ کا منہج

toobaa-elibrary.blogspot.com

فقہاءاور محدثین کے اقوال ودلائل کے تجزیہ میں دونوں شیوخؒ کا منہج

اس فصل میں ہم فقہاءاور محدثین کے اقوال ودلائل کے تجزیہ میں دونوں شیوخ کا منہج ذکر کریں گے۔چونکہ دونوں شارحین حنفی المسلک ہیں اس لیے دونوں اکثر یہ کوشش کرتے ہیں کہ مسئلہ حنفی مسلک کے مطابق ثابت ہو۔بہر حال دونوں شارحین کا منہج مختلف ہے۔مفتی صاحبؒ چونکہ حنفی المسلک ہے اس لئے وہ بھی کوشش کرتے ہیں کہ ہر مسئلہ حنفی مسلک کے مطابق ثابت ہو۔ فقہاء اور محدثین کے اقوال ودلائل کے تجزیہ میں آپؒ نے جو منہج اختیار فرمایاہے وہ درجہ ذیل ہے۔

1. آپؒ دوسرے مذاہب کے دلائل بہت کم ذکر کر دیتے ہیں۔لیکن اگر کہیں ذکر کر دیں تو دوسرے ائمہ کے دلائل کا بھرپور جواب دیتے ہیں۔
2. اگر مستدل حدیث صحیح واضح نہ ہو تو علماء کے اقوال ذکر کرکے واضح کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔
3. اگر کہیں سوال وارد ہو جائے تو طوالت کی خاطر ایک دو جواب دے کر چھوڑ دیتے ہیں۔
4. نقلی دلائل کے ساتھ ساتھ عقلی دلائل اور جوابات دے کر بھی مسئلہ کی وضاحت کرتے ہیں۔

مثال: "باب كتابة العلم"

امام بخاریؒ نے اس باب کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے،

"حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: هَلْ عِنْدَكُمْ كِتَابٌ؟ قَالَ: " لاَ، إِلَّا كِتَابُ اللَّهِ، أَوْ فَهْمٌ أُعْطِيَهُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ، أَوْ مَا فِي هَذِهِ الصَّحِيفَةِ. قَالَ: قُلْتُ: فَمَا فِي هَذِهِ الصَّحِيفَةِ؟ قَالَ: العَقْلُ، وَفَكَاكُ الأَسِيرِ، وَلاَ يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ".[79]

ترجمہ: محمد بن سلام، وکیع، سفیان، مطرف، شعبی، ابو جحیفہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی ؓ سے دریافت کیا کہ آپ کے پاس قرآن کے علاوہ اور کوئی کتاب بھی ہے؟ حضرت علی فرمانے لگے نہیں، مگر اللہ کی کتاب ہے یا وہ سمجھ ہے، جو ایک مرد مسلمان کو دی جاتی ہے، یا وہ چند مسائل ہیں جو اس صحیفہ میں (لکھے ہوئے) ہیں، ابو جحیفہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا اس صحیفہ میں کیا (لکھا) ہے؟ کہا کہ دیت اور قیدی کے رہا کرنے کے احکام اور (یہ کہ) کوئی مسلمان کسی کافر کے عوض میں نہ مارا جائے۔[80]

اس باب میں حدیث کے تحت مفتی صاحبؒ نے ایک مسئلہ پر بحث کی ہے کہ آیا کسی مسلمان کو کافر کے بدلے قصاصاً قتل کیا جاسکتا ہے کہ نہیں۔آپؒ تشریح میں ایک عنوان قائم کرتے ہیں کہ **"معانی لا يقتل مسلم لكافر"قوله (رحمه الله) (لا يقتل مسلم بكافر) أى بكافر حربى، أو مستأ من، و يقتل بالذمى خلا فا للأئمة الثلاثة"** یہاں قولہ رحمہ اللہ سے مراد امام بخاری کا

---

79 صحیح بخاری، کتاب العلم(3) باب کتابۃ العلم(39) حدیث(111)

80 صحیح بخاری مترجم کتاب العلم، حدیث 111، ج1، ص152۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قول ہے تو امامؒ فرماتے ہیں کہ مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہیں کیا جائے گا، تو فرماتے ہیں کہ یہاں مراد کافر حربی ہے کافر مستامن مراد نہیں ہے اور مزید فرماتے کہ مسلمان ذمی کے بدلے قتل کیا جائے گا خلاف ائمہ ثلاثہ کے۔ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ مطلق کافر کے بدلے مسلمان کو قتل نہیں کیا جاگا چاہیے حربی ہو مستامن یا ذمی ہو تو مفتی صاحبؒ جواب دیتے ہیں کہ نہیں حربی اور مستامن کے بدلے قتل نہیں کیا جائے گا جب کہ ذمی کے بدلے قتل کیا جائے گا۔

مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ ذمی کے بدلے قتل کیا جائے گا اور دلیل میں یہ حدیث پیش کرتے ہیں **"أَلَا لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ، وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ "** [81] اس حدیث سے استدلال اس طرح کیا گیا ہے کہ اس میں "ولا ذوعهد فی عهده" مؤمن پر معطوف ہے۔اب مطلب یہ ہوا کہ **"لا یقتل مؤمن ولا ذو عهد فی عهده بکافر"** یعنی کسی مؤمن کو اور ذو عہد یعنی ذمی کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔اور ذو عہد یعنی ذمی کو جس کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جاتا وہ کافر حربی ہے۔کیونکہ اس کو کافر ذمی کے بدلے میں قتل کیا جاتا ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ کا حکم ایک ہوتا ہے جب ذمی کو کافر ذمی کے بدلے قتل کیا جائے گا اور کافر حربی کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔تو مسلم کا بھی یہی حکم ہو گا کہ اسے ذمی کے بدلے قتل کیا جائے البتہ حربی کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔

ابن الہمامؒ کے قول کو نقل کرتے ہیں کہ **"أن هذاالحکم ما مضى قبل هذه الخطبة"** اور امام ابو بکر الحصاص کے قول کو نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ **"معناه لا یقتل المسلم الحقیقی، والحکمی،وهو الذی بالکافر المطلق، وهو غیر الذمی"** یعنی اس کا مطلب یہ ہے کہ نہ مسلمان حقیقی کو قتل کیا جائے گا اور نہ مسلمان حکمی کو،اور جو مطلق کافر وہ تو غیر ذمی ہے۔

مفتی صاحبؒ ایک اور دلیل پیش کرتے ہیں کہ **" وقالوا ایضاً : إن شان ورود هذالحدیث فی قتل بنی خزاعة رجلا من لیث بعد الامن ، وبعد الفتح ، لأن هذا الرجل قتل رجلا من خزاعة حلفاء رسول الله صلى الله علیه وسلم بعد صلح الحدیبیة بقتل قتله رجل من حزاعة قبل صلح الحدیبیة، فلیس هاهنا قتل الذمی بل هو قتل المستامن ولا قصاص فیه"** ترجمہ:اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اس حدیث کا شان ورود یہ ہے کہ فتح مکہ کے بعد بنو خزاعہ نے لیث قبیلے کا ایک آدمی

---

81 "حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، وَمُسَدَّدٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ، قَالَ: انْطَلَقْتُ أَنَا وَالْأَشْتَرُ، إِلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَام، فَقُلْنَا: هَلْ عَهِدَ إِلَيْكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَمْ يَعْهَدْهُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً؟ قَالَ: لَا، إِلَّا مَا فِي كِتَابِي هَذَا، قَالَ مُسَدَّدٌ: قَالَ: فَأَخْرَجَ كِتَابًا، وَقَالَ أَحْمَدُ: كِتَابًا مِنْ قِرَابِ سَيْفِهِ، فَإِذَا فِيهِ «[ص:181] الْمُؤْمِنُونَ تَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ، وَهُمْ يَدٌ عَلَى مَنْ سِوَاهُمْ، وَيَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ، أَلَا لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ، وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ، مَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا فَعَلَى نَفْسِهِ، وَمَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا، أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ» قَالَ مُسَدَّدٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، فَأَخْرَجَ كِتَابًا "(سنن ابی داود، کتاب الدیات(38) باب ایقاد المسلم بالکافر(11) حدیث(4530)۔۔۔سنن النسائی، کتاب القسامة(45) باب القود بین الاحرار والممالیک فی النفس(8) حدیث(4734)۔

شیخ ناصر الدین البانیؒ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔(نفس مصدر)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قتل کیا کیونکہ اس ادمی نے صلح حدیبیہ کے بعد بنو خزاعہ کا ایک شخص قتل کیا تھا اور یہ بھی ایک قتل کے بدلے تھا لیکن صلح حدیبیہ کے بعد تھا تو مفتی صاحبؒ جواب دیتے ہیں کہ اس واقعہ میں قتل مستامن کے بدلے میں تھا ذمی کے بدلے نہیں تھا۔[82]

اس طرح شیخ ؒ کی عادت یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے مسئلہ ذکر کرتے ہیں اس کے بعد اگر اس میں فقہاء اور محدثین کا اختلاف ہو تو وہ بیان کرتے ہیں اور اس کے بعد ان کے دلائل ذکر کرکے ان کا تجزیہ کرتے ہیں۔

آپؒ چونکہ پہلے بھی ذکر کیا کہ حنفی مسلک کے ساتھ وابستہ ہیں اس لئے ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ہر مسئلہ کو حنفی نقطہ نظر کے مطابق ثابت کیا جائے شیخؒ کا دلائل کا تجزیہ کرکے جو منہج سامنے آتا ہے وہ درج ذیل نقاط میں ذکر کرنے کے بعد ہم کشف الباری سے اس کی مثالیں بھی پیش کرتے ہیں۔

1. آپؒ دلائل تو اکثر سارے مذاہب کے ذکر کرتے ہیں لیکن دلائل ذکر کرنے کے بعد احناف کے مذہب کو ثابت کرنے کے لئے دوسرے ائمہ کی دلیلوں کا بھرپور جواب دیتے ہیں۔
2. سب سے پہلے دلیل پیش کرنے کے بعد احناف کی دلیل کو جرح، تعدیل کے عمل سے گزار کر اس کو صحیح ثابت کرتے ہیں تاکہ یہ بات واضح ہو کہ یہ حدیث جو احناف کی دلیل ہے محدثین کے نزدیک صحیح روایت ہے اور اس سے استدلال کیا جاسکتا ہے۔
3. اگر حدیث اپنے استدلال میں واضح نہ ہو تو اس میں علماء کے اقوال ذکر کرکے اس سے استدلال کو واضح کرتے ہیں۔
4. اگر کسی دلیل کا مخالفین کی طرف سے کوئی جواب دیا گیا ہو تو اس کو بھی نقل کرتے ہیں اور اس کا جواب دے کر اس اعتراض کو ختم کرتے ہیں۔
5. اگر ایک سوال کے کئی جواب ہوں تو شیخ صاحبؒ طوالت کے خوف سے اس کو چھوڑتے نہیں بلکہ اس کے تمام جوابات کو ذکر کرتے ہیں۔
6. جوابات ذکر کرنے کے بعد آخر میں دوبارہ دلائل ذکر کرکے اپنے امام کے مسلک کو تفصیلی دلائل کے ساتھ مرقع کرتے ہیں۔
7. نقلی دلائل کے ساتھ ساتھ عقلی دلائل اور جوابات دے کر بھی مسئلہ کی وضاحت اور دلائل کے درمیان محاکمہ پیش کرتے ہیں۔

مثال اول: "باب کتابة العلم"

امام بخاریؒ نے اس باب کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے۔

82 هداية القاری، کتاب العلم "باب کتابة العلم" ص281۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

" حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلاَمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: هَلْ عِنْدَكُمْ كِتَابٌ؟ قَالَ: " لاَ، إِلَّا كِتَابُ اللَّهِ، أَوْ فَهْمٌ أُعْطِيَهُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ، أَوْ مَا فِي هَذِهِ الصَّحِيفَةِ. قَالَ: قُلْتُ: فَمَا فِي هَذِهِ الصَّحِيفَةِ؟ قَالَ: العَقْلُ، وَفَكَاكُ الأَسِيرِ، وَلاَ يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ ".[83]

ترجمہ: محمد بن سلام، وکیع، سفیان، مطرف، شعبی، ابو جحیفہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی ؓ سے دریافت کیا کہ آپ کے پاس قرآن کے علاوہ اور کوئی کتاب بھی ہے؟ حضرت علی فرمانے لگے نہیں، مگر اللہ کی کتاب ہے یا وہ سمجھ ہے، جو ایک مرد مسلمان کو دی جاتی ہے، یا وہ چند مسائل ہیں جو اس صحیفہ میں (لکھے ہوئے) ہیں، ابو جحیفہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا اس صحیفہ میں کیا (لکھا) ہے؟ کہا کہ دیت اور قیدی کے رہا کرنے کے احکام اور (یہ کہ) کوئی مسلمان کسی کافر کے عوض میں نہ مارا جائے۔[84]

شیخ رحمہ اللہ نے بھی یہاں یہ مسئلہ ذکر کیا ہے کہ کیا مسلمان کو کافر کے بدلے میں قصاصاً قتل کیا جاسکتا ہے یا نہیں مسئلہ ذکر کرنے کے بعد ائمہ کا اختلاف ذکر کیا ہے جیسا کہ فرماتے ہیں کہ ائمہ ثلاثہ اور جمہور فرماتے ہیں کہ کسی مسلمان کو کافر کے بدلے میں قصاصاً قتل نہیں کیا جاسکتا۔ امام ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ، سعید بن مسیبؒ اور ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ مسلمان کسی ذمی کو قتل کر دے تو اس کے بدلے میں اُسے قتل کیا جائے گا۔ ہاں کافر حربی کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔ اس کے بعد نے ائمہ ثلاثہ کی دلیل ذکر کی اور فرمایا:

ائمہ ثلاثہ کی دلیل

ائمہ ثلاثہ کی دلیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث باب ہے جس میں صراحت ہے "ولا يقتل مسلم بكافر" دلیل کو ذکر کرنے کے بعد اس کا جواب دیتے ہیں اس لئے کہ یہ احناف کے مسلک کے خلاف ہے اور سب سے پہلے دلائل نقلیہ سے اس دلیل کا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں اور اس پر ہونے والے اعتراض کا جواب بھی دیتے ہیں اور ساتھ ہی اس پر جرح تعدیل کا عمل کر کے اس کی حیثیت کو مسلم کرتے ہیں۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل کا جواب

حنفیہ نے اس دلیل کے کئی جوابات دیے ہیں۔

---

83 صحیح بخاری، کتاب العلم (3) باب کتابۃ العلم (39) حدیث (111)

84 صحیح بخاری مترجم کتاب العلم، حدیث 111، ج 1، ص 152۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جواب اول: ایک جواب جو بہت مشہور ہے وہ یہ ہے کہ اس حدیث میں کافر سے مراد کافر حربی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ ایک روایت میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔"**الا لا يقتل مؤمن بكافر ولا ذوعهد فی عهده**"[85] یہ حدیث امام نسائیؒ اور امام ابوداؤدؒ نے اپنی سنن میں امام طحاویؒ نے شرح معانی الآثار میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ حافظ ابنِ عبد الہادیؒ فرماتے ہیں۔"اسنادہ حسن"، حافظ ابنِ حجرؒ فرماتے ہیں۔"اسناد صحیح" اسی طرح یہ روایت امام احمدؒ اور امام ابوداؤدؒ نے "عمرو بن شعیب عن أبیہ عن جدہ" کے طریق سے نقل کی ہے۔ حافظ ابنِ عبد الہادی فرماتے ہیں "اسنادہ حسن"، یہ حدیث اس تفصیل کے ساتھ اور بھی کئی حضرات سے مروی ہے۔اس حدیث سے استدلال اس طرح کیا گیا ہے کہ اس میں "**ولا ذوعهد فی عهده**" مؤمن پر معطوف ہے۔اب مطلب یہ ہوا کہ "**لا يقتل مؤمن ولا ذو عهد فی عهده بكافر**" یعنی کسی مؤمن کو اور ذوعہد یعنی ذمی کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔اور ذوعہد یعنی ذمی کو جس کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جاتا وہ کافر حربی ہے۔کیونکہ اس کو کافر ذمی کے بدلے میں قتل کیا جاتا ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ کا حکم ایک ہوتا ہے جب ذمی کو کافر ذمی کے بدلے قتل کیا جائے گا اور کافر حربی کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔تو مسلم کا بھی یہی حکم ہوگا کہ اسے ذمی کے بدلے قتل کیا جائے البتہ حربی کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔

پھر شیخؒ نے دوسرے ائمہ کی طرف سے اس حدیث کے جو جوابات دیے گئے ہیں ان کو ذکر کرنے کے بعد ان کا بھی محاکمہ کیا ہے اور ان کے اعتراضات کے جوابات دیے ہیں۔فرماتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا جواب دیا ہے کہ اس حدیث پاک میں دو حکم الگ الگ بیان کیے گئے ہیں۔پہلا حکم "**لا يقتل مؤمن بكافر**" کا ہے اس کا تعلق قصاص کے ساتھ ہے اور دوسرا حکم "**ولا ذو عهد فی عهده**" ہے اور یہ مستقل حکم ہے یعنی کسی ذمی کو عہد ذمہ ہوتے ہوئے قتل نہ کیا جائے حضور ﷺ نے اس پر قدغن لگائی ہے اور فرمایا "**ولا ذوعهد فی عهده**" کہ ذمی جب تک عہد ذمہ میں ہو اس کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

اس کے بعد آپؒ نے اس جواب کے بھی جوابات ذکر کیے ہیں جیسا کہ فرماتے ہیں کہ امام طحاویؒ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ ان دونوں باتوں کو الگ الگ قرار دینا درست نہیں کیونکہ اس حدیث کا تعلق "**الدماء المسفوك بعضها ببعض**" سے ہے کیونکہ آپ نے ارشاد فرمایا" **المسلمون يد علی من سواهم ، تتكافو دماؤهم ، ويسعی بذمتهم أدنا هم**" اس کے بعد فرمایا"**لا يقتل**

---

85 سنن ابی داود کتاب الدیات (38) باب ایقاد المسلم بالکافر (11) حدیث (4530)۔۔۔سنن النسائی، کتاب القسامۃ (45) باب القود بین الاحرار والممالیک فی النفس (8) حدیث (4734)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مؤمن بكافر ولا ذو عهد فی عهده"[86] معلوم ہوا کہ اس حدیث کا تعلق خون سے ہے جو قصاصاً بہایا جائے عہد ذمہ کی وجہ سے، حرمت دم سے متعلق نہیں ہے۔[87]

اس کے بعد شیخؒ نے احناف کے دلائل بھی ذکر کیے اور قرآن سے اور پھر احادیث سے دلائل پیش کیے ہیں۔

دوم: مفتی صاحبؒ بعض اوقات علماء اور محدثین کے اقوال کے درمیان محاکمہ ذکر کردیتے ہیں اس لئے کہ ہر ایک کے مستقل دلائل ہوتے ہیں نیز ہر ایک کی رائے کو قابل عمل بنانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ تمام احادیث پر عمل ہو۔

مثال:"باب الصلوة من الإيمان "

امام بخاری اس حدیث کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے،

"حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ البَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَوَّلَ مَا قَدِمَ المَدِينَةَ نَزَلَ عَلَى أَجْدَادِهِ، أَوْ قَالَ أَخْوَالِهِ مِنَ الأَنْصَارِ، وَأَنَّهُ «صَلَّى قِبَلَ بَيْتِ المَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا، أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ تَكُونَ قِبْلَتُهُ قِبَلَ البَيْتِ، وَأَنَّهُ صَلَّى أَوَّلَ صَلاَةٍ صَلَّاهَا صَلاَةَ العَصْرِ، وَصَلَّى مَعَهُ قَوْمٌ» فَخَرَجَ رَجُلٌ مِمَّنْ صَلَّى مَعَهُ، فَمَرَّ عَلَى أَهْلِ مَسْجِدٍ وَهُمْ رَاكِعُونَ، فَقَالَ: أَشْهَدُ بِاللَّهِ لَقَدْ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ مَكَّةَ، فَدَارُوا كَمَا هُمْ قِبَلَ البَيْتِ، وَكَانَتِ اليَهُودُ قَدْ أَعْجَبَهُمْ إِذْ كَانَ يُصَلِّي قِبَلَ بَيْتِ المَقْدِسِ، وَأَهْلُ الكِتَابِ، فَلَمَّا وَلَّى وَجْهَهُ قِبَلَ البَيْتِ، أَنْكَرُوا ذَلِكَ. قَالَ زُهَيْرٌ: حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ البَرَاءِ فِي حَدِيثِهِ هَذَا: أَنَّهُ مَاتَ عَلَى القِبْلَةِ قَبْلَ أَنْ تُحَوَّلَ رِجَالٌ وَقُتِلُوا، فَلَمْ نَدْرِ مَا نَقُولُ فِيهِمْ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى: {وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ".[88]

ترجمہ: عمرو بن خالد، زہیر، ابواسحاق، براء بن عازب سے روایت ہے کہ نبی ﷺ (جب ہجرت کرکے) مدینہ تشریف لائے تو پہلے اپنے ننہال میں، جو انصار تھے، ان کے ہاں اترے اور آپ نے (مدینہ کے بعد) سولہ مہینے یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی، مگر آپ کو یہ اچھا معلوم ہوتا تھا کہ آپ کا قبلہ کعبہ کی طرف ہوجائے (چنانچہ ہوگیا) اور سب سے پہلی نماز جو آپ نے (کعبہ کی طرف) پڑھی عصر کی نماز تھی اور آپ کے ہمراہ کچھ لوگ نماز میں تھے ان میں سے ایک شخص نکلا اور کسی مسجد کے لوگوں پر اس کا گذر ہوا اور وہ (بیت المقدس کی طرف) نماز پڑھ رہے تھے، تو اس نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کو گواہ کرکے کہتا ہوں، میں نے رسول اللہ

---

86 سنن ابی داود، کتاب الدیات (38) باب ایقاد المسلم بالکافر (11) حدیث (4530)۔۔۔ سنن النسائی، کتاب القسامۃ (45) باب القود بین الاحرار والممالیک فی النفس (8) حدیث (4734)۔۔۔ ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامۃ الطحاوی، شرح معانی الاثار، عالم الکتب، طبعہ اولی 1994ء کتاب الجنایات (12) باب المومن یقتل الکافر معتمدا (6) حدیث (5043)

87 کشف الباری، کتاب العلم ج2، ص240۔

88 صحیح بخاری، کتاب الایمان (2) باب الصلاۃ من الایمان (29) حدیث (40)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ﷺ کے ہمراہ مکہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی ہے (یہ سنتے ہی) وہ لوگ جس حالت میں تھے، اسی حالت میں کعبہ کی طرف گھوم گئے اور جب آپ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے، یہود اور جملہ اہل کتاب بہت خوش تھے، مگر جب آپ نے اپنا منہ کعبہ کی طرف پھیر لیا تو یہ ان کو ناگوار ہوا، زہیر (جو اس حدیث کے ایک راوی ہیں) کہتے ہیں کہ ہم سے ابو اسحاق نے براء سے اس حدیث میں یہ نقل کیا کہ تحویل قبلہ سے پہلے اسی قدیم قبلہ پر کچھ لوگ مر چکے تھے، ہم یہ نہ سمجھ سکے کہ ان کے متعلق کیا خیال کیا جائے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت" وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ "[89] نازل فرمائی۔[90]

اس باب کے تحت حدیث میں مفتی صاحبؒ مدۃ الصلوۃ الی بیت المقدس" کے حوالے سے بحث کرتے ہیں۔ مختلف علماء کے اقوال نقل کرتے ہیں بعض فرماتے ہیں کہ آپ علیہ السلام نے بیت المقدس کی طرف سولہ مہینے نماز پڑھی اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ آپ علیہ السلام نے سترہ مہینے اور تین دن نماز پڑھی تھی اس دوران اپنے دلائل بھی پیش فرماتے ہیں۔

آخر میں سب کے درمیان محاکمہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ "وجه الجمع أن من آخذ من شهر القدوم ، وشهر التحويل شهراً ، (لان قدوم رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يوم الا ثنين لا ثنتى عشرة ليلة خلت من ربيع الاول وكان التحويل فى نصف رجب من السنة الثانية) وألقى الأيام الزائدة جزم بستتة عشر، ومن عدهما معاً جزم بسبعة عشر، ومن تردد فى ذالك شك، ويمكن أن يكون التردد بناء على التردد فى كون التحويل فى نصف رجب او نصف شعبان، فافهم" ترجمہ: ان کے درمیان اس طرح تطبیق ممکن ہے کہ جو شہر قدوم اور شہر تحویل میں سے لیتے ہیں اور زائد دنوں کو چھوڑ دیتے ہیں تو ان کے ہاں یہ سولہ مہینے ہیں ،اور جو دونوں کو شمار کرتے ہیں تو وہ سترہ ماہ کی بات کرتے ہیں، او جنہوں نے اس میں تردد کیا تو یہ شک کی بنیاد پر کیا ہے۔ اور شائد یہ تردد نصف رجب یا نصف شعبان میں تحویل کی وجہ سے ہو۔ تو اس اسلوب سے مفتی صاحبؒ علماء کے اقوال کے درمیان محاکمہ فرمایا ہیں۔[91]

اسی طرح شیخ صاحبؒ بھی علماء اور محدثین کے اقوال کے درمیان محاکمہ ذکر کر دیتے ہیں اس لئے کہ ایک مذہب پر مستقل دلائل ہوتے ہیں اس لئے آپؒ ان کے درمیان محاکمہ کرکے ہر ایک کے مذہب کو قابل عمل بناتے ہیں تاکہ تمام احادیث پر عمل ہو جائے۔

مثال:" باب ومن يقتل مؤمنا متعمداً فجزائه جهنم"

اس باب کے تحت یہ حدیث مذکور ہے،

---

89 سورۃ البقرۃ 2: 143۔

90 صحیح بخاری مترجم کتاب الایمان، حدیث 39، ج 1، ص 113۔

91 ہدایۃ القاری، کتاب الایمان " باب الصلوة من الإيمان "ص 281۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

"حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مُغِيرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، قَالَ: آيَةٌ اخْتَلَفَ فِيهَا أَهْلُ الكُوفَةِ، فَرَحَلْتُ فِيهَا إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ: " نَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ: وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ هِيَ آخِرُ مَا نَزَلَ، وَمَا نَسَخَهَا شَيْءٌ".[92]

ترجمہ: آدم بن ابی ایاس، شعبہ، مغیرہ بن نعمان، حضرت سعید بن جبیر سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بیان کیا کہ اہل کوفہ کو اس آیت کے حکم میں اختلاف تھا کیونکہ بعض اسے منسوخ اور بعض غیر منسوخ مانتے تھے لہٰذا میں نے اس بات کو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ آیت یعنی "ومن یقتل مؤمنا متعمدا فجزا ؤہ جھنم "...الخ قتل وغیرہ کے متعلق سب سے آخر میں نازل ہوئی تھی اور منسوخ نہیں ہے۔[93]

اس باب میں حدیث کی تحت تشریح کرتے ہوئے شیخ صاحبؒ فرماتے ہیں: کیا قاتل کی توبہ قبول ہوگی یا نہیں؟: اس میں اہل علم کا اختلاف ہے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے ایک روایت مروی ہے کہ اس کی توبہ قبول نہیں ہوگی حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ، اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی یہ قول مروی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس کی توبہ قبول ہوگی یہ بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ علامہ قرطبیؒ نے اسی کو اہل سنت کا صحیح مذہب قرار دیا ہے علامہ عینیؒ فرماتے ہیں "واجمع المسلمون علی صحة توبة القاتل عمدا" سفیان بن عیینہؒ فرماتے ہیں کہ اہل علم سے ابتلاء سے پہلے جب اس کے بارے میں پوچھا جاتا ہے مثلاً کوئی شخص کہتا ہے کہ اگر میں ایسا کروں تو کیا ہوگا تو وہ کہتے ہیں کہ توبہ قبول نہیں ہوگی اور ان کا مقصد اس شخص کو اس ارادے سے باز رکھنا ہوتا ہے لیکن جب کوئی آدمی مبتلا ہو جائے اور قتل کر لے تو پھر قاتل سے کہتے ہیں کہ توبہ کرو۔

قاضی ثناءاللہ رحمہ اللہ نے تفسیر مظہری میں اہل علم کے مذکورہ دونوں اقوال میں تطبیق دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ "ان قتل العمد جناية له فی حق العبد و جناية علی حق الله تعالی فقولهم : لا توبة له ، معناه لا توبة له فی حق العبد ، وفيه القصاص لا محالة ، اما فی الدنيا أو فی الاخرة واما قول العلماء بقبول التوبة فمعناه تفيد التوبة الستدراك حق الله تعالی". کہ ترجمہ: قتل عمد حق اللہ اور حق العبد میں حق تلفی ہے اور علماء کی یہ بات کہ توبہ قبول ہیں ہوگی تو اس کا مطلب یہ حق العبد اس کی توبہ قبول یہ ہوگی کیونکہ اس میں قصاص ہے چاہے دنیا میں ہو یا آخرت میں، اور جو علماء قبول توبہ کے قائل ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ توبہ فائدہ دے گی حق اللہ میں۔[94]

---

92 صحیح بخاری، کتاب التفسیر (65) باب ومن یقتل مؤمنا متعمداً فجزاءہ جھنم، (93) سورۃ النساء 39، حدیث (4590)

93 صحیح بخاری مترجم کتاب التفسیر، حدیث 1703، ج2، ص828۔

94 کشف الباری، کتاب التفسیر، "باب ومن يقتل مؤمنا متعمداً فجزائه جهنم" ص158۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نیز بسا اوقات شیخ صاحبؒ دلائل کے تجزیہ میں جب دیکھتے ہیں کہ جمہور کے مقابلے میں بعض لوگوں کے دلائل زیادہ قوی ہیں تو اس مقام پر آپؒ باقی علماء کی طرح اس چیز پر زور نہیں دیتے کہ کسی طرح جمہور کے مذہب کو ثابت کرنے کے لئے ان دلائل کا جواب دیا جائے بلکہ دونوں کے دلائل ذکر کرنے کے بعد ان دونوں کے اقوال کے درمیان تطبیق کا طریقہ اختیار کرتے ہیں تاکہ ہر دو اطراف والی احادیث پر عمل ہو جائے۔

مثال:"باب قول النبی صلی الله علیه وسلم قوموا إلی سیدکم"

امام بخاری نے اس باب کے تحت یہ حدیث ذکر فرمائی ہے،

"حَدَّثَنَا أَبُو الوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ: أَنَّ أَهْلَ قُرَيْظَةَ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِ سَعْدٍ، فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِ فَجَاءَ، فَقَالَ: " قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ أَوْ قَالَ: خَيْرِكُمْ " فَقَعَدَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: «هَؤُلاَءِ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِكَ» قَالَ: فَإِنِّي أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَتُسْبَى ذَرَارِيُّهُمْ، فَقَالَ: «لَقَدْ حَكَمْتَ بِمَا حَكَمَ بِهِ المَلِكُ» قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ: أَفْهَمَنِي بَعْضُ أَصْحَابِي، عَنْ أَبِي الوَلِيدِ، مِنْ قَوْلِ أَبِي سَعِيدٍ: «إِلَى حُكْمِكَ» ".[95]

ترجمہ: ابوالولید، شعبہ، سعد، بن ابراہیم، ابوامامہ بن سہل بن حنیف ابوسعید ؓ سے روایت کرتے ہیں کہ اہل قریظہ سعد کے حکم پر اترے (یعنی سعد ؓ کا فیصلہ ہمیں منظور ہوگا) تو نبی ﷺ نے سعد کو بلا بھیجا وہ آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے سردار کیلئے کھڑے ہو جاؤ، راوی کو شک ہے کہ آپ نے "قوموا الی سیدکم یا قوموا الی خیرکم" فرمایا آپ نے فرمایا یہ تمہارے فیصلے پر راضی ہو گئے ہیں۔ سعد ؓ نے کہا میں یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ اس میں جنگ کرنے والے قتل کئے جائیں اور ان کی اولاد قید کر لی جائے نبی ﷺ نے فرمایا کہ تم نے وہی فیصلہ کیا جو اللہ کا حکم ہے، ابو عبداللہ (بخاری) کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے بعض ساتھیوں نے بواسطہ ابوالولید ابوسعید کا قول (بجائے نزلوا علی حکمک) کے نزلوا علی حکمک نقل کیا۔[96]

اس باب میں حدیث کے تحت شیخ صاحبؒ نے قیام تعظیمی کے حکم میں اختلاف کو ذکر کیا ہے اور فرماتے ہیں کہ صرف ایک صورت میں قیام تعظیمی کے حکم میں اختلاف ہے اور وہ یہ ہے کہ آنے والے آدمی کے اکرام میں کوئی آدمی کھڑا ہوتا ہے اور آنے والے کے دل میں نہ اپنے لئے اس قیام تعظیمی کی خواہش ہے اور نہ تمنا۔ اس صورت میں علماء کا اختلاف ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک یہ جائز ہے لیکن یہ اجازت دو شرطوں کے ساتھ مشروط ہے ایک یہ کہ جس کے لئے کھڑے ہو رہے ہیں اس کے دل میں یہ طلب نہ ہو کہ لوگ اس

---

95 صحیح بخاری، کتاب الاستئذان (79) باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم قوموا الی سید کم (26) حدیث (6262)

96 صحیح بخاری مترجم کتاب الاستئذان، حدیث 1199، ج 2، ص 499۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے لئے کھڑے ہوں۔دوسری شرط یہ ہے کہ کھڑے ہونے والے کے دل میں اس اکرام کاداعیہ ہو اگر دل میں اس کے اکرام کا داعیہ نہیں محض ریاء کی بناء پر کھڑا ہو رہا ہے تو جائز نہیں۔بعض حضرات اس قیام کو ناجائز کہتے ہیں اور وہ مندرجہ ذیل احادیث سے استدلال کرتے ہیں۔طبرانی میں حضرت انسؓ کی حدیث ہے "انما هلك من كان قبلكم فانهم عظموا ملو كهم بأن قاموا، وهم قعود "یعنی تم سے پہلے لوگ صرف اس لئے ہلاک ہوئے کہ وہ اپنے بادشاہوں کی اس طرح تعظیم کرتے تھے کہ لوگ کھڑے رہتے اور بادشاہ بیٹھے رہتے۔

سنن ابی داؤد میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے " فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَمْثُلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ " [97]یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ لوگ اس کے لئے کھڑے رہیں تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔حضرت ابوامامہ کی حدیث ہے "لَا تَقُومُوا كَمَا تَقُومُ الْأَعَاجِمُ، يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا "[98]یعنی حضور ﷺ عصا کے سہارے ہماری طرف باہر نکلے تو ہم آپ کے لئے کھڑے ہو گئے تو آپ نے فرمایا تم کھڑے مت ہوا کرو جس طرح عجمی ایک دوسرے کے لئے کھڑے ہوتے ہیں۔

اس کے بعد شیخؒ نے ان کے جوابات ذکر کیے ہیں جو جمہور کی طرف سے دیے گئے ہیں ۔فرماتے ہیں۔لیکن جمہور کہتے ہیں کہ ان احادیث سے قیام تعظیمی کی جواز والی صورت مراد نہیں۔دوسری صورتیں مراد ہیں حدیث باب میں حضور ﷺ کا قول ہے "قوموا الى سيدكم "[99]اس سے صاف جواز معلوم ہوتا ہے۔اس جواب کا بھی جواب ہے جو مانعین کی طرف سے دیا گیا ہے اس کو ذکر کرتے ہوئے شیخؒ لکھتے ہیں۔مانعین اس حدیث کے بارے میں کہتے ہیں کہ قیام کا یہ حکم تعظیم و اکرام کے لئے نہیں تھا بلکہ اعانت کے لئے تھا

---

97 "حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، قَالَ: خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ، وَابْنِ عَامِرٍ فَقَامَ ابْنُ عَامِرٍ وَجَلَسَ ابْنُ الزُّبَيْرِ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لِابْنِ عَامِرٍ: اجْلِسْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَمْثُلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ» "سنن ابی داود، کتاب الادب (40) ابواب النوم، باب فی قیام الرجل للرجل، حدیث (5229)

محقق ناصرالدین البانیؒ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔(نفس مصدر)

98 " حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ، عَنْ أَبِي الْعَدَبَّسِ، عَنْ أَبِي مَرْزُوقٍ، عَنْ أَبِي غَالِبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَكِّئًا عَلَى عَصًا فَقُمْنَا إِلَيْهِ فَقَالَ: «لَا تَقُومُوا كَمَا تَقُومُ الْأَعَاجِمُ، يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا»

"سنن ابی داود، کتاب الادب (40) ابواب النوم، باب فی قیام الرجل للرجل، حدیث (5230)

شیخ ناصرالدین البانیؒ نے اس حدیث کے متعلق اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے: ضعيف لكن النهي عن فعل فارس في م(نفس مصدر)

99 صحیح بخاری، کتاب الاستئذان (79) باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم قوموا الی سیدکم (26) حدیث (6262)

toobaa-elibrary.blogspot.com

چونکہ حضرت سعد بن معاذ زخمی تھے تو انہیں سواری سے اترنے میں مدد دینے کے لئے حضور ﷺ نے قیام کا حکم دیا۔ چنانچہ مسند احمد میں حضرت عائشہؓ کی حدیث میں اس کی صراحت ہے اس میں ہے "قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ فَأَنْزِلُوهُ ".[100]

آخر میں شیخ رحمہ اللہ علامہ قسطلانیؒ کی عبارت لا کر ان مذاہب میں تطبیق کرتے ہیں اور لکھتے ہیں "عن أبي الوليد بن رشد، أن القيام على أربعة أوجه: الأول محظور، وهو أن يقع لمن يريد أن يقام له تكبراً أو تعاظماً على القائمين إليه، والثانى مكروه، وهو أن يقع لمن لا يتكبر ولا يتعاظم على القائمين، ولكن يخشى أن يدخل تفسه لسبب ذلك ما يحذر، ولما فيه من التشبه بالجبابرة، والثالث جائز، وهو أن يقع على سبيل البر والإكرام لمن لا يريد ذلك، ويؤمن معه التشبه بالجبابرة والرابع مندوب، وهو أن يقوم لمن قدم من سفر ، فرحاً بقدومه، يسلم عليه، أو إلى من تجددت له نعمة فيهنئه بحصو لها، أو مصيبة فيعزيه بسببها، أو الحكم فى محل ولايته كما دل عليه قصة سعد فانه لما استقدمه النبى صلى الله عليه وسلم حاكما فى بنى قريظة فرأه مقبلا قال قوموا الى سيدكم وما ذالك الا ليكون أنفذ لحكمه فاما اتخاذه ديدنا فمن شعار العجم وقد جاء فى السنن أنه لم يكن احب اليهم من رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان اذا جاء لا يقومون له لما يعلمون من كراهيته لذلك".

یعنی ابوالولید بن رشد کہتے ہیں کہ قیام چار طرح کا ہوتا ہے۔

1. **ممنوع:** وہ متکبر شخص جو یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی تعظیم کے لئے کھڑے ہوں اس کے لئے کھڑا ہونا ممنوع ہے۔
2. **مکروہ:** وہ شخص جو متکبر تو نہیں ہے البتہ اسے یہ خدشہ ہو کہ اس سے اس کے دل میں بڑائی وغیرہ کی برائی پیدا ہو جائے گی تو اس کے لئے کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ نیز یہ اس وقت بھی مکروہ ہے جب متکبرین کے ساتھ مشابہت کا اندیشہ ہو۔
3. **جائز:** جو شخص تعظیم واکرام کا خواہاں نہ ہو نیز متکبرین کے ساتھ مشابہت کا بھی اندیشہ نہ ہو تو اس کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے۔
4. **مندوب:** جیسے کوئی شخص سفر سے آئے تو اس کے آنے کی خواشی میں کھڑا ہونا تاکہ اسے سلام کیا جائے یا جس کو کوئی نعمت حاصل ہوگی ہو تو اس کے حصول پر اسے مبارک باد دینے کے لئے کھڑا ہونا یا کسی مصیبت و آفت پر تعزیت کرنے کے لئے کھڑا ہونا یا حاکم کے لئے اس کے محل ولایت میں کھڑا ہونا مندوب ہے جیسا کہ حضرت سعد کے قصہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے انہیں بنی قریظہ میں حاکم مقرر کیا اور بلایا جب حضور ﷺ نے انہیں آتے دیکھا تو فرمایا "اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو

---

100 ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن حنبل بن ، مسند امام احمد بن حنبل، موسسۃ الرسالۃ 2001ء ،مسند النساء، مسند الصدیقۃ عائشۃ بنت صدیق رضی اللہ عنہ، جزء42،ص29،حدیث25097۔

قال أبو سعيد- وهو الخدري-: فلما **طلع على رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "قوموا إلى سيدكم فأنزلوه ... " إلى قوله: "لقد حكمت فيهم بحكم الله عز وجل"**. أخرجه البخاري (4121) ، ومسلم (1768) دون قول عمر: سيدنا الله عز وجل، وسلف برقم (11168)

toobaa-elibrary.blogspot.com

جاؤ" اور حضور ﷺ نے ایسا صرف اس لئے کیا تاکہ ان کی حاکمیت نافذ ہو جائے۔ رہا اس کو عادت اور طریقہ بنا لینا تو یہ عجمیوں کا شعار ہے۔ سنن کی حدیث ہے کہ صحابہ کو حضور ﷺ سے زیادہ محبوب کوئی نہیں تھا اور حضور ﷺ جب تشریف لاتے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین حضور ﷺ کے لئے کھڑے ہوتے تھے کیونکہ نہیں معلوم تھا کہ حضور ﷺ اس کو پسند نہیں فرماتے[101]۔

101 کشف الباری، کتاب الاستئذان، ج13، ص94- 98۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقابلی جائزہ

فصل کے اختتام پر ہم دونوں شارحینؒ کے درمیان ایک مختصر تقابلی جائزہ پیش کرتے ہیں تاکہ دونوں شارحین کا اسلوب صحیح طور پر واضح ہو جائے۔

دونوں شارحینؒ کا منہج مختلف ہے اور اپنے اپنے انداز سے فقہاء و محدثین کے اقوال و دلائل کا تجزیہ فرمایا ہیں۔ مفتی صاحبؒ نے بعض ابواب میں احادیث کے تحت بعض فقہی مسائل پر ضمناً بحث کی ہے اور حتی الامکان ان میں فقہاء اور محدثین کے اقوال نقل کر کے اس میں تجزیہ فرمایا ہے نیز بعض اوقات فقہاء اور محدثین کے اقوال کے درمیان محاکمہ بھی فرمایا ہے حسبِ سابق شیخ صاحبؒ نے بھی اس فصل میں بھی فقہاء اور محدثین کے اقوال اور دلائل کا جائزہ لیا ہے۔ تمام متعلقات پر اچھی طرح تفصیلاً بحث فرمائی ہے نیز علماء کے اقوال و دلائل ذکر کرنے کا خاص اہتمام فرمایا ہے۔

مختصر یہ کہ مفتی صاحبؒ نے اس فصل میں مختصر انداز میں بحث فرمائی ہے جب کہ شیخ صاحبؒ نے تفصیلاً بحث فرمائی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاصہ باب

زیر تحقیق بحث کا آخری باب فقہ الحدیث میں دونوں شیوخؒ کے منہج کے عنوان سے ہے۔اس باب میں کل تین فصول ہیں۔ فصل اول دونوں شیوخؒ کے احکام کے استنباط میں منہج کے بارے میں ہے۔دوسرا فصل فقہی مذاہب کے بیان کرنے میں منہج کے حوالے سے ہے۔اور تیسرا فصل فقہا و محدثین کے اقوال و دلائل کے تجزیے میں دونوں شیوخؒ کے منہج سے متعلق ہے۔

دراصل مفتی صاحب ؒکی ایک شرح منہاج السنن علی جامع السنن جامع ترمذی کی شرح ہے عربی زبان میں ہے جو تین جلدوں میں ہے۔آپؒ نے اس شرح میں مکمل فقہی انداز اپنایا ہے ۔ تمام فقہی احکام و مسائل پر بڑی تفصیل کے ساتھ بحث فرمائی ہے۔ دوسری شرح ہدایۃ القاری جو زیرِ تحقیق ہے اس میں بھی فقہی احکام و مسائل پر خوب بحث فرماتے ہیں بعض اوقات فقہاء کے اقوال اور دلائل بھی ذکر فرماتے ہیں۔نیز مختلف مذاہب کا ذکر بھی فرمایا ہے اور علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل ذکر کر کے ان کے درمیان محاکمہ بھی فرمایا ہے۔

اسکے برعکس حضرت شیخؒ کی شرح "کشف الباری عما فی صحیح البخاری" انتہائی مفصل شرح ہے جس کی وجہ سے یہاں انہوں نے ہر پہلو پر مفصل بحث فرمائی ہے خصوصاً فقہی احکام و مسائل پر بڑی تفصیل سے گفتگو فرمائی ہے ۔ فقہاء معروف وغیر معروف تمام کے اقوال اور دلائل ذکر کیے ہیں۔فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل کا خوب جائزہ لیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاصۃ البحث

صحیح بخاری محمد بن اسماعیل البخاری کی تصنیف ہے۔ جس طرح قرآن کریم کی تفاسیر لکھنے کا کام ہر زمانے میں جاری رہا ہے اسی طرح بخاری کی شروح کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ فتح الباری حافظ شہاب الدین احمد بن حجر العسقلانیؒ کی شرح ہے۔ آپؒ کی تصانیف میں جو مقام اس کو حاصل ہے وہ کسی اور کو حاصل نہیں، جس کی نسبت "لا ہجرۃ بعد الفتح" مشہور ہے۔ عمدۃ القاری حافظ بدر الدین محمود بن احمد العینی القاہریؒ کی تصنیف ہے۔ آپ کی تصنیفات میں اس کو سب سے اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ صاحب کشف الظنون کا کہنا ہے کہ یہ دَین فتح الباری اور عمدۃ القاری دونوں شرحوں سے ہی ادا ہوا ہے۔ فیض الباری مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ کی تصنیف ہے۔ یہ آپؒ کے تصانیف میں سے ایک مایہ ناز تصنیف ہے۔ جہاں حافظ عینیؒ اور حافظ ابن حجرؒ جیسے بلند پایہ محقق شارحین عاجز آگئے ہیں۔ وہاں شیخ کشمیری کے خصائص و کمالات جلوہ آرا نظر آئیں گے۔ ارشاد الساری علامہ احمد بن محمد القسطلانی کی مایہ ناز شرح ہے یہ فتح الباری، کرمانی اور دیگر بڑی شروح کی تلخیص ہے۔ درس بخاری شرح صحیح بخاری مفتی نظام الدین شامزئیؒ کی شرح ہے، مختلف زبانوں میں بخاری کی شروح میں سے مشت از خروارے ہے۔

مولانا مفتی محمد فرید صاحبؒ (1926ء- 2011ء) خیبر پختون خواہ کے ضلع صوابی بمقام "زروبی" پیدا ہوئے۔ آپ کے اساتذہ میں سے آپ کے والد بزرگوار، مولانا خان بہادر المعروف بہ مار تونگ باباؒ جی، حضرت مولانا عبدالرزاق صاحبؒ عرف شاہ منصور باباجیؒ ہیں جبکہ احادیث شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتویؒ سے پڑھیں۔ آپؒ مولانا خواجہ عبدالمالک صدیقیؒ کے خلیفہ مجاز تھے۔ فراغت کے بعد آپؒ نے اپنے گاؤں زروبی میں اپنے آباؤاجداد کی درسگاہ، جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک، دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ اور آخر میں دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک جیسے اداروں میں دینی و علمی خدمات انجام دیئے۔ مفتی صاحبؒ کے شاگرد اور مریدین لاکھوں میں ہیں، جبکہ خلفاء کی تعداد تقریبا بائیس سو ہیں۔ 9 اکتوبر 1996ء کو نماز فجر پڑھتے وقت آپؒ پر فالج کا حملہ ہوا جو 9 جولائی 2011ء کو آپ کی سفر آخرت کا سبب بنا۔ آپؒ کی تصانیف میں سے "ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری" ہے جو ایک جلد میں ہے جو تقریبا 400 سو صفحات پر مشتمل ہے، اور اہم حدیثی اور فقہی مباحث پر مشتمل ایک جامع شرح ہے۔ اسی طرح منہاج السنن اور فتح المنعم وغیرہ شامل ہیں۔

مولانا شیخ سلیم اللہ خان صاحبؒ (دسمبر 1926ء-14 جنوری 2017) ہندوستان کے ضلع مظفر نگر کے مشہور قصبہ حسن پور لوہاری کے ایک معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق خیبر پختون خواہ کے خیبر ایجنسی کے آفریدی پٹھانوں کے ایک خاندان ملک دین خیل سے ہے۔ آپؒ کے اساتذہ میں سے مولانا سید حسین احمد مدنیؒ، حضرت مولانا اعزاز علی صاحبؒ، مولانا محمد ادریس

toobaa-elibrary.blogspot.com

کاندھلوی ؒ، مولانا عبد الخالق ملتانیؒ، مولانا عبد الحق صاحب ؒ (بانی جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک) اور مولانا مسیح اللہ خان صاحب ؒ وغیرہ تھے۔ دارالعلوم دیوبند سے فراغت کے بعد مفتاح العلوم جلال آباد (انڈیا)، دارالعلوم اسلامیہ ٹنڈوالہ یار (سندھ)، دارالعلوم کراچی، جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن اور آخر میں اپنے قائم کردہ مدرسہ 1967ء جامعہ فاروقیہ کراچی میں دینی و علمی خدمات انجام دیتے رہے۔ آپ ؒ حضرت مولانا فقیر محمد صاحب ؒ پشاوری کے خلیفہ مجاز تھے۔ آپ کی تصنیفات میں سے کشف الباری عمافی صحیح البخاری زیادہ نمایاں ہے۔ وفاق المدارس العربیہ کی طویل عرصہ تک صدارت کے ذمہ داری اور شاندار خدمات کے اعتراف میں 2004ء سعودی حکومت نے وفاق المدارس کو "خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ" سے نوازا۔ کشف الباری شیخؒ کے تقریری افادات پر مشتمل مرتب و محقق وہ لاثانی مجموعہ ہے جس کے تمام معاصر علماء معترف ہیں۔

مفتی صاحب ؒ نے عام طور پر ترجمۃ الباب کی مختصر تشریح فرمائی ہے، ترجمۃ الباب کی تشریح کرتے ہوئے یہ وضاحت نہیں فرمائی کہ ترجمۃ الباب کو میں نے کس کتاب سے اخذ کیا ہے۔ اگر ترجمۃ الباب میں نسخوں کا اختلاف ہو تو بعض اوقات اس کی نشاندہی فرمائی ہے۔ سابقہ شروح بخاری یا تراجم بخاری کا حوالہ کبھی کبھار دیا ہے۔ عموما سابقہ ابواب کے ساتھ ربط و مناسبت بیان فرمایا ہے لیکن مابعد کے ساتھ ربط بہت کم بیان فرمایا ہے۔ جبکہ شیخ صاحب ؒ نے ترجمۃ الباب کی مکمل تفصیل ذکر فرمائی ہے۔ شیخؒ نے اس بات کی بھی نشاندہی فرمائی ہے کہ ترجمۃ الباب کو میں نے فلاں کتاب سے اخذ کیا ہے۔ اگر ترجمۃ الباب کے نسخوں میں اختلاف ہو تو ان نسخوں کا حوالہ بھی دیا ہے۔ عموما سابقہ ابواب کے ساتھ تراجم کی مناسبت ذکر کی ہے نیز بعض اوقات ترجمۃ الباب کا ماقبل اور مابعد دونوں کے ساتھ مناسبت بھی ذکر فرمائی ہے۔ مفتی صاحب ؒ نے حدیث کا ترجمہ الباب کے ساتھ ربط و مناسبت ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے لیکن یہ تشریح بہت جامع مختصر ہوتی ہے۔ جبکہ شیخ صاحب ؒ نے ربط حدیث کے متعلق تفصیلی اور مدلل بحث کی ہے۔ عموماً جب اقوال ذکر فرمائے ہے تو ان کے نشاندہی بھی فرمائی ہے۔ مفتی صاحب ؒ نے متشابہ تراجم کے جتنے بھی اجزاء اور متعلقات ہیں سب پر مثالوں کے ساتھ مختصر بحث کی ہے۔ جبکہ شیخ صاحب ؒ نے تفصیل سے کام لیا ہے۔ مفتی صاحب ؒ نے شرحِ حدیث میں سندِ حدیث اور متنِ حدیث کے تمام متعلقات پر مختصرا بحث کرتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء اور دلائل کم ذکر کی ہے۔ جبکہ شیخ صاحب ؒ نے شرحِ حدیث فرماتے ہوئے تمام پہلوؤں پر سہل انداز میں تفصیلی بحث فرماتے ہوئے فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء اور دلائل اور اشکالات کے جوابا تفصیلا ذکر کیے ہیں۔

مفتی صاحب نے حدیث کی سند میں رواۃ کا واضح انداز میں تعارف ذکر فرمایا ہے۔ جبکہ شیخ صاحب ؒ نے رواۃ کا تفصیلا تعارف پیش فرمایا ہے۔ نیز علماء کے اقوال اور ان کی کتابوں کے حوالے دینے کا تفصیلی اہتمام فرمایا ہے۔ مفتی صاحب ؒ کا متکلم فیہ رواۃ پر اس شرح میں کوئی بحث موجود نہیں ہے لیکن بقول ان کے ایک شاگرد کے کہ دوران درس متکلم فیہ رواۃ پر بحث فرماتے تھے۔ اس کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

برعکس شیخؒ نے رواۃ اوران کے اساتذہ کا تعارف پیش کیا ہے اس کے بعد لوگوں نے جو کلام کیا ہے اس کو نقل کرکے اس پر ہونے والے تمام اعتراضات کا مدلل طریقے سے جواب دیا ہے۔ مفتی صاحبؒ نے اپنی شرح ہدایۃ القاری میں تحویل، معلقات اور موقوفات پر ایک جامع اور مختصر انداز میں بحث کی ہے بعض مقامات پر علماء کے اقوال اور کتابوں کے حوالے بھی دیے ہیں۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے ان تینوں پر بالاستیعاب مدلل اور تفصلا بحث کی ہے۔ مفتی صاحبؒ نے چوتھے فصل میں براعت الاختتام پر بحث کرتے ہوئے علماء کے اقوال اور دلائل ذکر کیے ہیں۔جبکہ شیخ صاحبؒ نے اس فصل میں براعت الاختتام دونوں پر علماء کے اقوال اور دلائل اور مثالوں کے ساتھ بحث فرمائی ہے۔

مفتی صاحب ؒ نے تیسرے فصل میں فقہی احکام و مسائل پر خوب بحث فرماتے ہیں بعض اوقات فقہاء کے اقوال اور دلائل بھی ذکر فرماتے ہیں۔ نیز مختلف مذاہب کا ذکر کرتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل ذکر کرکے ان کے درمیان محاکمہ بھی فرمایا ہے۔ اسکے برعکس حضرت شیخؒ نے ہر پہلو پر بحث فرمائی ہے خصوصاً فقہی احکام و مسائل پر تفصیل سے گفتگو فرمائی ہے ۔ فقہاء معروف وغیر معروف تمام کے اقوال اور دلائل ذکر کیے ہیں۔فقہاء اور محدثین کے اقوال ودلائل کے درمیان محاکمہ فرماتے ہوئے خوب جائزہ لیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نتائج البحث

1. مفتی محمد فرید صاحبؒ نے عام طور پر ترجمۃ الباب کی مختصر تشریح فرمائی ہے، ترجمۃ الباب کی تشریح کرتے ہوئے یہ وضاحت نہیں فرمائی کہ ترجمۃ الباب کو میں نے کس کتاب سے اخذ کیا ہے۔ اگر ترجمۃ الباب میں نسخوں کا اختلاف ہو تو بعض اوقات اس کی نشاندہی فرمائی ہے۔ بعض مقامات پر سابقہ شروح بخاری یا تراجم بخاری کا حوالہ دیا ہے۔ عموما سابقہ ابواب کے ساتھ ربط و مناسبت بیان فرمایا ہے لیکن مابعد کے ساتھ ربط بہت کم بیان فرمایا ہے۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے ترجمۃ الباب کی مکمل تفصیل ذکر فرمائی ہے۔ شیخؒ نے اس بات کی بھی نشاندہی فرمائی ہے کہ ترجمۃ الباب کو میں نے فلاں کتاب سے اخذ کیا ہے۔ اگر ترجمۃ الباب کے نسخوں میں اختلاف ہو تو ان نسخوں کا حوالہ بھی دیا ہے۔ عموما سابقہ ابواب کے ساتھ تراجم کی مناسبت ذکر کی ہے نیز بعض اوقات ترجمۃ الباب کا ماقبل اور مابعد دونوں کے ساتھ مناسبت بھی ذکر فرمائی ہے۔
2. مفتی صاحبؒ نے حدیث کا ترجمہ الباب کے ساتھ ربط و مناسبت ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے لیکن یہ تشریح بہت جامع اور مختصر ہوتی ہے۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے ربط حدیث کے متعلق تفصیلی بحث کی ہے۔ عموماً جب اقوال ذکر فرمائے ہے تو ان کے نشاندہی بھی فرمائی ہے۔
3. مفتی صاحبؒ نے متشابہ تراجم کے جتنے بھی اجزاء اور متعلقات ہیں سب پر مثالوں کے ساتھ مختصر بحث کی ہے۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے تفصیل سے کام لیا ہے۔
4. مفتی صاحبؒ نے شرحِ حدیث میں سندِ حدیث اور متنِ حدیث کے تمام متعلقات پر مختصراً بحث کرتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء اور دلائل ذکر کی ہے۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے شرحِ حدیث فرماتے ہوئے تمام پہلوؤں پر سہل انداز میں بحث فرماتے ہوئے فقہاء اور محدثین کے اقوال، آراء اور دلائل اور اشکالات کے جوابات تفصیلا ذکر کیے ہیں۔
5. مفتی صاحب نے حدیث کی سند میں رواۃ کا واضح انداز میں تعارف ذکر فرمایا ہے۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے رواۃ کا تعارف ذکر کرتے ہوئے علماء کے اقوال اور ان کی کتابوں کے حوالے دینے کا تفصیلی اہتمام فرمایا ہے۔
6. مفتی صاحبؒ نے اپنی شرح ہدایۃ القاری میں تحویل، معلقات اور موقوفات پر ایک جامع اور مختصر انداز میں بحث کی ہے بعض مقامات پر علماء کے اقوال اور کتابوں کے حوالے بھی دیئے ہیں۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے ان تینوں پر بالاستیعاب بحث کی ہے۔
7. مفتی صاحبؒ نے براعت الاختتام پر بحث کرتے ہوئے علماء کے اقوال اور دلائل ذکر کیے ہیں۔ جبکہ شیخ صاحبؒ نے بھی براعت الاختتام پر علماء کے اقوال اور دلائل کے ساتھ بحث فرمائی ہے ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفتی صاحب فقہی احکام و مسائل پر خوب بحث فرماتے ہیں بعض اوقات فقہاء کے اقوال اور دلائل پر بحث فرماتے ہوئے علماء، فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل ذکر کرکے ان کے درمیان محاکمہ بھی فرمایا ہے ۔ جبکہ حضرت شیخؒ نے فقہی احکام و مسائل پر تفصیل سے گفتگو کرتے ہوئے فقہاء معروف وغیر معروف، فقہاء اور محدثین کے اقوال و دلائل ذکر کرکے ان کے درمیان محاکمہ بھی فرمایا ہے۔ نیز علماء کی نشاندہی بھی فرمائی ہے کہ یہ فلاں کا قول ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تجاویز، سفارشات اور تحقیق کے نئے زاویے

اس تحقیقی بحث کے نتیجے میں علوم اسلامیہ کے محققین کے لئے درج ذیل تجاویز اور سفارشات پیش کی جاتی ہیں۔

1. جن مسائل میں مفتی محمد فریدؒ اور شیخ سلیم اللہ خانؒ نے اپنی آراء کا اظہار کیا ہے ان آراء کو یکجا کر کے ان کا اگر علمی جائزہ پیش کیا جائے تو یہ لائبریری میں ایک علمی اضافہ ہو گا۔ نیز جن احادیث پر مفتی صاحب نے صحت یا ضعف کا حکم لگایا ہے یا مفتی صاحب جب تشریح الحدیث بالحدیث کرتے ہیں تو حسب ضرورت حدیث کا ایک ٹکڑا ذکر کرتے ہیں اور بعض اوقات صرف کتاب کا نام اور راوی کا نام ذکر کرتے ہیں۔ لہذا ان کی تخریج بھی ضروری ہے۔
2. مفتی صاحب نے اپنی شرح میں مختلف مسائل کے ضمن میں علم حدیث سے متعلق بہت سے قواعد اور اصول بیان کیے ہیں، لہذا ضروری ہے کہ ان اصول و قواعد کو تلاش کر کے انہیں علیحدہ شائع کیا جائے تو یہ علمی کام تخصص فی الحدیث کے طلباء کے لئے فائدہ مند ہو گا۔
3. طلباء کو کشف الباری اور ہدایۃ القاری کا دوسرے شروحات کے ساتھ بھی تقابلی انداز میں تحقیقی کام دے دینا چاہیے تا کہ شارحین بخاری کے علمی خدمات اجاگر ہو سکیں اور طلباء حدیث اور اہل علم اس سے استفادہ کر سکیں۔
4. دونوں شیوخ کے باقی تصنیفات پر بھی ایم۔ افل یا پی ایچ۔ ڈی لیول کا تحقیقی کام دے دیا جائے تا کہ اہل علم ان کے علمی کام سے مستفید ہو سکیں۔
5. طلباء کو مختلف فقہی مذاہب اور مسالک کی شروحات پر تقابلی انداز میں تحقیقی کام دینا چاہیے تا کہ طلباء کے درمیان وسعت نظری، ہم آہنگی اور رواداری کی فضاء قائم ہو سکیں اور وسعت مطالعہ بھی پیدا ہو سکیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فنی فہارس

فہرس آیات قرآنیہ

فہرس احادیث

فہرس اعلام

فہرس بلاد واماکن

فہرس مصادر ومراجع

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس آیات قرآنیہ

نمبر شمار	آیت مبارکہ	صفحہ نمبر
1.	الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا	171
2.	إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ	68
3.	إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ. فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ. إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ	300
4.	إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ	141
5.	إِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ	298
6.	أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ	302
7.	تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا	177
8.	رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ	88
9.	فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ	113
10.	فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا	320
11.	فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى	171
12.	قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا	302
13.	كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا	101
14.	كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ	171
15.	لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ	113
16.	مَا أَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ	283
17.	وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ	114
18.	وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ	319/318

toobaa-elibrary.blogspot.com

19.	وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ	171
20.	وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا	262
21.	وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ	373
22.	وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا	27
23.	وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ	300

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس احادیث

نمبر شمار	آیت مبارکہ	صفحہ نمبر
1.	أَحْيَانًا يَأْتِينِي مِثْلَ صَلْصَلَةِ الجَرَسِ، وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ	256
2.	اسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَرَسٍ عُرْيٍ مَا عَلَيْهِ	262
3.	الْإِسْلَامُ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	273
4.	اقْرَأْ، قَالَ: «مَا أَنَا بِقَارِئٍ» ، قَالَ: " فَأَخَذَنِي فَغَطَّنِي حَتَّى بَلَغَ مِنِّي الجَهْدَ	306
5.	أَلَا لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ، وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ	343
6.	أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ	183
7.	أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ	89
8.	إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً، مَثَلُهَا كَمَثَلِ المُسْلِمِ	233
9.	إِنَّ مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكَهُ مَا لَا يَعْنِيهِ	66
10.	أَنَّ نَاسًا اجْتَوَوْا فِي المَدِينَةِ، فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	198
11.	ُنْزِلَتْ عَلَيَّ آنِفًا سُورَةٌ» فَقَرَأَ: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ	308
12.	انْظُرْنَ مَنْ إِخْوَانُكُنَّ، فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ المَجَاعَةِ	253
13.	إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا	233
14.	إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى	245
15.	إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا	123
16.	أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا	142
17.	آيَةٌ اخْتَلَفَ فِيهَا أَهْلُ الكُوفَةِ، فَرَحَلْتُ فِيهَا	383
18.	بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لاَ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوا، وَلاَ تَزْنُوا	222

toobaa-elibrary.blogspot.com

263	بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لاَ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوا	19.
316	بَايِعُونِي عَلَى أَنْ لاَ تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا، وَلاَ تَسْرِقُوا	20.
173	بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً	21.
286	بني الإسلام على خمس شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله	22.
281	بَيْنَا أَنَا أَمْشِي سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ، فَرَفَعْتُ بَصَرِي	23.
302	بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ حَتَّى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ	24.
258	بَيْنَمَا مُوسَى فِي مَلَإٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: هَلْ تَعْلَمُ	25.
312	تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلاَمَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ	26.
280	تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلاَمَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ	27.
288	تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَأُ السَّلاَمَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ	28.
289	تفقهوا قبل أن تسودوا	29.
69	حَتَّى خَتَمَ السُّورَةَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَأَطَالَ فِيهِمَا الْقِيَامَ وَالرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ	30.
273	الشُّؤْمُ فِي المَرْأَةِ، وَالدَّارِ، وَالفَرَسِ	31.
287	الصبر نصف الإيمان: واليقين الإيمان	32.
182	الصَّلاَةُ عَلَى مِيقَاتِهَا» ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «ثُمَّ بِرُّ الوَالِدَيْنِ»	33.
163	صَلَّى قِبَلَ بَيْتِ المَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا، أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا	34.
243	فَأَمَرَنِي أَنْ آذَنَ لَهُ	35.
122	فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَأَمْوَالَكُمْ، وَأَعْرَاضَكُمْ	36.

toobaa-elibrary.blogspot.com

37.	فِيهِ الْوُضُوءُ	133
38.	قَدِّمُوا قُرَيْشًا، وَلَا تَقَدَّمُوهَا، وَلَوْلَا أَنْ تَبْطَرَ قُرَيْشٌ	241
39.	قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ فَأَنْزِلُوهُ	341
40.	كَانَ أَوَّلَ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ	277
41.	كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ	255
42.	كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ	275
43.	كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَالِجُ مِنَ التَّنْزِيلِ شِدَّةً	103
44.	كَلَّا وَاللَّهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ	172
45.	كَلِمَتَانِ حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمَنِ، خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَتَانِ فِي المِيزَانِ	293
46.	الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ الَّذِي أَنْزَلَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ	217
47.	الكَمْأَةُ مِنَ المَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ	182
48.	كُنَّا نَغْزُو مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا نِسَاءٌ	200
49.	لَا تَقُومُوا كَمَا تَقُومُ الْأَعَاجِمُ، يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا	340
50.	لاَ يَلْبَسُ القَمِيصَ، وَلاَ العِمَامَةَ، وَلاَ السَّرَاوِيلَ، وَلاَ البُرْنُسَ	293
51.	لِيُرَاجِعْهَا» قُلْتُ: تُحْتَسَبُ؟ قَالَ: فَمَهْ؟	193
52.	ما عبد الله بشيء أفضل من فقه في دين ولفقيه أشد على الشيطان من ألف عابد	300
53.	مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوءَهُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ	274
54.	الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ	282

toobaa-elibrary.blogspot.com

55.	مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَمْثُلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ	340
56.	مَنْ جَلَسَ فِي مَجْلِسٍ فَكَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ، فَقَالَ قَبْلَ أَنْ يَقُومَ مِنْ مَجْلِسِهِ ذَلِكَ	293
57.	مَنْ يُرِدِ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ	300
58.	المهاجر من هجر السيئات والمسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده	284
59.	مُؤْمِنٌ يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ	320
60.	هَؤُلاَءِ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِكَ» قَالَ: فَإِنِّي أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ	339
61.	وَسُمِّيَتْ أُمَّ الكِتَابِ أَنَّهُ يُبْدَأُ بِكِتَابَتِهَا فِي المَصَاحِفِ	222
62.	وَلاَ يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ	335
63.	وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الوَحْيُ فِي اليَوْمِ الشَّدِيدِ البَرْدِ	213
64.	وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللَّهُ فَهُوَ إِلَى اللَّهِ، إِنْ شَاءَ	219
65.	يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا، وَلاَ تُنَفِّرُو	73
66.	يَغْسِلُ مَذَاكِيرَهُ وَيَتَوَضَّأُ	313
67.	يُوشِكُ أَنْ يَكُونَ خَيْرَ مَالِ المُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الجِبَالِ وَمَوَاقِعَ	260
68.	يَوْمَ الخَنْدَقِ «حَبَسُونَا عَنْ صَلاَةِ الوُسْطَى حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ	322

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس اعلام

صفحہ نمبر	ترجمہ	نمبر شمار
21	ابن ابی شیبہؒ	1.
8	ابن اسحاقؒ	2.
257	ابن الجوزیؒ	3.
10	ابن الصلاحؒ	4.
71	ابن العمادؒ	5.
55	ابن بطالؒ	6.
19	ابن تیمیہؒ	7.
260	ابن حبانؒ	8.
17	ابن حجرؒ	9.
5	ابن خزیمہؒ	10.
21	ابن خلدونؒ	11.
83	ابن دقیق العیدؒ	12.
20	ابن رجب حنبلیؒ	13.
259	ابن سعدؒ	14.
29	ابن عباسؓ	15.
11	ابن عطیہؒ	16.
19	ابن فہد مکیؒ	17.
116	ابن قیمؒ	18.
29	ابن منیرؒ	19.

toobaa-elibrary.blogspot.com

83	ابن نجیمؒ	20.
268	ابو حاتم الرازیؒ	21.
114	ابو بکر صدیقؒ	22.
12	ابو حنیفہؒ	23.
206	ابوذر غفاریؒ	24.
230	ابی بن کعبؒ	25.
318	احمد بن حنبلؒ	26.
208	ادریس کاندھلویؒ	27.
12	اسحاق بن راہویہؒ	28.
52	اشرف علی تھانویؒ	29.
259	امام عجلیؒ	30.
259	امام دار قطنیؒ	31.
119	امام رازیؒ	32.
317	امام شافعیؒ	33.
317	امام مالکؒ	34.
5	امام مسلمؒ	35.
197	امام نسائیؒ	36.
199	انسؓ	37.
15	انور شاہ کشمیریؒ	38.
9	بایزید بسطامیؒ	39.
31	بدر الدین عینیؒ	40.

toobaa-elibrary.blogspot.com

50	برتھانے باباجیؒ	41.
81	برہان الدین مرغینانیؒ	42.
5	ترمذیؒ	43.
51	جنرل ضیاء الحق	44.
256	حارث بن ہشامؒ	45.
259	حافظ ذہبیؒ	46.
xxii	حسین احمد مدنیؒ	47.
25	حسین بن اسماعیل محاملیؒ	48.
235	حفصہؓ بنت عمرؓ	49.
241	حمیدیؒ	50.
215	خدیجہؓ بنت خویلد	51.
217	خطابیؒ	52.
303	داؤدؒ	53.
83	رشید احمد گنگوہیؒ	54.
245	سفیان بن عیینہؒ	55.
31	السیرامیؒ	56.
81	سیوطیؒ	57.
223	شاہ ولی اللہ دھلویؒ	58.
20	شوکانیؒ	59.
61	شیخ زکی الخروبیؒ	60.
214	عائشہؓ بنت ابو بکر صدیقؓ	61.

toobaa-elibrary.blogspot.com

220	عبادۃ بن صامتؓ	62.
61	عبدالحقؒ	63.
212	عبدالرحمن بن ابی بکرہؒ	64.
231	عبداللہ بن عمرؓ	65.
232	عبداللہ بن عمروؓ	66.
218	عبداللہ بن مسعودؓ	67.
47	عبدالوہاب شعرانیؒ	68.
115	عثمان غنیؓ	69.
37	علامہ قسطلانیؒ	70.
270	علی بن مدینیؒ	71.
229	علیؓ بن ابی طالب	72.
xxii	غورغشتویؒ	73.
24	فَرَبْریؒ	74.
85	قاضی خانؒ	75.
11	قاضی عیاضؒ	76.
199	قتادہؒ	77.
203	قطب الدین حلبیؒ	78.
29	کرمانیؒ	79.
233	مجاہدؒ	80.
20	مجدالدین فیروزآبادیؒ	81.
50	محمد اکبر صاحب سواتیؒ	82.

toobaa-elibrary.blogspot.com

5	محمد بن بشارؒ	83.
199	محمد بن سیرینؒ	84.
52	محمد زکریاؒ	85.
52	محمد یوسف لدھیانویؒ	86.
115	محمد الیاسؒ	87.
83	محمود حسنؒ	88.
47	محی الدین بن عربیؒ	89.
53	مفتی محمودؒ	90.
21	ملا علی قاریؒ	91.
51	نظام الدین شامزئیؒ	92.
2	نوویؒ	93.
269	یحییٰ بن سعیدؒ	94.

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس بلاد واماکن

نمبر شمار	نام	صفحہ نمبر
1.	اسکندریہ	83
2.	بخارا	1
3.	بصرہ	4
4.	بغداد	7
5.	بلخ	4
6.	بیت المقدس	31
7.	جنگ بدر	220
8.	حبشہ	243
9.	حرمین	18
10.	سمرقند	8
11.	شام	4
12.	غزہ	18
13.	فربر	24
14.	قاہرہ	18
15.	کوفہ	4
16.	مدینہ	4
17.	مکہ	4
18.	نابلس	18
19.	یمن	18

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس فرق وقبائل

نمبر شمار	نام	صفحہ نمبر
1.	استشراق	158
2.	پرویزی	112
3.	جہمیہ	269
4.	خوارج	111
5.	قادیانی	112
6.	قدریہ	111
7.	قریش	114
8.	مجوسی	1
9.	محدثین	4
10.	مرجئہ	223
11.	معتزلہ	111

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرس مصادر و مراجع

1. ابن جبیر، ابوالحسن محمد بن احمد، رحلۃ ابن جبیر دار بیروت، 2009ء
2. ابن حبان، أبو حاتم محمد بن حبان، الإحسان في تقريب صحيح ابن حبان، بیروت، مؤسسۃ الرسالۃ، 1408ھ
3. ابن حجر عسقلانی، ابوالفضل احمد بن حجر، تہذیب التہذیب، مطبعۃ دائرۃ المعارف النظامیہ، ہند، 2010ء
4. ابن خلدون، مقدمہ ابن خلدون، لبنان، دار الکتب بیروت، 1398ھ
5. ابن خلکان، ابو عباس شمس احمد بن محمد، وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، دار صادر، بیروت 1996ء
6. ابن خلکان، ابو عباس شمس الدین احمد بن محمد، وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، دار صادر، بیروت، 1994ء
7. ابن سعد البصری، ابو عبداللہ محمد بن سعد، الطبقات الکبریٰ، مکتبۃ العلوم والحکم المدینۃ المنورۃ، 2008ء
8. ابن عبدالبر، ابو عمر یوسف بن عبداللہ بن محمد، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، دار الجیل، بیروت 1992ء
9. ابن کثیر، ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایۃ والنہایۃ، دار احیاء التراث العربی، 1988ء
10. ابوالحسن علی بن عمر بن احمد، سنن الدار قطنی، بیروت لبنان، 1424ھ
11. ابوالحسن الندوی، حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی، مطبع و سن اشاعت نامعلوم
12. ابوالحسن ندوی، مولانا الیاس اور ان کی دینی دعوت، اردو پبلی کیشنز، دہلی، انڈیا، 1970ء
13. ابو حاتم رازی، محمد بن ادریس بن المنذر التمیمی الحنظلی الرازی، الجرح والتعدیل، بیروت، دار احیاء التراث العربی (س۔ن)
14. ابوداؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابوداؤد، المکتبۃ العصریہ، بیروت (س۔ن)
15. ابوداؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابوداؤد، دار الفکر بیروت (س۔ن)
16. احمد بن علی بن ابو بکر الخطیب البغدادی، تاریخ بغداد، بیروت، دار الکتب العلمیۃ، 1392ھ
17. احمد بن علی بن حجر ابوالفضل العسقلانی الشافعی، فتح الباری شرح صحیح البخاری، بیروت، دار المعرفۃ، 1379ھ
18. الاذری، صدر الدین محمد بن علاء الدین، شرح العقیدۃ الطحاویۃ، قاہرۃ، مصر، 1426ھ
19. اردو دائرۃ المعارف، پنجاب دانش گاہ، لاہور، 1971ء
20. الازہری، تاج الدین، مجلۃ البیان، مطبع نامعلوم، فروری 1988ء
21. الازہری، تاج الدین، مجلۃ البیان، مطبع نامعلوم، 1988ء
22. الاسفرایینی، عبدالقاہر بن طاہر، الفرق بین الفرق وبیان الفرقۃ الناجیۃ، دار الآفاق الجدیدۃ،، بیروت، 1977ء
23. امام احمد، ابو عبداللہ محمد بن احمد بن حنبل بن، مسند امام احمد بن حنبل، موسسۃ الرسالۃ 2001ء
24. امام مسلم، ابوالحسین مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، دار احیاء التراث العربی، بیروت (س۔ن)

toobaa-elibrary.blogspot.com

25. امام نسائی، أبوعبدالرحمن أحمد بن شعیب، سنن النسائی، المجتبی من السنن، حلب، مکتب المطبوعات الإسلامیة، 1986ء

26. الاندلسی، عبداللہ بن عبدالعزیز، معجم ما استعجم من اسماء البلاد والمواضع، عالم الکتب، بیروت، 1403ھ

27. البخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، دار طوق النجاۃ، 1422ھ

28. البغدادی، عبدالمؤمن بن عبدالحق، مراصد الاطلاع علی أسماء الأمکنة والبقاع، دار الجیل، بیروت، 1412

29. تجلیات فریدیہ سہ ماہی، کانگڑہ شبقدر: دار العلوم فریدیہ ستمبر، اکتوبر، نومبر 2017ء

30. الترمذی، أبوعیسی، محمد بن عیسی، سنن الترمذي، بیروت دار الغرب الإسلامی- 1998ء

31. جالندھری، فتح محمد، ترجمہ قرآن (القرآن الکریم) فاران فاؤنڈیشن، لاہور، 2010ء

32. الجرجانی، عبدالقاہر، الفرق بین الفرق، دار الآفاق الجدیدہ بیروت 1977ء،

33. الجزری، شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد بن یوسف، غایة النہایة فی طبقات القراء، مکتبة ابن تیمیہ، 1351ھ

34. حاجی خلیفہ، مصطفی بن عبداللہ، کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون، کراچی، نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی (ت ن

35. حاجی خلیفہ، مصطفی بن عبداللہ القسطنطینی، سلم الموصول الی طبقات الفحول، مکتبہ ارسیکا، استنبول، ترکی، 2010ء

36. الحموی، ابوعبداللہ شہاب الدین یاقوت بن عبداللہ، معجم البلدان، نجران، دار صادر، بیروت، 1415ھ

37. الحمیری، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن عبدالمنعم، الروض المعطار فی خبر الاقطار شام، مؤسسة ناصر للثقافة، بیروت، 1980ء

38. الحوینی، ابواسحاق الاثری حجازی محمد شریف، شرح صحیح البخاری، دروس صوتیة قام بتفریغها موقع الشبکة الاسلامیة (س۔ن)

39. خطیب بغدادی، ابوبکر احمد بن علی بن ثابت، تاریخ بغداد، دار الغرب الاسلامی، بیروت، 1422ھ

40. الدمشقی، محمد امین بن فضل اللہ، خلاصة الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر، دار صادر بیروت (س۔ن)

41. الدینوری، ابومحمد عبداللہ بن مسلم، المعارف، الهيئة المصرية العامة للكتاب، قاہرہ، 1992ء

42. الذہبی، ابوعبداللہ شمس الدین عثمان بن قائماز، سیر اعلام النبلاء، دار الحدیث، قاہرہ، 2006ء

43. الذہبی، شمس الدین عثمان بن قائماز، تاریخ الاسلام ووفیات المشاہیر والاعلام، دار الغرب الاسلامی، 2003ء

44. الذہبی، شمس الدین عثمان بن قائماز، میزان الاعتدال فی نقد الرجال، دار المعرفة، بیروت، لبنان، 1963ء

45. الذہبی، شمس الدین أبوعبداللہ محمد بن أحمد بن عثمان بن قائماز، المعجم المختص بالمحدثین، مکتبة الصدیق، الطائف، 1988ء

46. الذہبی، عثمان بن قائماز، سیر اعلام النبلاء، بیروت، مصر، مؤسسة الرسالة، 1413ھ 1993م

47. الرازی، زین الدین أبوعبداللہ محمد، مختار الصحاح، بیروت، المکتبة العصریة، 1420ھ

48. الرازی، فخر الدین محمد بن عمر الرازی، المحصول فی علم اصول الفقہ، مکة مکرمة، مکتبہ نزار مصطفی الباز، 1417ھ

49. الراشدی، مولانا زاہد، مولانا مفتی نظام الدین شامزئی کی شہادت، روزنامہ اسلام، لاہور، 8 جون 2004

toobaa-elibrary.blogspot.com

50. روزنامہ،اسلام،19 جنوری 2017ء
51. الزبیدی، محمد بن محمد الحسینی، اتحاف السادۃ المتقین بشرح احیاء علوم الدین، مصر (س۔ن)
52. الزحیلی، ڈاکٹر وھبہ، اصول الفقہ الاسلامی، دمشق، دار احسان باذن من دار الفکر، ایران، 1375ھ
53. الزرکلی، خیر الدین بن محمود بن محمد، الاعلام ، دار العلم للملایین، 1422ھ/2002ء
54. زکریا کاندھلوی، الکنز المتواری فی معاون لامع الدراری، فیصل اباد، موسسہ خلیل الاسلامیہ، 1419ھ
55. زکریا ابن محمد بن محمود، آثار البلاد و أخبار العباد، دار صادر، بیروت، (س۔ن)
56. الزہرانی، راشد بن عثمان بن احمد، اتحاف النبلاء بسیر العلماء، دار الصمیعی، ریاض، 1997ء
57. سبکی، تاج الدین بن علی بن عبد الکافی السبکی، طبقات الشافعیہ، بیروت، دار المدار الاسلامی، 2004ء
58. السخاوی، شمس الدین محمد بن عبد الرحمان، الجواہر الدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر، لبنان، دار ابن حزم بیروت، 1999ء
59. السخاوی، شمس الدین ابوالخیر محمد بن عبد الرحمان، الضوء اللامع لأہل القرن التاسع، منشورات دار مکتبہ الحیاۃ، بیروت (س۔ن)
60. السخاوی، محمد بن عبد الرحمٰن، الجواہر والدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن الحجر، دار ابن حزم، 1999ء
61. السمعانی، عبد الکریم بن محمد بن منصور التیمی، الانساب، حیدر آباد، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ، 1962ء
62. سہ ماہی رسالہ وفاق پاکستان شمارہ محرم الحرام 1422ھ۔
63. سید احتشام الحق، نگران مقالہ ڈاکٹر صالح الدین حقانی، منہاج السنن کی تسہیل میں مفتی صاحب کے منہج کا تجزیاتی مطالعہ، عبد الولی خان یونیورسٹی مردان، 2016ء
64. السیوطی، عبد الرحمان بن ابی بکر جلال الدین، ذیل طبقات الحفاظ، دار الکتب العلمیہ (س۔ن)
65. الشہرستانی، أبو الفتح محمد بن عبد الکریم، الملل والنحل، مؤسسۃ الحلبی، (س۔ن)
66. الشہرستانی، محمد بن عبد الکریم، الملل والنحل، مؤسسۃ الحلبی، 2006ء
67. الشوکانی، محمد بن علی، البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع، 1348ھ
68. الشوکانی، محمد بن علی بن محمد بن عبد اللہ، البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع، دار المعرفۃ، بیروت (س۔ن)
69. شیخ سلیم اللہ خانؒ، کشف الباری عما فی صحیح البخاری، کراچی، مکتبۃ فاروقیہ شاہ فیصل، 2007ء
70. شیخ مفتی محمد فریدؒ، ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری، مدینہ منورہ: مکتبہ الملک فہد، طبعہ ثانیہ 1432ھ
71. صاحب زادہ برق التوحید، آفتاب بخارا، ٹوبہ ٹیک سنگھ، بیت الوحید دار السلام، اگست 2016ء
72. الصحطانی، سعید بن علی بن وہب، فقہ الدعوۃ فی صحیح الامام البخاری، الرئاسۃ العامۃ لادارات البحوث العلمیۃ والافتاء والدعوۃ والارشاد، ریاض، 1421ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

73. الصیمری، قاضی ابوعبداللہ حسین بن علی، اخبار ابی حنیفہ واصحابہ، بیروت، دار عالم الکتب، 1405ھ

74. الطبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب، المعجم الاوسط، دار الحرمین، قاہرہ، 1420ھ

75. الطحان، ڈاکٹر محمود، مصطلح الحدیث، مکتبۃ المعارف للنشر والتوزیع، (س۔ن)

76. الطحاوی، ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ، شرح معانی الاثار، عالم الکتب، طبعہ اولی 1994ء

77. عبدالحیی بن احمد بن محمد بن العماد، شذرات الذھب، دمشق بیروت، دار ابن کثیر، 1986ء

78. عبدالقادر بن شیخ بن عبداللہ العیدروس، النور السافر عن اخبار القرن العاشر، بیروت، لبنان، دار الکتب العلمیۃ، 1405ء

79. عبدالکریم بن عبداللہ بن عبدالرحمان الحضیر، محاضرہ ثانی، مقارنۃ بین الشروح کتب السنۃ الستۃ، مطبع وسن اشاعت نامعلوم

80. عثمانی، شیخ شبیر احمد، فضل الباری اردو شرح صحیح البخاری، کراچی، ادارہ علوم شرعیہ ماڑی پور روڈ کراچی، 1973ء

81. عثمانی، شیخ شبیر احمد، فتح الملہم بشرح صحیح المسلم، بیروت لبنان، دار احیاء التراث العربی، 2006ء

82. عراقی، ابوالفضل زین الدین عبدالرحیم بن الحسین، شرح التبصرۃ والتذکرۃ، الفیۃ العراقی، بیروت، لبنان، 2002ء

83. عسقلانی، احمد بن علی بن حجر، ہدی الساری مقدمۃ فتح الباری، کویت، مکتبہ سلفیہ (س۔ن)

84. عسقلانی، ابوالفضل محمد بن احمد بن حجر، الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1995ء

85. عسقلانی، احمد بن علی بن حجر، تقریب التہذیب، دار العاصمۃ، ریاض، 1421ھ

86. عقیلی، عمر بن احمد بن ہبۃ اللہ، زبدۃ الحلب فی تاریخ حلب، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، 1996ء

87. عینی، ابومحمد محمود بن احمد، عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، مصر، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ (س۔ن)

88. الفاروق (عربی) جامعہ فاروقیہ کراچی، ربیع الاول تا شوال، 1414ھ

89. فرید الوحید، شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی ایک تاریخی وسوانحی مطالعہ، مطبع وسن اشاعت نامعلوم

90. قادری غلام نبی، فتنہ پرویزیت، علمی کتب خانہ، ضلع قصور، 2014ء

91. قاری فیوض الرحمان، مشاہیر علمائے دیوبند، مطبع وسن اشاعت نامعلوم

92. قرضاوی، ڈاکٹر یوسف، مدخل لدراسۃ الشریعۃ الاسلامیۃ، مکتبۃ وہبۃ قاہرۃ، 1421ھ

93. القطان، مناع خلیل، تاریخ التشریع الاسلامی (التشریع والفقہ)، بیروت، مؤسسۃ الرسالۃ، 1419ھ

94. کاندھلوی، محمد ادریس، مقدمہ تفسیر معارف القرآن ج1، ص6، فرید بک ڈپو، دہلی، 2001ء

95. کشمیری، محمد انور شاہ بن معظم شاہ، العرف الشذی، مؤسسۃ ضحی للنشر والتوزیع، 1422ھ

96. الکوفی، ابومحمد احمد بن محمد، الفتوح، دار الاضوائ، بیروت، 1991ء، ج1، ص 262)

97. اللہ وسایا، آئینہ قادیانیت، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان (س۔ن)

toobaa-elibrary.blogspot.com

98. لویس معلوف، المنجد فی اللغۃ، مادہ شرق، المطبعۃ الکاثولیکیۃ، بیروت (س۔ن)
99. ماہنامہ، دارُ العلوم دیوبند، شمارہ، شوال 1430ھ / اکتوبر 2009ء
100. ماہنامہ "النصیحہ" شمارہ 315، شوال 1432/ ستمبر 2011ء
101. ماہنامہ، دار العلوم دیوبند، جمادی الاولیٰ 1438ھ
102. ماہنامہ، فہم دین، مطبع نامعلوم، مارچ 2017ء
103. ماہنامہ، الحقانیۃ، جامعہ حقانیۃ ساہیوال سرگودھا، رجب 1438ھ
104. ماہنامہ، الفاروق، شوال ذوالقعدہ 1437ھ۔
105. مبارکپوری، مولانا عبد السلام، سیرۃ البخاری، لاہور، نشریات لاہور، 1329ھ
106. مبارکپوری، محمد عبد الرحمٰن بن عبد الرحیم، تحفۃ الاحوذی بشرح جامع الترمذی، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 2010ء
107. محمد بن ابراہیم بن جماعہ، المنہل الروی فی مختصر علوم الحدیث النبوی، دمشق، دار الفکر، 1406ء
108. محمد بن أبی بکر بن عبد القادر الرازی، مختار الصحاح، بیروت، مکتبۃ ابنان ناشرون، 1989ء
109. محمد خلف سلامۃ، لسان المحدثین، (معجم مصطلحات المحدثین) 2007ء
110. محمد اسحاق کندو، منہج الحافظ ابن حجر العسقلانی فی العقیدۃ من خلالہ لکتابہ فتح الباری، ریاض، مکتبۃ الرشید، 1998 ء
111. مطیع اللہ، کشف الباری شرح صحیح البخاری اور اس کا منہج (ایک تحقیقی و تنقیدی مطالعہ) مقالہ برائے ایم۔ فل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد (س۔ن)
112. مفتی رشید احمد، ارشاد القاری الی صحیح البخاری، کراچی، الحجاز، 1434ھ
113. مفتی صابر محمود، تذکرہ شیخ الکل مولانا سلیم اللہ خان، کراچی، ادارۃ الرشید علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، 2017ء
114. مفتی محمد فرید، ہدایۃ القاری الی صحیح البخاری، مدینۃ منورۃ، مکتبۃ الملک فہد، 1432ھ
115. مفتی محمد فرید، منہاج السنن شرح جامع السنن، پشاور، مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور (س۔ن)
116. مفتی محمد فرید، فتاوی فریدیہ، خیبر پختونخواہ، الفرید اکیڈمی دار العلوم صدیقیہ زروبی صوابی، 2009ء
117. مفتی محمد فرید، فتح المنعم بشرح مقدمہ صحیح مسلم، ضلع صوابی کوٹھا، مکتبۃ الفرید، 1430ھ
118. مفتی نظام الدین شامزئی، درسِ بخاری، کراچی، ادارۃ الانوار، 2010ء
119. مفتی نظام الدین شامزئی، خطبات شامزئی، کراچی، اسلامی کتب خانہ، 2003ء
120. المنجم، اسحاق بن الحسین، آکام المرجان فی ذکر المدائن المشہورۃ فی کل مکان، عالم الکتب، بیروت، 1408ھ
121. الموسوعۃ الفقہیۃ الکویتیہ، طبع وزارۃ الاوقاف والشؤن الاسلامیۃ الکویت، 1404 – 1427ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

122. الموصلی، عبداللہ بن محمود بن مودود، الاختیار لتعلیل المختار، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، 2005ء
123. مولانا انظر شاہ بن انور شاہ، نقش دوام، انڈیا، شاہ بک ڈپو دیوبند، 1398ھ
124. مولانا باقی باللہ زاہد، تبشیر الناس فی قال بعض الناس المعروف بتزویج الجنان بتزیہ النعمان، لاہور، نعمان پبلشنگ کمپنی لاہور، اگست 2005ء
125. مولانا تقی عثمانی، درس ترمذی تالیف، کراچی، مکتبہ دارُ العلوم کراچی، 2010ء
126. مولانا سحبان محمود، صحیح بخاری شریف مترجم، کراچی، ادارہ اسلامیات، 2005ء
127. مولانا سلیم اللہ خان، صدائے حق، جامعہ فاروقیہ فیصل کالونی، کراچی (س۔ن)
128. مولانا عبد السلام مبارکپوری، سیرۃ البخاری، لاہور، نشریات لاہور، 1329ء-1429ء
129. مولانا عبد القیوم حقانی، جمال انور، سوانح علامہ انور شاہ کشمیری، نوشہرہ، القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ، 2006
130. مولانا عزیز الرحمان، صحیح مسلم مترجم، لاہور، مکتبہ رحمانیہ لٹل سٹار پرنٹر (س۔ن)
131. مولانا محمد رقیب مجددی، تجلیات فریدی، الفرید اکیڈمی دار العلوم صدیقیہ صوابی، اکتوبر 2015ء
132. مولانا محمد صدیق ہزاروی، مترجم مواہب اللدنیۃ، لاہور، فرید بک سٹال اردو بازار لاہور، 1977ء
133. نجم الدین احمد الغزی، الکواکب السائرہ باعیان المئۃ العاشرۃ، بیروت، دار لکتب العلمیۃ، 1997ء
134. النووی، ابوزکریا یحیی بن شرف، المنہاج شرح صحیح مسلم بن الحجاج، بیروت، دار احیاء التراث العربی، 1392ء
135. الہروی، ابو منصور محمد بن احمد بن الازہری، تہذیب اللغۃ، دار احیاء التراث، بیروت، 2001ء
136. ہفت روزہ، القلم، مطبع نامعلوم، جنوری 2017ء
137. الہمدانی، ابو بکر محمد بن موسیٰ زین الدین، الاماکن اوما اتفق لفظہ وافترق مسماہ من الامکنۃ، دار الیمامہ للبحث والنشر، 1415ھ
138. الہیتی، ماہر یاسن فحل، اثر علل الحدیث فی اختلاف الفقہاء، عمان، دار عمار للنشر، 2000ء
139. الہیثمی، أبو الحسن نور الدین علی بن أبی، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، مکتبۃ القدسی، قاہرہ، 1414ھ

یعقوبی، احمد بن اسحاق بن جعفر، البلدان، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1422ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com